مخزن المفردات

طب یونانی کی قدیم کتاب

07

درخت سبز - مشہور درخت ہے - پتے مثل انار - ذائقہ تیز و تیز بو - سرد

ملات - رنگ سبز و سفید - درخت ہے مانند انار کے بہتر وہ ہے جو چھوٹی شکل کا ہو

نہایت سرخ - ایک برساتی کیڑا ہے - بدمزہ - گرم خشک = مسقط جنین

سبز سرخ زرد - ایک خاردار درخت کا پھل ہے - ذائقہ ترش و شیریں - سرد

سفید و زرد - مشہور ہے - مزا پھیکا - گرم خشک - مولد سرد - گوشت

زرد سرخ - ایک پھل ہے - برابر خربزہ - ذائقہ شیریں لیس دار خوشبودار

زرد سرخ زرد - درخت ہے تین قسم کا اس کی چھڑی مضبوط ہوتی ہے - مزا

دیس کا پتہ شکر میں ملا کے پینے کو کھلاؤ - خوش خو - اور صفرا زائل ہو

شور - ایک قسم کا نمک ہے - ہلکا اور جالی دار مزا شور - گرم خشک

درخت ہے - سرد خشک صفرا اور بلغم اور خون کا فساد دور کرے

سبز پھول سرخ - مشہور گھاس ہے - ذائقہ تلخ - مرکب القوی

سرخ - مشہور - معتدل - کھال - ہڑ کا نسی - سنا مکی - معدہ

ہوتا ہے ذائقہ پھیکا - گرم خشک - دیر ہضم - بلغمی تپ - سنگر

سفید - ایک معدنی جسم سیال ہے - سرد تر - [illegible] - دودھ [illegible] مشہور ہے

بڑا سایہ دار درخت ہے - جس میں سے دودھ نکلتا ہے - بدمزہ - سرد

سرخ - سبز - ایک قسم کا ساگ ہے - درد سر پیدا کرتا ہے

سبز زرد [illegible] - سبز زرد و حائل - مشہور ساگ کا بیج ہے

ایک گھاس ہے جس کے پتے چوڑے اور بڑے ہوتے ہیں پتے تھوڑا سا

جو پھل میں لگتا ہے - بہت قسم کا مشہور ہے اور سبز مادہ

مروڑی - [illegible] - شکر [illegible]

مخزنِ مفردات

برائے فرم

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجرانِ کتب

کشمیری بازار و بل روڈ لاہور۔

Price 2-4-0

نمبر۱) شورکوٹ روڈ جھنگ محمد بازار
پاس مشتاق محمد سیٹھ محمد دو کھڑ در محمد مکرم محمد علی
عزیزی جھنگ دو سو کر مے

کتب تعویذات عملیات تعبیرات
فالنامے و طلسمات

قیمت	مضمون کتاب	نام کتاب
۰—۱۱—۰	قرآن مجید کی آیات بینات کے اعمال و اقرات	اعمال قرآنی
۰—۵—۰	اوراد کی بہترین کتاب	اوراد فتحیہ
۰—۱۰—۰	خواب نامہ اور فالنامہ	اعجاز عیسوی
۰—۶—۰	تعویذات و عملیات	اوراد احسانی
۰—۵—۰	تعویذات و عملیات کی ایک بہترون کتاب	اسرارالبھنور
۰—۸—۰	تعویذات اور عملیات کی ایک بہترین کتاب	اندر جال کلاں
۰—۵—۰	جادو کے عملیات	بنگال کا جادو
۰—۷—۰	تعویذات کی ایک بہترین کتاب	بیاض سلیمانی
۰—۳—۰	تعویذات لکھنے کے مفصل قواعد و شرائط	تاثیر سلیمانی
۰—۸—۰	عملیات تعویذات	تجربات سیوطی
۰—۸—۰	تعویذات و عملیات کی ایک بہترین کتاب	تعویذ سلیمانی
۰—۲—۰	تقدیر کے متعلق فال نکالنے کی کتاب	تقدیر کی تصویر
۰—۳—۰	شعبدات آب و آتش کے دیگر عملیات طلسمی کی پہلی کتاب	جادو کی پہلی کتاب

علم الطب وطبیب معہ خواص وشناخت ادویات

کے متعلق

ضروری معروضات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین دافع الوباء والمرض والالم وعلی الہ واصحابہ واہل بیتہ وذریتہ اجمعین

اصطلاحِ اطباء میں علم الطب اس علم کو کہتے ہیں۔ جو انسان کے امراضِ جسمانی کی تشخیص علاج المراض وصحت انسانی میں ممد ومعاون ثابت ہو یعنی انسان کی صحت قائم رکھنے اور کسی مرض کے لاحق ہونے پر اس کی تشخیص کر کے اس مرض کو دور کرنے، نیز صحت انسانی کو از سرِ نو قائم رکھنے کے طریق عمل کا نام علم الطب ہے۔ اور طبیب کہتے ہیں علمِ طب سے واقف ہو کر جسمِ انسانی کی اصلاح کرنے والے کو۔ جس کا دوسرا نام حکیم ہے۔ اور حکیم کہتے ہیں دانا شخص کو۔ لیکن وہ دانا شخص جو علم الطب سے بھی واقف ہو۔

الغرض فن طب کا در اصل موضوع جسمِ انسان ہے۔ جس کی نگہداشت یعنی حفظِ صحت اور اس کے نقصان یعنی امراض کو دور کرنا۔ طبیب کا کام ہے۔ لیکن جسطرح بغیر تشخیص امراض علاج ناممکن ہے۔ اسی طرح ادویات کے بغیر علاج الامراض ناممکن ہے۔

لہٰذا ضروری معلوم ہوا۔ کہ ادویات کی شناخت، طبیعت، مزاج اور اس کے مطابق خواص کے متعلق چند معروضات عرض کر دی جائیں۔

طبیبوں کی اصلاح ہیں، ادویاتِ عناصر کی خاصیت کو طبیعت ومزاج سے تعبیر کیا گیا ہے ان طبائع ادویہ کو حکماء نے نو درجوں پر منقسم کیا ہے۔ چنانچہ (۱) دوا معتدل (۲) غیر معتدل (۳) دوا گرم (۴) دوا سرد (۵) دوا خشک (۶) دوا تر (۷) گرم تر (۸) سرد تر (۹) خشک تر۔

اور اگر جسم انسان میں کسی دوا کی خاصیت کم و بیش نہ ہو۔ تو اُسے معتدل کہا جائیگا۔ اسی طرح اگر کوئی دوا بدنِ انسان میں پہلے درجہ کی کیفیت پیدا کرے۔ تو مضر نہ ہو گی۔ اگر دوسرے درجے کا اثر ہو تو وہ مضر ہو گی۔ تیسرے درجے کی سخت مضر۔ چوتھے درجے کی ہلاکت خیز۔

بعض حکماء کے نزدیک تاثیر ادویات کے مدارج یہ ہیں۔ کہ جو دوا گرم تر ہو۔ اس کی گرمی پہلے درجہ سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ وہ تری کو معدوم کرنے والی ہے۔ لہٰذا وہ گرم تر نہیں، بلکہ گرم خشک کہلائیگی۔ لہٰذا حکماءؒ نے یہ قاعدہ مقرر کر لیا ہے کہ جو دوا دوسرے درجہ میں گرم ہو گی وہ خشک ہو گی۔ اور جو گرم دوا تیسرے یا چوتھے درجہ میں ہو گی۔ وہ اسی درجہ میں خشک ہو گی جس درجہ میں وہ گرم ہے۔ یعنی اگر تیسرے درجہ میں گرم ہے۔ تو خشک بھی تیسرے درجہ کی ہو گی۔

اسی طرح جو دوا سرد و تر ہو۔ اس کی سردی دوسرے درجہ سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ دوسرا تیسرا بلکہ چوتھا درجہ اس کی تری کو کثیف کر دیتا ہے۔ لہٰذا وہ بھی اسی درجہ کے مطابق خشک کہلائے گی۔

الغرض آئندہ نقشہ میں گرم۔ سرد۔ خشک و تر ادویات کے درجے، اور ان ادویات کے نام تحریر کر دئیے گئے ہیں۔ تاکہ جملہ طبیب خصوصاً اور شائقینِ طب عموماً ادویات کی خاصیت و تاثیر، طبیعت وغیرہ کے متعلق واقفیت حاصل کر سکیں۔ اس کے بعد ادویات کے متعلق اصطلاحات و محاورات اطباء کا نقشہ دیا گیا ہے۔ تاکہ شائقین علم الطب اصطلاحات اطباءؒ سے ناواقف نہ رہیں۔ نقشہ میں ادویات مرکب کو مستعمل کرنے کی اصطلاحات درج ہیں۔ تاکہ اگر اس اصطلاح کے مطابق حکماءؒ نسخہ کا نام تجویز کریں۔ تو مریضوں یا عطاروں وغیرہ کو نسخہ کی متعلقہ ادویات پہچاننے میں دقت نہ ہو۔

حکیم محبوب عالم حکیم حاذق

گرم و سرد خشک و تر ادویات کی مختصر فہرست

درجہ وطبیعت	چند دواؤں کے نام
گرم دوائیں پہلے درجے کی	بابونہ۔ السی۔ کوڑی۔ سینگ۔ شاہترہ۔ دستاور۔ راکھ۔ چنا۔ لاون۔ ایلوا وغیرہ
گرم دوائیں دوسرے درجے کی	زعفران۔ چرائتا۔ تلسی۔ سوڈا۔ نمک۔ گندھک۔ بلسان۔ کندر۔ اجمود۔ شہد۔ زراوندگرد مصطگی۔ تخم اٹنگن۔ کریلے کا عصارہ۔ میتھی۔ کاندر۔ زراوند دراز وغیرہ
گرم دوائیں تیسرے درجے کی	مولی۔ پرانی شراب۔ اجوائن دیسی۔ تخم رام تلسی۔ تتلی تری کی۔ پودینہ۔ تج۔ اکاس بیل۔ کرفس کوہی۔ تگر۔ بادام تلخ۔ بورۂ ارمنی۔ حرمل۔ زنجبیل۔ رال۔ رسکپور۔ سورنجان تلخ۔ کچلہ۔ مشک۔ مرچ سرخ۔ مرچ سیاہ۔ نوشادر۔ نیلہ تھوتھا۔ وغیرہ
گرم دوائیں چوتھے درجے کی	بیش۔ توتیا۔ سداب بری۔ حنظل۔ فربیون۔ قسط۔ کف دریا۔ لہسن۔ پیاز۔ ہینگ۔ گندنا۔ جلی ہوئی چیزیں۔ پنسل وغیرہ۔
سرد دوائیں پہلے درجے کی	امرود۔ انار شیریں۔ انار میخوش۔ بنفشہ۔ عناب ولائیتی۔ آلو بخارا۔ بید مشک۔ باجرا۔ کاسنی سبز۔ پھٹکڑی۔ بلوط۔ بربڈنڈی۔ برگ بانس۔ تخم انار۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ کہربا۔ صمغ عربی۔ چنا۔ کاکنج۔ مازو۔ نقرہ۔ مرجان سرخ۔ برادہ نحاس۔ سرمہ۔ وغیرہ
سرد دوائیں دوسرے درجے کی	پالک۔ بہدانہ۔ خیارہ۔ اجوائن خراسانی۔ انجیر۔ انجبار۔ کدو۔ بارتنگ۔ ماش۔ رسوت۔ خشخاش سفید۔ اسپغول۔ طباشیر۔ کھیرا۔ تخم پالک۔ تخم کاسنی۔ تخم کاہو۔ تخم کدوئے دراز۔ آملہ۔ پارہ۔ شفتالو۔ زرشک۔ سرس۔ سماق۔ کشنیز۔ ناشپاتی۔ نیلوفر۔ پارہ وغیرہ
سرد دوائیں تیسرے درجے کی	صندل سرخ۔ صندل سفید۔ خرفہ کا ساگ۔ چوکہ۔ فالسہ۔ لیموں کاغذی۔ لال ساگ۔ خشخاش سیاہ۔ اقاقیہ۔ برف۔ تخم خرفہ۔ سفیدہ کاشغری۔ گلنار۔ سدابہار وغیرہ
سرد دوائیں چوتھے درجے کی	افیون۔ دھتورا۔ شوکران۔ مازریون۔ تمباکو۔ شاہترہ کی جڑ۔ اجوائن خراسانی۔ لکھمنا لکھمنی۔ اور وہ دوائیں جو مخدر یعنی اعضا کو سست کرنیوالی ہیں
خشک دوائیں پہلے درجے کی	اصل السوس۔ ابریشم۔ بادرنجبویہ۔ شہد خالص۔ زنجبیل۔ اخروٹ۔ بسفائج۔ بابونہ پرسیاؤشان۔ بکائن۔ بادیان۔ تخم گندر۔ تخم بتھوا۔ تخم انار۔ تخم اٹنگن۔ شکر سفید۔ بیجبند

درجہ وطبیعت	چند دواؤں کے نام
	سوسن۔ برگ جھاؤ۔ حمص۔ شاہتوت ترش۔ صمغ عربی۔ لوبان۔ عنبر۔ قرطم۔ کندر کہربا۔ ماش۔ نارجیل۔ مرزنجوش۔ نشاستہ۔ صعتر۔ حب الغار۔ گلوئے تازہ وغیرہ
خشک دوائیں دوسرے درجے کی	آبنوس۔ بالچھڑ۔ شاہترہ۔ چرائتا۔ مولی۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ اذخر۔ پودینہ۔ پستہ۔ بادیان خطائی۔ پوست خشخاش۔ کباب چینی۔ رتن جوت۔ چائے۔ چاکسو۔ جلاپا۔ شاہ پسند۔ ستاور۔ تنکاری۔ طباشیر۔ عود صلیب۔ موصلی سفید و سیاہ۔ گندنا زج۔ مازو۔ نکھ۔ مومیائی۔ بیخ مرجان۔ عصارہ ریوند۔ کیوڑہ۔ عاقرقرحا۔ مالکنگنی۔ نرگس۔ نیل وغیرہ
خشک دوائیں تیسرے درجے کی	پھٹکڑی۔ زیرہ سفید و سیاہ۔ بورہ ارمنی۔ تمباکو۔ جدوار۔ رائی۔ رسکپور۔ عشبہ۔ بیر بہوٹی۔ بہمن سرخ۔ کرنجوہ۔ نمام۔ ہینگ۔ حب السلاطین۔ حنظل۔ سورنجان تلخ۔ کرنجوہ۔ نکچھکنی۔ عود بلسان۔ کلونجی۔ کالادانہ۔ گوکھرو۔ موچرس۔ نوشادر۔ درمنہ ترکی۔ شورہ۔ کٹکی سفید۔ مقناطیس۔ نیلہ تھوتھا۔ کدو تلخ۔ مرچ سرخ و سیاہ۔ باپچی وغیرہ
خشک دوائیں چوتھے درجے کی	افیون۔ بیش۔ توتیا۔ رائی۔ دھتورہ۔ فربیون۔ سداب بری۔ بھلانواں۔ قطران۔ بلقم۔ تخم گندنا۔ انگور کا جھاڑ۔ وغیرہ
تر دوائیں پہلے درجے کی	بید مشک۔ بادام شیریں۔ بنفشہ۔ پالک۔ روغن زرد۔ نیم۔ موم۔ تربز۔ مولی۔ چلغوزہ۔ خیارشنبر۔ لیموں شیریں۔ منقی۔ گاؤزبان۔ امرود۔ انار میخوش۔ تخم خبازی۔ نشاستہ۔ کشمش۔ کاسنی سبز۔ کنجد۔ خطمی۔ انگور پختہ۔ ثعلب مصری وغیرہ
تر دوائیں دوسرے درجے کی	آلو بالو۔ بہدانہ۔ سابودانہ۔ آم۔ نارنگی۔ بہشرلیفہ۔ شفتالو۔ گندر۔ نیلوفر۔ نیشکر۔ خیار۔ تخم کاہو۔ تخم گاؤزبان۔ تخم خربزہ۔ تخم کدو۔ خوبانی۔ شاہتوت شیریں۔ لوبیا۔ موز وغیرہ

ادویات کے متعلق اطبّا کی اصطلاحات

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
اکال	عضو کھا جانے والی	بوجہ اپنی تیزی اور قوتِ تحلیل کے عضو یا جوہرِ عضو کو	انزروت۔ زنگار۔ نمک۔ سیندور۔ توتیا۔ تانبا۔ مردار سنگ۔ اشنان۔ نورہ۔ تیزاب ہر قسم۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
جاذب	کھینچنے والی	اپنی لطافت اور گرمی سے کسی خلط یا مواد کو اپنی طرف یا ظاہر جلد کیطرف کھینچ لیتی ہے	اود بلاؤ کے خصیے۔ شافثیا اور بعض شئے قوی جاذب ہے۔ کہ گانسی کو اندر بدن سے نکالتی ہے۔ جیسے کوڑی یا گھونگھے کا گوشت۔
جالی	پاک کرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی کے لیسدار رطوبت کو چھیلکر الگ کر دیتی ہے۔	لائی۔ شہد۔ شورہ۔ بلسان کے بیج۔ ہرتال۔ زفت بنفشہ کی جڑ۔ پھٹکڑی۔ مصری۔ نوشادر۔ سرکہ۔
جامد	جماد دینوالی	رقیق خلط کو گاڑھا کرے بوجہ لیسدار ہونے یا خشک ہونیکے	موم۔ گیرو۔ خراسانی اجوائن۔ کہربا۔ گل ملتانی گوند لسوڑہ۔ نشاستہ۔ شیر برگد۔
حالق و حلاق	بال مونڈنیوالی	اپنی تیزی اور جلن سے بالوں کو اکھاڑتی ہے۔	ہرتال۔ چونہ۔ راکھ۔ نورہ۔ سفیدا و جملہ گرم
حکاک و محکک	کھجلی پیدا کرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی اور گرمی کے مساموں میں گھس کر کھجلی پیدا کرتی ہے۔	جل بیل۔ بچھیتا گھاس۔ کونچ۔ اٹنگن۔ مشک دانہ کے پتے۔ خیری کے پتے۔ بھنڈی کے پتے۔ وغیرہ
خاتم	پورا کرنیوالی	زخم پر کھرنڈ لاتی ہے۔	انزروت۔ توتیا۔ چونہ دھویا ہوا۔ ایلوا۔ سیپی جلی ہوئی۔ چھڑیلہ۔ گھیکوار۔ وغیرہ
دابق	چپکنے والی	بسبب لیس کے بدن میں چپکتی ہے	شہد۔ سریش۔ لاکھ۔ گوند ببول
دافع خمار	نشہ دور کرنیوالی	بوجہ روکنے تبخیر کے نشہ کو منع کرتی ہے اور اتارتی ہے۔	گلاب کا پھول سونگھنا۔ عرق لیموں۔ عرق گلاب۔ شربت قند کا۔ کھٹا انار۔
رادع	لوٹا دینوالی	بوجہ قوت قابضہ کے مواد یا خلط ردی کو عضوِ ماؤف پر گرنیسے روکتی ہے	اسبغول۔ چھالیہ۔ بکو۔ سپاری۔ دھنیا۔ کلونجی۔ املتاس۔ کالی زیری۔ خطمی۔ گیرو۔ ملتانی مٹی۔ السی وغیرہ۔
عاصر	نچوڑنیوالی	بوجہ قوت قابضہ اور کسیلے پن کے معدہ میں بیٹھ کر عضو کو اینٹھتی ہے جسکی وجہ سے عضو سمٹتا ہے	املی کے بیج۔ ہڑ۔ آنولہ۔ ببول کی پھلی۔ جامن کی گٹھلی۔ انار کے چھلکے اور چھال۔ وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
غسال	دھودینوالی	اپنی قوت سے اخلاط کو سطح عضو سے دھو دیتی ہے۔	نیم گرم پانی آش جو۔ ماء العسل یعنی شہد گھلا ہوا پانی۔ وغیرہ
قاتل	ماردینوالی	اپنی سمی خاصیت سے اور قوت ضدیت سے ہر سہ ارواح کو فنا کر دیتی ہے۔	افیون۔ فربیون۔ بیش۔ سنکھیا۔ سنگیا پارہ زہر۔ ہیرا۔ شیر کی مونچھ کے بال۔ مردار سنگ ہڑتال۔ دھتورہ۔
قاتلات دود	پیٹ کے کیڑے مار دینے والی		بابڑنگ کابلی۔ کمیلہ۔ کلونجی۔ پودینہ۔ زوفائے خشک۔ شفتالو کے پتے۔ مروہ۔ ترمس۔ عنبر بید۔ ہالم۔ شیح۔ کوکر۔ بھنگرہ وغیرہ
قابضات	روکنے اور بند کرنیوالی	بسبب خشک یا بوجھل یا کسیلا ہونے کے طبیعت کو بند کرتی ہے۔	ترنج مرغ گا سنگدان۔ جفت بلوط۔ حب الآس۔ پستہ کا چھلکا۔ زرشک۔ باقلا۔ ترمس۔ بنسلوچن۔ مازو۔ مائیں۔ بیر کا مغز۔ مسور۔ مصطگی۔ طباشیر۔ ہیرادوکھی یعنی دم الاخوین۔ سماق۔ چنا چاول۔ جامن کی گٹھلی۔ اذخر۔ بارتنگ۔ وغیرہ
قاشر	چھلکا اتارنے والی	بوجہ شدت جلا کے عضو کو صاف کرے۔	کٹ۔ زراوند۔ جو بریاں۔ کالے تل۔ خشخاش۔ وغیرہ
کاوی	داغ دینا	بوجہ اپنی تیزی اور سوزش کے عضو میں گھس کر جلاوے اور داغ دے	سفیدا۔ قطنار۔ ادرک۔ لہسن۔ تیزاب۔ ہالون رائی وغیرہ۔
کاسر الریاح	ریاح دور کرنے والی	اپنی گرمی کے باعث ریاح کو توڑ کر دور کرے۔	تلسی کے بیج۔ ادرک۔ سونٹھ۔ نمک سیاہ۔ چوکہ۔ سونف۔ پودینہ۔ اجوائین۔ مکو۔ زیرہ۔ وغیرہ
لاذع ومقطع	خراش پیدا کرنے والی	اپنی تیزی اور عضو کے اندر دھس جانے سے عضو کو کاٹے اور خراش پیدا کرے	سرکہ۔ نمک شور۔ لیموں۔ جامن کا تیزاب۔ منقا۔ رائی۔ انگور۔ سکنجبین وغیرہ۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
لزج	چپکنے والی	بسبب اپنے لیس اور خشکی کے عضو سے چپک جاوے۔	خبازی۔ مسورہ۔ موگرا چاول۔ بعض قسم کی مچھلی وغیرہ
مانعات احلام ردی	خواب پریشان منع کرے	چونکہ دماغ کو فضلہ سے پاک کرتا ہے اور ابخرات کو اثر کرنے سے روکتا ہے	پھٹکڑی سرہانے رکھنا عقرقرحا۔ سونا۔ درفج بلور کا پتھر۔ زیتون کی لکڑی گلے میں لٹکانا۔
[illegible]	خون کا جانا عضو سے اور منہ و دستوں کو بند کرنے والی	بوجہ اپنی خشکی و لعابیت کے رگوں میں سدّا پیدا کرکے یا اندرونی زخموں پر کھرنڈ باندھ کر خون کا جانا موقوف کرے۔	پودینہ۔ مصطگی۔ ہیرادوکھی۔ کافور۔ گیرو۔ کہربا دھنیا خشک۔ زرشک۔ رسوت۔ بیخ انجبار جفت بلوط۔ سرمہ۔ بارتنگ۔ نشاستہ۔ مازو۔ اجوائن خراسانی۔ گلنار۔ کندر۔ ریشہ برگد۔ ریوند چینی۔ چھوٹی مائیں۔ جنگلی تلسی وغیرہ
مبرد	سرد کرنیوالی	چونکہ خود سرد ہے۔ اعضا کو بھی سرد کر دیتی ہے۔	صندل۔ کافور۔ نیلوفر۔ کاہو۔ خوشبودار مٹی کرہل کا پھل وغیرہ۔
مُبہی	باہ پیدا کرنے والی	بسبب اعتدال گرمی اور رطوبت فضیلہ کے اعصاب کو طاقت دیکر اور اعضائے تناسل میں ریاح پیدا کرکے مادہ منی کا اور خواہش جماع کی پیدا کرتی ہے۔	ستاور۔ لوبیا۔ مغز بادام۔ پستہ۔ عنبر۔ موصلی سیاہ و سفید۔ بہمن سرخ و سفید۔ گوکھرو تودری زرد و سفید۔ تیتر۔ بٹیر۔ مرغ۔ گوشت بکری کا۔ بیضہ نیمبرشت۔ گوریا کا مغز۔ وانڈے انگور۔ گاجر کے بیج۔ کھجور۔ چھوہارا۔ سونٹھ۔ باقلا۔ گاجر کے بیج۔ کالے تل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ تج مغز چلغوزہ۔ ہینگ۔ جندبیدستر۔ لوبیا۔ کٹ پیر شتر۔ اخروٹ کی گری۔ خصیۃ الثعلب۔ بیربہوٹی کلیجن۔ چنا۔ بندق۔ لوبیا۔ شقاقل۔ پیاز کے بیج۔ کھوپرا۔ مولی کے بیج۔ خشخاش۔ مشک موتی۔ موصلہ سلبھل وغیرہ۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مجفف	خشکی کرنیوالی		ایلوا۔ توتیا۔ لائی۔ مردارسنگ۔ چونہ دھویا ہوا سیپی جلی ہوئی۔ چھوہارے کی گٹھلی جلی ہوئی۔ وغیرہ
محرق	جلانیوالی	بوجہ قوتِ نفوذ سخت گرمی کے رطوبت اعضا کو جلا دیتی ہے	تیزاب چاندی۔ ہڑتال۔ زنگار۔ توتیا۔ چونہ۔ نورہ۔ فرفیون۔ آگ۔ مدار کا دودھ وغیرہ
محلمات ردیہ	بدخوابی کرنیوالی	بسبب ابخرہ زیادہ اٹھنے کے خواب پریشان دکھائی دیں۔	باقلا۔ گندنا۔ لوبیا۔ گوبھی۔ مسور۔ شراب کثیر پینا۔ کچی پیاز کھانا۔ آلو کی ترکاری۔ بینگن وغیرہ
محلّل	تحلیل کرنیوالی	بوجہ اپنی حرارت کے لیسدار غلطوں کو اور مواد کو تحلیل کر دیتی ہے۔ یا بخارات بنا کر فنا کر دیتی ہے۔ یا اپنے دباؤ سے مواد کو اوپر اٹھنے نہیں دیتی بلکہ اندر کو دھکیلتی ہے	زراوند۔ وراز گرد۔ ناخونہ۔ بابونہ۔ سویہ۔ رائی۔ دونا مروا۔ اودبلاؤ کے خصیے۔ چنبیلی کی پتی۔ تگر۔ نرگس بستانی۔ بھٹوانس یعنی ترمس۔ خطمی۔ عنبر بید۔ پرسیاوشان۔ کندہ مار۔ پودینہ کوہی۔ پیاز جنگلی۔ کریلہ۔ اشق یعنی کاندر۔ جاؤشیر۔ نمافث۔ باقلا۔ زفت۔ صمغ نظم۔ لادن۔ جراکس۔ ہلدی۔ حاشا۔ گل خیرو۔ دارچینی۔ کیکڑا۔ مکو سبز۔ منڈی۔ انجیر۔ بیج۔ ارنڈ۔ برنجاسف۔ گیکوار وغیرہ۔
محمّر	سرخ کرنیوالی۔ اکثر رخسار پر لگاتے ہیں	بوجہ گرمی اور قوتِ جاذبہ کے خون کو ظاہر جلد کیطرف کھینچتی ہے اور عضو کو سرخ کر دیتی ہے یا اپنے رنگ سے سرخ کرتی ہے	رائی۔ پودینہ۔ انجیر۔ لالہ کا پھول۔ نارنگی کے چھلکے چھڑیلہ۔ بالچھڑ۔ جراکس۔ دارچینی۔ نمک۔ مجیٹھ۔ زعفران وغیرہ۔
مخدّر	بحس کرنیوالی	بوجہ اپنی سردی و خشکی و قوتِ قابضہ کے مسامات اور مجاری عضو کو کثیف کر دے۔ کہ روح کو نفوذ نہ کر سکے۔ یا خود روح کو ایسا کثیف کر دے۔ کہ حرکت نہ کر سکے۔	افیون۔ اسپند۔ شاہترہ کی جڑ۔ تمباکو کے پتے تمباکو کے بیج۔ کچلہ۔ کندر۔ شوکران۔ دھتورہ۔ اجوائین خراسانی۔ کاکنج۔ لکھنا لکھمنی۔ لونگ وغیرہ۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مخرجات جنین و مشیمہ	بچہ نکالنے والی	بوجہ اپنی قوتِ ملینہ اور مسہلہ کے اعضا اور اعصاب کو نرم کرکے بچہ کو نکالے یا قوتِ قابضہ کے اعصاب کو اسقدر تنگ کرے۔ کہ اخراج بالعسر ہو۔	کنول مرج یعنی ابہل کا آنا۔ زراوند۔ السی تج۔ کالی مرچ۔ بوزیدان۔ پرسیاوشان۔ کٹکی کالا زیرہ۔ یہ سب یا بعض لتہ میں لت کرکے مقامِ مخصوص میں رکھنا۔ مازو یا کلونجی پیس کے پینا۔ مہندی سبز۔ بانس کے پتے۔ جوش کرکے پینا۔ نیز املتاس کا چھلکا وغیرہ۔
مخشن	کھردرا کرنیوالی	بوجہ اپنی خشکی و قوت قبض کے اعضا کو ناہموار کرے	رائی۔ آنولہ۔ املی کے بیج۔ بھلاواں۔ جامن کی گٹھلی۔ اکلیل الملک یعنی ناخونہ۔ آم کی گٹھلی۔ وغیرہ
مدرات	پیشاب یا حیض یا منی یا دودھ یا پسینہ جاری کرنیوالی	بوجہ خفیف گرمی اور سبکی و لطافت کے غذا کی ماہیت یا فضلۂ سیال کو دفع کرتی ہے مخروجات سے	مرہٹی۔ رندنی۔ اجمود۔ عودصلیب۔ تتلی۔ سونف۔ دارچینی۔ اود بلاؤ کے خصیئے۔ پرسیاؤشان۔ بابونہ۔ تج۔ کبابہ کنکول مرچ وغیرہ۔
مدرات بارد و بول	پیشاب لانے والی سرد ادویہ	سبکی اور سردی کی وجہ سے مائیت کو براہ پیشاب دفع کرتی ہے۔	تربوز کا پانی۔ کاسنی کا شیرہ۔ خرفہ کے بیج۔ گل خیرو۔ کھیرا وکگڑی کے بیج۔ گوکھرو۔ چرچرہ کے بیج۔ کاسنی کے بیج۔ لوکی کا پانی۔ آش جو۔ لیمو کا عرق۔ شورہ۔ کھیرے کا پانی وغیرہ۔
مدرات حار بول	گرمی سے پیشاب لانے والی ادویہ		گاجر کے بیج۔ پاکھڑ۔ سونف۔ املتاس۔ رندنی۔ پرسیاؤشان۔ کباب چینی۔ تج۔ زعفران۔ تتلی۔ اگر۔ تگر۔ کٹ میٹھا۔ زوفائے خشک۔ کٹھ۔ بلسان۔ کنکول مرچ۔ اجمود خبازی۔ کلونجی۔ پودینہ۔ اجوائن دیسی۔ انیسوں۔ برنجاسف

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مدرّات حیض	حیض جاری کرنیوالی	بوجہ لطافت وسبکی وگرمی کے خون بستہ کو پگھلاوے۔ اور غیر معتدل کو اعتدال پر لاوے یا خون زیادہ پیدا کر کے از راہ قبل نکالے۔	پرسیاؤشاں۔ کباب چینی۔ باٹرنگ کابلی۔ کلونجی۔ اسپند۔ کنکول مرتج۔ تلسی جنگلی۔ پکھان بید۔ جاوشیر۔ اگر۔ زعفران۔ بابونہ۔ زوفائے خشک۔ عود صلیب چنے کا نزلال۔ نمام۔ اجمود۔ ناگرموتھ۔ بھٹوانس۔ اجوائین دیسی۔ بن تتلی۔ دونامروا۔ چھڑیلہ۔ سوگند بالا۔ املتاس کے چھلکے۔ تج۔ فراسیون وغیرہ۔
مدرّات منی	منی کو جاری کرنیوالی	بسبب اپنی تیزی اور گرمی کے منی کو رقیق کر کے جاری کرتی ہے یا	اکاس بیل۔ سونف۔ اجمود۔ بھٹوانس۔ درمنہ ترکی وغیرہ۔
مدرّات لبن	دودھ جاری کرنے والی	بوجہ اپنی رطوبت فضلیہ کے دودھ پیدا کرتی ہے اور بسبب گرمی کے اسکو بہاتی ہے۔	ستاور۔ موصلی سیاہ وسفید۔ سفید تل۔ گوند ببول۔ زیرہ سفید۔ سنگجراحت۔ گلنار۔ سرمہ۔ کتیرا۔ رال وغیرہ
مدمّل	زخم کو بھرنیوالی	بوجہ اپنی خشکی کے زخموں کی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ اور گوشت بھرتی ہے۔	گلنار۔ سرمہ۔ زنگ بہرت۔ لادا۔ گوند کتیرا۔ آلو سنگجراحت۔ مواباول۔ لاثی۔ سفید کتیرا۔ رال زراوند۔ گائے کا گھی دھویا ہوا۔ سیاہ زیرہ ملتانی مٹی۔ بارتنگ کا رانگ۔ موم سفید۔ ایرسا وغیرہ
مرخی	اعضا کو سست کرنیوالی	اپنی قوت حرارت و رطوبت کی وجہ سے اعضا اور انکے مسام کو نرم کرتی ہے۔	سہروا۔ السی۔ روغن گل۔ کرم کلہ کے پتے۔ خطمی۔ بہدانہ۔ سوا وغیرہ
مرطب	اعضا کو تر کرنیوالی	بوجہ اپنی قوت رطوبت کے یا ذہنیت کے اعضا کو تر کرے اور خشکی دور کرے۔	لوکی۔ خربزہ۔ تربوز۔ بھنڈی۔ اسپغول دودھ گائے کا۔ موصلی۔ کتیرا۔ کھیرا۔ توری گھی۔ روغن بادام وغیرہ۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مرقق	خلطوں کو پتلا کرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی لطافت حرارت اور رطوبت کے اخلاط کو رقیق کرتی ہے	شہد۔ سرکہ۔ شکر۔ پودینہ کا عرق۔ وغیرہ
مزلق	چپکنے والی	عضو باطنی کی سطح کو ملین کر کے خلط چسپید کو الگ کر دیتی ہے	آلو بخارا۔ پرانی املی۔ تخم ریحان۔ ترنجبین
مسدّد	سدّہ پیدا کرنیوالی	بوجہ اپنی خشکی اور کثافت کے سدہ پیدا کرتی ہے یا مجاری میں پھنسکر اخراج کو روکتی ہے	خشخاش سفید۔ جامن کی گری۔ اسبغول کوٹا ہوا۔ اجوائین۔ سورنجاں تلخ۔ املی کے چیئں وغیرہ
مسکرات سکر	جلد نشہ لانیوالی	بسبب اپنی سمیت یا سرور کے نشہ میں مدد کرتی ہے۔	کڑوا بادام۔ زعفران۔ جاوتری۔ چھڑیلہ۔ بھنگ۔ بن پوتکہ وغیرہ
مسکن	درد کو تسکین دینیوالی	بوجہ اپنی سردی اور قوتِ قابضہ کے درد کو تسکین دیتی ہے اور اخلاط اور ارواح کو حرکت غیر طبعی سے باز رکھتی ہے	افیون۔ بطخ کی چربی۔ مرغی کے انڈے کی سفیدی۔ لکھمنا لکھمنی کی جڑ۔ نشاستہ۔ کتیرا گوند ببول وغیرہ
مسبت	بہت نیند لانے والی	چونکہ اعضائے نفسانی کو بحس کرتی ہے۔ اور دماغ کو ابخرات سے بھاری کرتی ہے اسواسطے نیند آتی ہے	مرہٹی۔ اصطرک۔ زعفران۔ سوڈا۔ سیب کاہو۔ تلسی۔ گل لالہ۔ پودینہ کوہی وغیرہ
مسمن	موٹا کرنے والی	بسبب رطوبتِ فضیلہ اور کثیر الغذا ہونیکے بدن کو موٹا کرتی ہے	خوب کلاں۔ چاول۔ آم۔ دودھ۔ کیل۔ کیلہ مکھن وغیرہ
مسہر	نیند نہ لانے والی	بسبب اپنی خشکی یا تیزی یا سوزش کے۔	چائے۔ سرکہ۔ رائی۔ کالی مرچ۔ مشک سونگھنا نمک۔ ایارج فیقرا۔ کافور سونگھنا۔ لونگ۔ پودینہ۔
مسہلات صفرا	دست لانے والی پتوں کی	فاسد خلطوں اور ردی فضلہ کو از راہ دست دفع کرتی ہے معدہ اور اندرون بدن ورگوں سے	آلو بخارا۔ املی پرانی۔ زرد ہڑ۔ گل بنفشہ۔ ترنجبین۔ گل سرخ۔ سنا کے پتے۔ شیر خشت۔ اکاس بیل املتاس کی پھلی۔ محمودہ۔ شاہترہ۔ ایلوا وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مسہلات بلغم	دست لانے والی بلغم کی		غاریقون۔ اسپند۔ اندرائن کے پردے۔ نسوت سفید۔ نیل کے بیج۔ ماہی زہرہ۔ سونٹھ رینڈھی کی گری۔ گوگل۔ رینڈی کا تیل۔ جمال گوٹہ املتاس کی پھلی۔ کریلا۔ کلونجی۔ سورنجان شیریں ریوند چینی۔ ماہودانہ۔ لوفائے خرد و بزرگ۔ بسفائج۔ شکاعی۔ وغیرہ
مسہلات سودا	دست لانے والی سودا کی		اکاس بیل۔ دہارو۔ بالنگو۔ آنولہ۔ لاجورد و سنگ ارمنی۔ کابلی ہڑ۔ کالی ہڑ۔ سنارمکی۔ بسفائج۔ کشوث۔ غاریقون۔ ریوند خطائی۔ ایارج فیقرا وغیرہ
مسہلات ولادت	جلد بچہ پیدا کرنیوالی	بوجہ شدید قبض ہونیکے یا گرمی کے بچہ کو باہر لاتی ہے۔	گلنار۔ اندرائن کا پردا۔ گوگل۔ نیلوفر کی جڑ۔ میتھی۔ تج۔ بارتنگ کا عصارہ۔ کالی خشخاش کا لتہ تر کیا ہوا رکھنا۔ دارچینی کھلانا۔ مونگا داہنی ران میں باندھنا۔ چمک پتھر بائیں ہاتھ میں دینا۔
مشتہی	بھوک پیدا کرنیوالی	وہ دوا ہے جس کے استعمال سے بھوک لگتی ہے۔ اور کھانے کی خواہش معلوم ہوتی ہے۔	لیموں کا عرق۔ زرشک۔ پوست لیمو۔ بسر دیانی ترنج کا چھلکا۔ سکنجبین بسفرجلی۔ سرکہ۔ کالی مرچ سانبھر نمک۔ مصطگی۔ خولنجاں یعنی کلیجن۔ چھوٹی الائچی۔ اونٹنی کا دودھ وغیرہ
مصدع	درد سر پیدا کرنیوالی	بوجہ تبخیر کے	اظفار الطیب یعنی نکھ کی دھونی لینا۔ اجواین خراسانی۔ لوبان۔ گندنا۔ سویا۔ لہسن۔ مسور۔ پیاز۔ میتھی۔ السی۔ خاکسی۔ ترنج۔ توت۔ رندنی پالک کا ساگ۔ جراکس۔ گلخیرو۔ بولی۔ بینگن۔ بلوط۔ جوز بوا۔ گلنار۔ رام تلسی۔ چکور کا گوشت

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مصلب	سخت کرنیوالی	بوجہ اپنی خشکی اور قبض کے جوہر عضو یا مواد کو سخت کر دیتی ہے	
مصلح	اصلاح کرنیوالی	بسبب اپنے افعال التضاد کے دوا کی اصلاح کرتی ہے	زعفران۔ کتیرا۔ شہد۔ یہ دوائیاں عموماً اکثر دوائیوں کی اصلاح کرتی ہیں۔ اور ہر ہر دوا غذا کی مصلح جدول میں مذکور ہے۔
مضرات باہ	باہ کو ضرر دینوالی		رام تلسی۔ کاسنی۔ کاہو۔ دھنیا۔ مکو۔ لہسن خام نیلوفر کی جڑ۔ عناب۔ بنفشہ کی جڑ۔ کٹ۔ کالی خشخاش۔ چولائی کا ساگ۔ چوکہ۔ کافور۔ املی آلو بخارا۔ لیمو۔ موم۔ نمک۔ ٹھنڈا پانی۔
مضرات بصر	بینائی کو ضرر دینے والی		مسور۔ کاہو۔ چوکہ۔ خرفہ کا ساگ۔ چڑ چڑہ۔ گندنا۔ کثرتِ جماع۔ دھوپ کھانا۔ آگ کے قریب بیٹھنا۔ چمکدار چیز کی طرف بہت نظر کرنا۔
مضرات جگر	جگر کو ضرر دینے والی		آب سرد۔ کھجور۔ انجیر۔ خرمہ۔ سرکہ۔ شہد ہلیلہ سیاہ۔ کائی پھل۔ جاوتری۔ بکائین۔ نارنگی۔ ہڑ کالی۔ وغیرہ
مضرات اسنان ولثہ	دانتوں اور مسوڑھوں کو ضرر دینے والی		مولی۔ برف کا پانی۔ چوکہ۔ اشیائے ترش دودھ خاص کر اونٹنی کا۔ آب شورہ۔ اشنہ آب نمک۔ ترب۔ وغیرہ
مضرات دماغ	دماغ کو ضرر دینے والی		اترج۔ اجاص۔ تمباکو۔ خشخاش سیاہ۔ سمک آلو بخارا۔ اونٹ کٹارا۔ سرسوں۔ وغیرہ
مضرات ریہ	پھیپھڑے کو ضرر دینے والی		شاہترہ۔ حاشا یعنی پودینہ کوہی۔ سوگند بالا بنفشہ کی جڑ۔ کلتھی کے بیج۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مضرات معدہ	معدہ کو ضرر دینے والی		تل۔ مسور۔ آش جو۔ حالم کے بیج۔ آلو شیریں عناب۔ ادرک۔ انجیر۔ حماما کچے انگور پنیر نافیشا۔ گائے کا گھی۔ شیرینی۔ گرم پانی۔ کہار چھڑیلہ وغیرہ
مطفی	بجھانے والی	بسبب اپنی سردی اور تراوت کے گرمی تیزی اور حرارت کو بجھاتی ہے۔	کافور۔ کاہو۔ مغز کدو۔ نیلوفر۔ کائی۔ برف دریائی ناریل۔ پالک کے بیج۔ کھیرے کا پانی کدو کا پانی۔ سرد پانی وغیرہ
معدلات و مصفیات خون	خون کی معتدل اور صاف کرنے والی	بوجہ لطیف سردی و تری کے خون کو معتدل القوام کرتی ہے۔	آلو بخارا۔ برادہ آبنوس۔ چوب شیشم۔ بنفشہ برگ نیب۔ برمڈنڈی۔ برگ و تخم شاہترہ۔ صندل سرخ و سفید۔ عناب ولایتی۔ تخم کاہو گل نیلوفر۔ نیل کنٹھی۔ گل سرخ۔ انار ترش و شیریں لیمو۔ کشنیز خشک وغیرہ
معدلات صفرا	صفرا کو معتدل کرنیوالی		اسبغول۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ۔ تخم خیارین تخم پالک۔ تخم کاہو۔ بہدانہ۔ کافور۔ کشنیز خشک صندل سفید۔ گل بنفشہ وغیرہ
معدلات بلغم	بلغم کو معتدل کرنیوالی		پرسیاؤشان۔ اصل السوس۔ انجیر زرد۔ تخم خطمی۔ سنبل الطیب۔ بادیان۔ انیسوں تخم خبازی۔ گل سرخ۔ الائچی خورد و کلاں منقےٰ وغیرہ
معدلات سودا	سودا کو معتدل کرنیوالی		اسطوخودوس۔ بادرنجبویہ۔ سپستاں۔ انجیر شاہترہ۔ شکاعی۔ تخم خربزہ۔ عناب۔ مویز منقی۔ گاؤزبان۔ وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
معرّق	پسینہ لانیوالی	بسبب اپنی حرارت کے بند رطوبت کو مسامات کی راہ سے نکالتی ہے	پانی پینا۔ گل مدار اشیاء۔ بعد گرمی۔ جو بگلاں گرم کپڑے پہن لینا۔
معطس	چھینک لانے والی	دماغ کے مواد کو حرکت دیکر بسبب گرمی اور سوزش کے بذریعہ چھینک کے دفع کرتی ہے	تمباکو۔ مرچ۔ پیپل۔ اسپند سیاہ وسفید۔ سرسوں۔ کنیر کی جڑ وپھول۔ نکچھکنی۔ سونٹھ۔ موٹھ ہینگ۔ ریٹھہ وغیرہ
معطش	پیاس لگانے والی	بوجہ اپنی گرمی خشکی یا تیزی کے پیاس لگاتی ہے۔	مرچ۔ نمک۔ قہوہ۔ چنا۔ گوشت۔ دھوپ۔ تمام خشک تیز اور گرم اشیاء۔ وغیرہ
معفن	سڑا دینے والی	مزاج یا عضو یا روح کو فاسد کر کے سڑا دینے والی ہے	ہڑتال شافیا۔ گندھک کا تیزاب۔ گوشت کوّا و چیل۔ لہسن خام۔ سنکھیا وغیرہ
مغری	چپکنے والی	بوجہ لیس کے آنتوں اور رگوں کے منہ میں چپک کر سدہ پیدا کرتی ہے۔	گوند۔ کتیرا۔ دھویا ہوا چونہ۔ سنگ جراحت وغیرہ
مغشی	غشی پیدا کرنیوالی	بوجہ حرارت کے دل کو صدمہ پہنچا کر اور نفخ اور ریاح پیدا کر کے غشی ظاہر کرتی ہے۔	رومی سونف یعنی انیسوں۔ اکاس بیل۔ جماما جاوتری۔ گاجر کے بیج۔ سنبھالو۔ جاؤشیر۔ زیرہ پیپلامول۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ ترکچورہ۔ زراوند تتلی۔ لوبان۔ اجمود۔ دیسی اجوائین۔ ناگرموتھ صعتر۔ وغیرہ
مغلظ	گاڑھا کرنیوالی	بوجہ اپنے حس و خشکی کے منی یا اخلاط قوی کو سخت کرتی ہے	کل ساگ پات۔ کل گوشت نیم بریاں۔ کل بادی ترکاریاں۔ بہمن۔ تودری۔ موصلی سیاہ وسفید۔ اسبغول کی بھوسی۔ تالمکھانہ۔ املی کے بیج۔ لسوڑہ۔ گوندنی مرجان۔ سلاجیت کشتہ رانگ۔ تخم نیلوفر وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مفتت	پھوڑنے والی کھولنے والی ریزہ ریزہ کرنیوالی	سنگِ گردہ یا مثانہ کو پھوڑ کر ریزہ ریزہ کرتی ہے۔	سوگند بالا۔ حجر الیہود۔ سنگ سرماہی۔ بچھو کی راکھ۔ تلسی۔ گوند آلو۔ خربوزہ کے بیج۔ پرسیاؤشان۔ کنڈل۔ کڑوا بادام۔ کلتھی۔ گوکھرو۔ سونف۔ کالا چنا۔ کشتہ بلور۔ چھوارہ ناگرموتھ وغیرہ
مفتح	کھولنے والی	اپنی حرارت لطیفہ سے آنتوں رگوں اور مساموں کو کھولتی ہے۔ اور سدہ کو دور کرتی ہے۔	حب الآس۔ شاہترہ۔ غاریقون۔ بنفشہ کی جڑ بادیان رومی۔ ستاور۔ مردہ۔ کبابہ۔ اگر۔ ساتر اکاس بیل۔ باقلہ مصری یعنی ترمس۔ سونف ہندی بھٹوانس۔ جاوتری۔ اجمود۔ جاؤشیر۔ پکھان بید۔ سپند۔ زیرہ کرمانی۔ ہالون۔ دیسی اجوائن۔ خاکسی۔ دارچینی۔ گاجر کے بیج۔ سونٹھ۔ بلی لوٹن مصطگی۔ گوگل۔ مربائے ہڑ سیاہ۔ اسطوخودوس۔ ہڑ بھنی ہوئی۔
مفجج	کچا رکھنے والی	حرارت کو اپنے فعل سے باز رکھ کو ہاضم کو ناقص اور خلط کو خام رکھتی ہے۔	اسبغول۔ تخم ریحان۔ سوسن کی جڑ۔ دار فلفل۔ تتلی۔ دونا مروا۔ زراوند۔ کشوث وغیرہ
مفجرات اورام	ورم کو پھاڑ دینے والی	بوجہ اپنی حرارت کے	سفیدہ۔ چونہ۔ کبوتر کی بیٹ۔ صابون۔ کاندر یعنی جنگلی پیاز۔ ہیرا کسیس۔ ہڑتال ہالم۔ رتن جوت۔ کٹ۔ فرفیون۔ قلقطار تھوہر کا دودھ۔ سجی۔ مٹی کا تیل۔ سرسوں سہاگہ۔ رائی وغیرہ۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مفرح	فرحت دینے والی	بسبب خوشبو یا ترادت کے دل کو تقویت اور فرحت دیتی ہے۔	زعفران۔ ابریشم۔ لونگ۔ کافور۔ صندل سفید مشک۔ نکھ۔ ترنج۔ بالچھڑ۔ امرود۔ ترنج۔ انار کھٹا و میٹھا۔ آنولہ۔ لیموں کے پھول اور چھلکا مونگا و اس کی جڑ۔ پان۔ کھنکھالی یعنی بسفائج زہر مہرہ خطائی۔ لاجورد۔ گلاب کے پھول۔ پودینہ الٹی۔ بنسلوچن۔ اگر۔ موتی۔ نیلوفر کے پھول یاقوت۔ یشب۔ عنبر۔ ورق سونے و چاندی کے۔ مغز پستہ۔ بہمن۔ سیب۔ انجیر۔ نرلسبی بالنگو۔ دارچینی۔ الائچی وغیرہ
مقرح	زخم کرنیوالی	جمی ہوئی رطوبت کو ہٹا کر جو ہر عضو میں زخم پیدا کرتی ہے بسبب اپنی تیزی کے۔	ہڑتال۔ سفیدا۔ اسفیل۔ لہسن۔ پیاز۔ ہالم۔ کبوتر بیٹ۔ چونہ۔ کٹ۔ پودینہ۔ صابن۔ تیلی۔ فرفیون راسن۔ دودھاری درختوں کا دودھ۔ زرنیخ ہڑتال۔
مقی	قے لانیوالی	تینوں خلطوں صفرا و سودا و بلغم کو یا ان میں سے ایک کو معدے اور اس کے اطراف سے ابھار کر منہ کی راہ سے نکالتی ہے۔	مولی کے بیج اور اس کے پتوں کا رائتہ۔ سوئے کے بیج اور رائتہ۔ خربوزہ کے بیج۔ شہد۔ سکنجبین۔ نمک۔ تنکر سرخ۔ رائی۔ گرم پانی کدو یعنی لوکی کا کڑوا پانی۔ اونٹ کٹارا۔ ہنقی۔ گائے کا گھی۔ کھاری نمک۔ وغیرہ۔
مقویات بصر	بینائی کی قوت دینے والی	مقوی ہیں جو کسی قوت اس دوا کو کہتے ہیں جو بدن کے کسی عضو کو یا اور قوائے اور باصرہ کو قوت بخشتی ہے اس کے مزاج کو معتدل یہ وہ عضو کو اور اسے بوجہ لطافت اور اعتدال سے	سرکہ۔ آملہ۔ زعفران۔ جشک۔ ہڑ۔ زرد۔ منڈی میٹھا بادام۔ سونف۔ سیپی جلی ہوئی۔ ابریشم جلایا ہوا۔ پیاز پکائی ہوئی۔ شہد۔ کالی مرچ موتی۔ چاندی کی سلائی۔ عینک کا لگانا۔ مہتاب کی طرف نظر کرنا وغیرہ۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مقویات جگر	جگر کو قوت دینے والی		کاسنی۔ ستاور۔ جوزبوا۔ انار۔ چھڑیلہ۔ پودینہ کوہی۔ بلسان کے بیج۔ نرکچور۔ ناگرموتھہ۔ نکھ درونج عقربی۔ سوگندبالا۔ الائچی چھوٹی۔ دار چینی کثوث۔ پستہ۔ مصطگی۔ تج۔ غافث۔ ناردین یا سنبل رومی۔ لونگ۔ بلی لوٹن۔ منقی وغیرہ
مقویات اسنان و لثہ	دانتوں اور مسوڑھوں کو قوت دینے والی۔		پھٹکڑی۔ مسی۔ ہڑدکا چھلکا۔ سپاری۔ عقرقرحا زیرہ۔ ترہ تیزک۔ گلاب۔ گلنار۔ لوبان۔ ناگرموتھ مازو۔ بارہ سنگھا جلا ہوا۔ چھوٹی بڑی مائیں۔ مصطگی۔ دانہ الائچی۔ کالی مرچ۔ ہیراکسیس۔ بنسلوچن زرد ہڑ کی گٹھلی جلی ہوئی۔ بھلاواں جلا ہوا۔ لاچی۔ چندروس۔ سنگجراحت۔ مسور۔ املی کے چینی سونگھے کی جڑ۔ نرکل کی جڑ۔ کٹ۔ موتی۔ مولسری کی چھال۔ سرسہ کے بیج۔ تالیسہ۔ کف دریا۔ تمباکو جلایا ہوا۔ کوڑی زرد۔ کبابہ۔ لول۔
مقویات دماغ	دماغ کو قوت دینے والی۔		موتی۔ گلاب۔ ناگرموتھ۔ بالچھڑ۔ سونٹھ۔ بھلانواں املہ۔ بالنگو۔ کندر۔ بندق۔ مشک۔ عنبر۔ اگر۔ کاہو کے بیج۔ لونگ۔ سیب۔ امرود۔ وہی کے پھول جانوروں کا بھیجا۔ زعفران۔ مرغی کا گوشت تیتر کا گوشت۔ دونا مروا۔ چنبیلی۔ مغز کدو۔ ہڑ کا مربہ۔ لوئے کا گوشت۔ شربت نارنج جوزبوا۔ صندل سفید۔ میٹھا بادام۔ رام تلسی۔ گلاب کا عرق۔ بھیڑ کا دودھ وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مقویات قلب	دل کو قوت دینے والی		امرود۔ انار میٹھا۔ املی آملہ سیب۔ ابریشم لیموں کے پھول۔ ترنج کا چھلکا چھڑیلہ۔ صندل۔ بسد بنسلوچن۔ دونا مروا۔ بہمن سفید و زرد۔ ترنج کھٹکالی۔ گل تخوتم۔ ریباس۔ تلسی جنگلی۔ نکھ۔ گلاب کے پھول۔ گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ نرلسی۔ دارچینی مونگا۔ مونگے کی جڑ۔ نیلوفر۔ چوکے کے بیج۔ پان نارنج۔ زرد و ہڑ۔ موتی۔ چنبیلی۔ بالچھڑ۔ بیج ناگرموتھ اگر۔ عنبر۔ مشک۔ شقاقل۔ یاقوت۔ رام تلسی۔ ورق چاندی و سونہکا۔ الائچی۔ لاجورد۔ عود صلیب وغیرہ
مقویات معدہ	معدہ کو قوت دینے والی	جتنی چیزیں معدہ کو قوت دینے والی ہیں۔ وہی آنتوں اور معدہ کی رگوں کو بھی قوت دیتی ہیں لہذا ان کے مقویات علیحدہ مذکور نہیں ہوئے	گلاب کے پھول۔ آملہ۔ انار دانہ۔ ہڑ۔ بہی۔ بنسلوچن ترہ تیزک۔ آلو۔ ہڑ کا مربہ۔ جراکس۔ ترنج کا چھلکا بالنگو۔ جامن۔ سوگند بالا۔ جوزبوا۔ جماما۔ کالی مرچ اونٹنی کا دودھ۔ دارچینی۔ نرکچور۔ ناگرموتھ۔ بیج تیزپات۔ لونگ۔ الائچی۔ لوبان۔ مصطگی۔ پودینہ نعناع۔ دہی۔ اگر۔ سونٹھ وغیرہ
ملطف	لطیف کرنے والی	گاڑھے خلطوں کو نرم کر کے دفع کرتی ہے۔	اسقیل۔ دونا مروا۔ جراکس۔ مرہٹی۔ تخم انگن۔ بنفشہ کی جڑ۔ انجیر۔ بابونہ۔ پودینہ۔ چوکہ۔ بھرکہ۔ بلسان کے بیج۔ اودبلاؤ کے خصیے۔ شورہ۔ عنبر۔ بید اسپند۔ رائی۔ دارچینی۔ زوفائی خشک۔ تیلی۔ لہسن پیاز۔ زراوند۔ ساتر۔ عقرقرحا۔ کرٹھ۔ دیسی اجوائن پہاڑی پودینہ۔ وج۔ مشکطرامشیع۔ بلی لوٹن۔ ناگرموتھ۔ منڈی۔ وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
ملینات اورام	ورموں کو نرم کرنے والی	بوجہ قوت محللہ اور اپنی گرمی کے مواد کو تحلیل کرتی ہے	بنفشہ کی جڑ۔ ناخونہ۔ بطم کا گوند۔ کرنجوہ۔ سلارس موم۔ عنبر۔ تخم خطمی۔ بول۔ لاون۔ السی جھندی ناگرموتھ۔ رینڈی کا تیل۔ مرغی کی چربی۔ بنولہ کا تیل۔ گوگل۔ اسبغول۔ بکری کی نلی کا گودہ۔ زفت۔ سک یعنی آملہ کا عصارہ وغیرہ
ملینات بطن	پیٹ کو نرم کرنیوالی	بوجہ اپنی لطافت۔ گرمی اور دہنیت کے نرم کرتی ہے۔	خرفہ کا ساگ۔ مولی۔ بنولے کی گری گنے کا رس۔ چرونجی۔ کرنب۔ شہد۔ سرکہ۔ شفتالو۔ سونف پالک۔ سرکہ عنصلی۔ بکری و بھیڑ کا دودھ۔ سنا۔ املی۔ ہرڑ۔ گلاب۔ ترنجبین۔ آلو۔ سونف کی جڑ۔ گلقند۔ سونف کا عرق۔ بہدانہ۔ بنفشہ۔ ملٹھی روغن بادام۔ چقندر وغیرہ
ممسک	روکنے والی	بوجہ خشکی یا لطیف گرمی یا نشہ کے منی کو انزال نہ ہونے دے۔	افیون۔ زعفران۔ بیر بہوٹی۔ گوگل۔ دھتورہ کے بیج۔ جوزبوا۔ اجوائن خراسانی۔ لونگ۔ کالی مرچ جاوتری۔ مصطگی۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ کافور۔ مشک۔ عقرقرحا۔ ببول کے پھول۔ دھتورہ کے پتے۔ گلوکا ست۔ گوماں کا پھل و بیج وغیرہ
ملذذات	لذت دینے والی	بسبب خوشبو دار دہنیت یا تیزی کے رحم کے اعصاب کو لذت دیتی ہے۔ اسواسطے وقت جماع لذت آتی ہے۔	آدمی کے سر کے بال چنبیلی کے تیل میں پیس کے وقت حاجت ضماد کریں۔ کافور۔ لونگ دارچینی۔ عقرقرحا۔ کبابہ۔ منقیٰ۔ سونٹھ۔ بیر بہوٹی زعفران۔ لعاب دہن۔ عطر ہر قسم۔ صابن و لیمو کا مرکب۔ کبوتر کی بیٹ۔ گھوڑے کے جھاگ۔ مرزنجوش سیاہ۔ پارہ وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
معظمات قضیب	اعضائے تناسل کو دراز کرنے والی		زفت رومی. کیچوے. جونک. عقرقرحا. کنیر کے چھلکے. بیربہوٹی. پہاڑی عشق پیچاں. لونگ. مفرد یا مرکب چنبیلی کا تیل. جوزبوا. دارچینی. زعفران. روغن زیت ہمیشہ لگانا. کرفس کے جوشاندے سے بار بار ملکر دھونا. بھیڑ کی چربی برابر لگاتے رہنا.
مضیقات مہبل	فرج کو تنگ کرنیوالی.		بکائن کی چھال. انار کی چھال. مولسری کی چھال باریک پیس کے لتہ میں لت کر کے مقام میں رکھنا. ماجوپھل. کافور. شہد میں ملا کے لیپ کرنا. موا بادل. کالے تل. گوکھرو. املی کے چیئیں. باریک پیس کے مقام پر ملنا. ببول کی کل اجزا کی پسی ہوئی پھٹکی چھڑکنا. وغیرہ
مکثفات	جما دینے والی	بوجہ سردی اور قوت قبض کے خلطوں اور رطوبتوں کو بستہ کرتی. اور جما دیتی ہے.	اجوائن خراسانی. نشاستہ. کتیرا گوند وغیرہ.
منضجات صفرا	صفرا کو پکانے والی	منضج وہ دوا ہے۔ [illegible] اخلاط کو [illegible] یعنی [illegible] کے قابل بنا دیتی ہے اور [illegible] ہے۔	شاہترہ. عناب ولایتی. عنب الثعلب. تخم کاسنی. پوست بیخ کاسنی. گل سرخ. گل بنفشہ گل نیلوفر. ترنجبین. سکنجبین عسلی. مکوسوکھی آلو کا شربت. شکر سرخ. گلقند آفتابی وغیرہ.

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
منضجات بلغم	بلغم کو پکانے والی		بادیان رومی۔ پرسیاؤشان۔ سونف۔ انجیر خطمی کے بیج۔ ملٹھی۔ کاسنی کی جڑ۔ گلاب کے پھول۔ گلقند۔ سکنجبین۔ شکاعی وغیرہ
منضجات سودا	سودا کو پکانے والی		عناب۔ بلی لوٹن۔ پرسیاؤشان۔ دونامروا شکاعی۔ لہسوڑہ۔ گاؤزبان۔ شاہترہ۔ سونف بادآورد۔ ترنجبین۔ گلقند وغیرہ
منفخات	اپھارا پیدا کرنا	بسبب اپنی رطوبت فضلیہ کے تحلیل ہونے سے باز رہتی ہے۔ اور ریح لے کر پیٹ پھلاتی ہے۔	باقلا۔ لوبیا۔ جامن کی گرہی۔ گوبھی۔ کرم کلہ چقندر۔ موٹھ۔ پنڈالو۔ جھینگا مچھلی۔ بگلہ کا گوشت۔ شکر قند۔ سمندر سوکھ۔ شلجم کے پتے۔ توتیا وغیرہ
منبت لحم	گوشت بھرنے والی	اپنی قوت نامیہ سے گوشت پیدا کرکے زخم بھر لاتی ہے	دم الاخوین یعنی ہیرادوکھی۔ کتیرا وغیرہ
منبت شعر	بال اگانے والی	بسبب اخراج کرنے ابخرات دخانی اور بڑھانے رطوبت زایدہ کے۔	بیر کے پتے۔ ماش کی دال کا لعاب۔ ناریل کا تیل۔ خطمی۔ چیونٹی کے انڈے۔ دہی کا لگانا۔
منوم	نیند لانے والی	بوجہ تری یا لطیف گرمی یا نشہ یا اٹھانے ابخرات اور تبخیرات کے	افیون۔ سویا۔ زعفران۔ سیب۔ بنفشہ حماما۔ خشخاش۔ خشخاش کے پھول۔ آشحو۔ ہرادھنیا۔ شیرہ بادام۔ روغن بادام۔ کلہ روغن روغن نیلوفر۔ بابونہ۔ قبر کی خاک وغیرہ
موسخ قروح	زخموں کے مواد کو میل پیدا کرکے بہانیوالی	زخموں سے مواد بہاتی اور خشک نہیں ہونے دیتی۔ اور زخم کو بھٹنے سے منع کرتی ہے۔	موم۔ روغن وغیرہ

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح	چند دواؤں کے نام
مولّدات منی	منی پیدا کرنے والی	بسبب کثیر الغذا ہونے یا لعابیت رکھنے یا رطوبت ایذ کے منی کو بڑھاتی ہے۔	بوزیدان ۔ بادام ۔ پستہ ۔ چنا ۔ اندرجو ۔ ہالون سورنجاں شیریں ۔ السی ۔ ستاور ۔ زعفران ۔ ناریل بہمن ۔ موصلی سیاہ وسفید ۔ شقاقل ۔ کچی پیاز ۔ چھڑیلہ دودھ و شکر ۔ گوشت مرغ ۔ شلجم ۔ تودری وغیرہ
مہزل	دبلا کرنیوالی	بسبب اپنی خشکی اور کم غذائیت کے بدن کو دبلا کرتی ہے۔	لاکھ وغیرہ
مہیج	اٹھانیوالی	کسی خلط یا قوت کو برانگیختہ کرتی ہے	گنے کا رس اور ترنج بانی صفرا کو ۔ ترشیاں بلغم کو ۔ فواکہات خون کو ۔ میوہ جات باہ کو ۔
ناشف	رطوبت کو جذب کرنے والی	بسبب قوت جاذبہ کے اور اپنی یبوست کے بہتی ہوئی رطوبت کو جذب کر لیتی ہے۔	زہر مہرہ ۔ پسی ہوئی چینی کا برتن ۔ سرمہ ۔ سفید چھالیہ کی راکھ ۔ کتھ ۔ سنگجراحت ۔ کوری ٹھیکری ۔ چونہ مواباد ل وغیرہ
ہاضم	ہضم کرنیوالی	بسبب اپنی تیزی اور گرمی کے غذا کو گلا کر جزو بدن کر دیتی ہے۔	شہد ۔ جامن کا عرق ۔ دیسی اجوائن ۔ شراب ۔ رام تلسی ۔ سرکہ ۔ پیپلا مول ۔ نرکچور ۔ سونف ۔ سونٹھ فلفل ہر قسم ۔ چیتہ ۔ کل مٹھائیاں ۔ اچار وغیرہ ۔

ادویات مرکبہ کو استعمال کرنیکی اصطلاحات موجب نسخہ اطبّا

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح
آبزن	پانی میں بیٹھنا	نیم گرم پانی میں مریض کو بٹھلانا خواہ اس پانی میں دوائیں جوش دیگئی ہوں یا نہ پٹھوں کو نرم کرنے
اکتحال	سرمہ لگانا	صرف سرمہ یا دوائیں باریک پیس کر آنکھ میں لگانا۔
انکباب	بھپارہ لینا	چادر اوڑھ کر دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ کا بخار تمام بدن یا کسی عضو کو پہنچانا۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح
بخور	دھونی لینا	دوا آگ پر رکھ کر دماغ ناک یا کسی اور عضو کو دھواں دینا۔
برود	پوٹلی	چند دواؤں کو کپڑے میں باندھ کر بذریعہ پانی یا عرق تر کر کے آنکھ پر پھیرنا
پاشویہ	پاؤں دھونا	دواؤں کے نیم گرم جوشاندے سے زانو تک پاؤں دھونا اور نیچے سونتنا۔
تدہین	تیل ملنا	کسی عضو پر تیل لگا کر ملنا خواہ تیل سرد ہو یا گرم
تعلیق	کوئی چیز گلے میں لٹکانا	گلے یا کسی عضو پر دوا لٹکانا۔ جیسے دندان فیل و حجر الیشب دل پر خفقان میں اور عود صلیب گلے میں صرع کے لئے وغیرہ وغیرہ
تمریخ	مالش	تیل یا کوئی اور چیز بدن پر یا کسی عضو پر ملنا۔
حقنہ	عمل کرنا	پھکنے میں تر دوا یا نیم گرم پانی بھر کر آنتوں یا مثانہ یا رحم میں پہنچانا۔ یہ عمل سدوں کو خارج کرنے اور قولنج وغیرہ میں کیا جاتا ہے۔
حمول	مقام میں لتہ رکھنا	دواؤں میں لتہ تر کر کے عورت کے مقام میں رکھنا۔
ذرور	چھڑکنا	خشک پسی ہوئی دوا کسی زخم یا دنبل یا بثور یا عضو پر چھڑکنا۔ تر زخم خشک کرنیکو اکثر ماؤف زبان حلق کے زخموں اور دانتوں پر چھڑکا کرتے ہیں۔
سعوط	ناک میں ٹپکانا	تر دوا ناک میں ڈالنا۔
سکوب	دھار باندھنا	کسی نرم عضو پر نیم گرم دوا کا جوشاندہ اونچے سے ٹھہر ٹھہر کر ڈالنا۔
سنون	منجن	پسی ہوئی دوا دانتوں پر ملنا۔
شافہ	بیضوی شکل کی بتی	دوا کی سلائی بنا کر آنکھ میں لگانا یا بتی یا گول بیضوی شکل کی بنا کر فرج یا دُبر میں رکھنا۔
شد الاطراف	ہاتھ پاؤں باندھنا	ہاتھ بغل سے پنجوں تک اور ران سے پاؤں تک کس کے باندھنا۔
شموم	سونگھنا	کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا جیسے عطر یا مشک وغیرہ
ضماد	لیپ	تر و گاڑھی پسی ہوئی دوا بدن پر یا کسی عضو پر لیپ کر دینا
طلا	نرم لیپ	تر اور پتلی دوا بدن یا کسی عضو پر لگانا
عطوس	چھینکنا	چھینک کے لئے خشک دوا ناک میں سڑکنا۔

عربی اصطلاح	اردو	مختصر تشریح
غرغرہ	کلی کرنا	دوا کے جوشاندہ یا خیسانده کی کلی حلق میں دماغ کے تنقیہ کیلئے پھرانا
فتیلہ	بتی	کپڑے کی بتی بنا کر دوا میں لت کر کے ناصور یا زخم یا کسی اور جگہ رکھنا۔ یہ اس جگہ دیا جاتا ہے۔ جہاں سوراخ اتنا تنگ ہو۔ کہ اسمیں انگلی نہ جاسکے
فرزجہ	لتہ	دوا میں لتہ لت کر کے عورت کے مقام میں رکھنا۔
قطور	ٹپکانا	دوا کا عرق کان میں یا ناک میں یا ایسے ہی کسی اور سوراخ میں ڈالنا۔ تنگ و دراز سوراخوں میں دوا پہنچانے کا یہی ایک ذریعہ ہے۔
کاجل	انجن	بتی دوا میں تر کر کے اور اس کا کاجل پاڑ کے آنکھ میں لگانا۔
کحل	سرمہ	جو دوا سلائی سے آنکھ میں ڈالی جائے۔
کماد	سینک	کسی اینٹ یا پتھر کو گرم کر کے ٹکور کرنا یا گرم پانی بوتل میں بھر کر ٹکور کرنا۔ یہ ورم کے تحلیل کرنے کو چوٹ کی گرہ کھولنے کو ضرب سے جمے ہوئے خون کو گردش دینے کے ہوتی ہے۔
لخلخہ		پتلی خوشبودار مرکب دوا شیشے میں رکھ کے سونگھنا۔
لطوخ	لیپ	ضماد سے پتلی اور طلا سے گاڑھی کسی تر دوا کا لیپ کرنا
مغلی	جوشاندہ	دوا پانی میں بھگو کر اور جوش دیکر پینا۔
مضمضہ	چبانا	کسی دوا کو دیر تک دانت کے تلے دبا رکھنا یا آہستہ آہستہ چبانا خواہ لعاب نگلا جاوے یا نہیں۔
نشوق	سڑکنا	تر دوا ناک میں سڑکنا
نطول	تڑیڑا دینا	تر اور نیم گرم جوشاندہ دوا کا پانی اونچے سے کسی عضو پر متواتر ڈالنا
نفوخ	دوا پھونکنا	خشک پسی ہوئی دوا بذریعہ نلکی ناک یا کسی اور زخم و سوراخ میں پھونکنا
نقوع	خیسانده	دوا پانی میں ایک رات دن بھگو کے بعدہ صاف کر کے پینا۔
وجور	حلق میں ٹپکانا	تر دوا حلق میں ٹپکانا۔

فہرست ادویات مفردہ بموجب حروف تہجی اردو

(باب الف)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
آبنوس	آبنوس	آبنوس	سیاہ	ایک درخت ہے۔ ذائقہ پھیکا مع تلخی	گرم خشک درجہ دوم	معدہ	صمغ عربی وشہد	ببر کی لکڑی	۱۰ ماشہ	لطیف کرنیوالی پیشاب لانیوالی پیشاب جاری کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے طحال کا سدہ کھولتا ہے۔ خون کا جوش بٹھاتا ہے۔ جذام اور کھجلی دور کرتا ہے جرب وخارش کو نافع ہے سیلان منی کو نافع ہے۔ سونف میں اسکا سرمہ بنا ہوا دھندھ اور جالا کو بہت مفید ہے۔
آبیل		آبیل		جڑ ہے مشابہ بیخ شلغم پتے مثل اسپست اور بیخ مثل گاجر خوش ذائقہ	گرم خشک درجہ دوم				۱۰ درم تک	پیشاب جاری کرتی ہے۔ تلی کیواسطے مجرب ہے۔ یہ ایک جڑ ہے مشابہ چقندر قوقا کے موسم بہار میں ندی کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔ جو خشک زمین میں پیدا ہوتی ہے۔ وہ سم قاتل ہے۔
آت جو	جو برہنہ جو گندم	مسلت		جو کی قسم سے ہے۔	گرم خشک اول میں	معدہ	سونف کشنیز چربی یخنی			دودھ کے ہمراہ پکا کر کھانا بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اس کی روٹی کھانا ملین طبع ہے۔ اور خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ اس کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ کلف اور نمش کو دفع کرتا ہے۔
آچین		آچین		ایک بڑا درخت ہے۔	گرم خشک					اس کی جڑ کا پوست مسہل قوی ہے۔ آتشک اور زخم خبیثہ کو نافع ہے۔ اگر دست زیادہ آئیں۔ اور گرمی کرے تو دہی پلاویں۔ لیپ اسکا سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔
آدمی	مردم	انسان		مشہور ومعروف ہے۔ جوان قوی الاعضاء صحیح المزاج تام الخلقت	مختلف					کان کے میل کا ضماد کرنا شقیقہ کیواسطے مفید ہے۔ اسکی ہڈی جلائی ہوئی ہمراہ ہموزن شکر ہر روز ساڑھے تین ماشہ کھانا صرع عرق النساء اور مفاصل کیلئے مجرب ہے۔ اسکے منہ کا لعاب جھائیں قروح وسفیدی آنکھ وداد کو مفید ہے اور چڑیا کی بیٹ کیساتھ مسوں کو کاٹتا ہے۔ فصد اور حجامت کا

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
آدمی										خون طلاکرنیسے نقرس اور مفاصل کے درد کو تسکین ہوتی ہے اور حیض کا خون طلاکرنا درد سر کو تسکین دیتا اور ناسور بھرتا ہے پینا زہر ہے اور اسکا حمول مانع حمل ہے۔ اور حیض کے کپڑے کی دھونی تپ لرزہ کو مفید۔ منی اس کی برص، بہق، کلف کو نافع۔ اس کے پیشاب کا نمک جو تانبے کے برتن میں جوش کرکے بناتے ہیں۔ جھائیں اور آنکھ کی سفیدی دور کرتا ہے۔
آذربو یا آذربویہ	چوہ صباغان		سیاہ	جڑ ہے ایک گھاس کی مشابہ شلجم کے شاخ و پتے مثل کرنب پھول زرد رنگ	گرم خشک درجہ سوم	خناق غثیان قوی		تخم اترج زراوند طویل و فودنج	ایک مثقال سے تین مثقال تک	جلا کرتا ہے۔ پیاس لاتا ہے ہچکی کو بند کرتا ہے۔ مدر بول وحیض اور مسقط جنین ہے پتھری کو توڑتا۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ دماغی فضلات کو جذب کرتا ہے۔ درد مفاصل کو نافع ہے اپنی تریاقی قوت کے باعث حیض کو بند کرتا۔ اور ہوام کے کاٹنے کو تسکین دیتا ہے بمرقہ بارد اور رطوبی کو مفید ہے۔ حمول اس کا بواسیر و تنقیہ رحم کیواسطے نافع۔ سرکہ کیساتھ لیپ کرنا ثالیل و عرق النساء کو دفع کرتا ہے۔
آذرغیس	پوست بیخ زرشنہ	عود الریح		زرشک کی جڑ کے مشابہ ہے۔	گرم اول خشک ۲	کھانسی	شہد	مامیراں رسوت	۲ مثقال	اس کے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا دانتوں کے درد کیواسطے مفید ہے۔ اس کو باریک پیس کر آنکھ میں لگانا مقوی بصر ہے۔
آذرنگل				ایک بڑا درخت ہے	سرد خشک					جلا کرنیوالا۔ لیپ اسکا سوجن کو دور کرتا ہے۔ مرہم اسکا زخموں اور دنبلوں میں گوشت پیدا کرتا ہے
آذریا				خیار کی قسم سے ہے	سرد تر	مولد تپ غضبیہ	سرکہ			بلغم اور ریاح کو پیدا کرتا ہے۔ اور ثقیل ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
آڑو	شفتالو	خوخ	سبز یا قدرے مائل بہ سرخی	ایک درخت کا پھل ہے ذائقہ شیریں چاشنی دار	سرد تر	بلغمی مزاج کو	شہد اور ادرک کا مربہ	کشمش	۱۰ دانہ	طبیعت کو نرم کرنیوالا۔ گرم بخاروں کو تسکین دیتا ہے۔ پیاس صفرا اور جوش خون کو بٹھاتا ہے۔ بھوک اور باہ کو بڑھاتا ہے۔ اسکا شگوفہ ایک دانگ پینا بچہ کو پیٹ سے گراتا ہے۔ پتے پینے سے پیٹ اور آنتوں کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ زخم پر لگانیسے زخم کے کیڑے مرتے ہیں۔ اس کے تخم کا تیل کان کا درد اور بہرے پن کو مفید ہے۔
آسبوس	نمک چینی	سنبوس	سفید مائل بہ زردی	ایک نمک ہے جو دریائے شور کے کنارے مشابہ نوشادر پیدا ہوتا ہے۔	گرم خشک ۲ اور بقولے ۳	مورث سج	صمغ عربی		ایک دانگ سے تا نیم درم	شہد کے ہمراہ چٹنی بناکر چاٹنا زخم ریہ و ضیق النفس بلغمی کہنہ کے نافع ہے۔ منجن اسکا قاطع خون دنداں اور سرکہ کیساتھ ورم تلی یا گردہ پر لیپ کرنا مفید ہے۔ اور بطم کے گوند کیساتھ ضماد کرنا خنازیر کو تحلیل کرتا ہے۔ شہد اور موم روغن کیساتھ زخموں کو صاف کرتا ہے۔ اور پھیلنے سے روکتا ہے
آش جو	کشکک جو	ماء الشعیر		مشہور غذا ہے۔ جو کے چھلکے دور کر کے چودہ حصے پانی ڈالکر دھیمی آنچ پر پکاتے ہیں۔ اور کف اتارتے جاتے ہیں	سرد تر	آنتوں کو	گلقند		حسب قوت	امراض حار میں بہت مفید ہے اور منضج اور مستفرغ اخلاط محرکہ اور منقی معدہ ہے۔ اور بدن میں آسانی سے پہنچتا ہے اور لذیذ اور معتدل غذا ہے۔ اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ اور باوجود ان خصائل کے ہیچ اخلاط فاسدہ نہیں ہے اور معدہ میں نفخ اور زیادتی پیدا نہیں کرتا خصوصاً جبکہ عمدہ ہو
آک یا مدار	خرک	عشر	سبز مائل بہ سفیدی	ایک قسم کا چھوٹا سا درخت ہے۔ ذائقہ اس کا تلخ	دودھ گرم خشک ۳ پھول وغیرہ ۲ درجہ	جگر اور پھیپھڑے	روغن	شبرم	۲۰ ماشہ	دودھ اس کا جلد میں زخم ڈالتا ہے اور سوزش پیدا کرتا ہے۔ دست لاتا ہے۔ اور بلغم نکالتا ہے۔ اس کے پتے سرد ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔ اور درد کو آرام دیتے ہیں اور کھانیسے پیٹ کے کیڑے مرتے ہیں۔ پھول اس کے ہاضم اور ہیضہ و معدہ کی بیماریوں کو اکسیر ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
اکاہولی			سبز مائل بسرخی	ایک قسم کی بوٹی ہے ذائقہ تلخ	گرم خشک ۱	پٹھوں اور جوڑوں	شہد	ساگ خرفہ	۲۰ تولہ	دیدان امعاء کی قاتل۔ بلغم اور صفرا کے فساد کو دور کرتی ہے۔ جریان منی کو فائدہ مند ہے۔
آل	بکم	بقم	سرخ	ایک بلند درخت کی جڑ ہے ذائقہ قدرے تلخ	گرم ۳ درجہ خشک ۲	قاتل	قے کرنا اور گھی پینا	مجیٹھ	تولہ	اسکا فتیلہ زخم کو بھر لاتا ہے۔ اور خون کو بند کرتا ہے۔ زخم سے رطوبت خشک کرتا ہے۔ اس کے پانی سے منہ دھونے سے رخسارہ کا رنگ صاف نکلتا ہے۔ اس کے جوشاندہ سے غسل کرنا بدن کو قوی کرتا ہے۔
آلسن		حشیشۃ النجات		نبات ہے۔	گرم ۳ خشک ۲	جگر	کتیرا	حب الغار یا نخود	۳ درم	شہد کے ساتھ لیپ کرنا کلف کو دور کرتا ہے۔ کھانا اس کا مقوی باہ ہے۔
آلو	آلو		سرخ و بھورا	ایک گول شکل کا پھل ہے ذائقہ اسکا پھیکا	سرد ۱ خشک ۱	دیر ہضم مغلظ معدہ	گوشت گرم مصالحہ	اروی	۲۰ تولہ	مغلظ منی ہے۔ چونکہ نفخ پیدا کرتا ہے۔ لہذا باہ کو بھی حرکت میں لاتا ہے۔ اسکا سرمہ مقوی چشم ہے۔ اور آنکھ کی سفیدی کو دور کرتا ہے
آلوبخارا	آلوبخارا و آلوچہ	اجاص	سرخ	ایک مشہور پھل ہے۔ ذائقہ ترش و چاشنی دار	سرد ۱ تر ۲ درجہ	دماغ معدہ پٹھوں	عناب مصطگی گلقند	املی	۱۵ دانہ تا ۲۰ دانہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے صفراوی و دموی بخاروں کو نافع ہے۔ جوش خون کو بٹھاتا ہے۔ بدن کی خارش کو دور کرتا ہے متلی میں مفید ہے۔ باوجود ترشی کے کھانسی کو نفع بخشتا ہے۔
آلوبالو	نیشوق	قراصیا	سرخ	ایک چھوٹا و گول شکل کا پھل۔ ترش و چاشنی دار	پختہ گرم تر ۱ خام سرد خشک ۱	تخمہ پیدا کرتا ہے	سکنجبین	آلوبخارا	۹ عدد	جلد مسامات میں گھس جاتا ہے۔ حلق کی سختی کو دور کرتا ہے پھیپھڑے اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ طبع کو نرم کرتا ہے۔ دست آور ہے صفراوی حرارت پیاس اور قے کو دور کرتا ہے۔
آبلیلس		آبلیلس		نبات ہے۔	سردی و تری اس پر غالب ہے					نہایت قابض ہے۔ مقوی جگر و طحال ہے۔ استسقا کو نافع ہے یرقان و تلی کو دفع کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک کی تعداد	خاصیت
آنب	آنبہ	انبج	سبز سرخ سیاہی مائل	ایک مشہور پھل ہے۔ ذائقہ شیریں وچاشنی دار	خام سرد خشک ۲ پختہ گرم خشک ۲ پھول سرد خشک	خلوے معدہ و گرم مزاج والوں کو	جامن سکنجبین		بقدر قوت	معدہ۔ گردہ۔ آنتوں مثانہ روح اور باہ کو بڑی قوت دیتا ہے۔ قلمی انب ثقیل اور دیر ہضم ہوتا ہے۔ اس کے پھول کا سفوف خون اور بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ اس کی گٹھلی منی کو گاڑھا اور دست کو بند کرتی ہے۔ پتا حقہ میں پینا بواسیر کو مفید ہے۔ کچا آم آگ میں پکا کر پانی میں نچوڑ کر مصری میں ملا کر پینا بادِ سموم کو از حد مفید ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔
آنبہ ہلدی	دارچوبہ	دارہلد	زرد سرخی مائل	ایک درخت کی جڑ ہے۔ جو زمین کے نیچے ہوتی ہے۔ اس کا ذائقہ تلخ بدمزہ و قدرے تیز ہوتا ہے۔	گرم خشک ۲	دل	نارنج	بابچی	۴ ماشہ	ریح کو تحلیل کرتی ہے۔ آفت رسیدہ عضو کے اوپر مواد گرنے سے مانع ہوتی ہے جمانے کو جلد ہضم ہوتی ہے پتھری کو توڑتی ہے۔ پیشاب کھولتی ہے۔ بدن کی خارش کو مفید ہے چوٹ۔ ورم اور سوجن کو اسکا لیپ کرنا مفید ہے۔ اسکا منجن منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے اور منہ کا مزہ درست رکھتا ہے۔ آنکھ کی سرخی و جالا کیلئے مفید ہے۔
آنول	آنول			درخت ہے	سرد تر					جذام کو مفید ہے۔ جسم کو جلا دیتا ہے۔ جوشِ خون کو فرو کرتا ہے۔
آنولہ	آملہ	املج	کھورا زردی مائل اور خشک سیاہ	مشہور پھل ہے۔ ذائقہ تلخ۔ بکٹھا	سرد ۲ خشک ۲	طحال قولنج پیدا کرتا ہے۔	شہد روغن بادام	ہلیلہ کابلی	۱۰ ماشہ	قابض ہے۔ معدہ اور آنتوں کو مواد سے پاک کرتا ہے۔ خلطوں کو سڑنے نہیں دیتا سودا کو خارج کرتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ ذہن کو تیز کرتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور مربّہ اسکا دل دماغ اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ باہ اور اعصاب کو حرکت دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	(باب الف مقصورہ) خاصیت
ابابیل	پرستوک	خطاف	سیاہ	مشہور جانور ہے۔	گرم ۲ خشک ۲	ریہ	سکنجبین	ممولا	حرام	اس کا گوشت گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ اور یرقان کو دفع کرتا ہے۔ اور طحال کو کھوتا ہے۔ اس کے خون کا ضماد جھائیں اور داغ و چہرہ کی بد رنگی کو دور کرتا ہے پتّے کی نسوار سفید بالوں کو سیاہ کرتی ہے۔ گوشت اسکا ہچکی لاتا ہے۔
ابرک	ستارہ زمین	طلق	شفاف چمکدار سیاہ و سفید	کانی پتھر کی قسم سے ہے۔ پرت پرت ہوتا ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد ۲ خشک ۲	طحال گردہ	کتیرا شہد روغن	طین قیمولیا	۱ ماشہ	مناسب دواؤں سے ملاکر پینا خونی و کبدی اسہال کو مفید ہے۔ مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ اسکا طلا سینہ کے زخم اور چھاتیوں کی سوجن کو مفید ہے۔ اور منہ سے جاری خون کو نافع ہے۔
اوجھڑی	رودہ	امعاء		مشہور	سرد ۲ خشک ۳	مولد قولنج	جوارش عود کمونی			دیر ہضم ہے۔ خلط بارد پیدا کرتی ہے۔ اور اس کو زعفران اور سرکہ اور ادویہ گرم کے ساتھ پکا کر کھانا جس معدہ میں صفرائے رقیق پیدا ہوتا ہے مفید ہے۔
اتیس			بھوری	ایک گھاس کی جڑ ہے ذائقہ میں قدرے میٹھی	گرم ۲ خشک ۱	قابض			½ ماشہ	باہ کو بڑھاتی ہے۔ طعام ہضم کرتی ہے۔ دست بند کرتی ہے۔ بلغم بواسیر اور استسقا کو دور کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے قے بند کرتی ہے۔
اجمود	کرفس	کرفس	سیاہ	تخم ہے۔ انیسوں کے مشابہ ذائقہ تیز و چرپرا	گرم ۱ خشک	مرگی پیدا کرتی ہے	انیسوں مصطگی	اجوائن خراسانی	۲ ماشہ تا ۹ ماشہ جڑ ۵ ماشہ	دمہ اور تنگی نفس اور احشا کی سردی کو مفید ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ طحال اور جگر کا سدہ کھولتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ باہ اور بھوک بڑھاتی ہے۔ اس کی جڑ تمام بلغمی بیماریوں کو کھولتی ہے۔ اور استسقا بھی دور ہو جاتا ہے۔ تخم سے زیادہ قوی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اجوائن دیسی	نانخواہ	کمون ملوکی	بھورا سیاہی مائل	ایک قسم کا بیج ہے مشابہ انیسوں۔ ذائقہ تیز تلخی مائل و تیز بو	گرم ۳ خشک ۳	درد سر پیدا کرتی ہے اور دورہ کم کرتی ہے	کشنیز عناب شکر	کلونجی زیرہ سیاہ	۶ ماشہ تا ۱ تولہ	طعام ہضم کرتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ بلغم۔ استسقاء اور اپھارے کو دور کرتی ہے۔ سدہ جگر اور طحال کو کھولتی ہے۔ باہ اور بھوک کو حرکت دیتی ہے حیض جاری کرتی ہے پتھری توڑتی ہے۔ بعض سمیات کیواسطے تریاق ہے۔
اجوائن خراسانی	تخم بنگ	بزرالبنج	تین قسم کی ہوتی ہے سیاہ و سفید و سرخ	ایک قسم کا بیج ہے مشابہ میتھی۔ ذائقہ تیز و تلخ	سفید سرد خشک ۲ سیاہ سرد و خشک ۳	سفید خناق پیدا کرتی ہے سیاہ قاتل ہے	افیون خشخاش	افیون	۳ ماشہ	نزلہ اور رطوبت کو بند کرتی ہے۔ کان کے درد کو مفید۔ کھانسی اور خون کے تھوکنے کو نافع ہے۔ رطوبت خشک کرنیوالی ہے۔ اعضا کو سست کرنیوالی اور نیند لانیوالی ہے اور بالخاصہ قبض پیدا کرتی ہے۔ (سیاہ سم قاتل ہے)
اخروٹ	چارمغز گردگان	جوز	بھورا	ولایتی میوہ ہے مغز مثل بادام لذیذ ہوتا ہے۔ اور مرغن	گرم ۱ خشک ۲	گرم مزاج والوں کو	آب انار	چرونجی چلغوزہ	۱ تولہ تا ۲ تولہ	ملین طبع ہے۔ تحلیل کرتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ تخمہ کو مفید ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا مغز بھنا ہوا سرد کھانسی کو مفید ہے۔ اس کا تیل گراں ہے مگر بلغم اور باد کو دور کرتا ہے۔ باہ کو مفید ہے۔ بال بڑھاتا ہے۔
ادرک	زنجبیل تر آدوچہ سلطانی	زنجبیل الرطب	بھوری	ایک جڑ ہے۔ جو زمین کے نیچے ہوتی ہے۔ تیز و تیز بو	گرم ۳ خشک ۱	گرم مزاج	روغن بادام	مرچ سیاہ	۱ تولہ	ہاضم اور پیٹ کی ریح کھوتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ بلغم و معدہ کی رطوبت کو کھوتا ہے۔ معدہ و جگر کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا مربہ سرد مزاج کو مفید ہے۔
اویرہ کے بیج	تخم مورد	حب الآس	سیاہ	ایک درخت کا پھل ہے ذائقہ قدرے تلخ و کھٹا	القوی مرکب	درد سر پیدا کرتا ہے زکام لاتا ہے	گل بنفشہ	اقاقیا گل حنا	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	گرم کھانسی کو مفید۔ کسیلے پن کے سبب دست بند کرتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ سنگ گردہ اور مثانہ کو توڑتی ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے۔ خون حیض کو بند کرتی ہے۔ دوار کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
اژگکان	اژگکان		سرخ و زرد	ایک قسم کا پتھر ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک		قے			سر چکرانے کو مفید ہے۔ پیچش کو رفع کرتا ہے۔ معدہ اور روح کو طاقت دیتا ہے۔ زخم میں گوشت بھرتا ہے۔ بثور اور دنبلوں کو اچھا کرتا ہے۔ سوجن دور کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے مدرات کے ساتھ پتھری کی گرانی کو مفید ہے
ارجن			بھورا	ایک بہت بڑے درخت کا نام ہے۔ ذائقہ بکٹھا	گرم خشک ۳	نفاخ و گرم امزجہ				بلغم اور صفرا کے فساد کو مفید۔ پینا اور چوٹ پر لگانا فائدہ مند ہے۔ اس کا سفوف جریان کو مفید ہے۔ مبہی ہے۔ زخم کو میل سے پاک کرتا ہے۔ ہڈی کو جوڑتا ہے۔ (سم ہے)
ارغوان	ارغوان	ارجوان	سرخ	ایک درخت ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ و بکٹھا	گرم خشک مائل با اعتدال ہے	اسکی جڑ قے لاتی ہے	برگ عناب	صندل گلسرخ		لعابدار خلطوں کو نکالتا ہے۔ معدہ اور گردہ کی سردی کو رفع کرتا ہے۔ آلات تنفس کو صاف کرتا ہے۔ اسکی راکھ خون تھوکنے کو مفید ہے۔ اس کے بیج امراض چشم میں قائم مقام چاکسو ہیں
ارنڈ	بید انجیر	خروع	سبز بھورا سیاہ	ایک درخت ہے جسکا پھل خاردار ہوتا ہے۔ مغز اس کا سفید روغن دار مزا تلخ قدرے بکٹھا	گرم خشک مائل بہ اعتدال	معدہ کو سست کرتا ہے قے اور غشی و کرب لاتا ہے۔	کتیرا و مصطگی	جمالگوٹہ	۵ عدد	مواد کو حل کرنیوالا اور پٹھوں کو نرم کرنیوالا ہے۔ سرد خلطوں کو خوب نکالتا ہے۔ فالج لقوہ رعشہ قولنج گٹھیا اور جلندھر کو دور کرتا ہے۔ اس کے پتوں کا پانی آگ سے جلے ہوئے کو مفید ہے اس کے بیج کا مغز اور پارہ خوب دست لاتا ہے۔ اس کے پتے دھتورہ کے زہر کو تریاق ہیں۔ تخم اس کے کوٹ کر دہی میں ملا کر لگانا کھجلی کو مفید۔ اس کا تیل ملین اور معدہ و عورت کی فرج کو مواد سے پاک کرنیوالا ہے۔ منی بڑھاتا ہے۔ استسقاء اور ورم خصیہ درد کمر اور درد گردہ کو رفع کرتا ہے۔ رخسارہ پر رنگ پیدا کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ارلو				پہاڑی درخت ہے	خشک گرم	خشک گرم اور جگر	روغن بادام		تولہ	بلغم کرم شکم اور جذام کو دفع کرتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے
ارنہ	گاومیش صحرائی	جاموش		جنگلی بھینس مشہور ہے	گرم خشک	اپھارہ کرتا	کباب چینی		۵ تولہ	جو شخص روز بروز دبلا ہوتا جاتا ہے۔ اس کو مفید ہے
ارنی				ایک درخت ہے مثل اڑوسہ	گرم تر	معدہ	سرکہ لیموں		۳ ماشہ	چکنا۔ ثقیل۔ ضعف جگر و قبض و سدہ کے مرض کو مفید ہے۔ بھوک لاتا ہے
ارہر	شاغل	شاغل	زرد و سرخ	ایک قسم کا غلہ ہے۔ ذائقہ پھیکا	گرم خشک پھول سرد ا	دیر ہضم	روغن و ترشی	مسور	۶ ماشہ	صفراوی دست بستگر ہٹی اور بلغم خون وزہر کے فساد کو مفید ہے۔ اس کے پتوں کا جوشاندہ لیکر غرغرہ کرنا دانت کا درد کھوتا ہے۔
اروی		قلقاس	بھوری	مشہور ترکاری ہے۔ مزا پھیکا اور حلق میں خراش کرتا ہے	گرم تر ۲ بعضے سرد کہتے ہیں	دیر ہضم	دارچینی لونگ ترشی	بھٹ ٹی	۴ تولہ	بلغم ریح اور اپھارہ بند کرتی ہے۔ صفراوی مزاج کو مفید ہے۔ منی غلیظ کرتی ہے۔ جریان کو فائدہ مند ہے۔ بدن کو فربہ۔ کھانسی اور باہ پیدا کرتی ہے۔ دست اور مروڑ کو مفید ہے اس کے پتے جلندھر کو مفید اور پیشاب لاتی ہے۔
اڑد	ماش	ماش	سبز یا سیاہی مائل	ایک مشہور غلہ ہے۔ ذائقہ پھیکا	گرم تر ۲ رطوبت زائدہ	نفاخ و دیر ہضم	مرچ ادرک ہینگ	لوبیا		باہ پیدا کرتا ہے منی کو غلیظ کرتا اور بڑھاتا ہے۔ اعضا کو قوت دیتا ہے۔ پستان میں دودھ پیدا کرتا ہے۔ اسکا آٹا خمیر کرکے سر پر رکھنا نکسیر بند کرتا ہے۔ تازہ تازہ پیسکر لگانا برص کو مفید ہے۔
اڑوسہ			پھول سفید پتے سبز	ایک درخت ہے۔ قد آدم تک اونچی۔ پتے بید کے مانند۔ مزا پھیکا	گرم خشک ۲ پھول سرد				۶ ماشہ	اس کا پھول دق اور صفرا کی حدت کو جوش خون و پیشاب کی جلن کو رفع کرتا ہے۔ اسکی جڑ دمہ کھانسی، تپ بلغمی، پرمیو، یرقان، قے، متلی، جذام کو مفید ہے۔ پتوں کا جوشاندہ درد دنداں کو نافع اسکی تازہ چھال بقدر جنگلی بیر آتشک کو مفید ہے۔ اس کے کھانے سے حیض جلدی ہوتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
اژدہا یا اجگر	اژدہا	تنین		ایک جانور ہے بحری و بری بھی ہوتا ہے۔ سر پر دستہ بالوں کا مثل کاکل ہوتا ہے	گرم ۴ خشک ۴					اس کو جلا کر اور راکھ شہد میں ملا کر لگانا قاطع بواسیر و دافع برص و بہق ہے۔ اگر اس کا تازہ گوشت اس کے کاٹنے کی جگہ باندھیں۔ تو زہر کو چوستا ہے۔ اور اس کی تکلیف کو رفع کرتا ہے۔ اس کے کاٹے ہوئے کا علاج مثل قروح خبیثہ کے ہے۔ بری سانپ کی طرح دم سے کاٹتا ہے۔ بحری سانپ دم سے کاٹتا ہے۔
اسپند	اسپند	حرمل	سیاہ	ایک پھل کا بیج ہے۔ مزا تلخ بودار کرخت	گرم ۳ خشک ۲	دردسر لاتا ہے۔ و گرم امزجہ	ارب امرود و سکنجبین	تتلی تخم مولی اجوائین	۳ ماشہ	آنتوں کی ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ مرگی و استسقا یرقان دمہ اور قولنج کو دفع کرتا ہے۔ تمام سرد امراض کو مفید ہے حیض جاری کرتا ہے خون صاف کرتا اور باہ بڑھاتا اور گٹھیا کو دفع کرتا ہے
اسپرکا	اکلیل الملک			پھلی باریک مثل ناخون کے ہوتی ہے۔	سرد ۱ خشک ۱					لیپ کرنے سے سوجن کو تحلیل کرتی ہے۔ اور پکاتی ہے۔ کھانا خلطوں کو نرم کرتا ہے۔ بدن فربہ کرتا ہے۔ منی زیادہ ہوتی ہے۔ جذام دور ہو جاتا ہے
اسپغول	اسپغول	بزرقطونا	سرخ سفیدی مائل و سیاہ	ایک بیج ہے۔ مزا پھیکا	سرد ۳ تر ۲	پھٹونکو کمزور اور بھوک کم	شہد	بہدانہ کنوچہ	۷ ماشہ تا تولہ	پیاس۔ گرمی۔ گرم تپ اور جوش خون بٹھاتا ہے۔ حلق سینہ اور زبان کی سختی اور طبع کو نرم کرتا ہے پیچش مروڑ اور آنتوں کے زخم کو مفید۔ بھونا ہوا قابض۔ کوٹا ہوا قاتل۔ اسکا مضمضہ منہ آجانیکو فائدہ مند ہے۔ اسکا ضماد درد سر اور ورم گرم کو مفید ہے۔
استہل کند				ایک جڑ ہے۔	سرد تر	سرد مزاج	شہد اور ک			بلغم پیدا کرتی ہے صفرا اور خون کے فساد کو دور کرتی ہے۔
استہل بدمینی				ایک قسم کا کنول ہے	خشک سرد					قے اور خون اور دست اور تپ کو مفید

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اسنگا					سرد	سرد مزاج	ادرک			بلغم پیدا کرتا ہے۔ باہ اور اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ صفرا و فساد خون کو دور کرتا ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہو۔
اسفنج	ابر مرده یا اسپنج	اسفنج	سفید	ایک جسم ہے۔ جو دریائے شورہ کے کنارہ پتھروں پر پیدا ہوتا ہے۔	گرم ا خشک ۲	احشا	آب انگور یا ریباس	کاغذ سوختہ	۳ ماشہ	محلل ہے قروح کو خشک کرتا ہے۔ رگوں کے منہ کو کھولتا ہے۔ پرانے زخموں کو بھرتا ہے۔ خصوصاً جس عضو سے کہ خون جاری ہو قطع کرتا ہے۔ جس پانی میں شراب ملی ہوئی ہو اس کو اسمیں ڈالیں۔ فوراً پانی کو جذب کریگا۔ اور شراب باقی رہ جائیگی۔
اسطوخودوس		اسطوخودوس	سبز سیاہی مائل	ایک گھاس جس کے پتے ساتر جیسے موٹے ہوتے ہیں تخم اس کے ریزہ ریزہ ہوتے ہیں۔	گرم ا خشک	ریہ اور گرم مزاج کو	کتیرا	افتیمون	۷ ماشہ	حل کرنیوالا۔ جلا کرنیوالا۔ لطیف کرنیوالا۔ سدہ کھولنے والا۔ طاقت دینے والا۔ بدن دل دماغ اور احشا کو فرحت بخشنے والا۔ روح کو۔ سینہ کے امراض کو کھولنے والا بلغم کو نکالتا ہے۔ گٹھیا دور کرتا ہے۔ دماغ کی جھاڑو ہے۔
اسگند	اسگند		زرد	ایک جڑ ہے۔	گرم خشک	گرم مزاج	کتیرا	گوٹھ سونجاں	۵ ماشہ	کھانسی۔ دمہ۔ سوجن اور گٹھیا کو مفید ہے۔ بلغم کو دور کرتا ہے۔ بدن، کمر اور رحم کو طاقت بخشتا ہے
اسوت					سرد	دیر ہضم	سرکہ			مقوی باہ ریح کو دور کرتا ہے
اسٹ برگ				ایک ہندی مرکب دوا ہے۔	سرد					ایک مرکب دوا ہے۔ ردھی وردھی کاکولی۔ چھیر کاکولی۔ میدہ۔ مہامیدہ۔ جیوک۔ رکھیک سے منی باہ اور دودھ پیدا کرتی ہے۔ صفرا اور معدہ کی جلن کو دور کرتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اشٹ گن				ایک ہندی ترکیب ہے						مونگ ایک حصہ چاول دس حصہ پانی میں پکا کر اس پانی میں نمک، ہینگ، دھنیا، سونٹھ، مرچ، پیپل ملاتے ہیں۔ خون صاف کرتی ہے۔ اور بھوک لگاتی ہے۔ تپ اور بڑے خلطوں کو دور کرتی ہے۔
اشق	شہ			مشہور گوند ہے۔	گرم ۲ خشک ۲	معدہ گردہ	انیسوں زوفا	جاؤشیر	۴ ماشہ	تحلیل کرنیوالی مجفف ملین۔ جالی جگر اور تلی کے سدے اور رگوں کے منہ کو کھولتا ہے مسہلات کا مصلح ہے۔ اور فالج مرگی خدر لقوہ اور امراض چشم کو نافع ہے۔
اشنان	غاسول	اشنان	سبز	ایک قسم کی گھاس ہے ذائقہ تلخ	گرم ۲ خشک ۲	مثانہ	شہد	صابن	۱۰ ماشہ	جلا کرنیوالی۔ صاف کرنیوالی۔ سدہ کھولنے والی۔ حیض اور پیشاب جاری کرنیوالی۔ غلیظ مواد کو حل کرنیوالی۔ دانتوں پہ منجن کرنے سے دانت صاف ہوں۔ زیادہ سم ہے۔
اظفار الطیب	ناخن پریاں	اظفار الطیب	سفید سرخی مائل	ایک جسم ہے سخت مثل ناخن کے۔ بقول البعض ایک دریائی جانور کا کان ہے۔	گرم ۲ خشک ۲	درد سر پیدا کرتی ہے	گل ارمنی سکنجبین	جرائتہ	۱۰ ماشہ	مدر فضلات و حیض ہے۔ غلیظ اخلاط کو لطیف کرتا ہے۔ خفقان مرگی سکتہ۔ درد سر جگر۔ رحم اختناق الرحم اور تمام امراض باردہ رحم کیواسطے نافع ہے۔ ہمراہ سرکہ محلل اور ملین شکم ہے۔ اور گرم پانی کے ہمراہ دو درم پینا گردہ و مثانہ کے بستہ خون کو پگھلاتا ہے۔ جذام، امراض باطنہ اور سوداوی، جریان منی خارش اور ہر ایک قسم کے زخم کو اور زہر کو دفع کرنے کے لئے اکسیر ہے۔
افتیمون		افتیمون	سرخ	ایک نبات ہے مثل سوت کے باریک موسم ربیع میں	گرم ۲ خشک ۲	مورث غشی و کرب	کتیرا زعفران اور روغن	نسوت لاجورد	تولہ	محلل، ملطف، مفتح، مسہل سودا، بلغم و صفرا، امراض دماغی و عصبانی و صرع و مالیخولیا لقوہ کابوس۔ فالج۔ خدر و وسواس، درد جوڑ اور جملہ امراض سوداوی نفخ دیدان و سرطان کو نافع

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک	خاصیت
افتیمون	"	"	"	پیدا ہوتی ہے اور آس پاس لپٹتی ہے	"	پیاس	بادام سے چرب کرنا	حجر ارمنی	"	ہے۔ اور ایک ہفتہ ہر روز ۳ تولہ سوا سیر تازہ دودھ میں بھگوئیں اور سکنجبین میں ملا کر تناول کریں دردِ سر سوداوی اور مالیخولیا و تشنج امتلائی و توحش و خفقان کو رفع کرنے میں مجرب ہے۔
افسنتین	مروہ	خترق	سبز غبار آلود	ایک قسم کی گھاس پھول اسکا بابونہ کے پھول کی مثل ہوتا ہے بو تیز ذائقہ تلخ۔	گرم خشک ۲	معدہ و دماغ دردِ سر	انیسوں مصطگی نیلوفر	اسارون جعدہ	۷ ماشہ	سدہ کھولتی ہے۔ بھوک پیدا کرتی ہے۔ مدر حیض ہے۔ صفرا سودا اور بلغمی امراض کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے محلل ریاح قاتل کرم شکم۔ اس کے پتے مقوی معدہ ہیں۔
افیم	افیون	لبن الخشخاش	سیاہ تازہ سفید	پوست میں سوئی چبھو کر دودھ نکالتے ہیں اور وہ جم جاتا ہے ذائقہ تلخ	سرد خشک	قوی باطنہ ظاہرہ	زعفران دارچینی	بزرالبنج	ا حبہ بقدر ایک مونگ	سست کرنیوالی قبض کرنیوالی نیند آور۔ درد و سرعت انزال کو مفید ہے۔ امراضِ چشم میں اس کا لیپ نفع بخشتا ہے۔ بعض زہروں کی تریاق ہے۔ نزلہ کو روکتی ہے۔ سم ہے۔
اقاقیا	عصارہ ببول	اقاقیا	سبز و سیاہ مائل بسرخی	ایک قسم کا کیکر کا عصارہ ہے۔ جو کوٹ کر نچوڑا پھر خشک کیا جاتا ہے۔ مزاج تلخ و خوشبودار	غیر مغسول سرد خشک ۲ مغسول سرد خشک ۱	سدہ پیدا کرتا ہے	روغن بادام	صندل و رسوت	۳۔۲ ماشہ	خشک کرتا ہے قبض کرتا ہے مواد کو دباتا ہے۔ خون تھوکنا رفع کرتا ہے۔ مقوی معدہ و جگر استرخاء معدہ کیواسطے اسکا پینا مفید ہے۔ اس کا لیپ آنکھ کے درد کو دور کرتا ہے۔ اور طاقت دیتا ہے۔ کانچ نکلنے کو مفید ہے۔ حابس نزلات گرم و اسہال دموی ہے۔
اکاس بیل یا امل بیل	درخت پیچاں	افتیمون	زرد	ایک قسم کی بیل ہے۔ بغیر پتے و پھل۔ اکثر درختوں پر پھیلتی ہے اور ان کو خشک کر دیتی ہے	گرم خشک ۲	کرب غشی لاتی ہے ریہ اور گرم مزاج	زعفران کتیرہ گوند روغن بادام	لاجورد تربد برگ شاہترہ	۹ ماشہ تا تولہ	حل کرنیوالی۔ لطیف کرنیوالی۔ سدہ کھولنے والی سودا و بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ سوداوی اور مالیخولیا اور دماغ کے مرضوں کو مفید ہے۔ مصفی خون ہے۔ اور جلدی بیماریوں کو نافع ہے۔ افتیمون کے مشابہ ہے۔ اس کو جوش نہ دینا چاہیئے۔ کیونکہ زیادہ جوش دینا اس کے فعل کو باطل کر دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ و ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
اکرکرہا	عاقرقرحا	عاقرقرحا	سیاہ	ایک جڑ ہے۔ ذائقہ تیز اور چرپرا و تیز بو	گرم ۲ خشک	ریہ	مویزج کتیرا	سونٹھ دار فلفل شہد	۳ ماشہ	سدہ کھولتا ہے۔ دماغ کو فضول سے صاف کرتا ہے۔ لقوہ، فالج، استرخا، کزاز و رعشہ، درد سینہ، عرق النساء اور سکتہ کو مفید ہے۔ مدر حیض ہے۔ سرد مزاج کی باہ کو قوت دیتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیکر غرغرہ کرنا تھوڑے اور خراب دانتوں کو مفید ہے۔ اسکا سفوف زبان پر ملنا لکنت کو دور کرتا ہے۔
اکلیل الملک	گیاہ قیصر	اکلیل الملک	مائل بہ زردی سفیدی	ایک گھاس ہے مثل ناخن کے سخت مزا پھیکا	گرم خشک	انثیین	شہد انجیر مویز	فراسیون انجیر	۰	ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ افسنتین رومی کیساتھ ضماد کرنا ورم جگر و طحال کو مفید ہے شراب میں جوش کرکے پینا ورم معدہ کو مفید ہے۔ اسکا جوشاندہ کان میں ڈالنا درد کو تسکین دیتا ہے۔ نیز اسکا ضماد درد مقعد اور خصیہ کو اور روغن گل کیساتھ درد سر کو مفید ہے۔
اگر		عود غرقی	سیاہ و بھورا	ایک خوشبودار لکڑی ہے۔ پانی میں ڈوب جاتی ہے	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	کافور و گلسرخ	دارچینی لونگ زعفران	۳۔ ماشہ	روح کو لطیف کرنیوالی، سدہ کھولنے والی، فرحت بخشنے والی، پٹھوں کو طاقت دینے والی، دماغ، جگر، معدہ اور احشاء کو قوت بخشنے والی ہے۔ باہ لاتی، ریاح کو تحلیل کرتی ہے خفقان اور رحم کی سردی کو مفید ہے۔
اگست			سفید مائل بسرخی	ہندوستان کا ایک درخت ذائقہ پھیکا	سرد ۲ خشک ۲	مولد ریاح				صفرا اور حرارت کا قاطع ہے۔ قوت شامہ کو طاقت دیتا ہے۔ توند کو زائل کرتا ہے اس کا پھول تپ کو دور کرتا ہے۔
اگیا			سبز	مشہور بوٹی ہے جس کے کیمیاگر متلاشی رہتے ہیں۔ تیز و تلخ	گرم ۳ خشک ۲	مغلظ خارش پیدا کرتی ہے	مرداسنگ روغن گاؤ		دو جبہ	گندھک اس کے عرق میں تر کرکے ۴ روز دھوپ میں رکھیں اور بقدر دو رتی پان کے ہمراہ کھائیں باہ و بھوک بڑھاتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ و ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
الائچی چھوٹی	خورد ہیل و خیربوا	قاقلہ صغار	چھلکا سفید دانہ سیاہ	جزائر ہند کا ایک مشہور پھل ہے۔ ذائقہ خوشبودار لطیف	گرم ۲ خشک ۲	صدر ریہ امعا	کتیرا حن بنسلوچن	کبابہ الائچی بڑی و لونگ	۳ ماشہ ۴ ماشہ	فرحت دیتی ہے۔ لطیف کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ چھاتی حلق اور معدہ کی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ دل اور معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ خفقان، قے متلی اور منہ کی بدبو دور کرتی ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔
الائچی بڑی	ہیل کلاں	قاقلہ کبار	سیاہ	یہ بھی جزائر ہند کا پھل ہے۔ جوش دیا ہوا آتا ہے ذائقہ بہت خشک و خوشبودار	گرم ۱ خشک ۳	امعا و ریہ	کتیرا قند	کبابہ الائچی خورد	۵ ماشہ	فرحت دینے والی، معدہ کو قوت دینے والی۔ ہاضم۔ مبہی۔ مشتہی ہوتی ہے۔ متلی اور معدہ کی ریاح تحلیل کرنیوالی۔ اس کے دانے مسوڑھوں کو طاقت دیتے ہیں۔ اس کے چھلکوں کا لیپ دردسر حار کو نافع ہے۔ اور منہ سے رال کے جانیکو بند کرتی ہے۔
السی	بزرک	بزرکتان	سرخ	ایک خوشہ کے بیج ہیں۔ اور مثل غلہ کے اس کی پیداوار ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۲ بعض کے نزدیک گرم ۱ خشک ۲	بینائی ہضم انثیین	دھنیا سکنجبین شہد	میتھی	۱۰ ماشہ	اس کا لعوق بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔ چھاتی کو صاف اور طبع کو نرم کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کے قرحہ کو مفید ہے۔ پیشاب آور ہے۔ مغلظ منی مبہی ہے۔ سنگ گردہ کو توڑتی ہے پسینہ حیض اور دودھ کو جاری کرتی ہے۔ اسکا تیل بھوک اور صفرا پیدا کرتا ہے۔ اور اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ بلغم کے فساد کو دور کرتا ہے۔ آنکھ کی روشنی کو طاقت دیتا ہے۔ امعا کے زخموں کو مفید ہے۔ داد پہ لگانا فائدہ مند ہے۔
الو	بوم	چغد	خاکی سیاہی مائل	مشہور جانور ہے	گرم خشک				حرام	اس کا گوشت کھانے سے بیوقوفی پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے اور خون کا پینا سلسل البول اور بول فی الفراش کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
امرس امرہ				آم کا عرق نچوڑ کر بناتے ہیں۔ ایک پھل ہے۔ چھوٹے آم کی شکل کا	گرم تر سرد تر	معدہ	سکنجبین			قاطع صفرا ہے۔ مفرح ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے تنکم اور آلات صدر کو ملائم کرتا ہے۔ دیرہضم ثقیل، اپھارہ پیدا کرتا ہے صفرا اور صفراوی دست کو روکتا ہے۔ اس کے درخت کی چھال بکری کے تازہ دودھ سے رگڑ کر تین روز پینا ناک کے امراض کو مفید ہے
امرود	امرود	کمثری	زرد سفیدی مائل	مشہور میوہ ہے تازہ و تر۔ ذائقہ شیریں و ترش	سرد تر و شیریں مائل بحرارت	نفاخ و سرد و ضعیف امزجہ معدہ	سونٹھ کا مربہ و سونف	بہی		فرحت بخش۔ مقوی۔ جلا کرنیوالا ساتھ قوت قابضہ اور نرم کرنیوالی کے۔ دل معدہ اور دماغ کو طاقت دینے والا خفقان دور کرتا ہے۔ طعام کے پہلے کھانا قبض کرتا ہے اور بعد کھانا دست لاتا ہے۔ اسکا شگوفہ مفرح و مقوی اور خون کے گرنے کو مفید ہے۔ اس کے پتے دستوں کو بند کرتی ہے۔ مندمل ہے۔ جلے ہوئے پتے نیلہ تھوتھہ کا کام دیتے ہیں
املبید گلگل			زرد سرخی مائل	ایک قسم ہے لیموں ہے اسمیں سوئی گل جاتی ہے۔ ذائقہ تر	سرد تر	مولد بلغم	لونگ مرچ سیاہ		ایک آنہ	دل کی امراض کو مفید ہے۔ صفرا کو خارج کرتی ہے۔ ہاضمہ کو قوی کرتی ہے۔ ملین ہے۔ جوش خون کیلئے مفید ہے۔ اور قاسر الریاح ہے۔ اور بادگولہ کو نافع ہوتی ہے
املتاس	خیار شنبر	خیار شنبر فلوس	سیاہ	ایک درخت کی پھلی ہے ورانہ ہوتی ہے۔ اس کا گودا استعمال کیا جاتا ہے۔ ذائقہ تلخ بودار	گرم تر بعضوں کے نزدیک معتدل	مضر معدہ غشی پیدا کرتی ہے مروڑ پیدا کرتا ہے	مصطگی روغن بادام کدو زلال املی	ترنجبین سہ چند و مویز	۲ تولہ ۵ تولہ ۸ تولہ	سینہ اور طبع کو نرم کرتی ہے۔ جوش خون کو فرو کرتی ہے۔ ورم حار کو تحلیل کرتی ہے۔ ایسا لطیف جلاب ہے۔ کہ حاملہ عورت اور بچہ بھی پی سکتا ہے۔ کشنیز میں ملا کر غرغرہ کرنا خناق کو مفید ہے۔ اس کے پتے محلل اور رادع ہوتے ہیں۔ لیپ کرنے اور ابالنے سے اسکی قوت زائل ہوجاتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
املی جانگری				ایک ہندی درخت کا پھل برابر مکو کے۔ ذائقہ ترش	گرم خشک ۲	گرم امزجہ صفرا انگیز	سرکہ			ہاضم ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ دست روکتا ہے بسنگرہنی، بواسیر، جذام، بلغم، خون اور ریح کا فساد دفع کرتا ہے۔
املی	تمر ہندی	صبارا	سرخ و کہنہ سیاہ	بقدر بالشت کے ایک پھلی ہوتی ہے۔ اس کے درخت کی پتی بھی ترش ہوتی ہے اور پھول بھی۔ ذائقہ ترش	سرد خشک اور معتدل بھی کہتے ہیں	آواز کھانسی نزلہ اور سدہ لاتی ہے	عناب بنفشہ	آلو بخارا	۴ تولہ ۵ تولہ ۸ تولہ	لطیف تر، دل اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ متلی کو بند کرتی ہے ملین طبع ہے۔ صفرا کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے بڑی ہوئی خلطوں کو پاخانہ کی راہ خارج کرتی ہے جوشِ خون کو فرو کرتی ہے۔ وبا کی سمیت کو دور کرتی ہے۔ سدر و دوار کو نافع ہے۔ اسکے پتوں کا غرغرہ کرنا خناق کو مفید ہے۔ اسکا بیج قابض و ممسک پھول قابض و مسکن ہوتا ہے۔
انار میٹھا	انار شیریں	رمان حلو	سرخ سبز دانہ سفید سرخ	ایک مشہور پھل ہے ذائقہ شیریں	سرد خشک و معتدل	معدہ بخار و الوں کو	انار ترش سرد مزاج کو سونٹھ کا مربہ	انار ترش	ایک تولہ سے ۳ تولہ	قلیل الغذا، عمدہ خون پیدا کرتا ہے، اپھارہ لاتا ہے۔ جلا کرتا ہے پیٹ نرم کرتا ہے پیشاب لاتا ہے۔ مقوی جگر ہے۔ پیاس بجھاتا ہے اور اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے اسکا عرق اور چھلکا دست بند کرتا ہے۔ پوست کی راکھ کھانسی کو مفید ہے۔ ولایتی دیسی سے بہتر ہوتا ہے
انار کھٹمٹھا	انار مر	انار میخوش	"	مثل شیریں	سرد تر	سرد مزاج	سونٹھ	انگور خام	ایک یا دو	اسکا پانی نچوڑ کر مصری ملا کر پینا صفراوی دست، یرقان، کھجلی، صفراوی قے اور ہچکی کو مفید ہے۔ مقوی معدہ و جگر ہر قسم کے انار کا بیج مقوی معدہ ہوتا ہے۔ اور سب خواص ہیں موافق انار کے چھلکا ورم گرم کو مفید ہے۔ مسوڑھوں کو طاقت دیتا ہے اس سے حقنہ کرنا چاول اور جو بلا کر پیچش اور دست کو روکتا ہے۔ اسکے پانی سے استنجا کرنا خون بواسیر و کانچ کو مفید ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
انارکھٹا	انار ترش	رمان حامض	دانہ سرخ و سفید	مشہور ذائقہ ترش	سرد خشک قوت قابضہ	سرد مزاج قوت جاذبہ جگر و باہ	انار شیریں	انار شیریں	ایک عدد	معدہ جگر اور دل و سینہ کی حرارت بجھاتا ہے۔ انجرہ اور خون کا جوش کم کرتا ہے۔ صفراوی قے، دست، یرقان اور صفراوی کھجلی کو نافع ہے۔ اور خمار کے لئے مفید ہے۔
انت لونان				ایک لمبا درخت ہے	سرد خشک					قابض ہے۔ بلغم اور صفرا کے فساد کو دور کرتی ہے۔ گلے کے امراض کو مفید ہے اس کا پھل گرم ال ریح اور بلغم کے کل فساد کو مفید ہے۔
انجن	سرمہ	اثمد	سیاہ سفید	ایک پتھر ہے نرم اور قدرتی سوختہ ذائقہ بدمزہ	سرد خشک ۲	اعضائے سینہ	کتیرا شکر	انار	کھاتے نہیں	قبض کرتا ہے۔ خشک کرتا ہے آنکھوں کی حفاظت کرتا ہے بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ حرارت و رطوبت اور آنکھ کے میل کو دور کرتا ہے زخم کو اچھا کرتا ہے نکسیر جریان حیض اور خروج مقعد کو روکتا ہے۔ حمول سے رحم کی سختی کو دور کرتا ہے۔
انجیر	انجیر	تین	سرخ سیاہ	ایک درخت کا میوہ ہے۔ ذائقہ شیریں	گرم تر	جگر معدہ	بادام صعتر	چلغوزہ مویز	۵ دانہ تا ۷ دانہ	لطیف، حل اور جلا کرنیوالی، مرگی فالج اور امراض بلغمی کو مفید، طبع کو نرم کرتی ہے۔ آہستہ آہستہ دست لاتی ہے۔ سدہ، ورم طحال، عسر البول، لاغری گردہ کو مفید ہے اسکا شربت کھانسی کو نافع تازہ سوکھی سے زیادہ قوی ہوتی ہے۔
انجبارہ	انگبار	انجبار	سرخی مائل	درخت ہے۔ قد آدم ملک شام میں ہوتی ہے جڑ مستعمل ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۳	سرد مزاج	سونٹھ	زرشک گلِ ارمنی	۴ ماشہ تا ۶ ماشہ	جریان خون کو نافع ہے خصوصاً ریہ اور سینہ کے۔ صفراوی سوزش کو تسکین دیتی ہے بواسیر کا خون، ہیضہ، جگر کی وصفراوی دست کو بند کرتی ہے۔ نزلہ کو روکتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اندرجو	زبان کنجشک	لسان العصافیر	سرخی مائل	ایک بیج ہے۔ کہ خوشہ میں بہت سے ہوتے ہیں۔ ذائقہ پھیکا تلخ و تیز	گرم خشک	دردسر پیدا کرتا گرم مزاج	دھنیا	تودری جوز بوا بہمن سرخ		غلیظ ریاح کو تسکین دیتا ہے پسلی کے درد، رحم و کمر کے درد اور پرانی کھانسی اور دمہ کو آرام دیتا ہے خفقان اور پیچش کو مفید ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ باہ بڑھاتا ہے۔ ذکر کو طاقت دیتا ہے۔ بعد طہر اسکا فرزجہ زعفران اور شہد میں تر کر کے قیام حمل کیلئے مددگار ہے۔
اندرائن کا پھل	خربزہ تلخ	حنظل	سرخ سفید	ایک پھل ہے۔ نارنج سے چھوٹا۔ پردے مستعمل ہیں۔ ذائقہ نہایت تلخ	گرم ۳ خشک ۲	کرب لاتا ہے	صمغ عربی کتیرا نشاستہ	حب النیل محمودہ	۱ ماشہ تا ۳ ماشہ	مواد کو حل اور قطع کرنیوالا۔ سودا غلیظ کو دست کی راہ باہر نکالتا ہے۔ سرد امراض مثلاً مرگی، رعشہ، لقوہ، استسقاء کو مفید ہے دماغ کو پاک کرتا ہے۔ کدو دانہ کو نکالتا ہے۔ جگر، معدہ اور امعا کی بیماریوں کو مفید ہے۔ قولنج بلغمی اور ریحی کو دور کرتا ہے۔ اخلاط کو بدن کے اندر سے باہر کو جذب کرنیوالا ہے۔ قریب سم ہے۔
انڈا مرغی کا	خایۂ مرغ	بیض الدیک	سفید	مشہور ہے۔ پھیکا و خفیف شور۔	زردی مرکب القویٰ مائل بہ گرمی و سفیدی سرد تر ۲	معدہ بھاری پیدا کرے قولنج لاتا ہے۔	گرم مصالحہ نمک	روبیاں تازہ	۵ عدد تا ۷ عدد	نیمبرشت، صالح الکیموس، کثیر الغذا، قلیل الفضول، دل دماغ اور بدن کو قوت دیتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ صلابت معدہ، نفث الدم اور چھاتی کی خشونت کو نافع ہے۔ گرم نزلہ کو سینہ پر گرنے سے روکتا ہے۔ نیمبرشت بچوں کو بجائے دودھ کے استعمال کرانا مفید ہے۔ اس کی زردی کا تیل مقوی اور بال نکلنے میں ممد ہے۔
انزروت	کنجدہ	انزروت	سرخ و سفید	ایک خاردار درخت کا گوند ہے۔	گرم ۲ خشک ۲	ورم امعا	روغن بادام	ایلوہ نشاستہ	۲ ماشہ	ملین ہے۔ غلیظ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ رطوبت قروح کو خشک کرتا ہے۔ مسہل بلغم ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ عمق بدن و مفاصل سے بلغم کو جذب کرتا ہے خصوصاً ہلیلہ اور سکنجبین

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	"	مائل بہ زردی اچھا ہوتا ہے	ذائقہ پھیکا	"	پیسا ہوا قاتل	گوند کیکر	"	"	اور نسوت کیساتھ مسہل ہے۔ ارنڈ کے تیل کیساتھ پینا تشنج امتلائی کے واسطے مفید ہے۔ خصوصاً آنکھ کے مرضوں کیواسطے نہایت نافع ہے۔ امراض چشم میں اس کا استعمال بغیر بھونے جائز نہیں۔
انکول			سبز و بھورا	ایک درخت ہے۔ پتے مثل شفتالو گرمی نہایت چرب ذائقہ شیریں	گرم تر ۱	مولد بلغم				ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ قاتل دیدان ہے۔ سوجن اور پیٹ کے درد کو نافع ہے۔ مقوی دل۔ اس کی جڑ کا چھلکا کالی مرچ سے بقدر ایک ماشہ ملاکر کھانا بواسیر کو مفید ہے۔ اس کی جڑ میں تانبا سفید کشتہ ہوتا ہے۔
انگور	انگور	عنب	زرد سیاہ	مشہور ہے ذائقہ شیریں چاشنی دار	پختہ گرم تر ۲ خام سرد ۱ خشک ۲	معدہ طحال مولد ریاح	سونف گلقند	مویز منقی		زود ہضم ہے۔ اور جلد قعر معدہ میں نفوذ کر جاتا ہے۔ صالح خون پیدا کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے۔ اور مواد سوداوی و احتراقی کو خارج کرتا ہے۔ اور مادہ کو نضج بخشتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اگر اسے ہمراہ تخم خطمی پکاکر ورم پر لگادیں۔ تو ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور مسام کھولتا ہے۔
اناناس	اناناس		باہر سے سرخ اندر سے زرد	ہندوستان کا ایک عام مشہور پھل ہے ذائقہ چاشنی دار	سرد تر ۲ نزد بعضے گرم تر ۲	حنجرہ اعضائے تنفس	شکر سونٹھ کا مربہ	سیب		فرحت بخش دل و دماغ اور جگر کو طاقت دینے والا خفقان دور کرنیوالا کمزور اور سرد مزاج کو طاقت دیتا ہے۔ صفرا کی حرارت کو دور کرنیوالا اس کا مربہ اور شربت عمدہ اور لطیف ہوتا ہے۔ اس کے میٹھے چاول بھی پکتے ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اونٹ کٹارا	اشتر خار	شوکۃ الجمل	زرد سفید خاردار	ایک بوٹی ہے۔ شبیہ بادآورد سے مزا تلخ	گرم ۳ خشک ۳	دماغ گردہ	سرکہ شربت غورہ ریباس	انجدان	۳ ماشہ	بھوک لگاتا ہے۔ طعام ہضم کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ معدہ گرم کرتا ہے۔ یرقان کو نافع ہے۔ پیشاب آور ہے۔ بیخ باہ پیدا کرتی ہے۔ اس کا عرق گردہ اور طحال کو مفید ہے۔ گٹھیا کھولتا ہے۔ ہر سم و زہر کا تریاق ہے۔ اس کی تازہ جڑ کا چوبا بقدر ایک ماشہ ہمراہ پان کھانا مقوی باہ ہے۔ دافع کھانسی۔
اونٹنگن کے بیج	تخم انجرہ	بزرالقریص		السی کے بیج مزا پھیکا	گرم خشک	انتڑیاں مقعد گردہ	صمغ عربی کتیرا عناب	قردمانا تخم گندنا	۶ ماشہ	اخلاط کو لطیف اور جذب کرتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ حیض کو جاری کرتا ہے۔ اور سینہ، پھیپھڑہ اور معدہ کو رطوبات سے پاک کرتا ہے۔ اور جگر و رحم کے سدہ کو کھولتا ہے۔ اور اس کے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا ورم کوا کو نافع ہے۔ اور مقوی باہ ہے۔
اونٹ	شتر	نفاح	سرخ زردی مائل	ایک مشہور جانور ہے	گرم ۲ خشک ۳	مفسد اخلاط	نمک رائی		حسب برداشت	گوشت اس کا مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ تپ چوتھیہ عرق النساء اور دردِ سر کہنہ اور یرقان سیاہ و سوزش بول کو نافع ہے۔ نفوخ اس کی نکسیر بند کرتی ہے اس کے پیشاب کو گرم کر کے کان میں ڈالنا درد کو تسکین دیتا ہے۔ زخموں پر چھڑکنا اس کے جلائے ہوئے بالوں کو زخموں کو بھرتا ہے۔ اس کا پیشاب اور دودھ استسقاء کو نافع ہے۔ دودھ کا مصلح شکر ہے۔ روغن زیتون میں اس کی ہڈی پیس کر لگانا مرگی کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
انیسوں	بادیان رومی زیرہ رومی رندلی	انیسوں کمون الحلو	سبز مائل بہ سفیدی و زردی	بیج ہے۔ ایک نبات کا سونف سے چھوٹا عمدہ قسم وہ ہے جس کا پوست جدا نہ ہو ذائقہ تلخ وتیز	گرم ۲ خشک ۳	امعا مولد دردِ سر خصوصاً گرم مزاج	سونف سکنجبین	سونف تخم سویہ اور تخم اونٹنگن	۶ ماشہ	جالی وملطف ہے۔ ریاح کو تحلیل اور دردوں کو ساکن کرتا ہے۔ رخساروں کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ فالج، لقوہ، استرخا اور صرع کو نافع ہے۔ مدر بول وحیض ہے۔ اسمیں قوت تریاقیہ بھی موجود ہے۔ تپ بلغمی کو دور کرتا ہے۔ لیثرغس اور سبات بلغمی کو نافع ہے۔ بخور اور سعوط اس کا دردِ سر بارد، شقیقہ اور سدر و دوار و نزلات باردہ اور کان کے درد کو نافع ہے۔ اسکا منجن دانتوں کو صاف کرتا ہے۔ منہ کی بدبو دور کرتا ہے۔ چبانا اس کا درد سینہ کھانسی وضیق النفس وخفقان بارد کو مفید ہے۔ مجاری نفس کو صاف کرتا ہے اور فم معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ اور اس کی رطوبت کو دفع کرتا ہے۔
اوجھری	شکنبہ	کرس		مشہور ہے	گرم تر	مورث بلادت	سکنجبین وگرم ادویہ			خلط غلیظ پیدا کرتی ہے۔ اور مورث بلادت سکتہ اور رمدگی اور تاریکی چشم ہے۔
اود بلاؤ	سگ آبی	قضاعہ		دریائی جانور ہے						سرمہ اور ضماد اس کے دماغ کا تاریکی چشم کو دفع کرتا ہے۔
اوگرہ				مشہور غذا						تشنگی وسوزش وتپ پیدا کرتی ہے۔ اور جو دہی یا چھاچھ سے بناویں۔ بھوک لگاتی ہے تپ اور زبان کی بدمزگی پیدا کرتی ہے۔ زنان حاملہ کو بہت مرغوب ہے
ایکھ یا گنا یا پونڈا	نیشکر	قصب السکر	سفید سرخ	مشہور ہے نہایت شیریں	گرم ۱ تر ۲	نفاخ ریہ مرطوب ہے	انیسوں			خون کو لطیف کرتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ سینہ کی خشونت، کھانسی اور دمہ دفع کرتی ہے بدن کو فربہ کرتی ہے۔ پیشاب آور ہے۔ مثانہ صاف اور پیٹ نرم کرتی ہے۔ محلل ریاح ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اولہ	تگرگ یا ژالہ	جلید	سفید	مشہور و معروف	سرد ۳ خشک ۲					سب افعال میں برف کے مانند ہے۔ اگر اولہ کو کپڑے پر پھیلا کر صاحب سلعہ کی گردن پر باندھیں تو اس کو تحلیل کرتا ہے۔ جلے ہوئے عضو پر ملنے سے درد اور سوزش کو تسکین ہوتی ہے! اور جو اولہ کہ زمین پر پڑا ہیں۔ کہ پانی ہو جائے۔ اس کی مٹی دبل پر ملنے سے سوزش اور درد کو ساکن کرتا ہے۔ اور اس کی مٹی کا غلیلہ بنا کر سکھائیں۔ اور وقت حاجت اس کو پانی میں بھگو کر ضماد کریں۔ یہی اثر رکھتا ہے۔
ایل شیریں	ایل شیریں	طراشلیت	سرخ و سفید	یہ بوٹی چنے کے کھیت میں ہوتی ہے۔	سرد خشک گرم "	ریہ	کتیرا شکر	صمغ عربی مانند و پوست مرغ	۳ ماشہ	قابض ہے۔ خون کی جلن کھوتی ہے۔ جریان خون کو بند کرتی ہے۔ مقوی معدہ و جگر ہے۔ گرم مواد کو اندر دھکیلے۔
ایلوا	صبر	صبر سقوطری	سیاہ	عصارہ گھیکوار مزا نہایت تلخ	مرکب القویٰ گرم ۲ خشک ۲	امعا معدہ سست کرے	کتیرا گلسرخ مصطگی	تربد اسہال میں ریوند ورم میں	۴ ماشہ	جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ ریاح خارج کرتا ہے۔ ہر خلط کو قوی مسہل، معدہ کو ردی اخلاط سے پاک کرتا ہے۔ مقوی بصر، زخم کو اچھا کرے۔ قے خون کا فساد، جذام کو مفید۔ پیشاب آور ہے۔
ایل پاج لک			سبز	ایک بوٹی ہے۔ بدمزہ و تیز	سرد	گرم مزاج			۵ ماشہ	جرب و جذام کو دفع کرتا ہے۔ قاتل دیدان۔ پیاس، قے، بلغم اور صفرا کا فساد دور کرتا ہے۔ فساد خون میں نافع۔ پیشاب آور
اینٹ	خشت	آجر	سرخ سیاہ	مشہور ہے	گرم خشک	معدہ	مرکہ	صدف	۶ ماشہ	بہت خشک کرنیوالا، حابس خون استخاصہ شکر کے ساتھ اگر اس کو گرم کرکے اور اوپر

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"		"	"	"	"	گردہ	کتیرا	پھٹکری	"	سرکہ چھڑک کر دنبل پر رکھیں۔ تو اس کو اندر بٹھا دیتا ہے۔ رقت منی دور کرے۔ پرانی اینٹ ذیابطیس کیواسطے مفید ہے۔
اینگر	شنگرف	زنجفر	سرخ	معدنی ہے مثل گندھک ذائقہ بدمزا	گرم خشک	موٴثر کرب	روغن گاؤ دودھ	مردار سنگ	نہیں کھایا جاتا	قبض کرے، جذام پیدا کرے، گرم ورم کو دبائے۔ جریان خون کو بند کرے۔ خارش جذام کھجلی اور آگ سے جل جانے کو مفید ہے۔ جلدی امراض میں کم مقدار کھانا جائز ہے۔ جیسے آتشک گرم کرنیوالا قوی کا۔ تحلیل کرنیوالا جگر کا سدہ اور رگوں کے منہ کھولتا ہے۔ حیض دودھ پسینہ اور پیشاب لاتا ہے۔ قولنج و مثانہ کو مفید یرقان اور دمہ دفع کرتا ہے۔

باب الباء

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بابونہ	بابونج	بابونہ	زرد و بھورا	ایک بوٹی ہے جس کے پھول اکثر مستعمل ہیں مزا پھیکا خوشبودار	گرم ۲ خشک ۲	درد سر کرے گرانی سر مضر حلق	گل نیلوفر شربت انار	سعتر بری و ناخونہ	۴، ۵ ماشہ	گرم کرنیوالا۔ جگر کا سدہ اور رگوں کے منہ کھولتا ہے۔ لطیف کرتا ہے۔ قوی کو تحلیل کرتا ہے۔ مدر حیض، دودھ اور بول ہے۔ دافع یرقان و دمہ ہے۔ قولنج اور مثانہ کو مفید ہے مقوی بصر، نزلہ بند کرتا ہے۔ لیپ کرنیسے ورم کو نرم کرتا ہے۔
بابچی یا بکچی				ایک بیج ہے۔ گول اور چپٹا	گرم ۳ خشک ۳	نفاخ زخم لاتی ہے	سونف روغن		۲ ماشہ	نرم کر کے بھوک بڑھاتی ہے۔ اور لگانے سے برص بہق، کھجلی، خون اور جذام کے فساد کو دور کرتی ہے۔ تپ بلغمی کو مفید گرم مادے اور پیشاب گاہ کے زخموں کو صاف کرتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بابڑنگ	برنگ کابلی	برنج کابلی	سیاہ	دانہ ہے۔ گول ذائقہ تلخ و تیز	گرم خشک	امعا	کتیرا مصطگی	ترشی کمیلہ	۱۰ ماشہ	بلغم اور سودائے غلیظ لیسدار خلطوں کو جوڑوں سے نکالتی ہے۔ دستوں کی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ معدہ امعا اور کیسہ کے کیڑوں کو ہلاک کرتی ہے۔
باتھو بتھوا	بزرا لبقلہ لطیف	تخم بہر مق	سیاہ	مشہور تخم ہیں ذائقہ پھیکا	گرم تر	گرم مزاج کو مفید ہے	بھون لینا	۔	۶ ماشہ	جلندہر اور عسر البول، ضعف گردہ، احشا کی سوزش اور بخار اور یرقان اور بخار عفنہ میں اس کا کھانا مفید ہے۔ لگانے سے ورم کو تحلیل کرتا اور پکاتا ہے۔ اور پھاڑتا ہے۔ ملین ہے۔ باہ اور بھوک کو بڑھاتا ہے۔ بواسیر اور کرم شکم کو دور کرتا ہے۔ حمل گرا دیتا ہے۔
باجرا	گاورس	جاورس	بھورا	ایک قسم کا مشہور غلہ ہے ذائقہ پھیکا	گرم خشک ۲ نزد بعضے سرد خشک ۲	ثقیل ہے نفاخ مولد خون سودا پیاس لاتا	روغن زرد دودھ شکر	چاول کلونجی		بدن، کمر، معدہ اور باہ کو قوت بخشتا ہے۔ قابض ہے۔ رطوبت دفع کرتا ہے قلیل الغذا اور پیشاب آور ہے اس کی روٹی صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے اس کی پوٹلی کی سینک سردی کے درد کو مفید ہے۔ معدہ کے نفخ اور درد بواسیر کو تحلیل کرتی ہے۔
بادام میٹھا	بادام شیریں	لوز الحلو	باہر سے سرخ اندر سے سفید	ولایتی میوہ ہے۔ شیریں و خوش ذائقہ	گرم تر نزد بعضے معتدل	دیر ہضم ثقیل امعا	شکر	چلغوزہ	تولہ تا ۳ تولہ	سدہ کھولتا ہے۔ طبیع کو نرم کرتا ہے۔ قوت و جوہر دماغ کی حفاظت کرتا ہے۔ مقوی بصر حلق و سینہ نرم کرتا ہے مقوی ہے خشک کھانسی کو مفید ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے اسکا تیل نیند لاتا ہے آواز صاف کرتا ہے معدہ و اعصاب کو قوت بخشتا ہے۔ قولنج کو نافع ہے مثانہ اور پیشاب کی سوزش دور کرتا ہے۔ اس کا روغن ہمراہ شہد پینا کھانسی کو نافع ہے ادویہ مسہلہ کے ضرر کو دفع کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بادام کڑوا	بادام تلخ	لوز المر	باہر سے سرخ اندر سے سفید	ایک مشہور ولایتی میوہ ذائقہ تلخ	گرم ۳ خشک ۳	امعا	شکر مصری روغن بادام شیریں	محلب	۳ ماشہ	ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جلا کرتا ہے۔ اور اخلاط غلیظ کے زائل کرنے اور پاک کرنے میں بمثل ہے۔ درد سر، خشک کھانسی، تر کھانسی، سینہ اور ریہ کے ورم کو مفید ہے اور امراض جگر و یرقان کو نفع دیتا ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ اور ۴ ماشہ شہد کے ہمراہ گھس کے کھانا باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے کو مفید ہے۔
بادآورد	بادآورد	شوکۃ البیضہ	تخم سفید درخت سبز	ایک خاردار گھاس ہے۔ مثل اونٹ کٹارا کے ذائقہ تلخ	گرم ۱ خشک ۱	ریہ	افسنتین	شاہترہ	۹ ماشہ	غلیظ بلغم اور سودا کو دستوں کی راہ خارج کرے۔ مقوی معدہ ہے۔ سدہ کھولتا ہے پیشاب لاتا ہے۔ حل کرنیوالا ہے۔ دانتوں کے درد، عسر البول اور پرانا بلغمی و سوداوی تپ اور استسقاء کو مفید ہے۔
بادیان رومی	بادیان رومی	انیسون	سبز مائل بہ سفیدی	ایک بیج ہے۔ سونف سے چھوٹا ذائقہ تلخ و تیز	گرم ۲ خشک ۳	امعا گرم مزاج درد سر پیدا	سونف سکنجبین	تخم سویا سونف	۷ ماشہ تا ۹ ماشہ	درد کو تسکین دیتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ محلل ریاح۔ لطیف کرنیوالا۔ قولنج، لقوہ اور جلندر، تپ بلغمی، سیلان الرحم و یرقان کو دفع کرتا ہے۔ پسینہ و پیشاب لاتا ہے دودھ جاری کرتا ہے۔ باہ بڑھاتا ہے۔ اس کا حمول استقرار حمل کیلئے نافع ہے۔
بادیان خطائی	بادیان خطائی		بھورا سفیدی مائل	ایک پھل ہے خوشبودار اور چھوٹا۔ ذائقہ قدرے شیریں و تیز	گرم ۲ خشک ۲	پٹھے عضلی	بریاں کرنا		۳ ماشہ	معدہ اور ہاضمہ کو طاقت بخشتا ہے۔ ریح اور کھانے کی سختی دور کرتا ہے۔ تحلیل کرنے والا۔ سدہ کھولنے والی احشا کے درد کو رفع کرتا ہے۔ بلغم کو حل کرتا ہے۔ پیشاب اور نزلہ بارد کو بہاتا ہے۔ درد اور پیاس پیدا کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بادمند				جوار کو بھون کر پانی میں پکاتے ہیں اور اسے پانی سے نتھار لیتے ہیں	سرد خشک					قابض ہے۔ ذات الجنب اور پیٹ کا درد، تینوں خلطوں کے فساد کو دور کرے۔ اگر باقلی جو پان کا پھل ہے۔ اور قدرے چاول اور سیاہ مرچ پیس کر ملادیں۔ تو بلغمی مریض کیواسطے عمدہ غذا ہے۔ ہاضمہ اور بھوک پیدا کرتی ہے۔
بارتنگ	بارتنگ	لسان الحمر	سبز	بکری کی زبان کے مشابہ گھاس ہے۔ ذائقہ تلخ	سرد خشک	ریہ طحال	شہد بنفشہ مصطگی	جو کے کا بیج	۵ تولہ	اسکا عرق سب اعضاء باطنی سے خون کے جانیکو بند کر دیتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ مواد کو اندر کیطرف دباتا ہے۔ جگر کو طاقت بخشتا ہے۔ اس کا عصارہ سل و دق اور پیشاب کی جلن کو ازحد مفید ہے۔ اس کا عرق قوت ماسکہ کو قوت دیتا ہے ہیضہ کو دفع کرتا ہے۔
بارتنگ کے بیج	تخم بارتنگ	بزر لسان الحمل	سبز سیاہی دار	ایک گول چھوٹا سا بیج ہے ذائقہ تلخ	سرد خشک	دماغ ریہ	بنفشہ شہد مصطگی	تخم حماض بستانی	۹ ماشہ	پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اور سوزاک کو نافع ہے۔ اور غلطی بخار، قے اور سل کو نافع ہے۔ اور امعا کو قوت دیتا ہے اور مروڑ کو دفع کرتا ہے۔ اور رگوں میں سدہ پیدا کرتا ہے۔
باراہی کند				کسی درخت کی جڑ ہے	گرم۲ خشک۲	محرور	سرکہ شربت نیلوفر		۵ ماشہ	بھوک لگاتی ہے۔ باہ اور اعضا کو طاقت دے صفرا کو اٹھاتے۔ بلغم اور باد کا فساد دور کرتی ہے سوزاک اور کرم دفع کرتی ہے۔ اس کی سبزی چہرہ کی زردی اور جذام کو دور کرتی ہے۔ طلاکرنے سے ورم اور دمامیل کو تحلیل کرے۔
بارود	باروت	بارود		مرکب ہے۔ گندک قلمی شورہ	گرم۴ خشک۴	گردہ	کتیرا			جالی اور مقطع سدہ ہے۔ تلی اور درد پشت کو نافع ہے۔ ذرور اس کے تازہ زخموں کے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
				مدار یا ارنڈ وغیرہ کے کونپلوں سے باوزاں مختلف		ریہ	شہد			خون کو اسی وقت بند کرتا ہے۔ اور جو درد مفاصل کی جگہ کاٹنے سے کوچے دے کر بارد و نرم ہیں کہ اس پر ملیں درد کو دور کرتی ہے۔
بارہ سنگا	گوزن	ایل		مشہور جانور	گرم۳ خشک۳	گرم مزاج نفاخ	دھنیا گھی چھاچھ	شترمرغ	حلال	اس کا سینگ شربت کے ساتھ پینا لذت جماع پیدا کرتا ہے۔ جلا کر دانت پر ملنا جلی ہے۔ اس کا گوشت دیر ہضم مقوی باہ و اعصاب ہے۔ اسکا خون سم ہے۔
باز	باز	حرّہ		مشہور جانور ہے	گرم۲ خشک۳	قولنج پیدا کرے	گرم مصالحہ		حرام	اس کا پتہ آنکھ میں لگانا نزول الماء کو مفید۔ اس کی بیٹ شہد سے لیپ کرنی ورم کو کھول دیتی ہے۔ گوشت ردی الغذا، دیر ہضم، ورم کو تحلیل کرنیوالا۔ اس پر جلا ہوا زخم کو بہت جلد اچھا کرتا ہے۔ اس کی بیٹ بدن کے داغ کو کھوتی ہے۔
باشہ	باشہ	باشق		مشہور جانور ہے	گرم خشک					اسکا مغز بادرنجبویہ یا گلاب کیساتھ حل کر کے متواتر دینا خفقان والے کو مفید ہے۔
باقلا	باقلا	باقلا	سیاہ	ایک قسم کے بیج ہیں ذائقہ پھیکا	سرد تر	تبخیر لاتا ہے عقل فاسد کرتا ہے		چھیلنا چاہیئے نمک گھی	لوبیا	ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور مادہ کو پختہ کرتا ہے۔ اور قعر معدہ میں جلد اتر جاتا ہے۔ اور کھانسی کو تسکین دیتا ہے۔ زخموں کو بھرلاتا ہے اور مدت کے دستوں کو بند کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور خنازیر کو تحلیل کرتا ہے۔ جھائیں دور کرتا ہے۔ اس کے بیج سرد خشک دماغ کو خراب کرتے ہیں۔ ان کا مصلح دارچینی ہے۔ یہ تخم کھانسی سینہ کی خشونت اور حلق کو مفید ہے۔ جلا کر نیوالا حبس کرنیوالے ورموں کو تحلیل

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	″	″	″	″	″		کرنیوالے ضماد کرنیسے چہرہ کو صاف کرتے ہیں۔ اگر لہسن کھاکر اوپر سے کھاؤ تو لہسن کی بدبو جاتی رہتی ہے۔ اس کا شگوفہ اگر دیکھا کریں۔ تو غم پیدا ہوتا ہے۔
باگھ	شیر	اسد		مشہور ہے	گرم خشک				حرام	اسکا گوشت دیر ہضم ہوتا ہے۔ شجاعت پیدا کرتا ہے۔ اسکی کھال پر بیٹھنا بواسیر وخونی بخار کو مفید ہے۔ اسکی چربی فوطوں، جوڑوں اور چڈوں پر لگانیسے خواہش جماع پیدا ہوتی ہے اس کی چربی خنازیر کو نافع ہے۔ اس کی مونچھ کا بال بالخاصہ مہلک ہے۔
بال	مو	شعرا	سیاہ بھورا	مشہور	سرد خشک	اندرونی اعضا قے آور کھانسی پیدا کرے				جلے ہوئے زخموں پر چھڑکنا ان کو خشک کرتا ہے۔ ہمراہ شہد طلا کرنا بھی یہی اثر رکھتا ہے روغن زیتون یا پانی کیساتھ آگ سے جلے ہوئے کیلئے مفید ہے۔ ہمراہ میں پیس کر شبور اور باؤلے کتے کے لئے نافع ہے۔ بکری کے گھی کے ہمراہ منہ کا ورم دفع کرتا ہے۔ روغن گل کیساتھ کان میں ٹپکانا کان کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ حمول اس کا سیلان الرحم کو نافع اور رحم کی رطوبت خشک کرتا ہے۔ پانی اسکا جو ٹپکانے سے حاصل ہوتا ہے داء الثعلب اور بالوں کے جمانے کیواسطے مجرب ہے
بالنگو	تخم بالنگو		کالا	ایک بیج ہے۔ لیسدار	گرم تر	معدہ	نبات آب ریباس	ریحان ریشم	۹ ماشہ	دل کو قوت بخشے، خفقان کو مفید ہے۔ خون اور معدہ کے دستوں کو روکتا ہے منہ سے خون جانا بند کرے۔ آنتوں کے درد زخم اور پیچش کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بالوط	بالوط	بلوط	زرد سفید	ایک پھل ہے۔ کوئی لمبا اور کوئی چپٹا ایک قسم شیریں ہے۔ ایک تلخ	سرد ۱ خشک ۲	سدہ پیدا کرے مولد سودا	سکنجبین قند	گلنار خرنوب	۷ ماشہ	قابض ہے۔ دستوں اور جریان خون کو نافع ہے۔ آنتوں کے زخم وخراش، خفقان ،متلی کو نافع ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ اور بھلبھلایا ہوا بعض شربتوں کے ہمراہ باہ لاتا ہے۔ اور باہ کو حرکت دیتا ہے۔ اور بدن کو طاقت دیتا ہے۔ بعض زہروں کا تریاق ہے۔ اور اس کو جلا کے چھوٹے بچوں کے منہ آنے کو بہت مفید ہے۔
بالو	ریگ	رمل		مشہور ہے	سرد ۱ خشک ۳	ریہ		خاکستر		رطوبت کو جذب کرتی ہے۔ اس کا حمول یعنی کپڑا لت کیا ہوا مانع حیض وحمل ہے استسقا کے لئے اس کا باندھنا مجرب ہے۔ اور اگر بدمزا یا بدبودار پانی کے مٹکے میں رکھیں۔ تو پانی کو اچھا اور خوش مزا کرتا ہے۔
بالچھڑ	سنبل ہندی	سنبل الطیب	سیاہ زردی مائل	بے پھول اور پھلی کے ایک پہاڑی گھاس ہے تیز و تیز بو	گرم ۱ خشک ۲	گردہ	کتیرا طباشیر	جراکس تیزپات	۴ ماشہ	جگر معدہ اور دماغ کو طاقت بخشے، قوت ماسکہ کو مقوی، سدہ کھولے، ادرار کرے پتھری توڑے، خفقان، استسقا، لقوہ، یرقان اور باطنی ورموں کو مفید، معدہ اور سینہ کی رطوبت خشک کرے۔ سرمہ لگانے سے آنکھ کی بینائی کو طاقت دے
بالکا	دستنویہ			ایک قسم کی ککری ہے	کچا سرد ثقیل پکا گرم سبک	صفرا انگیز				رکت پت دفع کرے، کھانسی کی خواہش پیدا کرتی ہے۔
بام مچھلی	مارماہی	حریث		مشہور ہے۔						آواز صاف کرے۔ اس کے پتے کی نسوار جنون کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بامنی		حرذون		ایک جانور ہے چھپکلی کی شکل کا	گرم خشک ۳	مولد جذام				اس کا دل نکال کر لٹکانا چوتھیہ بخار کو دور کرتا ہے۔ اسکا خون آنکھوں میں لگانا مقوی بصر ہے۔ اس کی بیٹ بھلی اور چھائیں کو مفید اور آنکھ کی سفیدی دور کرتی ہے۔
باندا	خرفنان	حرفنان	سبز و سرخ	گھاس ہے۔ جو درختوں پر پیدا ہوتا ہے۔	سرد خشک					ہوا، بلغم، ریح، سودا اور سوجن کو دور کرے، اس کا منہ میں رکھ کر چوسنا مسوڑھوں اور دانتوں کے درد کو مفید، جس درخت پر ہو۔ اسی کی خاصیت میں ہوتی ہے۔
بانس	نے	قصب	سبز	مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۱	ریہ	کتیرا			اس کے پتے شہد میں ملا کر کھانے سے کھانسی کو مفید، بلا شہد فضول جنین دفع کرے۔ بواسیر، سوزاک اور صفرا کی حرارت دور کرے۔ اسکی جڑ کا لیپ جوڑوں کے درد کو مفید، اس کو جلا کر چھڑکنا گنج دور کرتا ہے۔
ببر	ببر	ببر		ایک بڑا شیر ہے	گرم خشک ۳					اس کا پتہ پانی میں ملا کر سرسام یا برسام والے کے سر پر رکھنا از حد مفید ہے۔
ببول یا کیکر	مغیلاں	ام غیلاں	پتے و پھلی سبز پھل پھول زرد	مشہور درخت ہے ذائقہ بکھٹا اور کسی قدر تلخ	سرد خشک	دماغ معدہ مقعد	بنفشہ کتیرا بھی	ڈھاک	۵ تولہ	مرطوب فضلات حبس کرتی ہے۔ اور مادہ کو عضو آفت رسیدہ پر گرنے نہیں دیتی۔ گرم خفقان کو فائدہ مند۔ باطنی اعضا کو قوت بخشے۔ اس کے پتوں کا جوشاندہ دستوں کو بند کرتا ہے سدہ کھولتا ہے۔ اس کی چھال پتے۔ پھول گلاب۔ گوند سب کا سفوف رقت منی سرعت انزال جریان کو مفید ہے۔ بیس تولہ اس کے پتوں کا جوشاندہ قوی دست آور مقئی ہے۔ اسکا گوند سینہ، ریہ، آواز اور مروڑ کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بٹیر		سمالی	خاکی	مشہور پرندہ ہے		قابض	گھی	چوزہ مرغی	حلال	دق اور تینوں خلطوں کا فساد دفع کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ کمزوروں کے مزاج کے موافق ہے۔
بجورا	ترنج	اترج	زرد سرخی مائل	مشہور ہے ذائقہ ترش	چھلکا گرم خشک بیج گرم خشک جڑ سرد تر	جگر گرم مزاج درد سر پیدا کرے	بنفشہ انجیر شربت	سنگترہ یا لیموں کا عرق		لطیف کرے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ قابض ہے۔ جوشِ خون و صفرا کو فرو کرتا ہے۔ صفراوی قے بند کرتا ہے۔ اور صفراوی بخارات کو اوپر نہیں چڑھنے دیتا۔ روح کو صاف کرتا ہے۔ خفقان، پیاس، صفراوی دستوں کو بند کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے اس کے بیج بچھو کے کاٹنے کو از حد مفید ہیں۔
بجو	کفتار	ضبع		ایک جانور ہے، درندہ مردہ خور	گرم خشک ۳	ریہ	شہد	نیولا	حرام	اسکا پتہ تینوں خلطوں کو دستوں کی راہ نکالتا ہے۔ اس کا گوشت معدہ کی تری اور ریاح کو دور کرے۔ آبزن اس کے گوشت کا نمک، نمک سوئیہ اور گھی ڈال کر تمدد کزاز اور استرخا کو مفید ہے۔ اسکی بیٹ کھانے سے جنون پیدا ہوتا ہے۔ سم ہے۔
بجیارا				ایک اونچا درخت ہے۔	گرم خشک ۲	مضر قوت باہ	حب الصنوبر	بوزیدان		تحلیل کرنے والا، لطیف کرنیوالا۔ غلیظ بلغم کو اسہال کی راہ نکالے۔ جذام، برص مقعد کے کرم، پرمیو، خون، اور صفرا کے فساد کو دور کرے۔
بچ				مشہور ہے	گرم ۳ خشک ۴					بھوک لگاوے۔ گلا صاف کرے۔ مرگی، بلغم، نسیان اور رجناب کے فساد کو دور کرے۔ رطوبات بلغمیہ کو جذب کرے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بچھ یا گھوڑ بچھ	اگر ترکی	وج	سفید سرخی مائل	گرہ دار جڑ ہے ذائقہ تیز	گرم ۳ خشک ۲	سرد خون	سونف سکنجبین	زراوند لونگ ریوند	۳ ماشہ	سدہ کھولتی ہے۔ ریاح خارج کرتی ہے لطیف کرتی اور بلغم کا اخراج کرتی ہے دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ فالج، استرخا اور زبان کی لکنت کو دور کرے۔ معدہ دماغ اور اعضا کی رطوبت خشک کرے۔ معدہ اور جگر کو طاقت بخشے، دانتوں کے درد اور امراضِ چشم میں مفید ہے۔
بچھناک	زہر	بیش	باہر سیاہ اندر زردی مائل	جڑ ہے جس کی بعض قسم کو سنکھیا کہتے ہیں مزا تلخ	گرم ۴ خشک ۴	قاتل	جدوار لمسک دوار		۲ ماشہ	اصلاح شدہ آتشک، جذام، برص اور دمہ کو مفید ہے۔ احتیاط برتنی چاہیئے قوی سم قاتل ہے۔
بچھو	کژدم	عقرب	مختلف رنگ	مشہور حشرات الارض	سرد ۳ خشک ۳	اسکی راکھ ریہ کو	گل ارمنی	کچھوہ	خاک دو ماشہ	اس کے روغن کا طلا فالج، لقوہ، استرخا اور گنٹھیا کو مفید ہے۔ اس کی خاک گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔ اسکا طلا لگانا مقوی باہ ہے۔ قریب سم ہے۔
بخور مریم		بخور مریم	بھورا	ایک بوٹی ہے۔ پتے کیلہ کے مشابہ۔ مزا تلخ	گرم ۳ خشک ۳	قاطع باہ	کتیرا	بوزیدان	۷ ماشہ	رطوبت کو جذب کرتی ہے۔ ریاح تحلیل کرتی ہے۔ مدر حیض، دودھ، پسینہ ہے۔ یرقان کو نافع، جگر کا سدہ کھولے۔ جڑ اسقاط حمل ہے۔ اس کے بیج جلا کرتے ہیں۔
بدھارا			پتے سرخ سیاہی مائل	ایک بوٹی کی جڑ ہے	گرم خشک			سگند	۳ ماشہ	باہ پیدا کرتی ہے۔ نرم کرتی ہے۔ فساد باد، بلغم خون، سوزاک، سوجن، گنٹھیا کو دور کرتی ہے۔ زیادہ استعمال سم ہے۔
بردہ					سرد					منی زیادہ ہو۔ کھانسی، دق اور خون کا فساد دور کرے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
برف	برف	ثلج	سفید شفاف	مشہور ہے ذائقہ پھیکا	سرد ۳ خشک ۲ نزد بعضے گرم خشک ۲	سرد مزاج امعا احشا	لونگ شہد			ہیجس کرتی ہے۔ اور پیاس لاتی ہے دانتوں کے درد کو تسکین دیتی ہے جو گرمی سے ہو۔ قوت ہاضمہ اور گرم معدہ کو قوت دیتی ہے۔ گرمی کے بخار، خشک و تر کھانسی کو دفع کرتی ہے۔ حلق سے جونک نکالتی ہے۔ اگر پیشانی پر رکھی جاوے۔ تو نکسیر کو بند کرتی ہے۔
برگد	درخت ریشہ	ذات الذوائب	سرخ	ایک بڑا درخت ہے ریشہ دار۔ پھل قدرے شیریں و پھیکا	گرم تر ۲	گرم مزاج باد	کتیرا	دم الاخوین	۶ ماشہ	دستوں کو بند کرتا ہے۔ دنبل و بثور کو دفع کرتا ہے۔ اس کا دودھ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور رقت منی، سرعت انزال، جریان، کثرت احتلام کو نافع ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ اور اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔
برہم ڈنڈی			سبز سیاہی مائل	ہند کی ایک مشہور گھاس مزا تلخ	سرد ۱ نزد بعضے گرم ۱			منڈی نیل کنٹھی		مصفی خون ہے۔ اور زخموں کو نافع، سیلان منی کو دور کرتی ہے عقل و حافظہ کو قوت دیتی ہے۔ سفید داغ اور اکثر امراض جلدی کو نافع ہے۔ اور رخسارہ کے رنگ کو صاف کرتی ہے۔
برنا			بھورا	ایک ہندی درخت ہے۔ اس کے پھل سخت اور گول ہوتے ہیں۔	گرم خشک					بھوک بڑھاتا ہے۔ ہر سہ اخلاط کے فساد کو دفع کرے۔ عسر البول کو رفع کرے۔ سنگِ مثانہ توڑے، لاغری، گُردہ و کرم شکم کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
برنجاسف	لوئے مادراں	سف برنجا	شاخ نیلی پھول کبودی مائل پتے سبز	ایک گھاس ہے۔ پتے چھوٹے چھوٹے ذائقہ تیز تلخ	گرم ۱ خشک ۲	گردہ	انیسوں	امراض بادوہ میں بابونہ ہموزن دینا اور دیگر امراض میں افسنتین	ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ	سدہ کھولتی ہے۔ پیشاب جاری کرتی ہے۔ پتھری کو خارج کرتی ہے۔ بخار غشی زکام کو بہت نافع ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرتا ہے۔ اس کا لیپ ہر قسم کے درد سر کو دور کرتا ہے۔ پیٹ کے نیچے اس کی جڑ کا ضماد کرنا پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے۔ سات ماشہ اس کے پھول کو شہد میں ملا کر کھانا معدہ کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے عسر ولادت اور ورم رحم کو مفید ہے۔ بقدر سات ماشہ پانی میں بھگو کر اسکا پینا تپ کو نافع ہے۔ سرسام بلغمی اور سبات کو فائدہ کرتا ہے۔ درد سینہ کیواسطے مفید ہے۔ اور اس کو جلا کر زخموں پر چھڑکنا زخموں کو خشک کرتا ہے۔ نیز مقوی دماغ ہے۔
برہمی	سرد بستانی	زرنب	سبز مائل بہ زردی	ایک گھاس ہے جس کے پتے میں نگترہ کی بو ہے تلخ خوشبودار	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	دھنیا صندل	دار چینی کبابہ	۳ ماشہ	لطافت و فرحت بخشتی ہے۔ معدہ جگر و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ کھانسی کو نافع آواز صاف کرے۔ بلغم خارج کرے۔ اعصابی بیماریوں کو نافع، عسر البول کو مفید ہے
بریارا			سبز سفیدی مائل و زرد	ایک مشہور گھاس ہے۔ ذائقہ تیز و تلخ	گرم ترا					سفید پتوں والے کے سفید پتے لیکر پانی میں حل کر دینے سے سوزاک جریان و پتھری کو مفید ہے۔ کوٹ کر پانی نکالا ہوا سانپ کے کاٹے کو نفع بخشتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ درد دور کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بڈھا				جنگلی درندہ جانور ہے	گرم خشک					اس کا گوشت ثقیل، باد آور، دآنکھوں کے امراض کو دفع کرے۔ آواز صاف کرے۔ دانت اور گوشت پیس کر آنکھوں میں لگانا پھولا دور کرتا ہے۔ دانت بچوں کے گلے میں لٹکانا نظر بد سے محفوظ رکھے۔
بڑھل			پھل زرد مائل بہ زردی گری سرخ سفید	ایک پھل جس کا درخت بہت بڑا ہوتا ہے اور پتے مثل بادام کے پتوں کے۔ ذائقہ چاشنی دار	کچا سرد تر ۱ پختہ گرم تر ۱	نفاخ ضعف باہ	سکنجبین			کچا ثقیل ہے اور بلغم پیدا کرتا ہے۔ قاطع صفرا۔ پختہ دل و معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اس کے بیج بچوں کی طبیعت کو نرم کرتے ہیں جب کہ ہمراہ دودھ دائی کے استعمال کرائے جاویں اور اس کے درخت کا دودھ بچوں کیلئے دست آور ہے۔ اور بلغمی بخار لاتا ہے۔
بسفائج فنتقی	بسفائج فنتقی	اضراس الکلب		ایک گرہ دار جڑ ہے	گرم ۲ خشک ۱	گردہ سینہ	زرد ہڑ پرسیاوشان	افتیمون		سودا اور بلغم کا اسہال لاوے۔ اپھارا تحلیل کرے۔ معدہ میں جما ہوا دودھ پگھلا دے۔ قولنج کو مفید ہے۔ امعا کو صاف کرتا ہے۔ سوداوی امراض اور جذام و دمہ کو نافع ہے۔
بسکھپرہ	دیواپست	جند قوقا	سبز	گھاس ہے جس کے پتے لمبے اور پالک کے مانند ہوتے ہیں	پتے گرم خشک ۱ پھول گرم خشک ۲	قابض مولد ریاح		کھجور	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	نرم کرنیوالا۔ بلغم، صفرا، خون، ریح اور پھنسیوں کا فساد دور کرے بھوک لگاوے۔ سوجن دور کرے
بسنتی			بسنتی	پھول ہے۔	سرد خشک					تینوں خلطوں کا فساد اور بدن کی بدبو دور کرتا ہے۔ اس میں قدرے خوشبو ہوتی ہے۔ نازک پھول ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بطخ	اردک	بط وقاز		مشہور ہے	گرم ۲ خشک ۱	مصدع سریع المتعفن	سرکہ گرم مصالحہ	فاختہ	حلال	کثیر الغذا، مقوی باہ، مولد منی، مسمن بدن وگردہ، اس کی بیٹ برص کو نافع ہے جلے ہوئے پر، خنازیر کو تحلیل کریں۔ چربی ہاتھ پاؤں پھٹے کو مفید، اگر اس میں موم ملا کر منہ پر ملیں، تو چہرہ کو جلا دے۔
بکائن	آزاد درخت	بان	پتے سبز پھول زرد	ایک بڑا درخت ہے جسکی لکڑی بہت نرم ہوتی ہے ذائقہ تلخ	گرم ۳ خشک ۱	جگر معدہ	سونف	تج	یک تولہ	ادرار کرتا ہے۔ تحلیل کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ جلدی بیماریوں و امراض رحم اور جذام، برص، خنازیر و ورم کو مفید ہے۔ پینے سے خون صاف ہو۔ لیپ سے ورم ہٹے منجن کرنے سے دانت قوی ہوتے ہیں۔ اس کا پھل سات ماشہ کھانے سے جگر کا سدہ کھلے بلغم اور سودا کا اسہال ہو۔ تلی اور بواسیر کا درد موقوف ہو۔ خارش، کھجلی، اور جگر کی سختی دفع ہو۔ اسکا تیل تشنج کو مفید ہے۔
بکرا یا بکری	بز	ماعز		مشہور	گرم تر ۲	سوداوی مزاج	بادام ناریل	بھیڑ	حلال	لطیف خون پیدا ہو، صالح الکیموس۔ گرم مزاج والے کو مفید، اس کی پنڈلی کا مغز مرطب، قوی ملین دماغ ہے۔ بزغالہ کمزوروں کو موافق ہے۔ کیونکہ اس میں حرارت کم ہوتی ہے۔ پتہ رتوندے کو مفید، اسکا دودھ منہ سے خون تھوکنے کو بند کرتا ہے، کھانسی، سل، قرحہ، ریہ حلق ومثانہ اور خناق کو مفید ہے۔
بھجن				ایک گھاس ہے جس کے پتے	گرم خشک				.	اس کے پتوں کا پینا حمیات عفنہ وبلغمی وسرد کھانسی کو مفید ہے۔ پیشاب کے بند ہونے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	"	"	چھوٹے مگر موٹے بگرہ ۱ اور بیلدار ہوتے ہیں	"	"	"	"	"	مثانہ کی جلن اور پتھری کو دفع کرے۔ لیپ کرنے سے سوجن اور گنٹھلیوں کو تحلیل کرے اور پکاوے۔ پینے سے خون صاف کرے
بگلا	بوتیمار غم خورک	مالک الحزین شفیقتین البرّی		مشہور پرند	گرم ۱ خشک	گرم مزاج مواد ریاح	دھنیا		حلال	مفلوج اور کمزور آدمیوں کو مفید ہے۔ اور طبع کے موافق ہے۔ قوت حافظہ کو قوی کرتا ہے۔ باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ گوشت بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اور خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ قوت ماسکہ کو طاقت دیتا ہے۔ چربی کا لیپ بواسیر کے خون کو نافع ہے
بگھلا			پھول سفید	ایک گھاس ہے جس کے پتے چھوٹے نوکدار تنا خفیف باریک	سرد خشک					پیشاب کھولتی ہے۔ سنگ مثانہ کو توڑتی ہے۔ زہر کا فساد اور بلغم و صفرا کو خارج کرتی ہے۔ اعضا کی جلن کو مفید۔ بیہوشی دفع کرے۔
بلائی کند و بارائی کند			سفید	ایک پہاڑی جڑ ہے گول اور بہت بڑی ذائقہ شیریں تیز و تلخ	گرم خشک	صفرا انگیز				بھوک لاتا ہے۔ اعضا کو قوت بخشتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ ریاح اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہے۔ پر میو یعنی جریان اور دیدان کو مفید ہے۔ اس کی سبزی بھوک لاتی ہے اور جذام کو دفع کرتی ہے۔ اس کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ فضلات کو جذب کرتا ہے۔
بلبل	ہزار داستان	عندلیب		مشہور پرند	گرم ۲ خشک ۱	سریع التعفن	سرکہ گرم مصالحہ	فاختہ	حرام	اس کی بیٹ بدن کے داغ دور کرتی ہے۔ رخسار کا رنگ نکھارتی ہے۔ اس کا گوشت واڈے و مفرح محرک باہ ہے۔ اس کی بیٹ چھائیں اور بڑ دال کو رفع کرتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بلور	بلورہ	حجر البلور	سفید شفاف	ایک قسم کا صاف پتھر ہے بدمزہ	سرد خشک					عسر البول کو نفع دیتا ہے۔ جس کے پاس ہو معروز و مظفر ہو۔ زہر، بلغم اور صفرا کے فساد کو رفع کرتا ہے۔ اس کا سرمہ آنکھوں کی کھجلی، ڈھلکا اور سفیدی کو مفید ہے۔ اس کے لٹکانے سے دل کا دھڑکنا بند ہوتا ہے۔ خواب میں چونک اٹھنے کو بالخاصیت نافع ہے۔
بلّی	گربہ	سنور		مشہور جانور	گرم خشک یا رطوبت غالب	سل و لاغری پیدا ہو			حرام	اسکا گوشت بوڑھوں کو مفید اور سرد مزاج کے موافق ہوتا ہے۔ رطوبت والی گٹھیا اور نقرس اور فوطہ کے اتر جانیکو نافع۔ گردہ کو گرم کرے۔ بواسیر اور پشت کا درد دور ہو۔ چمڑا گرم خشک بدن کو گرم کرنیوالا۔ کالی بلی کا پتّہ روغن زنبق میں ملا کر لقوہ اور بالوں کے سیاہ کرنیکو مفید ہے۔
بلی لوٹن	بادرنجبویہ ترہ گربہ	بادرنجبویہ		مشہور	گرم خشک ۲	پیلو	صمغ عربی	ریشم	۱۰ ماشہ	مفرح ہے۔ لطافت بخشتا ہے۔ دماغ کا سدہ کھولے، دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ بلغمی اور سوداوی امراض خفقان اور وسواس کو مفید ہے۔ لیپ کرنے سے دل کو طاقت بخشے۔
بندر	بوزنہ	قرد		مشہور	گرم خشک ۱				حرام	اس کا خون بال اُگنے نہیں دیتا۔ اس کا گوشت دم بھر میں آدمی کو بے عقل اور گنگ بنا دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بندال			زرد و سفید	پھل ہے گول خاردار انجیر کے برابر	گرم خشک ۳	گرم مزاج	روغن		دو ماشہ	پیشاب کو جاری کرتی ہے۔ اور نمک کے ہمراہ کھانی قے لاتی ہے۔ اہل ہند اسکو یرقان و استسقاء کیواسطے استعمال کرتے ہیں۔ تپ ربع و بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔
بن پوستہ	باٹنیاخ	اوقامون		جنگلی ڈوڈے کا پھول	گرم خشک					تحلیل کرنیوالا۔ قروح العین کو مفید اور منہ کی رال کو نافع ہے۔
بنسلوچن	تباشیر	طباشیر	سفید مائل بہ نیلاہٹ	مشہور ہے مزا پھیکا	سرد ۲ خشک ۳	باہ ریہ	عناب مصطگی زعفران	تخم خرفہ، کاسنی صندل سفید	۶ ماشہ	فرحت بخش، معدہ، جگر اور دل کو طاقت دیتا ہے معدہ کی جلن اور پیاس بجھاتا ہے صفراوی و خونی دست کو بند کرتا ہے۔ خشک کرتا ہے خفقان اور تمام گرم بخار دور کرتا ہے۔ منہ کے چھالوں پر اس کا چھڑکنا مفید ہے۔
بُن	بن	حب الخضر حب البطم	سفید مائل بہ سرخی	ایک درخت کا پھل ہے مزا پھیکا قدرے تلخ	گرم خشک	بیداری درد سر لاتا ہے	کتیرا بہی گلسرخ	بادام تلخ و پستہ	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	آواز صاف کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ فرحت لاتا ہے۔ باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ اخلاط کو صاف کرتا ہے۔ مدربول ہے۔ نفخ، فالج، استرخاء، لقوہ، مالیخولیا مراقی کو فائدہ کرتا ہے۔ مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔
بن بیل بن الوری				رائے بیل کا پھول ہے نوارٹ کا پھول ہے	گرم خشک ۲ سرد کم معتدل	قبض	گلقند			قبض کرتا ہے۔ سنگ مثانہ توڑتا ہے۔ باد، بلغم اور عسر البول کو فائدہ دیتا ہے تینوں خلطوں کا فساد آنکھ کان ناک کے امراض کو مفید ہے۔ ذہن قوی کرتا ہے۔
بنفشہ	بنفشہ	بنفسج فیرفیر	سبز سیاہی مائل	ایک پہاڑی گھاس ہے جس کے پتے و پھول مستعمل ہیں	سرد تر و بعضے گرم	ضعف دل پیدا کرتا ہے	رب السوس	نیلوفر خبازی	۶ ماشہ	مسہل صفرا ہے۔ مسکن و تشنگی و تیزی خون ہے۔ تپ گرم، خفقان غشی درد سر دموی کو دور کرتا ہے۔ کھانسی گرم خشونت حلق خناق کو مفید ہے۔ ذات الجنب و ریہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	مزا پھیکا قدرے کھٹا	خشک	کرب لادیئے	گلسرخ بہی	″	″	کے واسطے ضماد اور شربا نافع ہے۔ روغن اس کا نیند لاتا ہے۔ اور موم کے ساتھ سینہ پر مالش کرنا کھانسی کا دافع ہے۔
بنولہ	پنبہ دانہ	حب القطن	باہر سے سیاہ اندر سے سفید	روئی کے اندر مشہور بیج ہے۔ مزا قدرے تلخ	گرم تر	گردہ	خمیرہ بنفشہ و قند سفید	تخم قرطم	۶ ماشہ	باہ اور امساک پیدا کرتا ہے۔ مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔ پیٹ و سینہ کو نرم کرتا ہے۔ اختناق الرحم کو مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ دودھ وگھی پیدا کرتا ہے۔ اس کا مغز بینا باہ کو حرکت میں لاتا اس کے روغن کا طلا محرک باہ ہے۔ چھائیں، سیاہ داغ کو نافع ہے زخموں کو دور کرتا ہے۔ اسکے پتے ابال کر چھاچھ ملا کر آنکھ پر باندھنا رمد کو مفید ہے
بوٹی فرید			سبز	ایک لعابدار بوٹی ہے ذائقہ پھیکا	سرد بعض نزدیک گرم	دیر ہضم				باہ کو حرکت میں لاتی ہے۔ بلغمی بخار و درد معدہ جو رطوبت سے ہو مفید ہے اور ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑتی ہے۔
بودار چمڑہ	چرم بودار	بنار		مشہور	سرد خشک	باہ	مصطگی	ریشم سوختہ		جلایا ہوا زخم پر چھڑکنا زخم کو خشک کرتا ہے۔ اگر بودار چمڑے میں پانی پیا جاوے تو بالخاصہ خفقان کو دور کرتا ہے۔
بوزیدان	بوزیدان	مستعجلہ	سفید	لمبی جڑ ہے	گرم خشک	فوطہ	رائی شہد	بہمن وج	۲ ماشہ	نقرس اور جوڑوں کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ جگر اور طحال کا سدہ کھولتا ہے جماع کی حاجت ہوتی ہے۔ قاتل دیدان۔ بواسیر اور جلندھر کو مفید۔ بالخاصہ مسہل صفرا ہے۔ سرد زہر کی تریاق ہے۔ مسقط جنین۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بول		مرمکی	سرخ	اسکی لکڑی کا نیزہ بناتے گوند ہے۔ ذائقہ تلخ و پھیکا	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج مثانہ		ایلوا کوٹھ کڑوا	۱ تا ۲ ماشہ	قابض ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ ریاح اور سرد ورم تحلیل کرتا ہے اور ادرار اور اخراج کرتا ہے۔ قاتل دیدان۔ سونگھنے سے دماغ صاف کرتا ہے۔ درد گردہ، دمہ، گنٹھیا، کھانسی، بلغمی مروڑ، زہر و اسہال کو دفع کرتا ہے۔
بولسری	مولسری			بڑا مشہور درخت ہے	سرد خشک ۲					صفرا اور بلغم کا فساد دور ہو۔ دانت اور مسوڑھوں کے امراض کو مفید۔ پھل قابض شکم، نفاخ۔ چبانا دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔
بوش دربندی		بوش دربندی	سبز	ایک گھاس ہے۔ پتے مثل مہندی	سرد خشک			رسوت		مواد کو نیچے بٹھانے، آنکھوں کے درد کو مفید، گرم سر درد کو اس کا طلا کرنا از حد مفید ہے۔
بونٹ	نخود سبز	حمص اخضر	سبز	مشہور ہے۔ کچے چنے ہرے کے پتے خوش مزہ و پھیکا	سرد خشک	نفاخ	نمک			خون، بلغم اور صفرا بڑھاتا ہے۔ بدن و باہ کو قوت بخشتا ہے ممسک ہے۔ بودی ذہن کو نیک کرتا ہے۔ شہد میں پکے ہوئے بونٹ مقوی باہ اور مقوی بدن ہیں۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے۔
بوئے مادراں	بوئے مادراں	سف برنجا		سوئے کی مانند بوٹی ہوتی ہے۔	گرم خشک	گردہ	انیسوں	بابونہ	۶ ماشہ	لطیف کرنیوالا، سدہ کھولنیوالا، مدر بول وحیض۔ پتھری توڑتا ہے۔ معدہ کے کرم دور کرتا ہے۔ ورم رحم کو مفید ہے۔
بھرتھوا				پرند				چمگادڑ		اس کا گوشت باد اور بلغم دفع کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بہروزہ	بارزرد	قنہ	سفید	ایک درخت کا دودھ ہے۔ رقیق ہوتا ہے آگ پر پگھلتا ہے۔ دس سال تک قوت قائم رہتی ہے۔ نزد بعض گوند	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج کو شراور فصل گرم میں اور بعض دماغ کو	روغن بنفشہ کافور	سکنجبین جاؤشیر	ایک تا ۵ ماشہ	محلل وملین پرانی کھانسی اور سانس کی تنگی، خناق، رحم، بواسیر، مرگی، ضعف معدہ جگر وطحال وامراض بلغمی وعصبانی کو مفید، مدر حیض، مسقط جنین ہے جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ اس کا لیپ کرنا درد پہلو اور کمر کو مفید ہے۔ روغن سوسن کیساتھ کان میں ڈالنا درد سر بلغمی اور درد گوش کے لئے مجرب ہے۔ دمامیل اور خنازیر کو تحلیل کرتا ہے۔ کرم خوردہ دانت پر رکھنا باعث تسکین ہے۔
بھڑ	کلز	زنبور	سرخ	مشہور ہے۔ اکثر صفات میں مثل شہد کی مکھی کے نر کے ایک، مادہ کے دو ڈنک ہوتے ہیں						برص اور بادوں کو اس کا طلا شہد اور نمک کے ہمراہ نہایت مفید ہے۔ اسکا کاٹنا امراض باردہ وعصبانیہ کو نافع ہے۔ اس کے کاٹنے سے سوزش اور ورم ہوجاتا ہے۔ سب سے بہتر علاج اسکا کسی چیز سے تنگاف دیکر چوسنا یا برف میں کپڑا ترکرکے رکھنا کائی و گل ارمنی اور سرکہ کیساتھ مالش کرنا اور بیل کا تازہ گوبر بھی ملنا مفید ہے۔ خرفہ اور خبازی اور مکو کا لیپ بھی نافع ہے۔ مکھی کو پیس کر اس کے کاٹے پر لیپ کرنا بھی مفید ہے۔
بہمن سفید			سفید	لعابدار جڑ ہے ذائقہ پھیکا	گرم خشک	گرم مزاج	عناب کتیرا	تودری اندرجو	۹ ماشہ	مبہی ہے۔ بدن کو فربہ کرتی وگرمی پیدا کرتی ہے۔ مقوی دل محلل ریاح، بلغم، خفقان کا نور کو نافع ہے۔ گردہ ومثانہ کی پتھری توڑتی ہے۔ زخم کو پاک کرتی ہے۔
بہمن سرخ			سرخ	مشہور جڑ ہے	گرم	اسفل	عناب	اندرجو	۹ ماشہ	دل ودماغ کو قوت بخشتی ہے۔ باہ لاتی ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہے۔ خون کو صاف

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
،،			،،	ذائقہ پھیکا قدرے شیریں	خشک		انیسوں	موصلی		کرتی ہے خفقان کو دور کرتی ہے۔ محلل ریاح ہے۔
بھلاواں	بلادر	حب القلم حب القلب	تازہ سبز خشک سیاہ	ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے کسی قدر گول و لمبا اور اسکے بیج کی گری مثل مغز بادام کے ہوتی ہے۔ ذائقہ نہایت تلخ	گرم خشک	جنون سرسام پیدا کرے	نارجیل تازہ کنجد مقشر آش جو	روغن بلسان فندق	۱/۲ ماشہ	گرم، حل لطیف کرنیوالا مفرح جلد، سرد امراض و تقطیر البول کو مفید۔ اپھارہ، بواسیر، باد گولہ اپھارہ، سنگرہنی، تپ و برص کو مفید، منی خشک کرتا ہے۔ نزلہ دور کرے اسکا تیل سدہ خلط کے فساد کو دور کرے۔ بگڑا ہوا خون اور جذام کو دور کرے۔ پیٹ کے کیڑے و چربی کی زیادتی کو دور کرے۔ اس کے تیل کا بدل روغن زیتون ہے۔
بھنڈی		بامیہ	سبز بیج سیاہ	مشہور ترکاری	سرد و تر ۲	مولد بلغم سرد مزاج	گرم مصالحہ	تخم خطمی گل عباسی		قلیل الغذا، صفرا دور ہو۔ منی کو پیدا اور گاڑھا کرے۔ سوزاک اور زحیر دفع کرے۔ مقوی باہ ہے۔
بھنگرا			سبز	گھاس ہے۔ تلخ و تیز	گرم خشک			ارنڈ کے پتے		اس کا پانی باہ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ رطوبت و طحال کی سختی جذام و قولنج دفع کرتا ہے بال سیاہ کرتا ہے۔ دانتوں کے درد کو مفید۔ دو قسم کا ہے سیاہ و سفید۔ کمیاب ہے۔
بھون پھلی				مشہور	سرد خشک					مقوی باہ، منی کو پیدا و گاڑھا کرے۔ سوزاک جریان کو مفید ہے۔
بھون آنولہ			سبز	بوٹی ہے ہمشکل آنولہ	سرد	سرد مزاج	فلفل سیاہ	آنولہ	۵ ماشہ	اس کا پانی نکلا ہوا قروح خبیثہ اور ناصور پر لگانا جلد کو آرام کرتا ہے۔ ہمراہ نمک چوٹ کو مفید۔ داد خارش کو فائدہ کرتا ہے۔
بھٹکٹیہ	بادنجان دشتی	بانجان بری	پتے سبز پھول زرد	خاردار درخت۔ تلخ	گرم خشک	مکرب	سکنجبین	اونٹ کٹارہ	۲ ماشہ	اس کے پھل کا لیپ بلغمی ورم کو مفید۔ اسکا کھانا کھانسی اور دمہ کو مفید۔ بالوں کے کرم دور کرے۔ محلل ہاضم۔ پتے بواسیر کو مفید۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بھیڑیا	گرگ	ذئب		جنگلی جانور	گرم خشک				حرام	اس کا جگر امراض جگر کو اس طرح مفید ہے۔ کہ سکنجبین کیساتھ یرقان کو مفید اور کرفس کے پانی کیساتھ ضعف جگر کو مفید، اسکا پتہ ایک چنے کے برابر چنوں کے پکے ہوئے پانی سے کھانا مقوی باہ ہے۔ طلا اسکا بھی ہے۔ تشنج اور مرگی کو مفید، جو ہڈی اس کے سرگین میں ہو۔ وہ بالخاصہ درد گردہ اور قولنج کو دفع کرتا ہے۔
بھوسی	سبوس	نخالہ		گیہوں کا چھان	گرم خشک	جگر	نشاستہ	جو کا آٹا		سینہ وپیٹ کو نرم کرتی ہے۔ ورموں اور بلغم کو تحلیل کرتی ہے۔ سینہ کی کھر خشکی اور پرانی کھانسی، دمہ اور غلیظ ریاح کو دور کرتا ہے۔ نمک سے ملا کر ٹکور کرنا ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ صاف اور جلا کرتی ہے۔
بہیڑہ	بلیلہ	بلیلج	زردی مائل	ایک پھل ہے مثل ہڑ کے ذائقہ بکٹھا	سرد ۱ خشک ۲	مقعد	شکر شہد	آملہ ہلیلہ سیاہ	۱۰ ماشہ	قبض کرتا ہے۔ لطیف کرتا ہے۔ مقوی معدہ واشتہا، بالخاصہ سودا کا بالطبع صفرا کا اسہال کرتا ہے۔ پرانے دستوں، درد سر اور بواسیر دفع ہو۔ مقوی چشم اور دماغ۔ اس کا سفوف اسہال مزمن کو مفید ہے۔
بہی	بہدانہ	سفرجل	زرد، سفید	ولایتی میوہ ہے۔ شیریں وچاشنی دار	شیریں معتدل، چاشنی دار سرد خشک	سدہ قولنج	شہد انیسوں	امرود سیب		مفرح، مقوی معدہ ودل ودماغ، مسرت بڑھانے والا، روح حیوانی اور نفسانی کا خفقان اور وسواس دفع ہو۔ دمہ کو مفید، بلغم کو زیادہ کرے، مسقط حمل
بھوج پتر	توز			لمبے پتوں کا کشمیری درخت	سرد خشک					تینوں خلطوں کا فساد دفع کرے۔ کان کا درد اور آسیب کا خلل دور ہو۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بھوئیں آملہ				آنولہ کا درخت ہے۔ بے شاخ ہوتا ہے۔	سرد و ترا					پیاس بجھاتا ہے۔ کھانسی کو نافع خون بلغم اور صفرا کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ ضربہ اور سقطہ کو فائدہ کرتا ہے۔ مصفی خون و معدل حرارت ہے۔
بہارنگی				کسی پہاڑی درخت کا چھلکا ہے۔	گرم خشک					خام مادے کو دفع کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ سوجن کھانسی اور باد بلغم کا فساد۔ تپ درد و قرح اور تنگی تنفس دور کرتا ہے۔
بھینس	گاؤ میش	جاموش		مشہور چوپایہ	گرم خشک	اپھارا	کباب چینی دار چینی	گوسالہ	حلال	غلیظ، دیر ہضم، اور ردی خلط پیدا کرتا ہے۔ ریاضت دہندوں اور الکلیہ والوں کو مفید۔ اسکی چربی نمک اندرانی ملا کر مثل برص کو مفید اس کے بچے کا گوشت نقصان کم کرتا ہے۔
بھیڑ	میش	ضان		مشہور	گرم تر	اپھارہ	کباب چینی دار چینی	گوسالہ	حلال	گوشت اسکا کثیر الغذا مولد خون مقوی بدن ہے۔ اور بدن انسان کے موافق ہے۔ اور یخنی اس کی نہایت مقوی بدن ہے۔ اس کے گوشت کو جلا کر لیپ کرنا بچھو اور سانپ کے کاٹے کو مفید ہے۔ چربی اس کی درد سینہ کو نافع ہے۔ دودھ مقوی دماغ و نخاع ہے۔ قرحہ ریہ و نفث الدم کو دفع کرتا ہے۔ چہرہ کے رنگ کو کھولتا ہے۔
بھنگ	بنگ	ورق الخیال قنب	سبز	مشہور بوٹی ہے۔ مزا تلخ	سرد خشک	درد سر پیدا کرے	قے کھٹہ شربت		۱۲ ماشہ	چونکہ مرکب القویٰ ہے۔ جزء گرم و لطیف سے پہلے سرور پیدا کرتی ہے۔ رخسار کے رنگ کو نکھارتی ہے۔ بعد میں بسبب جزء سرد کے تخدیر پیدا کرتی ہے۔ پیاس و اشتہا طعام کو قوی کرتی ہے۔ اسکا تیل درد کان کو نافع ہے۔ مدر بول، ممسک منی۔ بیج معدہ کو مضر ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بہیدانہ	بہیدانہ	حب السفرجل	سیاہ و سرخ	بہی کے بیج پھیکے ولیسدار	سرد تر	معدہ کمزور و ڈھیلا کرے	سونف شکر	اسبغول	۷ ماشہ	لعاب اسکا خشونت حلق اور کھانسی گرم خشک کا دافع ہے۔ معدہ کی حرارت کو ساکن کرتا ہے۔ تپ زبان کی سوزش سل اور قرحہ امعا کو نافع ہے۔ طلا اس کا آگ کے جلے کو مفید ہے لعاب گل گاؤزبان ریشہ خطمی اور شربت انجبار کیساتھ پیچش حار کو مفید ہے۔
بیجبندہ				مشہور تخم ہیں	سرد خشک	نفاخ و بزرغم	شکر	تخم اونٹکن	۵ ماشہ	منی بڑھاتا ہے۔ امساک پیدا کرتا ہے۔ پشت کو طاقت دیتا ہے۔
بید مشک	بہرامج	خلاف بلخی	سبز	مشہور درخت پتے مثل انار۔ ذائقہ تیز و تیز بو	سرد تر			عرق نیلوفر	۱۲ ماشہ	دماغ کے سدہ کو کھولتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ درد سر کو ساکن کرتا ہے۔ عرق اس کا خفقان گرم کو دفع کرتا ہے۔ طبیعت کو ملین کرتا۔ قوت باہ کو قائم کرتا ہے۔
بید سادہ	بید سادہ	خلاف	سبز و سفید	درخت ہے مانند انار کے بہتر وہ ہے جو پانی کے کنارے ہوتا ہے۔ تلخ مزا و تیز بو	سرد خشک	کمر	گلاب شکر	گل مہندی نیلوفر	۷ ماشہ عرق ۵ تولہ	دل و دماغ کو طاقت بخشتا ہے جگر کا سدہ کھولتا ہے خفقان اور پیاس محرقہ بخار دق اور اسہال بند کرنے کو نافع ہے۔ عرق اس کا سب طرح قوی تر ہے۔ لطیف کرتا ہے۔
بیر بہوٹی	کرم عودسک	کاغنہ	نہایت سرخ	ایک برساتی کیڑا ہے بدمزا	گرم خشک	مسقط جنین	روغن	کینچوا	ایک عدد	بلغمی امراض فالج ولقوہ کو مفید ہے۔ اس کا لیپ قوت باہ اور امساک اور فربہی آلہ تناسل کو نہایت مفید ہے۔ اس کا تیل نہایت قوی ہوتا ہے۔
بیر	کنار	سدر نبق	سبز سرخ زرد	ایک خاردار درخت کا پھل ہے۔ ذائقہ ترش و شیریں	سرد خشک	سرد مزاج دماغ معدہ	گلقند سکنجبین	سیب		قلیل الغذا۔ صالح الکیموس ہے حرارت کو بجھاتا ہے۔ ترش بیر ابخرے دماغ کو نہیں جانے دیتا۔ صفرا دور کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے اسکا پانی جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کے کیڑے مارتا ہے۔ اسکی لکڑی کا برادہ منہ سے خون جانیکو اور آنتوں کے زخم اور اسہال کو مفید۔ اس کے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	"	"	"	"	"	"	"	"	پتے لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ پتوں کے جوشاندہ کا پاشویہ ابخرہ کو دماغ کی طرف چڑھنے نہیں دیتا
بیگن	بادنگاں	بادنجان	سفید، اودا	مشہور ہے۔ مزا پھیکا	گرم خشک	مولد سدد	گوشت سرکہ روغن			مقوی معدہ، سدہ کھولتا ہے۔ مدر بول ہے۔ گرم گٹھیا کو آرام دیتا ہے۔ بالخاصہ تحلیل الغذا۔ کثیر الفضول، بیگن کا سر گھس کر بواسیر کو لیپ کرنا بالخاصہ مفید ہے۔
بیل			سبز زرد باہر واندر زرد سرخ	ایک پھل ہے۔ بمابر خربزہ ذائقہ شیریں لیسدار خوشبودار	گرم ا خشک	سدہ بواسیر	شکر		تولہ تا ۳ تولہ	دل وجگر اور معدہ کو طاقت بخشتا ہے۔ پرانے دستوں کو آرام دیتا ہے۔ قاطع لزوجات رطب کو خشک کرتا ہے۔ بالخاصہ قبض دفع کرتا ہے۔
بیت	خزاں	حزان	زرد سرخ زرد	درخت ہے تین قسم کا۔ اس کی چھڑی مضبوط ہوتی ہے۔ مزا پھیکا	گرم تر	خشکی کرے	گھی	بارہ سنگا	۴ ماشہ	پتھری توڑتا ہے۔ اور مواد کو نیچے بٹھاتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا پانی پینا خون کے گرنے کو بند کرتا ہے۔
بیا	کیتو	تنطوط		مشہور پرند						اسکا پتہ شکر میں ملاکے لڑکے کو کھلاؤ۔ خوش خو اور معزز ہوجائیگا۔

باب البا۔ فارسی

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پاپڑی لون	بورہ ارمنی	بورق	شور	ایک قسم کا نمک ہے۔ ہلکا اور جالی دار مزا شور	گرم خشک ۳	معدہ غشی پیدا کرے	مصطگی صمغ عربی	نمک اندرانی	۵ ماشہ	لیپ کرنے سے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ ضماد خون کو ظاہر جلد کیطرف کھینچے۔ کھانے سے قولنج دور کرتا ہے۔ محرک باہ ہے۔ کرم شکم کو ہلاک کرتا ہے۔ غلیظ بلغم کو اسہال کی راہ نکالے۔ شہد میں انجن لگانا آنکھوں کی گرمی دور کرے۔ زنبق کے تیل کیساتھ لگانا ماذوب ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پاپڑی	شمشاد	سرو		مشہور درخت	سرد خشک					صفرا، بلغم اور خون کا فساد دور کرے
پاپڑہ	شاہترہ	شاہترج	پتے سبز، پھول سرخ	مشہور گھاس ہے۔ ذائقہ تلخ	مرکب القوی	ریہ	کاسنی	سنا، پیلی بڑ	۹ ماشہ	طحال اور جگر کا سدہ کھولتی ہے جگر و معدہ کو طاقت بخشے تینوں خلطوں کو دستوں کی راہ نکالے مصفی خون ہے۔ اس کا پانی کوٹ کر نکالا ہؤا معدہ اور بھوک کو طاقت بخشے۔ طبع کو نرم کرے۔ سوکھا ہوا پانی تپ یرقان اور سوداوی مرضوں کو مفید ہے۔
پاپڑہ کے بیج	تخم شاہترہ	بزر الشاہترج		مشہور	معتدل	طحال	ہڑ، کاسنی	سنا، مکی	۷ ماشہ تا ۹ ماشہ	معدہ اور امعا کے جمے ہوئے فضلوں کو پاک کرتا ہے۔ خون سودا اور صفرا کو صاف کر کے یرقان اور سوداوی امراض کو مفید ہے۔
پاکھنا	بوٹی فرید		سبز	بوٹی ہے۔ ذائقہ پھیکا	گرم ۱ خشک	دیر ہضم				بلغمی تپ، سنگرہنی اور درد پیٹ کو مفید ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو مفید ہے۔
پارہ	سیماب	زیبق	سفید شفاف	ایک معدنی جسم سیال ہے	سرد ۲ تر ۳	پٹھے، منہ	دودھ، مرغن شوربہ	سیسہ پگلا ہؤا	۲ ماشہ	ہاضمہ اور قوت باہ کو طاقت دیتا ہے۔ لیپ کرنے سے کھجلی دور ہوتی ہے۔ گوشت میں کھانا بدنی صحت کو قائم رکھتا ہے۔ اسکا دھواں رعشہ پیدا کرتا ہے۔ اس کے خام کشتہ سے جذام پیدا ہوتا ہے۔
پاکر			سبز بھورا	ایک بہت بڑا سایہ دار درخت ہے جسمیں سے دودھ ہے۔ بدمزہ	سرد تر ۱					پھوڑوں، ورموں، دانوں اور اعضاؤں کے فساد و بلغم کو مفید ہے۔ اسکا پھل صفرا دور کرتا ہے۔ اس کا دودھ تحلیل کرنیوالا اور مواد کو اندر کی طرف لوٹا دینے والا ہے۔ اس کا مربہ طحال کو مجرب ہے۔ اس کا شیرہ نکالا ہؤا دل اور بھوک کو طاقت دیتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پالک	اسپاناخ	اسفاناخ	سبز	ایک قسم کا ساگ ہے بدمزہ	سرد و تر	دردسر پیدا کرے سرد مزاج	گوشت روغن بادام	خرفہ کدو	۳ تولہ	لطیف کرنیوالی۔ جلد ہضم ہو، مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑتی ہے۔ عسر البول کو مفید، مادہ گرنے کو مفید، معدہ کی سوزش، پیاس اور گرمی کے بخاروں کو مفید ہے۔ گرم مزاج والوں کو مفید ہے۔
پالک کے بیج	تخم اسفاناخ	بزر الاسفاناخ	بھورا زردی مائل	مشہور ساگ کا بیج ہے تکونہ۔ مزا پھیکا	سرد ترا	طحال	گل مختوم	تخم خرفہ	۷ ماشہ	درد دل اور اعضائے شکمی کے دردوں اور گرمی کے بخاروں کو مفید ہے۔ پیشاب جاری کرتا ہے۔ اور پیاس اور سوزش معدہ کو تسکین دیتا ہے۔ اور اسکا شیرہ تپ دق وسل کے لئے مجرب ہے۔ پیشاب بند ہونے کو مفید ہے۔
پالک جوہی			سبز و بھوری	ایک گھاس ہے جسکے پتے چوڑے و لمبے ہوتے ہیں پتے قدرے تلخ	گرم تر				۶ ماشہ	اس کے پتوں کے رنگ کا طلا سیاہ داغ اور داد و چہرے کی سیاہی کو مفید ہے۔ اور اس کی جڑ کا پوست ہمراہ لونگ اور کالے زیرے ایک ایک تولہ اور لہسن ایک جو پانی یا سرکہ میں پیس کے لگانا داد اور سیاہ داغ کے لئے مجرب ہے۔
پان	تنبول	فان	سبز	ایک پتہ ہے جو بیل میں لگتا ہے۔ بہت قسم کا ہوتا ہے اور زیادہ بھی ہے۔ قدرے تلخ و تیز	دساوری معتدل بنگلہ گرم خشک ۲	گرم مزاج نہار منہ	الائچی سفید، و کتھ وڈلی	لونگ	۷ ماشہ ایک مرتبہ	فرحت بخش، بھوک لگاتا ہے۔ معدہ، جگر، دل و دماغ کو طاقت بخشتا۔ فہم کی حفاظت کرتا ہے، سدہ کھولتا ہے۔ فضلوں کا ادرار کرتا ہے۔ نشاط انگیز ہے۔ جھوٹی پیاس بجھاتا ہے۔ آواز صاف کرتا ہے۔ منہ کی رطوبات کو مفید ہے۔ اس کا لعاب چوسنا دانتوں کے درد کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پانی ہری کاسنی کا	آب برگ کاسنی سبز مروق			مشہور ہے	سرد تر	کھانسی	شکر شربت بنفشہ		۲ تولہ	معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔ تپ کہنہ مرکبہ کو دفع کرتا ہے۔ مجاری بول کو پاک کرتا ہے۔ جلندھر، تلی اور تہیج اطراف سوزش اور ورم معدہ اور جگر نافع ہے۔ سدہ جگر کو کھولتا ہے۔
پانی سونے و چاندی کا	آب سیم و زر	ماء الذہب والفضہ		مشہور ہے	سرد					دل کی گھبراہٹ رفع کرتا ہے۔ دل، معدہ، دماغ، جگر اور باہ کو طاقت بخشتا ہے۔ مالیخولیا وخفقان کو مفید ہے۔ متلی کو نافع ہے۔
پانی مکو کا پھاڑا ہوا	آب مکو سبز مروق	"		مشہور ہے	سرد					ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ سوزش معدہ کو مفید، امراض احشا مغص پیچش، جلندھر اور ورم مقعد کو نافع ہے۔ اخلاط حراریہ کا مسہل ہے۔ ورم جگر کیواسطے بالخاصہ مفید ہے۔
پانی	آب	ماء		مشہور ہے	سرد تر	کثرت سرد مزاج کو مضر				پیاس بجھاتا ہے۔ مرطب ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے معدہ کی سوزش کو دور کرتا ہے فساد صفرا و دوران سر، بیہوشی، اعیاد، غشیان کو دور کرتا ہے۔ اخلاط لزجہ کو رقیق کرتا ہے۔ پانی جس قدر کم پئیں بہتر ہے۔ بقول صاحب تحفہ پانی کا بہت پینا امراض سرد مثل رعشہ و استسقا پیدا کرتا ہے۔ اور مزاج کو فاسد کرتا ہے۔ معدہ کو سست کرتا ہے۔ جو آہن تاب کریں مضرت کم ہوجاتی ہے۔
پانڈک	فاختہ			مشہور جانور ہے	سرد تر					رکت پت اور ریح کا فساد دور کرے۔ قابض ہے۔ باہ بہت پیدا کرتا ہے۔ اسکی بیٹ جھائیں

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	اور کلف کو دور کرتی ہے۔ ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ بڑ کی دھونی چونکہ بخار کو مفید ہے ردی الکیموس ہے
پاؤل				ہندی درخت ہے۔ برابر آئینہ کے پھلی گز بھر لمبی اس میں روئی ہوتی ہے۔	معتدل					متلی، دمہ، فساد خون، اعضا کا ورم دور ہوتا ہے۔ اس کا پھول بلغم کو مفید، خون اور صفرا اور معدہ کی جلن کو دفع کرنے والا۔ اس کا پھل ہچکی کو دور کرنے والا ہے مصلح خون ہے۔
پاہ			سیاہ سفید	ایک معدنی چیز ہے۔ مزا پھیکا	گرم خشک					عورتوں کے اندام نہانی کی رطوبت کو دفع کرتی ہے۔ اور خون استحاضہ کو بند کرتی ہے۔ اس کا لیپ امراض چشم کو مفید ہے۔ قریب سم ہے
پپیہا				پھل ہے ایک درخت کا پتے مثل ارنڈ کے	معتدل تر ۲	معتدل مزاج	سونٹھ		۴ ماشہ	خونی بواسیر، معدہ اور دل کی سوزش کو مفید، خون تھوکنے کو نافع، داد پہ اس کا پانی لگانا مفید، پھل آتشک کو دفع کرے۔ اچار اسہال کو بند کرتا ہے۔
پپیتہ			بھورا سیاہ	تکونے تخم ہیں۔ اس کا پھل زرد آلو کے برابر ہوتا ہے ذائقہ تلخ	گرم خشک	گرم مزاج تشنج پیدا کرے	سبز کاسنی	نارجیل دریائی	ایک رتی سے دو رتی	پپیتا اس کا واسطے ہیضہ بارد کیواسطے کہ دست وقے بلغمی ہوں۔ اور بند نہ ہوں۔ بند کرتا ہے۔ درد معدہ وپیچش کو نفع بخشتا ہے۔ ایلاؤس کیلئے فائدہ مند ہے۔ قالنج کو مفید۔ غشی کو دفع کرتا ہے۔ سانپ وبچھو کے زہر کو دفع کرتا ہے۔ جریان خون پر اس کا پیس کر چھڑکنا بند کرتا ہے۔ عسر ولادت کو نفع دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پتہ	زہر			تمام حیوانات کے صفرا کا خزانہ	گرم خشک				مت کھاؤ	بکری کا پتہ قدرے کھانیسے گردہ کا درد رفع ہو۔ اگر کافور اور گائے کا گھی اور بکری کا پتہ ملا کر کان میں ڈالو۔ تو درد رفع ہو۔ پتہ موافق خاصیت ہر حیوان کے اپنا اثر مختلف رکھتا ہے۔
پترج		سافج ہندی		پتے ہیں بیری کے پتوں کے مشابہ۔ مگر پتے بہت بڑے	گرم خشک					معدہ کو طاقت بخشتی ہے۔ بواسیر بلغم و باد و ریاح دفع کرے۔ معدہ کا درد جی کا متلانا کو فائدہ دے۔ دھونی عسر ولادت کو مفید ہے۔ پتھری، جلندر، یرقان ورم و سختی طحال کو مفید ہے۔ سرمہ میں لگانیسے آنکھ کے مرض کو دفع کرے۔
پتنگ	بکم	بقم	خوب سرخ	ایک درخت کی جڑ ہے جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں ذائقہ تلخ و شیریں و تیز بو	گرم خشک	۱۰ تولہ قاتل ہے	ہیراثیا قے		۵ ماشہ	اس کی چٹکی چھڑکنا زخموں اور پرانے پھوڑوں کو بھر لاتا ہے۔ جریان خون کو بند کرتا ہے۔ اور رنگ رخسار کو صاف کرتا ہے۔ اس کا پینا فساد بلغم و خون و پھوڑے پھنسی کو دور کرتا ہے۔ اسمیں رنگے ہوئے کپڑے کو پہننا باہ لاتا ہے۔ سم قاتل ہے۔
پتھری	سنگدان چینہ دان	قابضہ	سرخ اندر زرد	چڑیوں کے دانہ کا پوٹہ یعنی ان کا معدہ ہے	گرم	قولنج لاوے دیر ہضم	سرکہ نمک	مصطگی	۲ ماشہ	کثیر الغذا ہے اور خفقان کو کھوتی ہے۔ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ اور خون صالح پیدا کرتی ہے۔ اور اس کے اندر کا پوست معدے کے درد قراقر اور مروڑ کو مفید ہے۔
پتھری پھوڑی			سبز	ایک گھاس ہے جو پتھر پر اگتی ہے۔ قدرے تلخ	گرم خشک				تولہ	گردہ مثانہ کی پتھری توڑتی ہے۔ مدر بول ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پٹبیجنا	کرم شب تاب	حباب	مقعد سبز	ایک جانور ہے مکھی سے چھوٹا مقعد اسکی نہایت سبز بازوؤں کے نیچے چھپی ہوئی رات کو چمکتی ہے	گرم خشک					تین عدد قاتل ہیں۔ اور ایک عدد مقطوع الراس بارہ مثقال۔ ہینگ کے خیسانده کے ساتھ تین دن پلائیں۔ سنگ گردہ کے خارج کرنے میں مفید ہے۔ اور ایک عدد خشک پیس کر روغن گل کیساتھ کان میں ڈالیں۔ کان کے میل کو نکالتا ہے۔ اور کرہی کو دور کرتا ہے۔
پڑاگوہ	بزمچہ	ورل		مشہور جانور ہے	گرم خشک					ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ باہ کو پیدا کرتا ہے۔ اس کے گوشت کرنا پیکان وخار کو جذب کرتا ہے۔ اور جو اس کو چیر کر ظاہر جلد پر باندھیں۔ باعث فربہی عضو ہے۔ کھجلی وحکہ اور داء الثعلب داد کو مفید ہے۔ سرمہ اس کا جالی سفیدی چشم ہے۔ اور اس کی چربی ملنا زور سے قضیب کو دراز کرتا ہے
پدا				خوش آواز جانور ہے۔ اس کی مادہ نر سے بڑی ہوتی ہے۔	گرم خشک	گرم مزاج	ترشی			اس کا شوربا لقوہ، تشنج، فالج، رعونت اور حمق کو مفید ہے۔ جگر اور ماساریقا کے سدہ کو کھولتا ہے۔ سبک اور زود ہضم ہے۔ اس کا خون گرما گرم واسطے گرفتگی آواز اور بحۃ الصوت کے مفید ہے۔ راکبہ اس کے سنگ گردہ کیواسطے نافع ہے۔ اور سرد مزاج کو مبہی ہے
پدمنی	ناپہ	نیلوفر		مشہور دریائی پھول ہے						صفرا، بلغم اور خون کا فساد دفع کرے۔ بھوک لگاتا ہے۔ دل اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ حرارت اور صفرا کی پیاس بجھاتا ہے۔ اسہال بند کرتا ہے۔ سینہ کی کرختگی کو نافع ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پدھارا			بھورا	ایک بڑی جڑ ہے مزا تلخ وبکٹھا	گرم خشک			اسگند	۳ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ مبہی ہے۔ فساد بلغم وخون اور جریان اور اکثر اعضا کے ورم اور گٹھیا اور عرق النسا کو دفع کرتی ہے۔
پیرتی رشٹ	پیتون			ہندی دوا ہے						دست بند کرتی ہے۔ یاہ پیدا کرتی ہے۔ ہیچش، مروڑ اور امعا کی خراش، اعضا کی جلن پیاس اور بلغم باد، صفرا کا فساد، متلی، تپ کو دور کرے، کھانسی، دمہ، جلندہر دفع ہو۔
پستہ	پستہ	فستق	سبز قدرے سرخ	ولایتی میوہ ہے۔ برابر کشمش کے۔ مگر سخت ذائقہ پھیکا قدرے شیریں	گرم ا خشک ۲ بارطوبت زائدہ		سکنجبین آلو	بادام		حافظہ دماغ، ذہن، دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ قے متلی، خفقان بارد کو دور کرتا ہے جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ جگر کی سردی اور سزال الکلیہ کو دور کرتا ہے اس کا چھلکا قابض ہے۔ منہ آنیکو مفید ہے۔ قے اور ہچکی کو دفع کرتا ہے۔ قلب، دماغ امعا کو طاقت دیتا ہے۔ منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔
پسینہ	خوے	عرق		یہ عرق ہے جملہ حیوانات کے مسامات سے برآمد ہوتا ہے	گرم تر					محلل اور جالی ہے پسینہ آنے سے بدن کے مسامات کھلتے ہیں۔ بخارات بدنی نکلکر تمام بدن ہلکا ہوجاتا ہے۔
پکھان بید	گوشاہ	خبطیانا	سرخ قدرے سیاہ	ایک جڑ ہے بقدر ایک بالشت کے ذائقہ تلخ	گرم خشک	سینہ گرم مزاج	اسقولو قندریون	اسارون زراوند مدحرج	۳ ماشہ	ملطف، جالی، قابض اور محلل ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ صفائی کرتا ہے۔ سردی کا درد دور ہو۔ معدہ اور پسلی کا درد رفع ہو۔ ادرار کرتا ہے۔ پرمیو، جریان اور یرقان دور ہو مقوی باہ، سرکہ کیساتھ گھس کر لگانا کتے کے زہر کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک	خاصیت
پلاسنطور		شجرۃ البنی		ایک درخت ہے۔ مانند اندرجو کے۔	چھلکا گرم خشک					سدہ کھولتا ہے۔ پسینہ لاتا ہے۔ سودا کو قطع کرتا ہے تحلیل اور خشک کرتا ہے۔ اپنی قوتِ تریاقیت کے ساتھ مرگی، نسیان، نزول الماء، دمہ، آتشک، عرق النسا، بلغم اور سودا کے امراض کو مفید ہے۔
پلاس پاپڑہ				ڈھاک کا پھل	گرم تر					اس کا پینا پیٹ کے کیڑوں کو دور کرتا ہے۔ اگر نمک و پوست بلیلہ ہموزن گلاب میں پیس کر آنکھ میں ڈالنے سے جالے کو کاٹتا ہے۔ بواسیر کو مفید ہے۔
پنواڑ یا چکونڈ			پھول زرد	ایک دو بالشت اونچی بوٹی	گرم خشک ۲	احشا	چھاچھ	باچی	۲ ماشہ	جاذب ہے تحلیل کرنیوالا ہے۔ لیموں کے عرق میں حل کر کے لگانا برص، قوبا، کھجلی اور خارش کو مفید ہے۔ کھانے سے وبائی ہوا پاس نہیں آتی۔ باد اور صفرا اور شکم کو مفید ہے۔
پنیر	پنیر	جبن		حیوانات کے دودھ کا بنتا ہے	سرد تر	سرد مزاج	شہد صعتر پودینہ			دیرہضم ہے۔ طبع کو نرم کرتا ہے۔ نیک اور صالح خون پیدا کرتا ہے۔ معدہ، امعا، گردہ کو قوت دیتا ہے۔
پنیر مایہ	پنیرمایہ	انفحہ	سفید	حیوانات کے معدہ سے اکثر نکلتا ہے۔ مزا پھیکا قدرے شور	گرم خشک ۲	معدہ امعا		زرشک شہد	۱ ماشہ	معدہ و گردہ کو طاقت بخشتا ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ نکسیر و رطوبت رحم کے بہنے کو بھی روکتا ہے۔ لطافت بخشتا ہے۔ درد رحم و پیٹ کو نفع دیتا ہے۔ زہر سے پگھلائی ہوئی کو جما دیتا اور جمی ہوئی کو پگھلا دیتا ہے۔ اور جس نے مردار سنگ کھایا ہو۔ اس کو پیئے۔ تو مضرت دور کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک	خاصیت
پناک				ہندی پھول کا نام	خشک ۱ سرد					خون، بلغم اور سودا کا فساد دور کرتا ہے۔
پنک	لاقی	مل			سرد خشک ۲					بواسیر کو مفید، جلن دور ہو، اعضا کی سوزش کو آرام دے۔
پنڈول	خاک سفید	طین ابیض		سفیدی ہے جو گھروں میں لیپی جاتی ہے						قبض کرے۔ سرخ بادہ، صفرا، بثور کا فساد دفع کرے۔ اس کا فرزجہ رحم کو مفید ہے لیپ کرنے سے چہرے کا رنگ نکھارتی ہے۔
پنج چھیر	پنج شیر	ابین خمسہ		پانچ قسم کے دودھ والے درخت یعنی برگد، پیپل، گولر، باکر، پلاس	معتدل					قابض ہے۔ دمامیل، بثور، سوجن، خارش کو مفید، امراض فرج کو مفید، منی اور دودھ پیدا کرے و بڑھائے۔ ٹوٹی ہڈی کو جوڑے۔ اس کے پتے خشک ہوتے ہیں۔ بلغم باد خون کے امراض کو مفید، پھل اسکا ترح پیدا کرے۔
پنڈارو				نام دوا	سرد					بالخاصہ صفرا، باد، بلغم، خون اور اعضا کی سوجن کو مفید
پنڈارن				پنڈول کا ست	سرد تر					
پنجامل				ترکیب مرکبہ						یعنی بیل، دبنیت و ترش انار، بیر، لیمو
پنچمول				ترکیب مرکب دو قسم کی چھوٹی و بڑی	گرم خشک					بڑی یہ ہے۔ بیل، اگن، منت، پاڈل، کاسمبری، شیوناک۔ خاصیت یہ ہے کہ بھوک لگائے۔ باد، بلغم اور تنگی نفس دور ہو۔ چھوٹی یہ ہے۔ گوکھرو، سالپرنی، پرتھا، کھٹائی صفرا کو مفید

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پنچکول				ترکیب مرکبہ						یعنی کالی مرچ و فلفل دراز و سونٹھ وچاپ دو ج، باؤ گولہ، اپھارا، پسلی کا درد بلغم کا فساد اور درد مثانہ کو مفید ہے۔
پنسٹکی				جنگلی پودا ہے۔ ہاتھ بھر کا پتے مشابہ مہندی کے	گرم خشک					پتوں کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ کھانے سے سیلان الرحم اور اسقاط جنین کی تکالیف دور ہوتی ہیں۔ اس کا پھل مکو کا ہمشکل ہے۔
پنّا	زمرد	زمرد	سبز براق	ایک قسم جواہرات سے ہے۔ معدنی ذائقہ پھیکا	سرد ۲ خشک ۳	مثانہ	مشک	مونگہ زبرجد	۲ رتی	فرحت بخشتا ہے۔ اور حرارت اصلی و ارواح و دل و دماغ و جگر اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ مرگی، جنون، خفقان، جلندھر، اور پیشاب دیر میں آنیکو جذام کو مفید ہے بینائی کو اس کا سرمہ قوت دیتا ہے۔ زہروں کا تریاق ہے۔
پنڈالو			سفید	جڑ ہے۔ خشک شکرقند سے بڑی۔ ذائقہ پھیکا	سرد تر	دیر ہضم	کالی مرچ			پیشاب بار بار اور تھوڑا تھوڑا آنے کو مفید ہے۔ پیاس بجھے۔ باہ کو طاقت دے دل کو فرحت دے۔ سرخ بادہ اور صفرا کا فساد دور ہو۔ رکتالو، سنکھالو، کاشتالو مدھوالو اسی کی قسمیں ہیں
پوست	پوست خشخاش	قشر الخشخاس	سفید و ٹیالہ	مزا تلخ	سرد ۲ خشک ۱	ریہ	شکر مصطگی	افتیمون	۶ ماشہ	رادع ہے۔ سدہ پیدا کرتا ہے۔ صفراوی وخونی اسہال کو نفع دے۔ نیند آور ہے۔ امراض سینہ و کھانسی کو مفید
پوکرمل			سیاہ	ریشہ دار جڑ تلخ						ورم بلغمی و تپ بلغمی کو مفید

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پودینہ	پودینہ	فوتنیج	سبز	ایک قسم کی گھاس ہے مزا تلخ وتیز	گرم خشک ۲	امعا گردہ باہ	کتیرا رب السوس	گندنا	۷ ماشہ	لطیف کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سونگھنا متلی کو مفید۔ غشی کو دور کرتا ہے۔ سینہ اور گردہ کے فضلوں کو صاف کرتا ہے۔ ہچکی کو مفید، پیشاب، پسینہ اور جنین کا ادرار کرتا ہے۔ پہاڑی پودینہ قوی گرم کرتا ہے۔ نفث الدم کو مفید نافع قولنج، معدہ، جگر، طحال اور گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ سرکہ میں ملا کر لیپ کرنا بلغمی ورم اور مسوں کو مفید ہے۔
پپوئی				پان کی مانند پتہ ہے	سرد تر	بلغم پیدا ہو	شکر			نیند لاوے۔ منی کو بڑھاتے۔ جلے ہوئے عضو پر چھالا نہیں پڑنے دیتی۔ طلا کرنے سے امساک پیدا کرتی ہے۔ آلاتِ صوت اور حلق کو نرم کرے۔ گرم بخار کی روک ہے۔
پونڈا یا پونا	نیشکر کلاں	قصب السکر	سفید سیاہ بھورا	کئی قسم کا ہوتا ہے۔ ذائقہ شیریں	سرد تر	نفاخ سرد مزاج	انیسون			اعضا کو طاقت بخشتا ہے۔ دل کو فرحت دیتا ہے۔ مدر بول ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ گرم پیدا کرتا ہے۔ خون کو لطیف، مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ سرخ و سیاہ پونڈا صفرا کا فساد اور اعضا کی سوزش دور کرتا ہے۔ سفید قسم کا بھی ملین ہے۔ وہ پونڈا جس کے پتے سوئی کی طرح باریک بہت چھوٹے یا بڑے چوڑے ہوں سب بلغم دور کرتے ہیں۔ اور کھانے کے بعد معدہ جلن پیدا کرتے ہیں۔ چھیلا ہوا زیادہ بلغم پیدا کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک	خاصیت
پھالسہ	پھالسہ	فالسہ	سرخ سیاہ	ایک پھل ہے۔ پتے توت کے برابر ذائقہ ترش وشیریں	سرد ۳ خشک ۱	سرد مزاج	انیسون گلقند			دل معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے صفراوی دست وقے ہچکی اور تپ کی حرارت سینہ اور معدہ کی جلن، سوزاک، اور خفقان اور دلکی حرارت دور کرتا ہے اسکی جڑ کا چھلکا ٹکڑے ٹکڑے کرکے رات کو پانی میں بھگودیں۔ صبح کو پئیں۔ سوزاک پیشاب اور مثانہ کی جلن دور ہو۔
پھٹکری			سفید	ایک معدنی نرم چیز ہے کسیلی قدرے شور	گرم ۲ خشک ۳	ریہ امعا	دودھ گھی	نوشادر نمک	ایک ماشہ	خشک قبض اور جلا کرنیوالی، مصری کے ساتھ ایک ماشہ پینا گردہ مثانہ اور آنتوں کے زخم کو مفید ہے۔ گندنا کے پانی سے حمول کرنا رحم سے خون جانا بند کرتی ہے آنکھوں کی سفیدی اور دردسر کو رفع کرتی ہے۔
پھوٹ	نیار دشتی	قثاالبر		مشہور ہے	سرد تر	نفاخ	گڑ نمک مرچ	کچی خربزہ		مقوی دل دماغ بلغمی بخار پیدا ہو۔ دماغ کا سدہ کھولے، ملین طبع۔ مدر بول
پھرید				درخت ہندی	گرم ۳ خشک					پیٹ کے کیڑے اور بادو بلغم کا فساد خون وزہر کا لگاؤ دفع ہو۔ بدن موٹا ہو۔
پھوگ					سرد خشک					قبض کرتا ہے۔ بوجھل ہے۔ رکت پت اور بلغم کا فساد دور ہو۔
پیا بانسہ			سبز	جھاڑ دار بوٹا ہے قدآدم مزا تلخ	گرم خشک	گرم مزاج				تپ بلغم اور دمہ دفع ہو۔ شہد میں ملا کر کھانا نکسیر اور خون تھوکنے کو مفید ہے۔ مدر حیض، بول، بھوک لگائے اس کا غرارہ دانتوں کو مفید۔ اس کی جڑ کھانسی کے لئے مفید ہے۔
پیتنگ				ایک قسم کا شہد مانند گھی کے	گرم خشک	گرم مزاج	دودھ			محلل ریاح۔ سرد مزاج کو باہ پیدا کرے۔ صفرا اور خون اور سوزش اعضا پیدا کرے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پیاز	پیاز	بصل	سرخ سفید	سفید بہتر ہوتا ہے۔ ذائقہ پھیکا و تیز	گرم خشک مادہ رطوبت زائدہ	گرم مزاج نسیان پیاس پیدا کرے	سرکہ نمک شہد	عنصل کراث شامی	تولہ سے دو تولہ	مدربول، سنگ گردہ و مثانہ خارج کرے۔ سرکہ میں پکا کر استعمال کرنا مشتہی طعام و ہاضم ہے صفرا دہی متلی دور ہو۔ امراض چشم میں مفید ہے۔ کان میں ڈالنا ثقل سماعت کو نافع ہے۔ عرق نچوڑ کر پینا بچھو کے کاٹے کو مفید، اس کے بیجوں کا لیپ سیاہ داغ کو مفید ہے مبہی ہے۔ ریحی بیماریوں کو نافع، بدل تخم شلغم ہے۔
پیارانگا			زرد مائل بسرخی	جڑ ہے لمبی مزا تلخ	گرم خشک بارطوبت فضلیہ					محلل اورام، نافع درد سر، ام الصبیان، رتوندھی، آشوب چشم، کان درد، دانت درد، دمہ کو مفید ہے۔ سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ پیٹ درد کو دفع کرے
پیٹھہ	کدوئے رومی	محدبہ	باہر سبز اندر سفید	ایک قسم کا کدو ہے ذائقہ پھیکا	سرد ۲ تر ۱	سرد مزاج	مرچ سیاہ نمک	لوکی	بقدر حاجت	خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ منی زیادہ پیدا کرتا ہے۔ فربہی لاتا ہے۔ اسکا مربہ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ فرحت زاید کرتا ہے حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ گرمی کے خفقان کو مفید ہے۔ اس کا بیج اخلاط کو یعنی صفرا، جوش خون و حرارت جگر اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ مدربول ہے۔ اس کا تیل دماغ کی خشکی و بیخوابی کو دور کرتا ہے۔
پیپل			سبز	ایک بہت بڑا درخت جسے ہندو متبرک جانتے ہیں ذائقہ پھیکا	پتے چھال سرد خشک بقول بعضے خشک سرد					اس کی چھال کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ ناسور کو مفید، پتے محلل ہیں۔ زخم بھر لاتے ہیں۔ اور وہ پتے جو سوکھ کے گرتے ہیں۔ گرما گرم پانی میں ڈال کر پینا متلی اور قے کو مفید ہے۔ اسکی جڑ کی چھال امساک لاتی ہے منی کو گاڑھا کرتی و کمر کو قوت دیتی ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پیلو	درخت مسواک	اراک	سبز زرد	ایک درخت جسکی جڑ کی مسواک بناتے ہیں۔ ذائقہ قدرے شور	گرم خشک	سنج	کتیرا اسبغول	کیوڑہ صندل	۳ ماشہ	تحلیل کرے جلا کرے قطع کرے مقوی باہ، اسہال کو بند کرے۔ ورم رحم، بواسیر کھجلی اور جذام کو فائدہ بخش ہے۔ اسکا چھلکا صفرا کو بذریعہ اسہال باہر نکالے استسقا کو دفع کرے۔ اس کی مسواک دانت کی جلا کرے۔
پیوسی	زنک دفلہ	لبا	سفید	وہ دودھ جو حیوان نوزائیدہ سے دوہتے ہیں مزا پھیکا	گرم تر	سدہ لاوے	شہد میٹھا	پنیر		بدن کو فربہ کرتی ہے۔ مبہی ہے قبض وقولنج پیدا کرتی ہے۔ خلط خراب پیدا کرتی ہے۔
پیتل	برنج		زرد	مشہور دہات ہے	گرم خشک	پٹھے		تانبا		فساد ریاح وبلغم کو دفع کرتا ہے ورم طحال کو مفید، اور اس کے برتن کھانا پکانے میں استعمال کرنا اعضائی و دماغی کو مفید اور سینہ کو مضر
پیلا مول	بیخ فلفل	اصل الفلفل	خاکی	مشہور ہے۔ مزا قدرے تلخ	گرم خشک	بنیائی منی	گھی دودھ	سیاہ مرچ	۳ ماشہ	ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ ہاضم طعام ہے۔ بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ ورم طحال کو نافع ہے۔ جذام، ریاح باردہ، وجع المفاصل کو مفید ہے
پھیپھڑہ	شش	ریہ		مشہور ہے	گرم تر	معدہ	شکر حب الآس		۳ ماشہ	کمزور مریض جو گوشت کھانے سے راغب ہوں پھیپھڑہ کے نرم اطراف کاٹ کر بریاں کرکے دینا نافع ہے۔ مداومت اس کی مورث سل ہے۔ دیر ہضم اور قلیل الغذا ہے۔ بلغمی خلط پیدا کرتا ہے۔ اسکا گرم گرم ضماد کرنا ورم کو تحلیل کرتا ہے۔
پیچھ	آش چاول			چاول ابال کر جو گاڑھا پانی نکلتا ہے	سرد خشک	سرد مزاج مولد سدہ	کتیرا شہد	امرود	پاؤ بھر	قابض، پیاس بجھاتے۔ اگر اس میں مصری اور گلاب ملا کر مریض کو دیا جائے تو قوی ہو۔ دل کو طاقت دے گرمی اور خون کا جوش کم کرے۔

باب التاء الفوقانیہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تاڑ	تال	طار	سرخ اندر سفید	ایک بہت لمبا درخت پتے مثل ناریل مزا قدرے شیریں و بدبو	پختہ سرد خشک خام سرد تر عرق مرطب القوی	دیر ہضم نفاخ	قند عرق بید		حرام	باہ کو قوت دیتا ہے۔ فساد صفرا و خون کو دفع کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے روح کو قوت دیتا ہے۔ اسکی تازی نشہ آور ہے۔ اور مقوی ہے۔ فساد بلغم کو مفید ہے تازی کا سرکہ ہاضم ہے۔ درد معدہ و طحال کو نافع ہے۔
تالمکھانہ			بھورا	تودری سے مشابہ درخت مزا پھیکا	گرم خشک بارطوبت فضلیہ	گرم مزاج کیلئے نفاخ	سرد اشیا	ثعلب مصری و ڈیرمھلی	۷ ماشہ	قوت بخشتا ہے مفرح ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ ضماد کرنے سے ورم تحلیل ہو جاتے ہیں خارش، فساد صفرا و بلغم کو مفید ہے۔ جذام کو نفع دیتا ہے۔ دمے و کھانسی کو بھی مفید ہے۔ مقوی ہے۔ پھوڑے بھرلاتا ہے۔
تانبا	مس	نحاس	سرخ بھورا	مشہور دھات ہے نہایت کسیلا	گرم خشک	گرم مزاج	کتیرا		ایک ماشہ	فالج لقوہ اور سرد امراض کو مفید۔ سرکہ سے ملا کر لیپ کرنا داد اور ورم کو مفید، بواسیر دمہ، اعضا کی سوجن کو دور کرے۔ زخم بھرتا ہے۔ جلا ہوا تانبا مواد کو خشک کرتا ہے اور مجلی ہے۔ اکال ہے۔ زخموں کو صاف اور اچھا کرتا ہے۔ پرانے زخم کی اصلاح کرتا ہے
تارا مکھی		حجر النور	سرخ زرد بھورا	معدنیات میں سے ہے مزا پھیکا	گرم خشک	گرم مزاج اسکی کثرت قاتل ہے	کتیرا شہد	اقلیمیا		قابض ہے۔ گرمی پیدا کرے۔ محلل اورام، مقوی بصر، بچوں کے گلے میں لٹکاویں تو وہ سوتے میں ڈرنے سے محفوظ رہیں۔ اسکا مرہم ہمراہ ہڑتال ناسور کو مفید ہے۔ زخم کو بھرلاتا ہے۔ اسکا کشتہ اکثر امراض سرد میں مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
تالیسپر		زرنب	زرد مائل بہ سرخی سیاہی	ایک گھاس ہے۔ تند و تیز بو ذائقہ تند و تیز	گرم خشک	گرم مزاج	دھنیا جلاب نیم گرم	دھتورا جلاب نیم گرم	۷ ماشہ	مقوی جگر و معدہ محلل ریاح ہاضم آواز صاف کرتی ہے۔ کھانسی دمہ اور ہچکی کو دور کرتی ہے۔ بلغم کو زائل کرتی ہے۔ دستوں اور مثانہ کی سردی کو مفید ہے عسر ولادت کو نافع ہے۔ سموم کو مفید ہے۔ بھوک پیدا کرتی ہے۔
تتپی			سبز	ہندوستان کی ایک قسم کی گھاس۔ ذائقہ ترش	سرد تر ۲	ریہ	گوشت گرم مصالحہ	زیرہ خرفہ		گرمی کی قاطع، دماغ پر ابخرے چڑھنے نہیں دیتی۔ اسکا ساگ گوشت میں پکا ہوا اس کو بہت لذیذ بنا دیتا ہے۔ معدہ اور جگر کو قوت بخشتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔
تیتی		سداب	پتے سبز پھول زرد	بوٹی ہے جھاڑو دار ایک بالشت اونچی ذائقہ تلخ بدبودار	پتے گرم خشک ۳ تخم گرم خشک ۲	باہ منی بینائی درد سر	انیسوں سکنجبین	صعتر پودینہ	۱۰ ماشہ	پتے لطیف کرنیوالے ریاح اور نفخ کو تحلیل کریں مقوی دماغ، یرقان، قولنج ریحی، سینہ و دماغ اور امراضِ طحال کو مفید، سنگ گردہ و مثانہ کو توڑتی ہے۔ مدر بول و حیض لیپ کرنے سے کھجلی کو مفید ہے اس کے بیج شہد کیساتھ کھانا کابوس اور مرگی کو مفید، مقوی بصر، جنگلی تلی کا مکانات میں رکھنا حشرات الارض اور ہوام سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کی درخت کی چھال کا لیپ ہمراہ شراب کے گنج کو مفید ہے۔
تج	تج	قرفہ سلیخہ	سرخ غبار آلود	ایک درخت کا چھلکا ہے۔ ذائقہ قدرے شیریں	گرم خشک ۲	مثانہ	سپستان کتیرا	دارچینی	۷ ماشہ	مادہ کو پکاتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے۔ ریاح کو تحلیل سرد ورم کو نرم کرتا ہے۔ لطیف اور گرم کرتا ہے تینوں خلطوں کو دفع کرتا ہے۔ ادرار کرتا ہے۔ مقوی بصر، نزلہ، زکام، دمہ، بواسیر کو مفید ہے۔ سرکہ میں ملا کر لیپ کرنا ورم کو تحلیل کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تخم بلسان	تخم بلسان	حب بلسان	سیاہ	بیج ہیں مشابہ کالی مرچ مزہ تلخ	گرم خشک ۲	مثانہ	کتیرا	عود بلسان جاوتری کی جڑ	۷ ماشہ	معدہ اور ہاضمہ کو قوت بخشے۔ معدہ کی سردی دفع کرے۔ امعاء کی رطوبت خشک کرے جگر کا سدہ کھولے۔ ریح اور اپھارہ کو طاقت دے۔ جلندھر، عرق النساء، امراض دماغی سوداوی اور بلغمی کو مفید ہے۔
تربوز	ہندوانہ	بطیخ ہندی	سبز سیاہی مائل و بیج سرخ و سیاہ	مشہور پھل ہے شیریں	سرد تر ۲	معدہ طحال سر	شہد قند			پیاس، صفرا و حرارت و حدت خون کو فرو کرتا ہے۔ مدر بول، پتلا خون و بلغم پیدا کرے۔ گرم تپ کو مفید، سکنجبین کے ہمراہ یرقان کو نافع۔ اس کا پانی دیر ہضم، گرم مزاج کو موافق، اس کے بیج مواد متحرکہ کو بٹھاتے ہیں۔ بدن کو فربہ کرتے ہیں۔ سینہ کی کرختگی، گرم کھانسی، سوزش بول کو مفید، پتھری توڑے، ریگ خارج کرے۔ سرد مزاج کے لئے مضر، مصلح شہد، بدل تخم کدو، مقدار خوراک ایک تولہ۔
ترمرہ	ترہ تیزک	جرجیر		گھاس ہے چند قسم کی بعض کے پتے نرم و سرخ بعض کے زرد و سخت ذائقہ تیز	گرم خشک	مولد دردسر بصر	کاسنی خرفہ	تودری	۴ ماشہ	جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہے۔ منی و دودھ پیدا کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ اور جلا کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔
ترمرہ کے بیج	تخم ترہ تیزک	بزر الجرجیر	سفید مائل بہ سرخی	ایک قسم کے بیج ہیں ریزہ ریزہ برابر حب الرشاد کے۔	گرم خشک	مولد جذام	کتیرا و دودھ	تخم پیاز تودری	۵ ماشہ	باہ کو زیادہ کرتے ہیں۔ اور محرک باہ بھی ہیں جسم کو فربہ کرتے ہیں۔ بلغم کو بذریعہ قے خارج کرتے ہیں پیشاب اور دودھ جاری کرتے ہیں۔ ریاح کو تحلیل کرتے ہیں۔ انکا لیپ سیاہ داغ اور چہرے کی کدورت و سیاہی اور داد کو مفید ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ترنجبین		ترنجبین	سفید زردی مائل	خراسان میں ایک درخت ہوتا ہے جس پر شبنم پڑتی ہے اور جم جاکر ترنجبین ہو جاتی ہے شیریں	گرم تر ا	طحال گرم مزاج	عناب تمر ہندی	شیر خشت و شکر سرخ	۳ تولہ تا ۵ تولہ	طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ کھانسی کو بھی نرم کرتی اور فائدہ دیتی ہے۔ مادہ صفراوی کو نرمی کیساتھ براہ دست نکالتی ہے۔ اخلاط کو حرکت میں لاتی ہے۔ درد سینہ، متلی اور گرمی کے بخاروں کو مفید ہے اور جلا کرتی ہے۔ تینوں خلطوں کا اخراج کرتی ہے۔
ترپھلا		اطریفل		ہڑ، بہیڑہ، آملہ ہر سہ برابر	[illegible]					طبع کو نرم کرے۔ معدہ جگر اور دماغ کو طاقت بخشے۔ تینوں خلطوں کا فساد دفع کرے امراض رحم، سیلان منی، بواسیر، تپ اور خفقان کو مفید جوانی قائم رکھے بال سیاہ کرے
ترنج	ترنج	اترنج		مشہور پھل ہے بمشابہ لیموں		جگر و دماغ گرم مزاج	شہد بنفشہ	لیموں کا پانی	۱ تولہ ۵ ماشہ	مقوی دل، جگر و معدہ ہے۔ صفراوی قے کو تسکین دیتا ہے۔ مرہ صفرا کو قطع کرتا ہے مشتہی ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ حرارت جگر کو تسکین دیتا ہے۔ خفقان و یرقان کو نافع ہے۔ اسکا پوست اگر شراب میں ڈالیں اسی وقت سرکہ ہو جاتے۔
تگر	تگر	اسارون	زرد	ایک گھاس کی جڑ ہے بہت گرہ دار کچھ لمبی اور کچھ ٹیڑھی نہایت خوشبو دار	گرم خشک ۳	ریہ	مویزج	وج سونٹھ	۱ تولہ ۱۰ ماشہ	معدہ، دماغ، گردہ اور جگر کو اخلاط رطبہ سے پاک کرتی ہے۔ نیز طاقت دیتی ہے۔ اس کو اکیلا یا دیگر ادویہ مناسبہ کے ہمراہ پینا امراض بارده و رطبہ دماغی مثلاً مرگی لقوہ، فالج، استرخا، تشنج امتلائی اور حذر کو مفید ہے۔ درد مفاصل، عرق النساء اور نقرس کو فائدہ مند ہے۔ باہ پیدا کرتی ہے۔ پیشاب اور حیض جاری کرتی ہے درد گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبعیت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تل	کنجد	شمسم	سیاہ سفید	مشہور ہے	گرم تر	دیر ہضم	بریاں کرنا شہد	برز کتان	ا تولہ ۵ ماشہ	مقوی باہ ہے، ورم کو تحلیل کرے۔ منی کو پیدا کرے۔ بدن کو تیار کرے۔ مدر حیض ہے مثانہ، بواسیر اور کھانسی کو مفید، حمل ساقط کرتا ہے۔ تکان رفع کرتا ہے۔
تلسی	ریحان	شاہ سفرم	سبز مائل بہ زردی تخم سیاہ	ایک درخت ہے۔ بقدر گز گز، خوشبودار اور خوشنما، تیز و تیز بو، تخم پھیکا و لعابدار، جنگلی تلسی ایک قسم کی گھاس ہے مزا تیز تلخ و تیز بو	گرم خشک	دماغ ریہ	دھنیا گلاب	بادرنجبویہ تخم کا کنوچہ	۶ ماشہ	دماغ کا سدہ کھولتی ہے مجلّی اور رام ہے۔ ریاح کو دفع کرتی ہے۔ خفقان کو و ضعف معدہ کو دفع کرتی ہے۔ فساد غلیظ خون کو دور کرتی ہے! اسکا گھر میں رکھنا حشرات الارض خصوصاً کھٹمل و جوں کو دفع کرتا ہے اس کے بیج پیچش کیلئے بیحد مفید ہیں ہمراہ تسکمہ۔ اور کھانسی و سینہ کی کھرکھراہٹ کو مفید اور منی کو گاڑھا کرتے ہیں جنگلی تلسی ورموں کو تحلیل کرتی ہے خاص کر بلغمی ورموں کو۔ اسکی پتی کا رس اگر کان میں ٹپکانے سے انت کے کیڑے مر کر نکل جاتے ہیں۔ یہ ایک اس کی خاص خاصیت ہے۔
تمباکو	تمباکو	تمباک	زرد مائل بہ سرخی	ایک چھوٹا سا پودا ہے پتے بڑے موٹے ہوتے ہیں تند بو	گرم خشک ۳	دل دماغ گرم مزاج	دودھ تازہ			پیاس لگاتا ہے۔ دھواں اسکا فساد ہوائی و وبائی ہے اس کی بلاس دماغی رطوبت کو پاک کرتی ہے۔ درد رطوبی دندان، بو، بلغمی و کھانسی ضیق النفس رطب کو کھینچتا ہے۔ اور چبانا اس کا نافع ہے اس کا دھواں رافع قبض ہے۔ پینا حقہ کے پانی کا جو بند ہو گیا ہو، جلندر کو مفید ہے۔ اس کی میل جو چلم یا نے میں ہوتی ہے۔ ناسور کو مفید ہے لونگ کیساتھ لگانا درد سر شقیقہ کو مفید ہے اسکا پتہ نیم گرم ورم خصیہ کو تحلیل کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
تن			زرد	درخت ہے جس سے رنگتے ہیں	سرد					بہت قابض ہے۔ باہ پیدا کرتی ہے۔ جلدی امراض کو مفید ہے۔
تنتروی خطائی	تنتروی خطائی	شاہ چینیا	صندلی	چینی حنا کے پتوں کی ٹکیاں چین میں بنی ہوئی۔ ذائقہ تلخ	مرکب القوٰی	ریہ	کتیرا	جدوار	۲ ماشہ	ورم کے مادہ کو پختہ کرتی ہے اور تحلیل کرتی ہے۔ گرم و سرد ورموں کو تحلیل کرے۔ قابض ہے۔ درد سر کو مفید ہے۔ جریان خون کو نافع۔ اسکی باریک چنکی زخم چشم و ذکر کو مفید ہے۔
توتیا	دودیا	طوطیا	زنگاری	حجری جسم ہے معدنی بھی ہوتا ہے مصنوعی بھی۔ مزا تیز شور	گرم خشک	مقی	بریاں کرنا شہد	نیلا تھوتھا شادنج	۲ ماشہ	گوشت کو کھانیوالا، نہایت خشک، زخموں کو جلا دیتا ہے آنکھوں کا جالا کاٹنے میں عجیب اثر رکھتا ہے۔ اگر ہضم ہو جائے تو قاتل ہے۔
تودری سفید و سرخ	تودری سفید سرخ	بزر الحمحم ابیض و احمر	سفید و سرخ	بیج ہے۔ گول اسبغول سے بڑا۔ مزا قدرے تلخ	گرم تر ۲	احشاء	زرشک	بہمن سرخ و سفید	۷ ماشہ	بدن کو فربہ کرتی ہے ورم کو تحلیل کرتی ہے منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ باہ اور بھوک پیدا کرے لیپ کرنیسے ورم کو تحلیل کرے۔ سرخ تودری بھی سب فائدوں میں سفید کی مثل ہے
توت میٹھا	توت شیریں	توت حلو یا نبطی	سفید سیاہ	مشہور ہے۔ ذائقہ شیریں	گرم ۱ تر ۲	معدہ درد سر پیدا کرتا ہے	سکنجبین			اچھا خون پیدا کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے جگر و طحال کی اصلاح کرتا ہے جسم کو فربہ کرتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ گردہ کی چربی کو قوت دیتا ہے۔ زبان و حلق پر مواد نہیں گرنے دیتا۔ اس کا شربت گلے کے درد کو نافع ہے۔ اسکے پتوں کے جوشاندہ کا غرغرہ گلے کے درد و خناق کو مفید ہے۔ اسکی کلی دانتوں اور مسوڑھوں کے درد کو مفید ہے۔
توت کھٹا	توت ترش	توت حامض	سفید سیاہ	مشہور ہے ترش	سرد ۲ خشک ۱	سینہ	شہد	آلو بخارا		صفرا کی حدت کو توڑتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ جوش خون کو بھی تسکین دیتا ہے۔ ابخرات دماغ پر چڑھنے نہیں دیتا۔ اسکا شربت نزلہ کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
توری			سبز	مشہور ترکاری ہے ذائقہ پھیکا و تلخ	سرد و تر یا لزوجیت	نفاخ	گوشت سونٹھ	چچینڈا		اعضا کو طاقت بخشتی ہے۔ خام بلغم کے مادہ کو نضیج دیتی ہے۔ جلندر اور بدن کی زردی دور کرتی ہے۔ مزاج کی حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ نرم کرتی ہے۔ اسکا پھل سرد خشک ہے۔ صفرا، بلغم اور سودا کو دور کرے۔
تونبڑی یا تونبہ	کدوئے تلخ	قرع المرد		مشہور ہے	گرم خشک ۳	معدہ	قے کرنا گھی کھانا			اس کے بیجوں سے قے کرنا پرانی کھانسی کو مفید ہے۔ سونگھنا پانی میں ملاکر یرقان کو نافع ہے۔ دانتوں کے درد کو فایدہ بخش۔ اسکی جڑ کا لیپ کرنے سے ورم تحلیل ہو صفرا دور ہو۔ اس کے بیج کے تیل میں پارہ گرہ ہو جاتا ہے۔
توتیائے کرمانی مغسول	سنگ بصری	طوطیائے کرمانی مغسول		مشہور ہے	مغسول سرد خشک و دیگر گرم خشک	سدہ پیدا کرے	شہد	شادنج توبال نحاس مغسول	۲ ماشہ	مقوی بصر ہے۔ روشنی کو قوت دیتا ہے۔ رحم کی رطوبت جذب کرتا ہے۔ آنکھ، ناک اور پھیپھڑے اور مقعد کے زخم کو مفید ہے۔ بغل کی بو دور کرتا ہے۔ زخموں کو خشک کرتا ہے۔
توہر		رقوم	سبز	ایک درخت ہے دو دھارا ذائقہ نہایت تلخ	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج قاتل	تازہ دودھ	لفظ	۴ رتی	ریاح کو تحلیل کرے، تینوں خلطوں کو دفع کرے، جلاکر نیوالا مسہل قوی ہے۔ لیپ کرنے سے چیچک کے داغ دور کرے۔ اس کا دودھ طلا میں مستعمل ہے۔
تھن	پستان	ضرع		مشہور	سرد خشک	سرد مزاج	مصطگی کلیجن			اگر ہضم ہو۔ تو صالح غذا ہے۔ وگرنہ خلط خام بلغمی پیدا کرے۔ مدر بول زنان ہے دودھ زیادہ کرتی ہے۔ اسکا بھون کر کھانا مصلح ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تیتر	تیہو	دراج	خاکی وسیاہ	ایک چڑیا ہے۔ مثل چکور کے	معتدل	گرم مزاج	ترشیان			اس کا گوشت چکور اور فاختہ سے بہتر ہے۔ جوہر دماغ، فہم، حافظہ اور منی کو زیادہ کرتا ہے! اسکا خون اور پیٹ جالی ہے۔ آنکھ کی سفیدی کو رفع کرتی ہے۔
تیزپات		سانج ہندی	بھورا	پتے ہیں۔ خوشبودار گول بیر کی شکل کے ذائقہ تیز	گرم ۳ خشک ۲	مثانہ ریہ	شربت بہی مصطگی	تج سنبل ہندی	۴ ماشہ	ارواح کی حفاظت کرتا ہے۔ اخلاط کو بھی محفوظ رکھتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے۔ فربہ کرتا ہے ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ معدہ کی اصلاح کرتا ہے! اعضاء شکم کو قوت دیتا ہے۔ حواس کو بھی قوی کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ وسواس وجنون کو نافع ہے۔ بھوک بھنے کو مفید، اس کی دھونی لڑکا جلدی پیدا کرتی ہے۔
تیلق		ذراریح	سرخ و سیاہ	کیڑا ہے زنبور کے برابر	سرد خشک ۳					اس کو لگانے سے جلد پر زخم کر دیتا ہے۔ اس کی راکھ طحال کا سدہ کھولتی ہے۔ گردہ ومثانہ کی پتھری توڑتی ہے۔ مدر حیض ہے۔ باؤلے کتے کے کاٹے کو مفید ہے۔
تیندوا	پلنگ	نمر		مشہور درندہ ہے	گرم خشک	پتہ قاتل ہے	دودھ سے قے کرنا			اس کی چربی کا طلا امراض باردہ۔ فالج، خدر، نقرس اور درد مفاصل کو مفید ہے اس کے خون کا سرمہ آنکھوں کے امراض رفع کرتا ہے۔ دو دانگ تین ساعت میں ہلاک کر دیتا ہے۔ تیندوا شراب کو بہت پسند کرتا ہے۔
تیواج	تیواج		زرد	اندرجو کے درخت کی چھال						درد سر اور درد دانت کو مفید ہے۔ مرطوب نزلہ کو دفع کرے۔ نکسیر بند کرتی ہے اس کی دھونی خون کو بند کرتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب التاء الہندی										
ٹڈی	ملخ	جراد ایر		ایک جانور مختلف رنگ کا۔ نباتات کو تباہ کر ڈالتا ہے۔	گرم خشک	گرم مزاج	سکنجبین انار میخوش			مبہی ہے۔ امراض قصبۃ الریہ و تقطیر البول کیلئے فائدہ مند ہے۔ جذام کو بالخاصہ نافع۔ اس کی دھونی عسر البول و بواسیر کو نافع ہے۔ تازہ فربہ بریاں شدہ ٹڈیاں بچھو کے کاٹے کو مفید ہیں۔
ٹھیکری	سفال	خزف		مشہور	خشک سرد	پٹھے	روغن بنفشہ	قیشور	۹ ماشہ	اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے منجن دانتوں کو صاف اور مسوڑھوں کو طاقت دیتا ہے۔ کوری ٹھیکری جریانِ خون بند کرے
ٹیسو	گل پلاس		زرد سیاہ سرخ	ڈھاک کے درخت کا پھول پھیکا قدرے تلخ	سرد خشک	قابض	خاکسی نمک شور	گل بابونہ نانخونہ	تولہ	تینوں اقسام کے خلط کا فساد دفع کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ مثانہ کے درد خصیوں کے ورم کو دور کرتا ہے۔ اس کا نقوع سوزاک کو مفید، سفید رنگ کا پھول مقوی باہ ہے۔
باب الثاء المثلثہ										
ثافیا	تافیا		سفید	ایک گوند مشابہ انزروت پتے ہمشکل سونف تلخ تند و تیز ذائقہ	گرم خشک ۳	مثانہ آلاتِ بول	حب الآس جوز	حرف بابلی	۹ قیراط	محلل و منضج و جاذب و قے آور و مسہل بلغم غلیظ و جہت استرخائے مفاصل بارد و درد پہلو و لطحالِ اشتہا و تحلیل ریاح و داء الثعلب و اسقاط دانہ بواسیر کے نافع ہے۔ اس کا ضماد بال اگنے اور درد زانو اور نقرس اور مفاصل کو دور کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک (مقدار)	خاصیت
ثعلب مصری	خایۂ روباہ	خصیتہ الثعلب	سفید	ایک قسم کی جڑ ہے لیسدار ذائقہ پھیکا	گرم تر ۱	فم معدہ	شکر آنولہ	تخم گاجر شقاقل	۹ ماشہ	منی پیدا کرتی اور باہ کو زیادہ کرتی ہے عصب کو طاقت بخشتی ہے فالج لقوہ کزاز امراض دماغی کو مفید ہے۔ اسقاط حمل نہیں ہونے دیتی اسکی بو منی کی بو کے مشابہ ہے۔ بال اگاد ہے۔
باب الجیم										
جار النہر		جار النہر	سبز	گھاس ہے ہمشکل نیلوفر پانی کے اوپر بغیر پھل پھول۔ تلخ	سرد خشک	عصب	شکر	بطباد	۳ ماشہ	خونی دست بند ہوں۔ پیاس کم ہو۔ ورم کو تحلیل کرے۔ تازہ زخموں کو بھر کر خشک کرے قروح خبیثہ عفنہ اور حکہ کیواسطے طلاً و ضماداً نافع ہے اور مرہم بنا کر استعمال کرنا مفید ہے
جام پھل یا سفری آنبہ			سفید سرخ	ایک درخت کا پھل ہے مثل سیب کے، کچا کسیلا پکا۔ میٹھا	گرم تر	سرد مزاج				فرحت بخشتا ہے۔ دل و معدہ کو قوت دیتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ کچا پھل قابض ہے۔ اس کے درخت کے پوست جس میں ابھی پھل نہ آئے ہوں کا خیساندہ اسہال رطوبی کیلئے بیحد مفید ہے۔
جام گھاس			سبز	اس کی جڑ پیاز کے برابر ہوتی ہے۔	گرم خشک					اس کے پتے اور شاخیں کھانیسے جلندھر دور ہوتا ہے۔ اس کی جڑ کی گولیاں ہمراہ کالی مرچ کے بقدر چنے کے کیلے کے اندر رکھ کر کھاویں اوپر سے دو لقمے چاول کے کھاویں۔ کیسی ہی تے آتی ہو۔ بند ہو جاوے اسکی جڑ پاؤ بھر باریک کر کے پاؤ بھر گھی اور عرق لیمو اس میں خوب ملا دیں۔ زخموں کیلئے عمدہ مرہم ہے۔ ایک ہفتہ بعد متعفن ہو جائے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
جامن			سیاہ	ایک بہت بڑے درخت کا پھل ہے انگور سے بڑا کسیلا قدرے شیریں	سرد ۲ خشک ۳ بارطوبت فضلیہ	دیر ہضم نفاخ	نمک			صفراوی دستوں کو بند کرتا ہے۔ گرم مزاج والوں کے معدہ وجگر کو قوت دیتا ہے باہ اور بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ جوش خون وصفرا کو دفع کرتا ہے۔ اسکی گٹھلی منی کو گاڑھا کرتی ہے باہ کو قوت دیتی ہے۔ اسکے عرق کا سرکہ ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے۔ اور ہاضم ہے
جائی بڑی	یاسمن بری	صیان	اودہ و سیاہ	پھول ہے چنبیلی سے چھوٹا کسیلا	گرم خشک ۳	گرم مزاج				اس کا پانی زخم کو نافع ہے۔ امراض چشم کو مفید ہے۔ اس کا عطر مقوی دماغ۔ اس کا غرارہ کرنا منہ سے رال جانیکو بند کرتا ہے۔ اور چھالے نکلنے کو مفید ہے۔
جائفل	جوزبوا	جوزالطیب	بھورا	ایک درخت کا پھل ہے قدرے تلخ وتیز زیادہ	گرم ۲ خشک	جگر ریہ مولد دردسر	دھنیا بنفشہ شہد	جاوتری	۹ ماشہ	فرحت بخشتا ہے۔ لطیف کرنیوالا ہے۔ ہاضم مقوی معدہ وفم معدہ وجگر، صلابت جگر و سرد مزاج کی باہ کو مفید ہے۔ دل، سرد ورم طحال، استسقار لحمی، بلغم شور کی حرارت کو دفع کرتا ہے۔ نشہ دار حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے
جاوشیر	گاوشیر	جاوشیر	ظاہر سرخ اندر سفید	نبات کا گوند بودار۔ بہتر وہ ہے جسکے ریزے پستے وقت سفید نظر آویں خوشبو ختہ سیاہ ہو	گرم خشک ۲	خصیہ	مرکی جوز	ہموزن زہرہ زہ یا انجیر کا دودھ	۴ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ سدہ کو کھولتی ہے اعصاب کو قوت دیتی ہے امراض سرد دماغی وعصبانی مثل فالج لقوہ مرگی رعشہ دردسر بلغمی کو مفید ہے۔ اس کا دانت پر ملنا اور کرم خوردہ دانت کے سوراخ میں بھر دینا درد کو تسکین دیتا ہے۔ شہد کیساتھ قروح مزمنہ وآتشک کو مفید ہے۔
جرانکس	کاہ مکی	اذخر	زرد	خوشبودار گھاس ہے تیز بودار تیز ذائقہ	گرم خشک ۲	گردہ گرم مزاج دردسر ہو	گلاب نیلوفر صندل	کوٹھ زعفران چرائتہ	۲ ماشہ	سدہ کھولے پتھری توڑے جگر کا سدہ کھولتی ہے اخلاط پکاتے پسلی کا درد رفع ہو۔ فالج لقوہ تشنج اور استسقاء وغیرہ کو مفید، مقوی معدہ اور دانتوں کو صاف کرتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
جعفری کا پھول			زرد سرخ	مشہور ہندی پھول ہے مزا قدرے تلخ و پھیکا	گرم خشک ۲	درد سر ہو منی کم ہو	کاسنی بادرنجبویہ			گرمی کرتا ہے۔ ورموں و ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ ہاضم ہے قبض کرتا ہے۔ پیشاب جاری کرتا ہے۔ مثانہ کے پتھوں کو توڑتا ہے۔
جست	رومی توتیا	شبہہ	سیاہ	معدنی جسم ہے	گرم خشک ۲	تلی قولنج	شہد	.	۳ ماشہ	اس کے برتن میں کھانا یا پینا دل معدہ کو طاقت بخشتا ہے۔ عرق مکو میں گھس کر لیپ کرنا ورم گرم کو مفید ہے۔ سرمہ سفیدی چشم کو نافع ہے۔
جل پیپل	پیپل آبی		سیاہ	ایک قسم کا دانہ کالی مرچ کے برابر، تیز بو	سرد خشک					قابض ہے۔ دل اور آنکھ کو طاقت بخشتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ فساد خون، بثور اور دمامیل بلغم اور سینہ کی جلن دور کرے۔
جل کھمبی		سطر الیوس	سبز	گھاس ہے بے جڑ پانی پر ہوتی ہے۔ تلخ مزا	سرد تر					گرم ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ سرکہ میں ملا کر لیپ کرنا زخم کو مفید ہے۔ سوزش بول کو دفع کرے، ادرار کرے، حبس خون اور اعضاء کے زخم کو مفید ہے۔
جل نیم			سبز	بوٹی ہے پانی کے کنارے ہوتی ہے۔ تلخ و تیز مزا	گرم خشک ۲	کمزور کو	روغن		۹ ماشہ	بلغم و سودا کو دست کی راہ نکالے، خون صاف کرے۔ کھجلی، آتشک اور جذام کو مفید ہے۔
جمالگوٹہ	تخم بید انجیر خطائی	حب السلاطین	باہر سیاہ اندر سفید	تخم ہے چکنا	گرم خشک ۲	قوی مسہل گرم مزاج کو قے لاوے	دودھ چھاچھ	رینڈی	۱ عدد	قوی مسہل ہے۔ جلا کرتا ہے رطوبت جذب کرے۔ سدہ کھولے۔ آتشک، جذام، جلدی و سرد امراض کو نفع دے۔ اسکا تیل بھی دست آور ہے۔ اسکے تیل کا ضماد مقوی باہ ہے۔ شہد میں ملا کر مرگی و ڈبہ کو مفید ہے۔ بغیر مدبر ہرگز استعمال نہ کریں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
جنگری				لیموں کے مانند پھل ہے	گرم خشک ۲	مولد صفرا بلغم	سونف	مربح کبابچینی	۲ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرے۔ بھوک پیدا کرے۔
جوانسا	خارشتر	حاج	سبز	خاردار پودہ ہے۔ کسی قدر تلخ و تیز	گرم خشک ۲	سرد گردہ	کتیرا گل نیلوفر	خندقوقی سندرس	۲ ماشہ	مواد کو توڑتا ہے۔ سدہ کھولتی ہے، جلا کرتی ہے۔ سموم کا تریاق ہے۔ درد مفاصل بلغمی و سرد امراض دور کرے۔ پرانا درد سر دور ہو۔ مدر ہے۔ اسکا مربہ پھوڑے کو مفید ہے۔ اسکا تیل گٹھیا دور کرے۔
جوار	درہ مکہ	حنطہ رومیہ خندروس	زرد سرخ	مشہور غلہ	سرد خشک مائل بہ حرارت	ثقیل نفاخ	گلقند			قابض طبیعت ہے۔ سل کو نافع ہے۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ بلغم کو تحلیل کرتی ہے۔ ثقیل اور لیسدار ہے۔ غذائیت گیہوں سے کم چاول سے زیادہ
جواکھار		نطرون	سفید	ایک قسم کا نمک ہے۔ شور و تلخ	گرم خشک ۲	قے لاتے	بنسلوچن صمغ عربی	نمک تلخ	۴ ماشہ	ورم، ریاح اور بلغم کو تحلیل کرتا ہے۔ قولنج کو نافع ہے۔ مناسب ادویہ کے ہمراہ بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔ سدہ کھولے، پتھری مثانہ کی توڑے۔ ہاضم ہے۔
جو	جو	شعیر	زردی مائل	مشہور غلہ ہے ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۱	مثانہ امعا	روغن گرم مصالحہ			خشکی پیدا کرتا ہے۔ قابض اور قلیل الغذا ہے۔ مواد کو پختہ کرتا ہے۔ جوش خون کو فرو کرتا ہے۔ اور صفرا و پیاس، گرمی کے بخار کی حدّت کو بھی تسکین دیتا ہے۔ سل، دق، کھانسی، گرمی کے سر درد اور ذات الجنب کو مفید ہے۔ مدر بول ہے۔ اس کا آش نہایت ہی بلحاظ دوائیت و غذائیت عمدہ اور مفید ہے۔
جو برہنہ	جو برہنہ	شعیر العریاں	زردی مائل	یہ بھی غلہ ہے مشہور مزہ ذائقہ	گرم خشک	نفاخ	بادیاں			دودھ کے ہمراہ اسکا کھانا جسم اور گردہ کو فربہ و قوی کرتا ہے۔ اسکا حریرہ گھی کے ہمراہ سینہ و گردہ و مثانہ کو پاک کرتا ہے۔ مقوی ہے۔ اس کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
جوزی	بزباز	بسباسہ	سرخ زردی مائل	جوز کے اوپر کا پوست ہے تلخ تیز وتیز بو	گرم خشک ۲	جگر دردسر لائے	صندل گلاب	جاپھل	۳ ماشہ	فرحت بخشتی ہے۔ معدہ، جگر، باہ کو قوت بخشتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ رطوبت خشک کرتی ہے رحم کو قوت دیتی ہے۔ ریاح اور باطنی سختی کو تحلیل کرتی ہے۔ فضلات کو معدہ پر گرنے نہیں دیتی۔ لطیف کرتی ہے۔ ہاضم ہے۔ مثانہ کی پتھری توڑتی ہے۔ اسکا لتہ ترکیا ہوا رکھنا بعد حیض کے حمل قائم کرنیمیں مدد دیتا ہے۔ باہ لاتی ہے۔ لذت پیدا کرتی ہے۔
جوزالسرو	جوزالسرو	جوزالسرو	بھورا	سرو کا پھل ہے ذائقہ پھیکا مگر قدرے تلخ	سرد خشک ۳	سدہ پیدا کرے	شہد روغن بادام	انزروت انار کی جڑ	۲ ماشہ	معدہ، جگر، تلی، امعا اور اعصاب کو قوت بخشے۔ رگوں میں سے رطوبت کو جذب کرے۔ قابض ہے ممسک منی نسیان کو مفید آواز صاف کرے منہ خوشبودار ہو۔
جوزجندم	جوزجندم		سفید زردی مائل	ایک رطوبت جو تھر سے پیدا ہوتی ہے۔	گرم خشک ۲	مثانہ مولد سدہ	سکنجبین بزوری		۲ ماشہ	مقوی باہ ہے۔ بدن کو فربہ کرے، پتھری توڑے، شہوت کم کرے۔
جونک	دیوچہ زلو	علق		مشہور آبی کیڑا ہے	سرد خشک					اسکا طلا ذکر بڑھاتا ہے اس کے دہونیں سے کیڑے مکوڑے حشرات الارض بھاگتے ہیں اسکا دھواں اگر تنور میں جائے تو روٹیاں گر پڑیں آئینہ گروں کی بھٹی میں آئینوں کو گرا دے۔ اسی نام کی ایک بوٹی بھی ہوتی ہے جسکی پھلی ایک گز ہوتی ہے سوزاک، صفرا، باد، کف کو مفید برسات میں خراب جگہ پیدا ہوتی ہے
جھاؤ	گز	طرفا مائل		مشہور دریائی درخت	سرد ۱ خشک ۲	سپر	شہد	گلنار	۷ ماشہ	قبض کرے، مواد لوٹائے۔ تحلیل کرے۔ جگر کا سدہ کھولے۔ جگر وطحال کا ورم دور ہو خون جانا بند ہو۔ جھاؤ کے برتن میں پانی پینا ورم طحال کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
	سنجد کنار صحرائی	غبیرا	سرخ	جنگلی بیر ہے۔ مشابہ عناب ترش مزا	سرد ۱ خشک ۲	معدہ مولد سرفہ	شکر	بیر	۲۰ عدد	فرحت بخش، مقوی دل، اسکا سفوف قابض ہے صفراوی قے و دستوں کو مفید۔ اسکے درخت کا پوست دانتوں کے امراض اور منہ آنیکو مفید ہے۔

باب الجیم الفارسی

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
چاکسو	چشمیزج و چشمک	قشمیزج وجہتہ السودا	سیاہ	ایک دانہ ہے بقدر مسور ذائقہ قدرے تلخ	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	دھنیا سبز	طوطیا	۲ ماشہ	جلا کرتا ہے۔ اور قابض ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ مقوی بصر ہے۔ آنکھ کے ڈھلکے اور جالے کو نافع ہے۔ زخموں کو مفید ہے خاص کر ذکر کے۔ آشوب چشم کو مفید ہے اسکا لیپ ۲۱ عدد قدرے برادہ صندل کا خیسانده بول الدم کو مفید ہے۔
چاندی	نقرہ سیم	فضہ		دھات مشہور	سرد خشک	امعاء مثانہ	کتیرا شہد	فیروزہ	۲ ماشہ	دل و معدہ کو طاقت بخشتی ہے۔ قوت حیوانی، گوشت، چربی، مغز، ہڈی و منی کی حفاظت کرتا ہے۔ زیادہ فربہی کو مفید ہے۔ اسکا ورق مفرح ہے امراض قلب کو مفید، مقوی جگر و معدہ جنون، غشی، کھانسی، ربو، کثرت اسہال و سل کو مفید ہے۔ اس کے میل کا طلا آنکھ کے قروح، سعفہ، جرب، بواسیر، نواسیر کو مفید ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے۔
چاندی کا پھول			سفید	ایک قسم کی بیل کا پھول ہے جو اکثر درختوں پر ہوتی ہے۔ پھیکا	سرد تر ۱	سرد مزاج	بتاشہ شکر	گل سیوتی	۵ عدد	دل کو قوت بخشے، فرحت لائے، اور خفقان کو نافع ہے۔ اسکا گلقند خفقان، وسواس، اختلاج قلب اور صفراوی امراض کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چاول	برنج	ارز	سفید	مشہور غلہ ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک	قولنج سدہ پیدا ہو	گھی شکر دودھ	آش جو		صالح خلط پیدا کرتا ہے۔ مولد منی ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ بدن فربہ کرتا ہے۔ کثیر الغذا امعا کے زخم اور زحیر خونی دست و امراض گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔ منہ پر ملنے سے چہرے کے داغ دور ہوں۔ چھلکے سمیت کھانا قاتل ہے۔
چاول مونگرا	برنج مونگرا	اُرز مونجرا	سیاہ	ایک درخت کا پھل ہے چکنائی دار۔ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	گرم مزاج و ابونکو	.	.	.	سدہ کھولے، جلا کرے، جذام، کھجلی، خارش، داد اور خون و سودا کی بیماریوں کو کھانا اور لگانا مفید۔ خون کو صاف کرے، اس کا تیل داد اور چھائیں کو نافع ہے۔
چائے	چائے خطائی	.	سبز مائل لبیاہی	ایک گھاس کا پتا ہے۔ تھوڑی خوشبو اسمیں ہے ذائقہ قدرے تلخ اس کی بہت قسمیں ہیں	گرم خشک	کھجلی خشکی لاتی ہے اور دمہ و سل	بادیاں خطائی دودھ د شکر	آب نخود و آب شہد	۳ ماشہ	تحلیل ہضم اور گرم کرے، خون کا جوش بڑھائے۔ قوی اور معدہ کے امراض اور سرد مزاجوں کی باہ کو طاقت بخشے۔ نشاط انگیز۔ لطیف کرے۔ جھوٹی پیاس کو بجھائے نعوظ لائے، سدہ کھولے، مواد کو پکائے، چہرہ کا رنگ صاف کرے۔ پسینہ لائے۔
چچینڈا	.	.	سبز و سفید	ذائقہ قدرے تلخ۔ ایک بیل کا پھل ہے بہت لانبا ایک سے دوگز تک قسم ترکاری	سرد	سرد مزاج معدہ کو اور ضعف باہ لاتا ہے	گوشت و گرم مصالح	پلول و پرول	.	صفراوی مزاج کو مفید۔ بھوک لگاوے، بدن کی لاغری دور کرے۔ ہاضم۔ سبک۔ اس کی جڑ آتشک کو دور کرتی ہے۔ اور دستوں کو بند کرتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
چرائتا	نے نہاوندی	قصب الزریرہ	سبز	ذائقہ تلخ۔ ایک قسم کی گھاس ہے کہ چھتہ دار نہیں ہوتی ہے	گرم و خشک	کمرگاہ	انیسون	مسور و صندل و زعفران	۷ ماشہ	معدہ کی آلایش اور تپ کو مفید ہے۔ جگر اور دل کو طاقت بخشے۔ استسقاء۔ درد سینہ۔ درد رحم۔ عسر البول' اور جلدی بیماریوں کو مفید' خون صاف کرے۔ لطیف۔ حل اور ادرار کرے۔ جگر کا ورم۔ کھجلی۔ خارش۔ جذام دفع ہو۔
چربی	پیہ	شحم	سفید	جسم حیوانات کا ایک مشہور جزو ہے۔ پھیکی چکنی	گرم تر	فم معدہ	نمک مرچ سیاہ	زیتون	۔	پُرانے درد کو دُور کرتی ہے۔ لیپ کرنے سے سخت ورم کو تحلیل کرتی ہے
چرس	شبنم بنگ	روح البنج	سیاہ	ذائقہ تلخ۔ بھانگ کے پتوں پر شبنم جم جاتی ہے۔	گرم خشک	دل و دماغ کو ضعیف کرتی ہے	گائے کا دُودھ	۔	۔	آنکھ کی نظر خراب کرے۔ ظاہرہ اور باطنہ حواس کو مکدر کرے۔ خشک کرے نشہ دار۔ امساک کرے۔ حل کرے۔ (قریباً سم ہے)
چرچرا چچیٹا	خار واژ تنگونہ	انکمہ	پتی سبز پھول سُرخ	ذائقہ تلخ۔ ایک قسم کی گھاس ہے۔	سرد و خشک	اس کے بیج بھوک کو کم اور زائل کرتے ہیں	۔	۔	۔	بواسیر دفع کرتا ہے۔ داد، استرخاء، بہق، کھجلی، جلندھر، دمامیل اور ثبور کو مُفید۔ مسواک دانت کے درد کو دُور کرتی ہے۔ اگر لسی میں ملا کر کھلاویں تو حیض بند ہو۔ اس کے پتوں کا عرق کان میں ڈالنا آنکھ کی تیرگی زائل کرتا ہے، جو شخص اپنے پاس رکھے، اُس پر ضرب کارگر نہ ہو۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چرونجی	نقل خواجہ	حب السمنہ	سُرخ و سفید	پھیکا۔ چکنا۔ خوش ذائقہ ایک پہاڑی پھل کی گری ہے جسکو انجا کہتے ہیں	گرم خشک بارطوبت فضلیہ	ثقیل اور دیر ہضم ہے	سکنجبین و شہد	پستہ و کنجد	-	کثیر الغذا۔ بدن موٹا کرے۔ پیاس اور خون کو بڑھائے۔ بادام اور شکر سے ملا کر اس کا حریرہ باہ پیدا کرے۔ بلغم اور صفرا کو دست کی راہ نکالے۔ جلا کرے۔ مصفی خون بشرہ۔ صفرا کی تیزی اور زیادتی کو روکے۔
چقندر	چقندر	سلق	سُرخ	ذائقہ قدرے شیرین ساگ کی جڑ ہے اور مشہور ترکاری ہے۔	گرم تر ۲ مرکب القوی	قولنج و پیچش پیدا کرتا ہے	گوشت و مسور ورائی	شلجم	-	بلغم اور ریح کو دور کرے۔ اس کا مطبوخ محرک باہ ہے، درد گردہ، رعشہ اور گنٹھیا کو مفید ہے۔ جلا کرنیوالا۔ تحلیل کرنے والا۔ نرم کرنیوالا۔ بلغم کو پکائے۔ ابھارا کرے۔ قلیل الغذا۔
چقندر کے بیج	تخم چقندر	بزر السلق	سیاہی مائل	ذائقہ تلخ۔ مشہور	گرم و خشک	معدہ کو	سکنجبین	تخم شلجم	۶ ماشہ	حیض بھی کھولتا ہے۔ پیشاب خوب جاری کرتا ہے۔ بلغم کو چھانٹتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔
چکنی ڈلی	پوپل	فوفل	سُرخ سفید	ذائقہ کسیلی۔ ایک مشہور پھل ہے۔	خشک و گرم	پھیپھڑے کو	صمغ عربی	۰	۷ ماشہ	قبض کرے۔ مواد کو لوٹائے۔ پھٹول دل و معدہ کو طاقت دے۔ اور دست آور ہے۔
چکوترہ	چکوترہ	-	پوست زرد مغز سُرخ	ذائقہ چاشنی دار۔ ایک پھل ہے مشابہ لیموں سے۔	سرد تر ۲	سینہ	قند	اناناس	-	صفراوی پیاس بجھاوے۔ بھوک لگاوے۔ معدہ کو طاقت دے۔ سنگترہ کے قائم مقام ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک کی مقدار	خاصیت
چکسہ دانہ	.	-	بھورا	ذائقہ پھیکا - تلخ - ایک بیج ہے مشابہ بیج بلسان	گرم ۲ خشک ۲	.	.	.	.	تحلیل کرے - قولنج کو دفع کرے - لڑکوں کے دست لانے کے واسطے دیا جاتا ہے ۔
چلاپا	جلاپا	.	بھوری	ذائقہ تلخ اور بدبودار ایک جڑ ہے برابر شلغم کے	گرم خشک	درد پیدا کرتا ہے	ترشی	مچوقان	۳ ماشہ	دست آور ہے باوجودیکہ خوب قابض بھی ہے اور درد گردہ اور پیٹ کے درد کو اور عرق النسا اور گٹھیا کو نافع ہے - اور قولنج - جلندر - کانور کو بھی مفید ہے ۔
.	چلغوزہ		پوست سرخ مغز سفید	شیریں و چکنا - خوش ذائقہ ایک میوہ مشہور ہے ۔	گرم تر	دیر ہضم	میوہ ترش و سکنجبین	بادام شقاقل	۹ ماشہ	باہ پیدا ہو - بھوک لگائے - دل اور پٹھوں کو طاقت دے - سدہ کھولے - مادہ کو پکائے - معدہ و گردہ - ریہ - جگر - مثانہ اور آلات تناسل کو مفید ہے ۔
چنبیا	فاخرہ	فاغرہ	زرد	ایک مشہور پھول ہے ذائقہ تیز - تیز بو ۔	گرم خشک	بھوک بند کرتا ہے	-	-	-	سونگھنا مقوی دل ہے - کھانا بلغم ریح اور سوداوی کو مفید ہے ۔
چنا	نخود	حمص	سرخ و زرد	ایک مشہور دانہ غلہ کا نام ہے ۔		گرم خشک	نفاخ ہے اور مثانہ کو مضر	لوبیا باقلا	-	کثیر الغذا - خون اور سوداوی امراض دفع کرے - منقی، سدہ کھولے - جگر - تلی اور گردہ کا - حرارت کو طاقت بخشے - نیک خلط پیدا کرے - خون اور سوداوی امراض دفع کرے - بدن کو موٹا کرے - باہ پیدا کرے - آواز صاف کرے خون کو اخلاط غلیظ سے پاک کرے - پیشاب کا ادرار کرے - اس کے اوپر کا پانی پینا بالخاصہ مضر ہے ۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت اور ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک کی مقدار	خاصیت
چھتا ماپر و رس بھری	٠	٠	زرد و سبز	ایک گھانس کا پھل ہے اندر ایک غلاف کی تھیلی کی ہوتا ہے ذائقہ چاشنی دار	گرم و خشک	پھیپھڑے اور دماغ کو	سکنجبین	جھر بیری	٠	خام اور غلیظ بلغم کا اسہال کرے۔ صفراوی اور سوداوی مرضوں کے لئے مفید ہے۔ طبیعت کو فرحت اور نرم کرتا ہے۔ اس پر سرد پانی اس کی طاقت اور فعل کو مدد دیتا ہے۔
چنار	چنار	دلب	پتے سبز لکڑی جوہردار	ایک بڑا درخت ہے اکثر سرد ملکوں میں ہوتا ہے پتی چوڑی دندانے دار تلخ	لکڑی سرد تر چھال گرم خشک	حواس اور آواز کو	عود و دار چینی تازہ دودھ	انار کا چھلکا	٠	اس کی چھال جلا کر لیپ کرنی جالی مجفف مفید ہے۔ برص کو اور زخم کی عفونت دار رطوبت کو دفع کرتی ہے۔ اس کا جوشاندہ جانوروں کے زہر کو دور کرتا ہے
چمبک	سنگ آہن ربا	حجر مقناطیس	سیاہ	ایک قسم کا پتھر ہے کہ لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔	گرم و خشک ۳	سینہ	رب السوس	کف دریا	۵ ماشہ	جلا کرے جگر اور تلی کو طاقت بخشے۔ پتھری توڑے۔ بائیں ران پر باندھنا بالخاصہ تسہیل ولادت کرتا ہے۔ عرق النساء اور نقرس کو دفع کرے۔ اس کا دھورا زخم اور زہریلے زخم کو مفید ہے۔ گنٹھیا کو دفع کرے۔ زیادہ استعمال زہر ہے۔ اور یہ امر مجرب ہے کہ جب ستارہ زحل سنبلہ میں ہو تو اس وقت اس پتھر کو ایک شخص گلاب میں گھس کے آنکھ میں سرمہ لگا دے اور دوسرا شخص لوہے کو دیر تک دیکھتا رہے۔ تو ان دونوں شخصوں میں از حد محبت ہو جاوے گی۔ اور اس کی پسی ہوئی ٹکی زخم پر چھڑکنا خون کو بند کر دیتا ہے۔ اور زخم کو صاف کر کے بھر لاتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چنبیلی	-	یاسمن	پتی سبز اور پھول سفید	ایک جھاڑی کا پھول ہے بہت مشہور ہے نہایت خوشبودار ہے ۔ ذائقہ قدرے تلخ ہے ۔	گرم و خشک	گرم مزاج والوں کو درد سر لاتا ہے	بنفشہ و گل سرخ	نرگس و سوسن	۱۰ ماشہ	مفرح ۔ اس کے سونگھنے سے بال سفید ہو جاتے ہیں ۔ بدن موٹا کرے سدہ کھولے ۔ بلغم ۔ سودا اور ریاح کو خارج کرے ۔ اس کی بو دماغ کو طاقت بخشے ۔ ذکر پر لیپ کرنے سے ذکر بڑا ہو ۔ غرارہ کرنا درد دانت کو نہایت مفید ہے محرک باہ ۔ فالج ۔ لقوہ اور گنٹھیا کا مواد دستوں میں نکالے ۔ ادرار کرے قلاع کو دفع کرے اس کی جڑ کا شیرہ حبس بول دور کرتا ہے ۔ اور طبیعت کو فرحت بخشے ۔
چندن سفید	صندل سفید	صندل ابیض	سفید	ایک بہت بڑا درخت ہے اس کی لکڑی مستعمل ہے قدرے تلخ و خوشبودار	سرد و خشک ۲	باہ کو زائل کرتا ہے	شہد و مصری	صندل سرخ	۴ ماشہ	ورم اور مواد کو تحلیل کرے ، مادہ کو پھیر دے ۔ حرارت کو تسکین دے ۔ فرحت بخش ۔ دل اور معدہ کو طاقت دے ۔ قابض خفقان اور معدہ کی جلن اور صفراوی اسہال دور ہوں
چندن لال و مکت چندن	صندل سرخ	صندل احمر	سرخ	تلخ اور خوشبودار مشہور ہے یہ بھی مثل سفید صندل کے ہے	سرد ۲ خشک ۲	خارش پیدا کرتا ہے	روغن گل و سرکہ	صندل سفید	۴ ماشہ	خون کے دست اور خفقان دور ہو ۔ ورم اور مواد کو تحلیل کرے ۔ حرارت کو تسکین دے ۔ مادہ کو پھیر دے ۔ لیپ میں سرخ و سفید سے قوی تر ہے سوزش کو آرام دے ۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چندروس	سندروس	-	زرد و سُرخ	ایک معدنی چیز ہے شبیہ ساتھ کہربا کے اور بعض کے نزدیک کچا کہربا ہے ذائقہ پھیکا قدرے تلخ	گرم و خشک	گردے کو	صمغ عربی	کہربائی شمع	۳ ماشہ	اس کا دھواں بواسیر کو دفع کرے۔ سرمہ مقوی بصر ہے۔ دماغ اور تمام اعضاء کی رطوبت خشک کرے۔ معدہ اور آنتوں کے بلغم کو قطع کرے۔ پیٹ کے کیڑے مارے۔ تمام ظاہری اور باطنی اعضاء کے خون کو بند کرے۔ منجن دانت اور مسوڑھوں کو مضبوط کرے۔
چوب بلسان	چوب بلسان	عود بلسان	گیہواں رنگ	ایک نہایت ہی خوشبودار لکڑی ہے۔	گرم خشک	آنتوں کو	کتیرا صندل بفسوحین	حب بلسان	اتا ماشہ	کھانسی۔ دمہ اور معدہ کی سردی اور زہر کو دُور کرے۔ دماغ کی رطوبت کو صاف کرے۔ سدہ کھولے۔ قوی کو طاقت بخشے۔
چوب چینی	چوب چینی	خشب الصینی	گلابی	ذائقہ تلخ و تیز۔ ایک پہاڑی درخت کی جڑ ہے۔	مرکب القوےٰ مائل بحرارت یعنی گرمی	گرم مزاج والوں کو	انار	عشبہ مغربی	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	فضلوں کو تحریر کرے۔ سدہ کھولے۔ خون صاف کرے۔ رطوبت کو خشک کرے ارواح کو پاک کرے۔ حرارت غریزی کو بڑھائے۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغ اور پٹھوں کے سرد امراض اور مقعد کی بیماریوں کو دُور کرے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ لطیف کرے۔
چوب حیات	چوب حیات	خشب الحیات	بھوری	ذائقہ تلخ۔ ایک قسم کی لکڑی جو ہند میں ہوتی ہے۔	گرم و خشک ۲	-	-	-	-	قوت قابضہ اور تریاقیت رکھتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرے۔ درد کو آرام دے۔ ہیضہ۔ متلی۔ ریاح باطنی اور رطوبت کے دست بند کرے۔ سدہ کھولے اس کا مرہم زخموں کو بھر لاتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چوک	۔	۔	سیاہی مائل	ایک پھل کا رب ہے اور پہاڑی لوگ لاتے ہیں ذائقہ ترش	سرد و خشک	پٹھوں کو	قند	لیموں	۳ ماشہ	مقوی معدہ ۔ ہاضمہ ۔ صفرا اور خون کا جوش دور کرے ۔ جلد کے امراض کھجلی اور جذام اور جھانگوٹہ کی سمیت دفع کرے ۔ اپھارہ دفع ہو اور پیٹ کے نفخ کو مفید ہے ۔
چوکے کا ساگ	ترہ خراسانی	بقلۂ حامضہ	سبز	ذائقہ ترش اور تلخ کھٹی پالک کو چوکے کا ساگ بھی کہتے ہیں ۔	سرد و خشک ۲	سرد مزاج والوں کو پٹھوں کو	شہد و شربت انار	زرشک و انار	۔	جگر کو طاقت بخشے ۔ طبیعت کو نرم کرے ۔ بھوک لگائے ۔ سینہ کی جلن اور صفرا کی زیادتی کو دور کرے ۔ ریاح کی گرمی تحلیل کرے اور کڑوے پتوں کو دفع کرے ۔
چوکے کے بیج	تخم ترشہ	بزر الحماض	سیاہ مائل و سرخی مائل	ذائقہ ترش مشہور ہے ۔	سرد و خشک	طحال اور گردہ کو	سونف اور قند	تخم بارتنگ	5 ماشہ	صفرا کی تلخی دور کرے ۔ دل کے مرضوں ۔ جگر ۔ معدہ ۔ یرقان اور صفراوی دستوں کو مفید ہے ۔ اس کی جڑ خون کے دست ۔ یرقان ۔ سیلان رحم اور ہیضہ کو نافع ہے قابض ہے ۔ اور خون کو صاف کرتا ہے ۔ اور کڑوے پتوں کو چھانٹتا ہے ۔ دل کو طاقت دیتا ہے ۔ (غیر سمی)
چولائی کا ساگ	سفید مرز	بقلۂ یمانیہ	سبز	ایک مشہور ساگ ہے اور ذائقہ قدرے تلخ ہے ۔	سرد تر ۲	دیر ہضم سرد مزاج والوں کو	گرم جوشین	خرفہ	۔	نیک خلط پیدا کرے ۔ پیاس اور گرم کھانسی دور ہو ۔ طبع نرم کرے ۔ بدن کو تر کرے ۔ قلیل الغذا حرارت دور کرے ۔ مدر مادہ خام کو دست کی راہ نکالے ۔ قوت باصرہ کو طاقت دے ۔ اعضا کو قوی کرے ۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
چونہ	آہک	نورہ و کلس	سفید	مشہور ہے ذائقہ پھیکا نہایت تیز	گرم و خشک	اکال	روغن بادام	ہرتال	ایک ماشہ	اس کا لیپ دست بند کرتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ خون کا بند ہو جاتا آگ سے جلے ہوئے کو مفید۔
چونک کی پتی	.	.	سبز	گھانس ہے مشابہ چونک کے۔ ذائقہ ترش	سرد و خشک	پھول کو	قند و شکر	.	.	پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ اور دستوں اور حیض کو بند کرتی ہے اور باہ لاتی ہے آتشک و سوزاک کو مفید ہے۔
چوہا کنی	گوش موش	آذان الفار	سبز پتے پھول سرخ	ذائقہ پھیکا۔ ایک گھانس ہے مشابہ چوہے کے کان سے	گرم خشک	مثانہ	مرزنجوش	مرزنجوش	۲. ماشہ	فالج اور لقوہ اور مرگی میں اس کا سونگھنا مفید ہے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ تحلیل کرے۔ سدہ کھولے۔
چھاچھ	دوغ	مخیض	سفید	ذائقہ ترش دہی متھا ہوا ہے۔	سرد تر	مرکب بخار والوں کو	سکنجبین پودینہ	دہی چکا	.	پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ کچے خلط پیدا کرے۔ بدن فربہ کرے۔ باہ اٹھائے گرم مزاج میں اس کی کلی منہ دکھنے۔ رال بہنے کو مفید ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ گرمی کی کھانسی کو مفید ہے۔
جھاؤ	باقلائے مصری	ترمس	سفید مائل بزردی	ایک بیج ہے گول برابر باقلا کے بیج کے۔ ذائقہ تلخ و تیز۔	گرم ا خشک	دیر ہضم	نمک و صعتر	لوبیا تخم خربزہ دانہ تینتیں	۳ ماشہ	جگر اور طحال کا سدہ کھولتا ہے۔ سختی کو نرم کرے۔ جلا کرے۔ طحال کا ورم دفع ہو۔ مدر بول و حیض۔ مسقط جنین۔ کرم نکالے۔ چھلبہری۔ چھائیں اور داغ دور ہوں۔ پیشاب و حیض جاری کرتا ہے۔ اور بچہ کو رحم سے گرا دیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے نکالتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چھڑیلہ	دوالی و دوالہ	اشنہ و سیبتہ العجوز	بھورا	ایک چیز ہے کہ درختوں پر پیدا ہوتی ہے مثل رسی کے بے پتے ذائقہ تلخ و خوشبودار	معتدل ساتھ قوت قابضہ کے	آنتوں اور اعضائے شکمی کو	انیسون	سنبل و قردمانا	۱۰ ماشہ	قابض تحلیل کرنیوالا۔ موافق جوہر روح۔ اس کا جوشاندہ پینا سینہ میں سرور لاتا ہے مقوی دل وروح و معدہ و باہ حیض کھولے۔ خفقان۔ مرگی۔ قے۔ تلی۔ جگر کا درد۔ امراض رحم دور کرے۔ اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ اور باہ کو زیادہ کرتا ہے۔
چھوہارا و کھجور	خرما	تمر	سرخ	ایک مشہور میوہ ہے ذائقہ شیریں و کسیلا	گرم و خشک	درد سر لاتا ہے گرمی کرتا ہے	آب انار و بادام	مویز منقی و کشمکش	.	نیک خون پیدا ہو۔ بدن موٹا ہو۔ کثیر الغذا۔ باہ لاوے۔ کمر اور گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ فالج اور لقوہ کو مفید۔ اور پتھری کو توڑتا ہے۔ سینہ اور ریح کے موافق۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی)
چیت و جیت	.	.	پتے سبز پھول سفید	ذائقہ تلخ ایک درخت متوسط ہے۔ پتے املی کے مشابہ	گرم خشک	.	.	.	.	اس کے پتوں کا پانی بلغم کو براہ دست نکالتا ہے اور پھوڑے کو پکاتا ہے۔ کیڑے مارتا ہے۔ اس کے پتوں کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔
چیتا	بیخ بزند و شیترہ	شیطرج ہندی	پتے سبز پھول سرخ	ذائقہ تلخ ہے۔ ایک گھانس ہے کہ ویرانے اور اوسر میں ہوتی ہے۔	گرم و خشک ۳	پھیپھڑے اور جگر کو	صمغ عربی مصطگی گل سرخ	نرکچور و مجیٹھ	۳ ماشہ	فرحت بخش۔ لذت لاتا ہے۔ ہاضم تحلیل کرنے والا۔ جلا کرنیوالا۔ آواز صاف کرے۔ بلغم دفع کرے۔ گنٹھیا دور ہو۔ سدہ کھولے غلیظ خلطوں کو دست کی راہ نکالے برص پر لگانا مفید ہے۔ (قریب سم ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
چینا	الدزن	دخن	سُرخی مائل	ایک مشہور غلہ کا دانہ ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد و خشک	سدہ پیدا کرتا ہو	دُودھ گھی	کاکن و برنج	•	اس کی ٹکور ورم اور اپھارہ تحلیل کرے۔ حابس بطن۔ ادرار کرے۔ خشک کرنیوالا بطنی لاحداہ۔
باب الحاء المہملہ										
حاشا	•	حاشا	سبز سیاہی مائل	ایک قسم کا پہاڑی پودینہ ہے تیز و تیز بو۔	گرم و خشک	پھیپھڑے کو	بنسلوچن	افتیمون	۶ ماشہ	لطیف و تحلیل کرے۔ بدن کو گرم کرے۔ بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ اس کا جوشاندہ تنگی نفس کو مفید ہے۔ مدر خون صاف کرے۔ اور پیشاب و حیض خوب لاتا ہے۔
حب الزلم	•	حب الزلم	باہر سے زرد اندر سفید	ایک دانہ ہے چوڑا پیچا اور چنے سے بڑا۔ ذائقہ لذیذ و چکنا	گرم ۲ تر ۱	حلق کو سُدہ لاتا	بنفشہ گلقند	شقاقل خشخاش	۱۰ ماشہ	باہ اٹھاوے۔ جگر کو طاقت بخشے۔ سوداوی امراض کو مفید ہے۔ چھاتی کی خشونت اور کھانسی دور ہو۔ بدن کو موٹا کرے۔
	•	حب الصنوبر	زردی مائل	ایک بیج ہے مثل بادام کے۔ ذائقہ لذیذ و چکنا۔	گرم تر	گرم مزاج والوں کو اور سر درد و غشی لاتا ہے۔	سکنجبین و ترش میوہ	سقاقل	۷ ماشہ	جگر کی اکثر بیماریوں اور یرقان اور جلندر کو نافع ہے۔ اور اکثر اعضاء کو قوت دیتا ہے۔ باہ زیادہ کرتا ہے۔ اور بھوک بڑھاتا ہے۔ اور پٹھوں کو طاقت بخشتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ اور ریاح صادر کرتا ہے۔ فالج اور لقوہ۔ خدر۔ کزاز اور رعشہ اور سردی کی گنٹھیا کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
•	حرام مغز	نخاع	سفید	ایک چیز جز و بدن سے ہے کہ پیٹھ کی گریوں کے اندر ہے۔ ذائقہ پھیکا چکنا	گرم تر	•	•	موم دمغز ساق		اس کے لیپ کرنے سے گندہ ماس گر جاتا ہے اور خشک شدہ اعضاء درست ہوتے ہیں۔ سخت ورم کو اس کا طلا کرنا تحلیل کرتا ہے۔ ہونٹوں کا پھٹنا لیپ کرنے سے درست ہو جاتا ہے۔ چکھنے میں پھیکا ہے۔
حسن یوسف	حسن یوسف	حاشیش	سفید وچکنی	ایک انڈہ ہی خشخاش سے چھوٹا ذائقہ پھیکا بدمزہ	گرم خشک	کرب اور قے لاتا ہے	تازہ دودھ	سبوس اسپغول	۳ ماشہ	جلا کرتا ہے۔ اور رنگ رخسارہ کا صاف کرتا ہے اور کھجلی وچیچک وغیرہ کے داغ ہٹاتا ہے۔ کھانا زہر ہے۔
حماما	•	حماما	پتے سبز پھول سرخ	ایک قسم کی گھاس ہے۔ تیز وخوشبودار	گرم خشک	معدہ کو	کرفس	اسارون	۵ ماشہ	مادہ پکاوے۔ سدہ کھولے جگر کو طاقت بخشے۔ جگر کے ورم نقرس اور رحم کے ورم کو مفید۔
				باب الخاء المعجمہ						
خایہ اود بلاؤ	آش بچگان	جند بیدستر	زرد سرخ	ایک دریائی جانور کے خصیے ہیں اور ذائقہ پھیکا خوشبودار ہے۔	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج والے کو	شربت بنفشہ	دج دارفلفل	تین ماشہ	حیض وپیشاب جاری کرتا ہے۔ اور باہ کو قوت بخشتا ہے اور رحم کو قوت دیتا ہے۔ دماغی سرد بیماریوں اور پٹھوں کی بیماریوں کو نافع ہے۔ سدے کو کھولتا ہے اور ریاح وورم کو تحلیل کرتا ہے۔ سرد اور زہریلی دواؤں کا مارک ہے۔ اور اصلی حرارت کو حرکت میں لاتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
خربوزہ	خربزہ	بطیخ	زردی مائل و سبز	ایک مشہور پھل ہے ذائقہ شیریں و پھیکا	گرم تر	خلط غالب کو بڑھاتا ہے	سکنجبین و شہد	پھوٹ	-	اس کا چھلکا قے لاتا ہے۔ لیپ کرنے سے چھائیں دُور ہوں۔ پتھری نکالے نہار کھانے سے صفراوی تپ دُور جاتا ہے۔ جلا کرے۔ اور لطافت بخشتا ہے۔ سریع النفوذ۔ طراوت بخشتے۔ سُدّہ کھولے۔ گردہ کی اصلاح کرے۔ پیشاب و دودھ کا ادرار کرے۔ یرقان و استسقاء دُور کرے۔
خربوزہ کے بیج	تخم خربزہ	بزر البطیخ	سفید	مشہور ہیں۔ ذائقہ خوش ذائقہ و پھیکا۔	گرم تر	طحال اور شکمی اعضاء کو	شہد و بنفشہ	چلغوزہ	۹ ماشہ	طبع کو نرم کرے۔ پیشاب کی جلن دُور ہو۔ گردہ مثانہ آنت کو صفا کرے جگر کا سُدّہ کھولے۔ پیشاب لاوے۔ دودھ و منی زیادہ ہو۔ کلف کو اس کا لیپ مفید ہے۔
خرفہ کا ساگ	ترہ خرفہ	بقلة الحمقاء	سبز	ایک ساگ ہے کہ مقام تر و شور جگہ میں اگتا ہے ذائقہ قدرے ترش	سرد ۳ تر ۲	نابینائی لاتا ہے	مصطگی و گوشت بیج کراث کے	کاہو	۵ تولہ	خون اور صفرا کی تیزی کو تسکین دے۔ ذیابیطس اور گرمی کا درد سر دُور ہو۔ اس کے بیج گرم کھانسی اور خون گرنے کو مفید۔ جگر اور معدہ کی حرارت، پیشاب کی جلن۔ مثانہ کی گرمی اور چھینک کو مفید ہے۔ باہ و معدہ و تلی کو مضر ہیں۔
خرفہ کے بیج	تخم خرفہ	بزر الحمقاء و فرفخ	سیاہ	ذائقہ پھیکا۔ مشہور ہے۔	سرد ۳ تر ۲	باہ اور طحال۔ ورم معدہ کو	قند	تخم کدو شیریں اسپغول	۹ ماشہ	ذیابیطس یعنی پانی پیتے ہی پیشاب آنے کو نافع ہے۔ گرمی کی کھانسی اور منہ سے خون آنے کو فائدہ کرتا ہے اور رحم کی گرمی اور جگر کی گرمی کو بھی رفع کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ گرمی اور صفراوی بخار کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
خرنوب	خرنوب نبطی	خرنوب نفطی	سیاہ بھورا	ایک بڑے درخت کا بیج ہے۔ ذائقہ شیریں	گرم خشک	معدہ و آنتوں کو	لعاب بہدانہ	مازو و ماہین خرد	۵ ماشہ	درد کو تسکین دے۔ بدن کو طاقت بخشے۔ اعضاء کو خشک کرے۔ دست بند کرے قابض۔ مدر بول۔ خون کا گرنا بند کرے
خس	ریشہ خسخانہ	۔	زرد و سرخی مائل	رتن ایک گھاس ہے اس کی جڑ خس ہے باریک مثل تنکے کے ذائقہ تلخ وخوشبودار	گرم خشک و بعض نزدیک سرد	۔	۔	۔	۴ ماشہ	سوزش کو آرام دے۔ سنگرہنی دور کرے۔ اس کا عطر دل و دماغ کو طاقت بخشے۔ درد سر کو مفید۔ پاخانہ سخت لاوے۔ سونگھنا دماغ کو فرحت دے۔ دل معدہ اور سرد دماغ کو طاقت بخشے۔ خفقان جریان اور سرعت انزال کو مفید خون صاف کرے۔ سوزش کو آرام دے۔
خشخاش سفید	کوکنار و خشخاش سفید	بزر الخشخاش البستانی	سفید	پوستہ کا دانہ ہے برابر خاکسی کے مشہور ذائقہ پھیکی و قدرے شیریں۔	سرد ۲ ترا	پھیپھڑے و سرد مزاج کو	شکر و شہد	تخم کاہو	۱۱ ماشہ	نیند لاوے۔ حواس کو سست کرے۔ نرم صفراوی مواد کو پکا دے۔ قابض بدن کو موٹا کرے۔ درد سر کو تسکین دے۔ دماغ کو طاقت دے۔ گرم و تر کھانسی کو مفید۔ اس کا تیل نیند لاوے۔ چھاتی اور حلق کی خشونت قصبۂ ریہ کے مرض اور گرم خشک کھانسی کو مفید۔ تپ دق اور ضعف جگر دور کرے
خشخاش سیاہ	خشخاش سیاہ و کوکنار	بزر الخشخاش البری	سیاہ	ذائقہ قدرے تلخ مشہور ہے۔	سرد تر ۳	مضر دماغ کو	سونف	تخم کاہو	۴ ماشہ	سینہ کو پاک کرتی ہے۔ اور بو دار تو سونگھنا نیند کو اڑا دیتا ہے۔ اور دستوں کو کیسے ہی پرانے ہوں بند کرتی ہے جگر کی گرمی اور سیلان رحم کو نافع ہے۔ قابض ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
خطمی	تخم خطمی	بزر الخطمی	سیاہ	مشہور ہے ذائقہ پھیکا	سرد تر	معدے پھیپھڑے کو	شہد سونف	خبازی و نیلوفر	۷ ماشہ	درد کو تسکین دے۔ پسلی اور ریح کا درد اور گرم کھانسی کو مفید ہے۔ اس کے پتے ورم کو تحلیل کریں۔ مادہ کو پکا دے۔ صفراوی دست اور پیچش و مروڑ کو مفید۔ پیشاب کی جلن کھانسی اور آنت کے مرض کو مفید۔ مرخی نرم کرے۔
خطمی کے پھول	گل خطمی	ورد خبیز و ورد الزوری	اودا	مشہور ہے قدرے تلخ	سرد تر	معدہ کو	شہد	خاکسی	۲ تولہ	مادہ کو پکاتا ہے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے اور پاشویہ میں اس کا ترکیب کرنا دماغ پر ابخرے چڑھنے کو مانع ہے۔ درد سر کو نافع ہے۔
خطمی کی جڑ	ریشہ خطمی و بیخ خطمی	اصل الخطمی	بھوری	مشہور ہے ذائقہ پھیکا۔	سرد تر	معدہ کو	سونف	خبازی	۱۱ ماشہ تا ۹ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ مروڑ کو تسکین دیتی ہے۔ پیچش کو نافع ہے۔ صفراوی دستوں اور پیشاب کی سوزش و چنک کو اور آنتوں کی خراش اور سوزش کو مفید ہے۔ اور پیٹ کو گنگ کر دیتی ہے۔
خبازی	خبازی دنان کلاغ	خبازی	پتے سبز پھول اودے بیج بھورا	ایک گھاس ہے مشابہ خطمی کے۔ ذائقہ پتے تلخ بیج پھول جڑ پھیکی۔	سرد تر	سرد مزاج والوں کو معدہ کو	ترشی	خطمی	۹ ماشہ	پیچش اور زخم مثانہ اور سوزش پیشاب کو نافع ہے اور اکثر حیوانوں کے زہر [illegible] اس کا جوشاندہ ہمراہ شکر کے کھانسی اور تنگی آواز کو نافع ہے۔ طحال کے درد۔ ورم یرقان۔ کھجلی خشک کو اور آنتوں کے زخم کو مفید ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔
خوب کلاں	خاکسی	حبہ	بھوری زردی مائل	ایک دانہ ہے بقدر خشخاش کے مشہور	گرم تر	درد سر	کتیرا	باہ کے لئے	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	معدہ کو طاقت بخشے۔ باہ اور بھوک پیدا کرے۔ تحلیل کرے۔ ہاضم۔ اس کا دھواں خمیر کیا ہوا پرانی کھانسی اور بخار کو مفید ہے۔ سدہ کھولے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	ذائقہ پھیکا	″	پیدا کرتی ہے	″	تودری ہے	″	مُنہ صاف کرے۔ حصبہ اور جدری یعنی امراض چیچک کو مفید۔ مرض شری دور ہو۔ دودھ کے ساتھ بدن کو فربہ کرتی ہے۔ فربہی لاتی ہے۔
خوبانی	زرد آلو و شکرو بادام	مشمش	زرد	ایک پھل ہے برابر اور مشابہ آلو بخارے کے ذائقہ شیریں	گرم تر	نفاخ اور جلد سڑ جاتا ہے	شکر و سکنجبین	آڑو	-	اس کی گٹھلی بواسیر کو مفید ہے۔ دافع گرم۔ پیاس خون کا جوش کھوئے۔ سختی کو پکادے اور نرم کرے۔ سُدہ کھولے۔ خفقانی اور صفراوی بخار کو مفید صفرا کو دست کی راہ نکالے۔

باب الدال المہملہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
دابہ	.	.	زرد	ایک گھاس کا تنکا ہے۔ سخت ہے مثل خار کے پھیکا	سرد	.	.	.	.	پتھری مثانہ کی توڑتا ہے۔ فساد بلغم و صفرا و خون کو دفع کرتا ہے۔ دشواری سے پیشاب آنے کو مفید ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ امراض مقعد کو مفید ہے۔
داتون	بیخ بید انجیر خطائی	اصل حب السلاطین	زردی مائل	جمال گوٹہ کی جڑ مشہور ہے۔ ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	.	.	.	.	پیٹ کے کیڑے مارے۔ اعضاء کا ورم دور کرے۔ تیز۔ ہاضم۔ باد۔ بلغم و خون کا فساد۔ جلندہر دور کرے۔
داڑھی برگد کی	ریشہ برگد	لحیتہ التیس	زرد سرخی مائل	قدرے تلخ۔ برگد کی درخت کی شاخوں سے اکثر ریشہ مثل جڑ کے۔	سرد خشک	گردہ کو	عناب و بنسلوچن	اقاقیا	سہ ماشہ	قابض ہے اور خون بند کر دیتی ہے۔ صفراوی دستوں کو اور خونی دستوں کو پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہے۔ اس کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ زخموں کو پاک کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
دار چینی	دار چینی	دار صینی	سُرخی مائل	ذائقہ تیز و شیریں و تیز بو۔ ایک درخت کی لکڑی کے بکل ہیں۔ مشہور	گرم و خشک	مثانہ کو اور درد سر پیدا کرتی ہے	مصطگے و کتیرا	کبابہ و تج	۴ ماشہ تا ۷ ماشہ	اس کا تیل سردی کے درد اور سر درد کو مفید ہے۔ روح اور تینوں خلطوں کی حفاظت کرے۔ بول وحیض کا ادرار کرے۔ مقوی باہ۔ فرحت بخشے خام خلطوں کو پکاوے خفقان جنون اور استسقاء کو روکے۔ اس کا تیل مینا ہیضہ کے مرض کو مفید ہے۔ لطیف کرے۔ سُدہ کھولے۔ ریاح تحلیل کرے۔
داسن یا دہامن	-	-	پتے سبز و شاخ	خاردار درخت۔ تلخ	سرد	-	-	-	-	بلغم صفرا اور بواسیر اور خون کا فساد۔ بدن کی زردی دُور کرے۔
دانت ہاتھی کا	دندان پیل	عاج	صفید	مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا و تیز	سرد و خشک	پھیپھڑے کو	شیرہ صنوبر	شاخ بز	۲ ماشہ	گلے میں لٹکانے سے مرگی ام الصبیان اور یاد کا خلل دُور کرے (قوی الظہر ہے حیض آچکنے کے بعد کھانا حمل کو مدد دیتا ہے۔ برادہ شہد کے ساتھ حافظہ اور فہم کو طاقت بخشتا ہے۔ دست اور خون کا جانا بند ہو۔ طلا کرنے سے باہ کو طاقت بخشے۔
درمنہ	درمنہ	خشترک و شیح	پتے بھورے زردی مائل پھول۔ سُرخ و زرد	ایک گھانس ہے برابر سوے کے پتے مشابہ برگ سداب کے ذائقہ تلخ۔	گرم و خشک	سر اور معدہ و پھونکو	مصطگے و بنفشہ	افسنتین و باؤبڑنگ	۲ ماشہ	ورم کو تحلیل کرے۔ مدر کیڑوں کو مار کر نکالے۔ تینوں خلطوں کو دست کی راہ نکالے۔ سُدہ کھولے۔ بلغم کو نکالے۔ اس کا دھوراں یعنی ورور کہ ذہن کو مفید یہ بوٹی تین قسم کی ہوتی ہے۔ جنگلی۔ پہاڑی۔ بستانی۔ باہ کو اکسائے۔ بخار مرکب اور چوتڑوں کے درد کو ہچکی اور عسر البول کو مفید۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
دودھ بکری کا	شیر بز	لبن الماعز	سفید	مشہور ہے ذائقہ قدرے شیریں	سرد تر مائل بہ خفیف حرارت	نفاخ اور سرد مزاج والوں کو	شہد و سونف	گائے کا دودھ	-	گرم مزاج والوں کو قوت بخشتا ہے اور گرمی کے اکثر امراض کو مفید ہے - اور اس کا غرغرہ امراض حلق کو بالخاصہ مفید ہے - پیشاب لاتا ہے اور پیٹ کو نرم کرتا ہے - منہ سے خون آنے کو اور کھانسی کو اور سل و پھیپھڑے کے زخم کو اور حلق کی خراش اور مثانہ کے زخم کو اور خناق کو مفید ہے - پیشاب لاتا ہے -
دودھ بھینس کا	شیر گاؤمیش	لبن الجاموس	سفید	مشہور ہے ذائقہ قدرے شیریں	معتدل ساتھ غلظت	دیر ہضم ثقیل ہے	شکر	گائے کا دودھ	-	فرحت دیتا ہے - اور خون کثیر پیدا کرتا ہے اور جو خلط بدن میں غالب ہو اس کی طرف مائل ہو جاتا ہے - بدن کو فربہ کرتا ہے اور اکثر اعضاء کو قوت بخشتا ہے - اگر اس میں کنگھی کی لکڑی جوش کر کے دہی جما کے ہمراہ مصری کے کھاویں بواسیر کو نافع ہے -
دودھ بھیڑ کا	شیر گوسفند	لبن الضان	سفید قدرے سیاہ	مشہور ہے ذائقہ پھیکا و بودار	گرم تر	قراقر اور قولنج پیدا کرتا ہے	روغن بادام شہد	عورت کا دودھ	۳ تولہ	مضرت جماع کی اصلاح کرتا ہے - آنتوں کے زخم اور منہ سے خون آنے کو اور پیچش کو مفید ہے - جوہر دماغ کو اور حرام مغز کو اور باہ کو قوت دیتا ہے - اور ببول کے گوند کے ہمراہ کھانسی اور مضرت جماع کو مفید اور مجرب ہے
دودھ چمگادڑ کا	شیر شپرہ	لبن الخفاش	سفید زردی مائل	مشہور ہے تیز قدرے تلخ -	گرم تر	پھیپھڑے اور طحال کو	روغن بادام	شیرنی کا دودھ	۷ ماشہ	بدن میں جلد نافذ ہوتا ہے - اسی لئے اس کا کھانا ناجائز ہے الا اس کا طلا عضلات ذکر - پیشاب خوب لاتا ہے - نہایت جلا کرتا ہے - اور باہ کو قوت دیتا ہے - (غیر سمی قومی المضرت)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
.	درونج	درونج عقربی	قدرے بھورا	ایک جڑ ہے ہم شکل بچھو کے گرہ دار ذائقہ قدرے تلخ	گرم و خشک	گرم مزاج والونکو سردرد	سونف اور بسباسہ	زرنجور و زرنب لونگ	5 ماشہ	حواس۔ دل۔ معدہ اور ہاضمہ کو طاقت بخشے۔ دردسر بلغمی بخار۔ بلغمی درد سینہ اور سوداوی و بلغمی سدہ کھولے۔ سمی اثروں کو رفع کرتی ہے۔ زہروں کی تریاق ہے۔ حافظ جنین۔
فنداد	.	.	قدرے زرد سُرخ	ایک گھانس کا دانہ ہے اس کے پتے مشابہ پتے کوکنار کے۔ تلخ	گرم خشک	سینہ	صمغ عربی	انیڈھی	۲ ماشہ	بچوں کے سرد امراض کو مفید ہے۔ بلغم کا اسہال کرے۔
دوب	مرغ و فرنہ	آب و عشبہ	سبز و پیلے سفید	مشہور گھانس۔ اسمیں پھل پھول نہیں ہوتا ذائقہ تلخ و کسیلا	سرد	قے لاتی ہے	.	.	.	کھجلی دُور کرے۔ پیشانی پر لگانے سے نکسیر بند ہو۔ منہ آجانے کو مُفید۔ بلغم صفرا اور خُون کا فساد دُور کرے۔ مدربول۔ نافعہ ہیضہ۔ لیپ کرنے سے گرم ورم کو تحلیل کرے۔
دودھی	شیر گیاہ و موسیلیذ	.	سبز	گھانس کا نام جسمیں دُودھ نکلتا ہے۔ ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	پھیپھڑے کو	.	.	.	جریان کو دفع کرے۔ پیٹ کے کیڑے مارے۔ مواد کو تحلیل کرے۔ بلغم باد۔ جذام کا فساد اور سوزاک دُور کرے۔ باہ کو اکسادے۔
دودھ اونٹنی کا	شیر شتر	لبن اللقاح	سفید سیاہی مائل	مشہور ہے قدرے شور	گرم مائل خشکی	دیر میں قعر معدہ میں اترتا ہے اور پیاس لاتا ہے۔	شکر	گائے کا دودھ	.	جسم کو قوت دیتا ہے۔ اور سدہ کھولتا ہے۔ باطنی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے۔ دمہ اور دھانس۔ جلندر سقے کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	طبیعت	ماہیت و ذائقہ	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
دودھ سورنی کا	شیر خوک	لبن الخنزیر	سفید زردی مائل	سرد تر	مشہور ہے ذائقہ قدرے شیریں	دیر ہضم نفاخ اور داغ سفید پیدا کرتا	قند	گدھی کا دودھ	-	مقوی اعضائے دماغی بتاتے ہیں کسی قدر صحیح اور مجرب ہے - بدن کو فربہ کرتا ہے اور قوی کرتا ہے سل اور دق کو نافع ہے الا امراض جلدی اکثر پیدا کرتا ہے اہل فرنگ اس کے بڑے مدح خوان ہیں -
دودھ شیرنی کا	شیر شیر	لبن الاسد	زردی مائل	گرم ۳	ذائقہ تیز و ترش مشہور ہے -	زخم ڈال دیتا ہے	.	.	.	بہت غضب پیدا کرتا ہے الا بعض امراض سرد دماغی کو مفید ہے - نہایت جلا کرتا ہے - بہت جلد نافذ ہوتا ہے -
عورت کا دودھ	شیر زن	لبن النساء	سفید	لڑکی کا گرم تر لڑکے کا سرد تر	مشہور ہے قدرے شیریں	جلد سڑ جاتا ہے	شکر و شہد	گدھی کا دودھ		نفیشوم یعنی پیشانی کا سدہ کھولتا ہے - طبیعت کو نرم کرتا ہے - رطوبت لاتا ہے - اور دماغ و باہ کو قوت بخشتا ہے پیشاب لاتا ہے - سینہ کی خشکی اور خشک کھانسی کو مفید ہے - اس کا ناک میں سڑکنا بیخوابی اور دماغی خشکی کو نافع ہے - اکثر امراض دماغی کو مثل جنون و مالیخولیا و سرسام وغیرہ کے اور سل و دق کو نافع ہے -
دودھ گائے کا	شیر گاؤ	لبن البقر	سپید	معتدل بارطوبت فضلیہ کے	مشہور ہے . ذائقہ قدرے شیریں	طحال و شکمی اعضا کو	شکر و شہد	شیر بز	۲ تار - مار - ۱۰ مار	سل - دق اور پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہے - باہ لاتا ہے - غم و وسواس کو دور کرتا ہے - کثیر الغذا ہے اور جلد ہضم ہوتا ہے - اور منی پیدا کرتا ہے دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے - طبیعت کو نرم کرتا ہے - اور بدن کو موٹا کرتا ہے - جلا کرتا ہے سدہ کھولتا ہے - باہ لاتا ہے -

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
دودھ گدھی کا	شیر خر	لبن الاتان	سفید	مشہور ہے ذائقہ شیریں	سرد ۲ تر ۳	سرد اور بلغمی مزاج والوں کو	گلقند	شیر گاؤ و شیر بز	۲ مار تا ۴ مار	سل - دق - زخم پھیپھڑے کو بہت مفید ہے - گرمی کے بخاروں گرمی کی کھانسی کو نافع ہے - گرم مزاج والوں کے دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے - تری اور سردی پیدا کرتا ہے - فرحت بخشتا ہے - جلا کرتا ہے - سدہ و مسام کھولتا ہے لاغری کو دفع کرتا ہے - منہ سے خون آنیکو اور سانس چلنے کو اور خفقان کو مفید ہے -
دودھ گھوڑی کا	شیر اسپ	لبن الرماک	سفید	مشہور ہے قدرے شور	گرم تر	نفاخ ہے اور قراقر لاتا ہے	سونف و شہد	شیر شتر	۲ مار	چیچک نہیں ہونے دیتا - اس کا حمول یعنی لتہ تر کیا ہوا رکھنا حمل قائم ہونیکے لئے مددگار ہے پیشاب لاتا ہے - مثانہ کے زخم اور مجاری پیشاب کو مفید ہے حیض کو جاری کرتا ہے بھوک و باہ زیادہ لاتا ہے - سدہ کھولتا ہے - زخم رحم کو نافع ہے -
دودھ گورخر کا	شیر گورخر	لبن الحمار الوحشی	سفید	مشہور ہے ذائقہ پھیکا	گرم تر	نفاخ ہے	سونف و شہد	شیر اسپ	۲ مار	مقوی باہ ہے - لطافت بخشتا ہے - پیشاب لاتا ہے - اپنے افعال میں قریب گھوڑی کے دودھ کے ہے لیکن اس سے گرم زائد ہے - جلا کرتا ہے -
دودھ ہرنی کا	شیر آہو	لبن الغزال	سفید	مشہور ہے - پھیکا	گرم تر	نفاخ ہے	سونف	شیر گورخر	۲ مار	یہ اپنے افعال میں بالکل قریب قریب گورخر کے دودھ کے ہے -
دونا مروا	مرزنگوش	مرزنجوش	پھول سفید بیج سیاہ پتے سبز	ایک گھاس ہے خوشبودار جسکے پتے امرود کے پتے کے برابر ہوتے ہیں ذائقہ تلخ	گرم خشک	گردہ اور مثانہ	کاسنی اور خرفہ	افسنتین و کلونجی	۹ ماشہ	تحلیل کرے - لطیف کرے - جلا کرے - پتھری نکالے - جاذب لقوہ - بیج کا درد - سردرد - دماغ کی رطوبت سینہ کا درد - جگر کا سدہ - سونگھنے سے زکام دماغ صاف ہو - طحال سب کو مفید - سبات دور ہو -

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ڈھانگ کا پتہ	برگ پلہ	-	سبز	ایک جنگلی درخت کا پتہ ہے بڑا اور گول۔ ذائقہ پھیکا	پتے گرم ترا	-	-	-	-	قولنج اور بواسیر اور پیٹ کے کیڑوں کو مفید ہے۔ پھوڑے پھنسیوں۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ خوب بھوک لاتا ہے۔ اس کے پھول قابض ہیں ہیضہ کو دفع کرتا ہے پیشاب جاری کرتا ہے۔ پاشویہ میں شریک ہو کر دماغ پر ابخرے نہیں چڑھنے دیتا اور ہونکو تحلیل کرتا ہے اسکے پھول کا قطور یعنے بوندھ ٹپکانا آنکھ کے جالے کو مفید ہے۔
ڈھانگ کا گوند چنیا گوند	صمغ کوچ پلہ	-	سرخ و سفید	ایک قسم کا گوند ہے ریزہ ریزہ ذائقہ پھیکا۔	گرم تر	-	بریان کرنا	ببول کا گوند	-	منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ قابض ہے گردہ کی بیماریاں اور بواسیر کو نافع ہے۔ سودا اور بلغم کو کم کرتا ہے۔ اسکی راکھ کا گھلا ہوا پانی ورم طحال اور نفخہ کیلئے مجرب ہے۔
ڈھانگ کے بیج پلاس پاپڑہ	تخم پلہ	-	باہر غلاف بھوسلا اندر سیاہ	بیج ہے ڈھانگ کا۔ ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	پھیپھڑے کو	-	-	۲ ماشہ	اس کا تیل باہ کو حرکت دیتا ہے۔ اس کے پینے سے بواسیر پیٹ کے کیڑے دافع ہو جاتے ہیں۔
دھاوا	-	-	زرد	ایک درخت ہے ہندی جسکے پھول مستعمل ہیں۔ ذائقہ قدرے کسیلا	سرد و خشک	-	-	-	۴ ماشہ	بھوک لاتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے اور اس کے جوشاندہ میں بیٹھنا خروج مقعد کو مفید ہے کانچ نکلنے کو منع کرتا ہے۔ قابض ہے۔ جریان اور جلدی انزال ہونے کو نافع ہے۔
دھاوے کے پھول	-	-	سرخ	مشہور ہے۔ ذائقہ تلخ	سرد و خشک	بلغم پیدا کرتا ہے	-	-	-	اس کے سب قسم کے پھول دستوں کو مفید ہیں اور بھوک کو نافع ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
دھتورہ	ناتورہ	جوز الماثل	سبز و سیاہ	ایک بہت چھوٹے خاردار درخت کا خاردار پھل ہے جسکا درخت مشابہ اور برابر بینگن کے ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ	سرد خشک	نشہ لاتا ہے جنون اور فکر پیدا کرتا ہے	سونف سیاہ بیج شہد	تفاح و بزرالبنج	۳ رتی	اس کے پتوں کا لیپ سست شدہ اعضاء کو طاقت بخشے۔ قوی کو ہیجان کرے۔ نشہ لاوے نیند لگاوے۔ صفراوی۔ خونی سردرد کو آرام دے۔ ممسک۔ بلغمی بخار دور کرے۔ زائد رطوبت کو خشک کرے ورم کو دبائے۔ دماہیل شورپیٹ کے کیڑے دفع کرے۔
دھماہا	.	.	سبز	گھانس ہے مشابہ ترکاری کے۔ ذائقہ تلخ و تیز	معتدل	پھیپھڑے کو	افسنتین	.	.	زہر کو تریاق۔ تپ کی حرارت۔ سر کا چکرانا۔ جلندہر سیلان منی اور تنگی ورم کی دور کرے۔ ورم کو تحلیل۔ پیاس بجھادے۔ خون کو صاف معدہ اور جگر کو طاقت بخشے
دھنیا	کشنیز	کزبرہ	دانہ بھورا ساگ سبز	مشہور ہے پھیکا و خوشبودار	سرد خشک	منی کو کم کرتا ہے نسیان ہو	سکنجبین شہد و سفرجل	تخم کاہو خشخاش	۹ ماشہ تا تولہ	دماغ اور دل کو طاقت بخشے۔ ابخرہ اٹھنے سے روکے۔ فرحت بخش۔ خفقان وسواس دور کرے۔ دست اور جریان منی کو روکے۔ نیند لاوے۔ تازہ کا لیپ مواد کو تحلیل کرے۔ معدہ کو طاقت بخشے۔ صفرا اور بواسیر خونی کو دور کرے۔
دھنہ فرنگ	دہنہ فرنگ	دھنج	سبز طاؤسی و براق	ایک پتھر مشہور ہے جسکے نگ بنتے ہیں۔ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	آنتوں میں زخم ڈال دیتا ہے	گھی	فیروزہ	.	لگانے سے زہر دور کرے۔ نسوار لینے سے نزلہ دور ہو۔ سرکہ سے مل کر طلا کرنا داد برص اور چھائیں کو مفید۔ اس کا سرمہ مقوی بصر۔ ناک میں اس کا ٹپکانا مرگی کو مفید ہے۔
ڈھینڈس	.	.	سبز زردی مائل	ایک پھل ہے قسم ترکاری مشابہ بھی کے۔ قدرے تلخ	گرم	نفاخ ہے	گرم مصالحہ	آنبہ ہلدی	.	گوشت میں پکاکر کھانا بخار کو مفید۔ دیر ہضم۔ بلغم پیدا ہو۔ صفرا دفع کرے سب افعال میں مثل کدو ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک / مقدار	خاصیت
دہی	جغرات و ماست	لبن الحامض	سفید	دودھ میں ضامن دے کر جماتے ہیں مشہور ہے ذائقہ قدرے ترش۔ شیریں	سرد و تر	سرد مزاج والوں کو اور معدہ کو	نمک سونٹھ پودینہ و زیرہ	پنیر	۰	گرم مزاج والے کی باہ کو طاقت بخشے۔ سدہ پیدا کرے۔ دیر ہضم۔ طراوت بخشے۔ پیاس کم کرے۔ اس کے اوپر کی بالائی سر پہ لگانی قائم مقام روغن کدو کے ہے۔ رطوبت بڑھاتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اگر چہرہ پہ ملیں تو چہرہ کی خشکی سیاہی۔ چھائیں کو دفع کرتا ہے۔
دیودار و چیڑھ	دیودار	شجرۃ الجن	لکڑی قدرے سرخ و پتے سبز	ایک بہت بڑا اور لانبا و سیدھا درخت ہے۔ ذائقہ تلخ و تیز تیز بو۔	گرم خشک	پھیپھڑے کو	کتیرا و روغن بادام	۰	۰	مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑے۔ مواد کو اندر دبائے۔ ریاح اور سرد ورم کو تحلیل کرے۔ درد کو تسکین دے۔ لقوہ۔ ادھرنگ۔ سکتہ۔ استرخا کو مفید۔ اس کا تیل جذام۔ گنٹھیا۔ چنبل۔ سرخ باد اور دمامیل کو مفید۔ اس کے پتے جوش دیکر ورم پر باندھنا تحلیل کرتا ہے۔ سدہ کھولے۔
دیگچوں	تنقال مس	توبال النحاس	سرخ و براق	تانبے کے چورہ کو کہتے ہیں۔ ذائقہ کسیلا۔	گرم خشک	آنتوں میں زخم کرے و خراش	۰	۰	ا تا ۱ ماشہ	خلطوں کو لطیف کرے۔ آنکھ کے زخم۔ پھنسی کھجلی اور خارش کو مفید۔ جلا کر خراب قرحہ کو پھیلنے نہ دے۔ بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ غیر مغسول بہت استعمال کرے اور پیچش کو مفید ہے۔

باب الراء المہملہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
راب	افشردہ مقوم نیشکر	۔	سرخ	گنے کے رس کا قوام قدرے غلیظ ہے۔ ذائقہ شیریں۔	گرم تر	گرم مزاج والوں کو	ترشی	قند سیاہ یعنی گڑ	۔	پیشاب اور پسینہ کا ادرار کرے۔ تینوں خلطوں کو پیدا کرے۔ اعضاء کو طاقت بخشے خون کو صاف کرتی ہے۔
۔	۔	۔	سفید مائل بزردی سیاہ و زردی مائل	سرو یعنی صنوبر کا گوند ہے تین قسم کا ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	ورم پیدا کرتا ہے	کلفہ کا رانگ	علک البطم	۱۔ ماشہ	مونہہ میں رکھ کر چوسنا رطوبت والی کھانسی کو مفید۔ انڈے کی زردی کے ساتھ پرانی کھانسی اور دمہ کو مفید۔ جریان مذی اور منی کا بند کرے۔ حقنہ میں رکھ کر پینا قرحہ ریہ کو مفید۔
راج انبر	۔	۔	۔	ہندوستانی میوہ۔ شیریں	سرد تر	قابض	۔	۔	۔	فساد بلغم وصفرا کو دفع کرتا ہے۔
	راسن	زنجبیل شامی	سرخ	گھانس کی جڑ مثل سونٹھ کے۔ ذائقہ تیز و تیز بو	گرم خشک ۳	کھٹا انار خمیرہ بنفشہ	ایرسا و بچھیر	۔	۵ ماشہ	جگر کا سدہ کھولتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ فرحت لاتی ہے۔ دل وفم معدہ۔ قوت ہاضمہ و باہ و مثانہ کو قوی کرتی ہے۔ مالیخولیا۔ مراقی۔ وحشت اور غم دور کرے۔
رال	لعل مغربی	قیر و قیقہر	سفید زردی مائل و سیاہ	رال کی دو قسم۔ ایک گوند ہے سال کے درخت کا اور دوسری معدنی ذائقہ تلخ۔	گرم و خشک	پھیپھڑے و معدہ کو	شہد و خشخاش	۔	۶ ماشہ	زخم کو صاف کرے۔ تحلیل کرے۔ جلا کرے۔ مرگی۔ کھانسی۔ دمہ۔ جلندہر۔ کھجلی داد اور پرانے زخم کو مفید ہے۔ مواد سے پاک کرتی ہے۔ اور مواد کو پختہ کرتی ہے اس کا لیپ زخموں کو اور کھجلی کے نشانوں کو فائدہ مند ہے۔
رام تلسی	پلنگ مشک	فرنجمشک	سیاہ	ایک قسم کی ریحان ہندی ہے ذائقہ قدرے تلخ۔	گرم خشک	گرم مزاج والوں کو	بنفشہ سکنجبین	لونگ و بادرنجبویہ	۷ ماشہ	دماغ کا سدہ کھولے۔ دل جگر اور معدہ کو طاقت بخشے۔ خفقان اور سوداوی وسواس کو مفید۔ ہاضمہ کرے۔ تحلیل کرے۔ بلغمی امراض کو مفید۔ بھوک لگائے۔ منجن اس کا منہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
〃	〃	〃	〃	〃	〃	سر درد لاتی ہے	〃	〃	〃	کی خوشبو اچھی کرتی ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کرے۔
رانگہ	ارزیر	رصاص الابیض	سفید و براق	مشہور ہے۔ ذائقہ کسیلا و پھیکا	سرد و خشک	قاتل ہے	قے کرنا و شہد	سرمہ	۲ رتی	گل روغن کے ساتھ مقعد کے ورم کو مفید۔ بواسیر کی کھجلی کو مفید۔ سوزاک دور کرے۔ اس کا سرمہ آنکھوں کی سرخی اور پلکوں کی غلاظت دور کرے۔
رائی	.	خردل	سفید وسیاہ و سرخ	نہایت باریک و چھوٹا سا ایک دانہ ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	نشہ لاتی اور جلد میں زخم کرتی ہے	کاسنی و روغن بادام	تخم شلجم و حرمل	۲۰ ماشہ	باہ پیدا کرے۔ طاقت بخشے۔ لذت دے۔ جلا کرے۔ معدہ کے کیڑے نکالے۔ خون کی صفائی کرے۔ نزلہ کو مفید۔ معدہ اور ہاضمہ کو طاقت بخشے۔ ریاح نکالے۔ شہد سے ملا کر کھانا دمہ اور درد جگر کو مفید۔ اس کی ضماد گھی سے باہ کو مفید۔ مدہ۔ فالج۔ رعشہ۔ سکتہ۔ استرخاء اور ورم دماغی جس کو لیثرغس کہتے ہیں مفید ہے۔
بائے پھول و موتیا و مونگرا	.	.	سفید	ایک پھول ہے چند قسم کا ہوتا ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ و خوشبودار	گرم تر	.	.	.	.	صفرا انپ کی حرارت قے اور ہچکی دور کرے۔ اس کا سونگھنا دل اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا تیل پانی میں ملا کر بدن پر ملنا خارش اور خشکی بدن کو دور کرتا ہے۔
رتالو	.	.	بھورا زردی مائل	شل زمین قند کے ایک گول جڑ ہے ذائقہ شیریں پھیکا	سرد تر	دیر ہضم	گوشت گرم مصالح	.	.	صفرا اور حرارت کو مفید۔ منی قوت بدن اور باہ کو بڑھائے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
رتن جوت	شنگار دھوچوبہ	ابوخلسا	پتے سیاہ جڑ سُرخ	ایک گھانس ہے جسکے پتے مشابہ کاہو کے پتوں کے ہوتے ہیں ذائقہ تلخ	گرم خشک ۲	دماغ کو اور دردسر پیدا کرتا ہے	روغن بنفشہ و روغن مغز کدو	اقحوان	۷ ماشہ	دست بند کرے صفرا اور سودا کے اخلاط کو تحلیل کرے۔ فالج کو مفید حیض کا ادرار کرے پتھری کو توڑے۔ یرقان اور پرانی تپ کو مفید۔ اس کا ضماد طحال کا ورم تحلیل کرے۔ سیاہ اور سفید داغ اور خنازیر کا لیپ کرنا مفید۔
رودراج	۰	۰	پتے سبز پھول بھورا	ایک درخت کا پھل جس کی ہندو لوگ مالا بناتے ہیں پھل خشک ذائقہ تلخ۔	گرم تر نزدیک بعضے سرد	۰	۰	۰	۔۔	اعضا کو قوت بخشے۔ خلطوں کا فساد دُور کرے۔ باہ بڑھاوے۔ کیڑے مارے۔ کھانسی بلغم جریان اور بچوں کے امراض دُور کرے۔
رودنتی	۰	۰	سبز و بھورا	ایک گھانس ہے جسکے پتے وغیرہ چنے کے مشابہ ہوتے ہیں اور ترائی میں ہوتی ہے قدرے تلخ	گرم و خشک	نفاخ ہے	نبات	۰	۳ ماشہ	بدن کو طاقت بخشتی ہے اور فربہ کرے۔ بھوک لگاوے۔ ہاضمہ تیز کرے۔ باہ کو طاقت بخشے۔ الا اعضاء دماغی و شکمی کو مُضر ہے۔
رس	افشردہ نیشکر	عصارہ السکر قصب	سفید سکدر	مشہور ہے۔ ذائقہ خوب شیریں	گرم تر	نفاخ ہے صفرا و بلغم کو ابھارتا ہے	دودھ	عصارہ کھجور	۔	کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ اور دودھ سے ملا کر استعمال کرنا اس کی طاقت کو سب طرح سے زیادہ کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم اور فرحت بخشتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔
رسکپور	۰	۰	سفید	ایک معدنی چیز ہے جمی ہوئی مثل سنگرف کے بلکہ سفید سنگرف ہے	گرم خشک	اعضائے رئیسہ کو	گائے کا دودھ	جمال گوٹہ	یک حبہ	شہد کے ساتھ سرعت انزال کو مفید۔ بدن کے وائے شہور اور آتشک کو مفید۔ گھی سے ملا کر لیپ کرنا جلد کے مرض کو دُور کرتا ہے۔ بلاتشویہ نہ برتو دسم ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
رسوت	.	حضض ہندی	زرد	ذائقہ نہایت تلخ	معتدل ہے اور نزدیک بعض کے گرم اور بعض کے نزدیک سرد خشک	طحال کو	انیسون و مصطگی	فوفل و صندل	۲ ماشہ	قبض کرے۔ مواد کو دبائے۔ اندرونی سرد ورموں کو تحلیل کرے۔ دست رطوبت و خون کا گرنا بند کرے۔ زخم، مجاری بول۔ خون تھوکنا۔ سیاہ یرقان۔ ورم۔ طحال درد جگر یہ سب دُور ہوں اس کا لیپ درد چشم کو مفید ہے اور پسینہ بہنے کو روکتی ہے۔
روپا مکھی	چوک نقرہ	اقلیمیائے فضہ و خبث الفضہ	سفید سیاہی مائل	چاندی کا میل ہے کہ مصر وغیرہ ملکوں میں بڑی بڑی بھٹیوں سے نکلتا ہے۔ ذائقہ کسیلا	سرد و خشک	سدہ لاتی ہے	روغن بادام	مردار سنگ	۲ ماشہ	نیند خوب لاتی ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ طراوت بخشے۔ آوازہ صاف کرے دست آور دواؤں کا نقصان دُور کرتی ہے۔ قوت بینائی۔ سبل۔ زخم چشم اور نزول چشم کو مفید ہے معدہ کو طاقت بخشے۔
روغن بادام	روغن بادام	دہن اللوز	سفید	مشہور ہے ذائقہ قدرے شیریں	معتدل	ضعف انتڑیوں کو	مصطگی	روغن خشخاش	۶ ماشہ	نیند لائے۔ طبع کو نرم کرے اور دماغ کو طراوت بخشتا ہے۔ آواز کو صاف کرے۔ دست آور دواؤں کے نقصان کو روکے۔ معدہ اور پٹھوں کو قوت دے
روغن بلسان	روغن البلسان	دہن البلسان	سفید	مشہور ہے ذائقہ بدمزہ۔ تلخ	گرم خشک	گرم مزاج والوں کو	دودھ	نارجیل روغن زیتون	۲ ماشہ	دماغ۔ پٹھوں۔ معدہ اور رحم کو طاقت دے۔ معدہ۔ جگر کی سختی کو نرم کرے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑے دماغی سرد بیماریوں کو قوت دے۔
روغن بھلانوان	روغن بلادر	دہن حب	سیاہی مائل	مشہور ہے ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	جلد کو	.	زیتون	.	تینوں خلطوں کو چھانٹتا ہے۔ اور جذام یعنی کوڑھ کو مفید ہے۔ پیٹ و مقعد کے کرم مار نکالے اور جلد میں زخم کرتا ہے۔ سردی کے دردوں کیواسطے مفید

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	الفحم	"	"	"	"	۔	"	۔	خصوصاً جوڑوں کے درد کو نہایت مفید ہے
روغن رینڈی	روغن بیدانجیر	دہن الخروع	سفید	مشہور ہے ذائقہ پھیکا و بدمزہ	گرم تر	مضر معدہ کو	نخود بریاں	روغن زیتون	تولہ تا ۳ تولہ	اعضاء کو طاقت بخشتا ہے۔ معدہ کو جلا دیتا ہے۔ صحت کا نگہبان ہے خوشی پیدا کرتا ہے۔ آنتوں کے سُدے کو پھسلا کے نکالتا ہے۔ دست آور ہے۔ جلندر کو مفید۔ خصیوں کے ورم۔ کمر۔ گردہ۔ قولنج کو مفید ہے۔
روغن خشخاش	روغن خشخاش	دہن الخشخاش	سفید	مشہور ہے۔ پھیکا و بدمزہ	سرد تر	سُدہ پیدا کرتا ہے	۔	۔	۔	نیند لاتا ہے۔ درد سر کو تسکین دے اور دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ گرم تر کھانسی کو مفید ہے۔
روغن السی	روغن کتان	دہن الکتان	تدرے زرد	ذائقہ قدرے تلخ و ہیک دار۔ مشہور ہے۔	گرم تر	۔	۔	۔	۔	بھوک لگاوے۔ اعضا کو قوت بخشتا ہے۔ پیشاب لاوے۔ بینائی چشم کو طاقت دیتا ہے۔ آنتوں کے زخم اور خراش کو مفید ہے۔ اس کی مالش داد اور خشکی بدن کو دفع کرتی ہے۔
روغن چیڑ	روغن دیودار	دہن شجرۃ الجن	سُرخ	مشہور ہے تلخ و بودار۔	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	پھوڑے پھنسی اور سُرخ بادہ اور وجع مفاصل یعنی گنٹھیا نو اور کھجلی اور کوڑھ کو نافع ہے۔
روغن زیتون	روغن زیتون	دہن الزیت	سفید	مشہور ہے ذائقہ قدرے تلخ	گرم تر	گرم مزاج	دودھ و	روغن	۲ تولہ تا	پٹھوں کی سردی کو دفع کرتا ہے۔ قوت بخشتا ہے۔ اعضاء کو قوت دیتا ہے۔ دردوں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور پیٹ کے کرم مار کر نکالتا ہے۔ اور آنتوں کی

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	″		دالیکو	شہد	″	″	سروں کو مفید۔ اس کا لیپ ومالش سردی کے دردوں کو نافع ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے
روغن سرسوں	روغن سرشف	دہن الخرف	زردی مائل	مشہور ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ	گرم و تر۲	معدہ کو	دہی و ترشی	روغن کنجد سفید	-	پٹھوں کو طاقت دیتا ہے۔ بدن کو موٹا اور مضبوط کرتا ہے۔ بلغمی وسرد امراض کو مفید۔ اس کی مالش اور لیپ سردی کے مواد کو تحلیل کرے۔ پٹھوں کی اینٹھن کو مفید ہے۔
روغن چنبیلی	روغن یاسمین	دہن یاسمین	سفید	مشہور ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ	گرم و خشک	گرم مزاج والیکو	مسکہ	روغن زیتون	۲ ماشہ	پیٹ کے کرم دفع کرے اور مقعد کے کیڑے مارے۔ کوڑھ اور کھجلی کو نافع ہے کان کی بیماریوں کو آرام دے۔ چنبیلی کا بسا ہوا تیل سر میں ڈالنا اعضائے دماغی کو طاقت بخشتا ہے۔
روغن کاہو	روغن کاہو	دہن الخس	سفید	مشہور ہے۔ قدرے تلخ	سرد تر	سرد مزاج والیکو	روغن بادام	•	•	دماغ کو طراوت دیتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ مالیخولیا اور مرگی کو مفید ہے شراب کی مستی کو دور کرے اکثر امراض گرم عصباتی کو مفید ہے۔
روغن کرڈ	روغن تخم معصفر	دہن حب القرطم	سفید	ذائقہ تلخ و تیز مشہور ہے۔	گرم تر	گرم مزاج والیکو بینائی کو	•	روغن زیتون		فساد ریاح اور بلغم کو دور کرتا ہے۔ اعضاء کو طاقت بخشتا ہے۔ تینوں خلطوں کو زائد کرتا ہے۔ معدہ کی سوزش کو مفید ہے۔
روغن اخروٹ	روغن چہار مغز	دہن الجوز	سفید	ذائقہ شیریں مشہور ہے	گرم تر	گرم مزاج والیکو	ثقیل ہے	روغن بادام	•	فساد ریاح وفساد بلغم وصفرا کو دفع کرتا ہے۔ باہ کو طاقت دے اور بالوں کو بھی قوت دیتا ہے۔ اور بلغم زیادہ پیدا کرتا ہے۔ اکثر اعضاء کو طاقت بخشتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
"	"	"	"	"	"	"	"	"	"	طبع کو نرم کرتا ہے۔ فرحت لاتا ہے۔ (غیر سمی)
روغن اگر	روغن اگر ہندی	دہن العود	سُرخ	قدرے تلخ خوشبودار مشہور ہے	گرم خشک	•	•	روغن دیودار	•	اس کی مالش پٹھوں کو مضبوط کرے۔ گنٹھیا اور کھجلی کو مُفید ہے۔ پیٹ کے کرم کو مارتا ہے۔ اس کا طلا تحریک باہ۔ قوت باہ زیادہ کرتا ہے۔
روغن پلاس	روغن تخم پلہ	•	سیاہ	ذائقہ تلخ وکسیلا مشہور ہے۔	گرم	•	•	روغن مہوا گو	•	فساد بلغم وصفرا کو دفع کرے۔ پیٹ کے کیڑے مارے۔ اس کی مالش اعضا کی سوزش کو دفع کرے۔ سردی کے ورموں کو تحلیل کرے۔
روغن تخم کھیرا و ککڑی	روغن تخم خیارین	دہن بزر القثاء	سفید	مشہور ہے ذائقہ پھیکا	سرد تر	پٹھوں کو	•	روغن کاہو	•	فرحت لاتا ہے بدن کو موٹا کرتا ہے۔ گرمی کے دردوں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اعضائے دماغی کے بہت موافق ہے۔ بلغم پیدا کرے
روغن تخم پیٹھا	روغن تخم کدوے رومی	دہن بزر الحلوہ	سفید	قدرے شیریں۔ مشہور ہے	سرد تر	•	روغن کاہو	روغن مغز کدو	•	دماغ میں طراوت پیدا کرے۔ بدن کو تر رکھتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ نیند لاوے۔ مالیخولیا۔ بیخوابی۔ پٹھوں کی اینٹھن کو مُفید ہے۔ نتھنوں کی خشکی دفع کرے۔
روغن مغز کدو	روغن مغز کدوے شیریں	دہن حب القرع	سفید	ذائقہ شیریں مشہور ہے۔	سرد تر	•	روغن کاہو	روغن کاہو	•	بدن کو تر رکھتا ہے۔ دماغ میں طراوت پیدا کرتا ہے۔ قوت عطا کرے۔ خشکی بدن اور دونوں نتھنوں اور کان کی دفع کرتا ہے۔ نیند لاوے۔ بدن کو موٹا کرے۔ مالیخولیا بیخوابی۔ پٹھوں کی اینٹھن اور کان کے درد اور خشک کھانسی تپ دق کو مفید ہے سڑکنے اور ٹپکانے اور مالش کرنے سے اور اکثر سختیوں کو نرم کرتا ہے۔ باہ لاتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
روغن تلی و میٹھا تیل	روغن کنجد	دہن السمسم	سفید مائل بزردی	مشہور ہے۔ ذائقہ شیریں	معتدل و بعض نزدیک گرم و تر اوّل	معدہ کو صفرا پیدا کرتا ہے	قند	روغن کاہو و بادام	۔	کل اعضا کو قوت بخشتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ باہ زیادہ کرتا ہے۔ بدن کو نرم کرتا ہے اور جلا دیتا ہے۔ خشکی بدن کی اور پٹھوں کی دفع کرتا ہے۔ فساد بلغم کو دفع کرتا ہے۔ منی زیادہ کرتا ہے۔ بھوک لگائے۔ پیشاب لاوے۔ کان کے درد اور زخم گھاؤ اور چوٹ۔ درد کو مفید ہے۔ آگ سے جلے کو نافع ہے۔ زخم ذکر کو مفید ہے۔
روغن گلو	روغن جھوا	۔	سفید	ہے کہ پھل کی گری کا تیل جما ہوا ہوتا ہے کسیلا پھیکا	سرد تر	آنکھوں اور نزلہ کو	شہد	روغن ناریل	۔	تینوں خلطوں کو دفع کرتا ہے۔ اعضا کی سوزش کو نافع ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ جلد کی خشکی کو دفع کرتا ہے۔ دماغی اکثر اعضا کو مفید ہے۔
روغن مال کنگنی	روغن مال کنگنی	۔	سرخ	مشہور ہے۔ ذائقہ تلخ و بدبودار	گرم تر	گرم مزاج والے کو	۔	روغن کنجد	۔	باہ۔ دماغی قوت۔ قوت حافظہ کو طاقت بخشتا ہے۔ گنٹھیا۔ کمر کے درد۔ کولے کے درد کو نافع ہے۔ اس کی مالش مقوی۔ محرک باہ ہے۔ پٹھوں کی اینٹھن اور اکثر دماغی امراض کو مثل لقوہ و فالج کے مفید ہے۔ ہتھیلی ہاتھ میں اس کی مالش قوت بینائی کو قوی کرتی ہے۔
روغن گری انبہ کا	روغن تخم انبہ و روغن خستہ انبہ	دہن حب انبج	سیاہی مائل	مشہور ہے ذائقہ کسیلا	سرد تر	سدہ پیدا کرتا ہے	نمک	روغن کنجد	۔	معدہ کو قوت دے۔ صفرا پیدا کرتا ہے۔ فساد ریاح۔ بلغم کو دفع کرتا ہے۔ اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہے۔ آگ کے جلے پر لگانا خاص کر مفید ہے۔
روغن نیم	روغن خستہ نیب	دہن الینب	سیاہی مائل	مشہور ہے تلخ۔	گرم خشک	معدہ جگر کو	۔	۔	۔	ہاضم۔ طبع کو نرم کرے۔ پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتا ہے۔ بیہوشی دفع کرے۔ کوڑھ درد کمر۔ گنٹھیا کو مفید۔ ناسور کو بھر لاتا ہے۔ قوت بینائی و باہ کو زیادہ کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
روغن ناریل	۔	دہن النارجیل	سفید جما ہوا	مشہور ۔ قدرے تلخ پھیکا	سرد تر	معدہ کو	۔	روغن مہوا	۔	طبیعت کو نرم کرے ۔ اعضا کو قوی کرتا ہے ۔ امراض دماغی کو مفید ۔ بدن کی خشکی کو دفع کرتا ہے ۔ بدن کو موٹا کرے ۔ بالوں کو بڑھاتا ہے سیاہ رکھتا ہے ۔
روغن بابونہ	روغن بابونہ	دہن البابونج	قدرے سرخ	مشہور ہے کسیلا ۔ تلخ	گرم تر	درد سر پیدا کرتا ہے	روغن نیلوفر	روغن مالکنگنی	۔	ورموں کو تحلیل کرتا ہے چوٹ اور دردوں کو مفید ہے ۔ کمر کے درد گنٹھیا ۔ کولے کا درد اور عرق النسا کو مفید ہے ۔ بالخاصہ انثیین کے ورم کو نافع ہے ۔ اور اکثر امراض سر کو فائدہ مند ہے ۔
روغن گرجن	۔	دہن الگرجن	سرخ	تلخ ۔ بنگال کی طرف ایک درخت ہے اس کا تیل نکالتے ہیں	گرم خشک	معدہ کو اور دردسر	۔	روغن دیودار	۔	صرف ورموں کو تحلیل کرتا ہے ۔ داد کیلئے مفید ۔ عمارت کی رنگ آمیزی میں کام آتا ہے ۔ چوٹ میں لگاتے ہیں ۔ کھایا نہیں جاتا ۔
روہنی	۔	۔	سبز	ایک ہندی گھانس مشہور ہے ۔ ذائقہ تلخ ۔	گرم تر	۔	۔	۔	۔	معدہ کی کرم ۔ گلو کے امراض اور حنجرہ اور دل کی بیماری دفع کرے ۔ دمہ کھانسی ۔ صفرا ۔ بلغم اور تپ کو مفید ۔ خفقان اور اختلاج قلب کی امراض کے لئے اکسیر ہے ۔
روہس	۔	۔	سبز	ذائقہ تلخ ۔ گھانس ہے مشابہ اذخر کے	سرد	۔	۔	۔	۔	دل کی گرمی ۔ معدہ کی حرارت ۔ اعضا کی جلن ۔ کھانسی ۔ دم کی تنگی کو دور کرے
رہیرا	۔	۔	۔	ہندی دوا ہے ۔	گرم	۔	۔	۔	۔	دست آور ۔ ریاح دور کرے ۔ جگر اور طحال کے امراض اور جلندھر کو دور کرے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ریٹھہ	فندق ہندی	بندق ہندی	تخم سیاہ رنگ بھورا	مشہور ہے ذائقہ کسیلا و تلخ و تیز	گرم و خشک	گرانی پیدا کرتا قے آور	سکنجبین و روغن بادام	خربوزہ کی جڑ	۳ ماشہ	معدہ، قوت ہاضمہ کو مضبوط کرتا ہے۔ پٹھوں کو قوت دے۔ اینٹھن اور لقوہ دافع یعنی جھولا مار جاتے، مرگی کو مفید ہے۔ باہ لاوے۔ درد رحم کو دفع کرتا ہے۔ اگر پانی میں گھس کے اس کو ناک میں ٹپکائیں تو آدھی سیسی کے درد کو نافع ہے۔
ریشہ والا	ریشہ والا	ہو	بھورا زردی مائل	ایک گھاس کی جڑ ہے جسکے پتے اور شاخیں برابر و مشابہ سوے کے کے پتے شاخ کی ہوتے ہیں تلخ تیز۔ خوشبودار	گرم خشک ساتھ رطوبت نفاخہ کے	طحال کو	انجود و شہد	جوز بوا و بالچھڑ	۵ ماشہ	قبض کرے۔ گرمی بڑھاوے۔ لطافت روح بخشتی ہے۔ سدہ و مسام کو کھولتی ہے۔ نیند لاتی ہے۔ اس کو خیساندہ کرکے پینا واسطے بند کرنے نزلہ کے اور نزلہ گرنے کو مفید ہے۔ آواز کو صاف کرے۔ پٹھوں کی بیماریوں اور جوڑوں کی درد۔ اور ضعف معدہ اور جگر و طحال و گردہ و مثانہ کو اور درد معدہ کو مفید ہے۔ اور ریاح و معدہ و رحم کے نفخ کو تحلیل کرتا ہے۔
ریواس	ریواس	ریباس	پتے سبز پھول سرخ	گھاس۔ مشابہ چقندر کے درخت کے۔ ترش قدرے شیریں	سرد و خشک	سینہ و باہ کو اور قولنج لاوے	شہد	حماض و ترنج		صفرا کی تیزی کو توڑے۔ لطافت بخشتا ہے۔ معدہ، جگر، اعضائے شکمی گرم مزاج والیکو قوت دیتا ہے۔ اور پتوں کی سوزش اور صفراوی قے کو تسکین دیتا ہے۔ اس کا شربت جنون اور وحشت اور سوزش کو نافع ہے۔
ریوند عام چینی	بیخ ریواس	راوند	سرخ سیاہی مائل	ذائقہ تیز۔ تیز بو۔ و تلخ۔ ریواس کی جڑ	گرم خشک	اسفل کو اور	عناب و صمغ	گل سرخ	۵ ماشہ	مواد کی خلطوں کو پکاوے۔ خشک کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ غلیظ اور پتلی خلطوں کو زور دیکر دست کی راہ نکالے۔ پیشاب اور حیض کا ادرار کرتا ہے۔ سدہ کھولے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
//	//	//	//	ہے ہم شکل شلجم کے	رطوبت فضلیہ کے	لڑکوں کو اور ضعیف	و سنبل	//	//	اور دانتوں کو فضلات ردی سے پاک کرتی ہے۔ نفخ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ اور سرد بیماریوں کو مفید۔ اور یرقان کا سدہ کھولتی ہے۔

باب الزاء المعجمہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
زراوند دراز	زراوند دراز	زراوند طویل	سرخ سیاہی مائل زرد	ایک درخت کی جڑ ہے ذائقہ تلخ	گرم ۲ خشک ۲	جگر و طحال کو	شہد و زرشک	زراوند گرد	۷ ماشہ	نباتی اور حیوانی زہروں کو مفید۔ جلا کرے۔ تحلیل کرے۔ جذب کرے۔ سدہ کھولے بلغم نکالے۔ بول وحیض کا ادرار کرے۔ چھاتی اور جگر کو صاف کرے۔ معدہ کے کیڑے مارے۔ مرگی دور کرے۔ مادہ بلغم کو براہ دست نکالتی ہے اور بآسانی بچہ پیدا کرتی ہے۔
زراوند گرد	زراوند گرد	زراوند مدحرج	باہر زرد اندر سرخی مائل	یہ ایک جڑ ہے۔ گول لانبی جس کے اوپر کا بکل بہت موٹا ہوتا ہے ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	اعضاء طحال میں خشکی پیدا کرتا ہے	شہد روغن کدو	زراوند طویل	۷ ماشہ	ریاح اور ورموں کو تحلیل کرے اور طبع کو لطیف کرے۔ سینہ اور پھیپھڑے کے اطراف کو پاک کرے۔ دماغ۔ معدہ کو طاقت بخشے۔ دم کشی۔ پرانی کھانسی اور سینے کے درد۔ فالج۔ گنٹھیا فائدہ مند۔ بلغمی مادہ کو دست کی راہ نکالے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک	خاصیت
زرشک	زرشک بیدانہ	انبر باریس	اودہ و سُرخ	ایک خاردار درخت کا مشہور پھل ہے ذائقہ چاشنی دار۔	سرد خشک باوجود قوت قبض کے	سرد مزاج اور قولنج والے کو	لونگ و شکر	زرورد و صندل	تولہ	صفرا کی تیزی کو دور کرے۔ پیاس اور معدہ کی حرارت کو بجھائے۔ جگر کی گرمی کو نکالے۔ خون کا جوش کم کرے۔ دل جگر اور معدہ کو طاقت دے۔ صفراوی و جگری و معدی دست و حیض بند کرے۔ مواد کو اعضاء سے چپکنے نہ دے خون جوش کو تسکین دے۔
۔	۔	نفت رطب رومی	سیاہ	سرو کے درخت سے ایک رطوبت بہتی ہے اس کی کئی قسمیں ہیں ذائقہ تلخ	گرم خشک	پھیپھڑے اور طحال کو	کتیرا بنفشہ کافور	جاوشیر و موم	۷ ماشہ	ورم اریاح کو تحلیل کرے۔ قوت دے۔ ادہرنگ۔ رینگن بائی۔ عرق النساء گھٹنے اور جوڑوں کے درد دور ہوں۔ غلیظ خلطوں کو پکائے۔ چھاتی گلہ اور ذکر کو پاک کرے خون کو جلد کی طرف جذب کرے۔ مقعد کے پھٹ جانے کو مفید۔ اس کا ضماد باہ کو زیادہ کرے۔
زمین قند	زمین قند	۔	سرخی مائل بھورا	ایک درخت کی جڑ ہے۔ ذائقہ پھیکا۔ بھربھرہ	گرم	گرم مزاج والے کو	گوشت دہی سرکہ	۔	۔	بھوک خوب لگتی ہے۔ بلغم کو دفع کرے۔ قولنج و درد پیٹ کو مفید۔ قابض ہے ہند کے لوگ اسکا اچار ڈالتے ہیں۔
زنگی دارو	زنگی دارو	رسولہ	سبز سرخی مائل	ایک گھانس ہے بے شاخ بے پھل پتے جڑ سے۔ تلخ	گرم خشک	سدہ پیدا کرے	درود و مصطگی	غافث	۳ ماشہ	یرقان دافع کرے۔ سدہ کھولے۔ بول اور حیض کا ادرار کرے۔ پیشاب خوب لاوے۔
زنگال	زنگار	زنجار	سبز	ایک چیز ہے کہ سرکہ و	گرم	قتال ہے	دودھ	شنگرف	نہیں	بدن کو نقصان دینوالا۔ جلن پیدا کرے۔ آنتوں کو چھیل ڈالتا ہے۔ زخم پیدا

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
״	״	״	د آبی	تانبہ سے بناتے ہیں ذائقہ کسیلا ۔ بکبکا	خشک	قے لاوے	گھی اور کھٹائی کی چیزیں	״	کھاتے نہیں	کرتا ہے ۔ اس کا مرہم شہد میں ملا کر پلکوں کی غلاظت کو مفید ۔ موم روغن کیساتھ ملا ہوا زائد گوشت کو قطع کرے
زوفائے خشک	زوفائے خشک	زوفائے یابس	سبز سیاہی مائل	ایک گھانس ہے ۔ ذائقہ تلخ ۔	گرم خشک	جگر کو	عناب و صمغ عربی انار ترش	صعترہ پرسیاوشان	۹ ماشہ تا ۱ تولہ	طبع کو لطیف کرے ۔ بلغم کو دست کی راہ نکالے ۔ غلیظ ریح اور معدہ کے کیڑوں کو نکالے ۔ ورموں کو دفع کرے ۔ فالج ۔ کھانسی اور دھانس خشک کو مفید ۔ پھیپھڑے کی سوجن اور درد سینہ و پہلو و معدہ کے درد کو اور قولنج کو مفید ہے ۔
زہر مہرہ	زہر مہرہ	فادزہر معدنی	سفید زرد سبز	ایک نہایت ہلکا پتھر مشہور ہے ۔	معتدل ہے	۔	۔	زمرد و زبرجد	۱ ماشہ	کل مزاجوں کے موافق آجاتا ہے ۔ زہر کا مارک ۔ خلدری کو دفع کرے ۔ باہ پیدا کرتا ہے ۔ ارواح کو مضبوط ۔ اعضاے رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے ۔ صحت کا نگہبان ۔ خفقان غم دست ہیضہ کو مفید ۔ وبا کو مفید ۔ بچوں کے رنگ اور پاخانہ کو مجرب ہے ۔
زیتون	۔	زیتون	سبز	ایک درخت بلاد مغرب میں ہوتا ہے ہزار برس تک رہتا ہے کسیلا ۔ تلخ ۔	گرم و خشک	۔	۔	روغن رینڈی	تولہ	جسم میں گرمی پیدا کرے ۔ پیشاب کو لاتا ہے ۔ پتھری کو توڑے ۔ مسوڑھوں کو قوت دیتا ہے ۔ اعضاء کو قوت بخشے ۔ پسینہ لاوے ۔ پیشاب کی جلن کو دفع کرے ۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
زیرہ سفید	زیرہ سپید	کموں ابیض	سفید	سونف کے برابر ایک درخت کا بیج ہے جسکا درخت شابہ سوئے ہوتا ہے ذائقہ تیز و تیز بو	گرم خشک	پھیپھڑے کو	کتیرا	اجوائن وزیرہ سیاہ	۷ ماشہ	معدہ ، جگر ، آنتوں کو قوت بخشتا ہے ۔ ریاح اور ورموں کو تحلیل کرے ۔ بدن کو گرمی دیتا ہے ۔ خیساندہ اس کا شبکوری اور آنکھ کے زخم و بھینگے پن کو مفید ہے ۔ مقطع بلاغم ، منہ میں چبا کر پانی نکالا ہوا ، غشادہ ، ڈھلکا ، طرفہ ظفرہ چشم کو مفید ۔ بعض قسم کے پرمیو یعنے جریان کو مفید ۔
زیرہ سیاہ	زیرہ سیاہ	کموں اسود	سیاہ	مشہور ہے ۔ ذائقہ تیز و تیز بو	گرم خشک	پھیپھڑے کو	کتیرا	زیرہ سفید	۷ ماشہ	گرمی پیدا کرے ۔ طبع کو لطیف کرے ۔ ریاح اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے ۔ معدہ سے رطوبت کو بہنے سے بند کرتا ہے اور بھوک خوب لگاتا ہے ۔ پیشاب اور حیض خوب جاری کرتا ہے ۔ دست آور دواؤں سے ہے ۔

باب السین المہملہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ساگودانہ سابودانہ	۔	۔	سفید	ذائقہ پھیکا ۔ ایک دانہ ہے ایک درخت کے گودے لکڑی سے بناتے ہیں ۔ اور وہ درخت جزائر میں ہوتا ہے ۔	گرم تر	۔	۔	۔	۔	قوت بخشے ۔ باہ پیدا کرتا ہے ۔ بدن کو فربہ کرتا ہے ۔ طبیعت کو نرم کرے اگر تازہ دودھ کے ساتھ مثل شیر برنج کے پکا کر کھا دیں ۔ خواہ پانی میں پکا کر کھا دیں ۔ بیمار کی طبیعت کے بہت موافق کیونکہ بہت سبک ہے ۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ساتھر	اشین و اوشن	صعتر	پتے سبز پھول نیلا	گھانس مشہور ہے چند قسم کی ہوتی ہے۔ ذائقہ تیز۔ تیز بو۔ خوشبودار	گرم و خشک ۲	پھیپھڑے کو	سرکہ	پہاڑی پودینہ	۹ ماشہ	بلغم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سُدہ کھولتا ہے۔ طبیعت کو لطیف کرے۔ خشک کرے۔ قطع کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ بالائی رطوبت سے معدہ کو پاک کرتا ہے۔ دماغی امراض کو مفید۔ انجرہ اُٹھنے نہ دے۔
ساکھو	سال	ساج	لکڑی سرخ پتے سبز پھل سیاہ	جنگلی درخت جس کے پتے بہت پھل مقدار چھالیہ کے تلخ۔ کسیلا۔	سرد و خشک	جگر کو	عناب	۰	۳ ماشہ	اس کا برادہ پیاس اور معدہ کی سوزش کو تسکین دے۔ شہد سے ملا کر کھانا صفرا بلغم کو نکالتا ہے۔ اس کا لیپ ورموں کو تحلیل کرے۔ قابض کرتا ہے۔ اس کے برادہ کی دھونی وبائی ہوا کو پاک اور مچھر وغیرہ مارتی ہے۔
سانپ کی کینچل	پوست مار	سلخ الحیّہ	سفید جالیدار	مشہور ہے کہ سانپ آپ خود گراتا ہے۔ ذائقہ پھیکا۔	گرم خشک	تاریکی چشم لاوے جلد کے چھلکے اتارتی ہے	دھنیا گھی	بھلاوان	۲ ماشہ	اس کی کینچلی کی دھونی سے بچہ گر پڑتا ہے۔ اس کی چربی کا سرمہ نزول اُترنے سے روکتا ہے۔ روغن زیتون سے ملا کر لیپ کرنا خنازیر کو تحلیل کرے۔ سرکہ میں ملا کر لیپ کرنا داءالثعلب اور داءالحیہ کو مفید۔ اس کا انڈا سرکہ میں ملا کر لیپ کرنے سے برص دُور ہو۔ کینچلی۔ گھی اور چنے سے ملا کر کھانا جذام کو آرام بخشے۔ بخارات بواسیر کو مجرّب۔
ساواں	شاماخ	۰	بھورا سفید	ایک غلہ کا مشہور دانہ پھیکا	سرد خشک	ریاح پیدا کرے	گھی	۰	۰	بلغم اور صفرا کا فساد دُور کرے۔ ساتوں قسم کی دھات کو خشک کرنے والا ہے۔
سپاری	پوپل	فوفل	بھوری	ذائقہ کسیلا۔	سرد و	سینہ کو	کتیرا	سُرخ	۴ ماشہ	قابض کرے۔ مواد کو اندر لوٹاوے۔ انجرہ اُٹھنے سے روکے۔ مُنہ کی رطوبت

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
//	//	//	//	ایک گول پھل ہے برابر بیر کے چند قسم کا جز ترمیں اوس نہ بنگالہ میں ہوتا ہے ۔	خشک	مثانہ کو قولنج والے کو	//	صندل و دھنیا	//	اور دانت کی کندی دُور کرے ۔ دل اور باہ کو قوت دے ۔ استرخاء کو مفید ۔ پیشاب لاوے ۔ منی کو گاڑھا کرے ۔ دست بند کرے ۔ گرم درد کو آرام بخشے اس کا جوشاندہ دباؤ کے زور سے دست لاتا ہے ۔ اس کا پھول بچوں کے دست بند کرے
ستاور	۔	۔	سفید	ایک جڑ ہے نہایت لیسدار مشہور پھیکی	گرم خشک ساتھ رطوبت فضلیہ کے	درد سر لائے	شہد	بہمن سفید	۷ ماشہ	لطیف کرے ۔ باہ پیدا کرے ۔ معدہ ۔ جگر ۔ گردہ کو گرمی بخشے ۔ بلغم اور منی کو گاڑھا کرے ۔ دودھ زیادہ پیدا کرتی ہے ۔ ہر قسم کے جریان اور سوزاک کو مفید ۔ نقرس ۔ گنٹھیا ۔ بواسیر کو نافع ہے ۔
سجی و کھار	شخار	قلی معصفر و شب	بھوسی و سفید	ایک کھار ہے کہ بعض چیزوں کی راکھ سے بناتے ہیں ۔ ذائقہ شور	گرم خشک ساتھ سمیت کے	پھیپھڑے کو	گھی اور دودھ و قے کرنا	۔	یک جو	جلا کرے ۔ جلا دیوے ۔ گوشت کو کھا جاوے ۔ سب باتوں میں نمک سے زیادہ قوی ہے ۔ مغسول کی ہوئی معدہ کو قوت دے ۔ دافع بلغم ۔ قے کو بند کرے ۔ طحال کے ورم کو تحلیل کرتی ہے ۔ ہاضم ۔ بھوک خوب بڑھاتی ہے ۔ اور سرمہ کے ہمراہ جالے کو کاٹ بہاتی ہے ۔
سدا سہاگن	۔		پتے سبز پھول سُرخ	ذائقہ قدرے تلخ و تیز ۔ ایک درخت ہے مثل عقیق البر کے ۔	سرد	۔	۔	۔	۔	صفرا اور زہر اور خون کا فساد دُور کرے ۔ جلندھر کو نافع ہے ۔ اگر اس کے ہم ماشہ پتے پانی میں بھگو کر پیئیں تو سوزاک کو نافع ہے ۔ اس کے پتوں کارانگ کان کے درد کو مفید ہے ۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سرپھوکہ			سبز	گھاس مثل چرائتہ مزا تلخ وتیز	گرم تر ۲			منڈی	۶ ماشہ	مدر بول ہے۔ اور مصفی خون۔ معدہ کو کھولتا ہے۔ اور سوداوی بخاروں اور امراض جگر وطحال اور پھوڑے پھنسیوں کو نافع ہے۔ سرطان و آتشک کو مفید۔ اس کا عرق اکثر زہروں کا تریاق ہے۔
سرسوں	شرشف	حرف	سرخ سیاہ زرد	مشہور غلہ ہے۔ اس کا دانہ رائی کے برابر۔ اس کا تیل بھی نکالتے ہیں ذائقہ تلخ وتیز	گرم خشک ۲	معدہ گردہ	کاسنی شہد	السی رائی	۶ ماشہ	محلل ریاح قاتل دیدان، رطوبت بالائی کو خوب جذب کرے۔ فساد بلغم کو دور کرے کھجلی وعرق النسا کو مفید ہے۔ مدر بول ہے۔ اور محرک باہ ہے۔ مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتی ہے اسکا ابٹنا میل، بدن کی سیاہی وچھائیں کو خوب صاف کرتی ہے۔ اس سے بندش بول وخارش کو مفید ہیں۔
سرس	درخت سرس	سلطان الاشجار	پتے سبز پھول سرخ بیج سیاہ	بہت بڑا درخت پتے مثل املی۔ پھول خوشنما۔ پھلیاں لمبی۔ ذائقہ تلخ	سرد خشک تخم گرم		بنسلوچن بادیان	بطم سرپھوکہ	تولہ	اسکی چھال کی کلی دانتوں ومسوڑھوں کو قوی کرے۔ اسکا عرق ورنگ امراض جلدی کو مفید ہے قاتل دیدان۔ اس کے بیج مقوی باہ اور مغلظ منی اگر ان کو پانی میں جوش دیکر ناک میں ٹپکیں نزلہ کو نافع ہے۔ اسکا تیل سفید داغ کو مفید، اس کا سرمہ جالے کو مفید
سرکہ	سرکہ	خل	سرخ و سفید	انگور کھجور یا گنے کا رس دھوپ میں پکا کے بناتے ہیں۔ ذائقہ نہایت ترش	سرد خشک بالطبیعت حرارت	پٹھے ریہ باہ	شیرینی حلویات	آب لیمو	۲ تولہ	قابض ہے۔ رطوبت خشک کرتا ہے۔ رگوں اور مسامات میں جلد نفوذ کر جاتا ہے۔ قاتل دیدان، ہاضم اور بھوک خوب لاتا ہے۔ سدہ خوب کھولتا ہے۔ جامن وتاڑی کا سرکہ ورم طحال اور نفخ کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سرپنچی			سبز	گھاس ہے جسکے پتے مشابہ خرفہ کے۔ شاخیں گرہ دار، تخم ریزہ ریزہ ترش و تلخ	گرم تر					اس کے پتے کھانا درد کمر و جع المفاصل اور تمام بدن کے درد کو مفید ہے۔ اسکی جڑ ہمراہ پیپلامول گرمی اور مرکب تپوں کو مفید ہے۔ اس کے پتے ہمراہ کتھہ اور سونٹھ کیسا ہی زخم کیوں نہ ہو بھرلانے میں مجرب ہیں۔
سرو	سرو	عرعر	سبز	مشہور درخت پتے تلخ و تیز	گرم خشک پھول گرم تر	ریہ	کتیرا	انزروت	۲ ماشہ	قابض ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ خون بہنے کو بند کر دیتا ہے۔ خلط کی بدبو دفع کرتا ہے اسکا جوشاندہ وقت سے پیشاب آنیکو اور آنتوں کے زخم اور مثانہ سے فضول مواد بہنے کو مفید ہے۔ اسکی چٹنی پرانی کھانسی کے لئے مجرب ہے۔ مقوی معدہ ہے۔
سرالی		نبقی برطانیقی	پھول سرخ پتی سبز	درخت بقدر گز بھر۔ پتے مشابہ کھٹی پالک۔ بیج بہت ہی چھوٹا۔ قدرے تلخ	مرکب القوی	متلی لاتا ہے	عناب	تودری	۵ ماشہ	اس کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ مقوی باہ مولد منی۔ اس کے پتوں کا پینا تپ کو نافع ہے۔ اس کو جلا کے کھانا استحاضہ کو بند کرتا ہے۔ اس کے بیج مقوی باہ مولد منی سوزاک اور آتشک کو مفید ہے۔ فساد خون کو دفع کرے
سریش	سریشم	غری	سیاہ	ایک لیسدار چیز ہے چمڑے و گوند کو پکا کر بناتے ہیں بدمزہ	گرم ۱ خشک ۲	سدہ پیدا کرے	سکنجبین، ماءالاصول	سریشم ماہی	۲ ماشہ	رگوں کے منہ پر چپک کر سدہ پیدا کرتا ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ سل و اندرفی خراب زخموں کو مفید ہے۔ خون کو بند کرتا ہے۔ اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔
سریش مچھلی کا	سریشم ماہی	غری السمک	سفید سیاہ	مچھلی کے سفنوں سے بنی ہوئی۔ تلخ بدمزہ بدبودار	گرم ۱ خشک ۲	سدہ پیدا کرے	ماءالاصول	زفت رومی	۲ ماشہ	سل کو نافع ہے اسکا لیپ شقاق رخسار وسفید داغ کو مفید ہے۔ خارش، درد و فتق کو مفید ہے۔ سرکہ کیساتھ ناخن کے مرجانے اور سفید ہوجانیکو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سفیدہ کاشغری	سفید آب	سفیداج	سفید	ایک جوہر ہے مثل جستہ کے اور جستہ کا کشتہ بھی ہے ذائقہ کسیلا و شور	سرد ۲ خشک ۲	خناق پیدا کرے قاتل ہے	قے کرنا روغن شوربا پینا	مردار سنگ	۲ ماشہ	لطیف ہے۔ پرانے زخموں کو خشک کرتا ہے۔ تر و خشک کھجلی نافع ہے۔ ہمراہ سفیدی بیضہ شقاق مقعد کو مفید ہے۔ بدگوشت کو کاٹتا ہے۔ زخم کو بھرلاتا ہے۔ آنکھ کے درد کو اس کا سرمہ مفید ہے۔ قریب سم ہے۔
سقمونیا		سقمونیا	بھورا بعد گداز سفید	ایک گھاس کا جما ہوا دودھ ہے۔ مزا تلخ	گرم ۳ خشک ۲	دل معدہ جگر غشی لاوے	کتیرا سیب بادام روغن	الوا زرد ہلیلہ زرد	۷ رتی	جلا کرتی ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ مادہ صفراوی کو بالخاصہ براہ دست خارج کرتی ہے۔ معدہ کے کیڑوں کو مار کر باہر نکالتی ہے۔ آنتوں کے کیڑوں کو بھی نکالتی ہے۔ امراض سوداوی کو نافع ہے۔ اس استعمال بغیر امرود یا بہی میں بھلبھلاتے جائز نہیں ہے۔ قوی المضرت ہے۔
سقنقور	سقنقور	اسقنقور	سرخ زرد	دریائے نیل کے کنارے کا ایک جانور ہندی میں بن ریہو کہتے ہیں مزا پھیکا و شور	تازہ گرم تر ۲ خشک کیا گرم خشک ۲	دماغ	شہد مسور	ثعلب مصری گاجر	ایک تا ۳ تولہ	اس کا گوشت باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور خوب تحریک باہ کرتا ہے۔ اور منی کو پیدا کرتا ہے۔ فالج، لقوہ، رعشہ، خدر، نقرس اور گٹھیا کو مفید ہے۔
سکندبھیلا			زرد	مشہور ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک ۴	قاتل ہے	قے کرنا			ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ زخم کو بھرلاتا ہے۔ خارش کو نافع ہے۔
سلاجیت			سیاہ سرخی مائل	مومیائی قسم کی ایک چیز ہے جو پہاڑوں پر ملتی ہے۔ مزا قدرے تلخ و پھیکا	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	روغن		۴ رتی	فساد اخلاط کو دفع کرتی ہے۔ دمہ اور جریان منی اور جلندر کو نافع ہے۔ اور سخت سے سخت ورموں، دق اور علت شیخوخت کو مفید ہے۔ قاتل دیدان ہے۔ اس کا جوہر باہ اور گردہ اور مثانہ کو قوت بخشتا ہے۔ سوزاک و جریان کو مفید ہے۔ بدل عطر ناگیسر ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
سلارس		میعہ سائلہ	بھورا زردی مائل	ایک درخت کا گوند ہے جسکا درخت بالکل مشابہ بہی کے درخت کے ہوتا ہے	گرم ۳ خشک ۲	ریہ	مصطگی	جندبیدستر روغن یاسمن	۶ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اعضا کو قوت دیتا ہے۔ اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے۔ اور مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے۔ اور کھانسی و زکام اور درد سینہ وریہ اور درد کمر و گردہ اور جلندر کو مفید ہے۔ اور مثانہ کی پتھری توڑتی ہے۔ جوڑوں کے درد و گٹھیا کو مفید ہے۔
پھل سمندر			سیاہ سرخی مائل	ایک ہندی پھل ہے۔ مثل دبرابر ہڑ کے اور اس سے زیادہ سیاہ	گرم خشک ۲				آدھا	جریان منی کو مفید ہے۔ اور اگر شکر یا نمک و جوائن کے ساتھ سفوف بنا کے گنگنے پانی کے ساتھ کھائیں پیٹ کے درد کو مفید ہے۔ اگر دہی کیساتھ کھاویں دست بند کرتا ہے۔ اور اگر عورت دختر والی کے دودھ میں گھس کر ناک میں سڑکیں۔ تمام دماغ کا بلغم بہا دیوے۔ اور اگر پانی میں گھس کے ناک میں ڈالیں۔ درد سر کو نافع ہے۔ اور اگر اس کے چھلکے و جڑ کا لیپ لگا دیں۔ ہاتھ پیر کے ورم کو مفید ہے۔
سمندر پھین	کف دریا	زبد البحر	سفید جالیدار	ایک قسم ہے جالی دار کہ دریائے شور و قلزم کے کنارے ملتا ہے۔ ذائقہ پھیکا تیز و شور	گرم خشک	ریہ آواز	لعاب صمغ عربی	بورہ ارمنی	نہ کھاؤ	اس کا لیپ سیاہ داغ اور چہرہ کی سیاہی اور چھائیں کو مفید ہے۔ بلغمی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ استسقا کو نافع ہے۔ پتھری توڑتا ہے۔ اور قے کو بند کر دیتا ہے آنکھ کے جالے کو مفید ہے۔ اور بینائی اور دانتوں کو جلا دیتا ہے۔ اور ہمراہ سرکہ کھجلی کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سمندر سوکھ			سفید	رائی کے برابر بیج ہے ذائقہ پھیکا	سرد تر	نفاخ	دودھ شکر	تخم سترالی	۲ ماشہ	سوزاک اور پیشاب کی جلن اور رقت منی کو مفید باہ اور دماغ کو قوت بخشتی ہے منی پیدا کرتا ہے۔ امساک پیدا کرتا ہے۔ جلا کر ناسور پہ لگانا ازحد مفید ہے۔
سمندر لون	نمک دریا	ملح المحیط	سفید	دریائے شور کے پانی سے بنتا ہے۔ مزا شور	گرم خشک ۲			نمک شور		کھانے کی بھوک بڑھاتا ہے۔ اور ہاضم ہے۔ ریاح خوب توڑتا ہے۔ دست آور بھی ہے مسامات میں بڑا نفوذ کرنیوالا ہے۔ کھار کے قائم مقام بھی ہے۔
سنبھالو	فنجنگشت	اثلق	سبز زرد	ایک درخت ہے۔ برابر تین چار گز کے۔ پتّے مشابہ جوانسہ کے مزا تلخ وکسیلا	گرم خشک ۲	گردہ باہ	تخم کرفس	گلنار	۳ ماشہ	قابض ہے۔ ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور لطافت بخشتا ہے اور طحال کا سدہ کھولتا ہے۔ ورم اور حیض کے بند ہوجانے اور داءالکلب کو مفید ہے۔ کتّے کے کاٹے ہوئے کے لئے مفید ہے۔ اسکا بیج نسل و ولادت کو منقطع کرتا ہے۔ اس واسطے اہل عرب برعکس اس کا نام حب النسل رکھتے ہیں۔
سنبھالو کے بیج	تخم فنجنگشت	بزر الاثلق حب النسل	سیاہ سفید	مشہور ہے۔ تیز بو تلخ	گرم خشک ۲	گردہ باہ	صمغ عربی بکری دودھ	شاہ دانہ	۳ ماشہ	جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ دماغی سدہ کو بھی کھولتا ہے۔ ورم دماغ اور لیثرغس کو نافع ہے۔ توالد وتناسل کو منقطع کرتا ہے۔
سنکھیا	مرگ موش	سم الفار	زرد و سفید سرخ سیاہ	مشہور زہر ہے۔	گرم خشک					محلل ہے۔ سردی کے زخموں میں گوشت بھرلاتا ہے۔ اور اس کا تیل کے ساتھ ملنا تر و خشک کھجلی اور سردی کے ورموں کو مفید ہے۔ اس کا کشتہ گٹھیا کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سنگترہ			سرخ	مشہور میوہ چاشنی دار	سرد ۱ تر ۲	پٹھے نزخرہ	قند شہد	نارنگی		دل و معدہ کو قوت بخشتا ہے مفرح ہے اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہے گرمی پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ ہوا و بائی کی سمیت کو دفع کرتا ہے صفراوی مزاج کے بیحد موافق ہے صفرا کو چھانٹتا ہے خفقان و وحشت کو مفید ہے۔ اسکا اُبٹن چہرہ کی سیاہی چھائیں کو نافع ہے
سنگھاڑا			باہر سبز اندر سفید	ایک خاردار پھل ہے۔ پانی میں پیدا ہوتا ہے۔	تازہ سرد تر خشک سرد خشک	ثقیل دیر ہضم	نمک اجزائے گرم			گرم مزاج والوں کو باہ کی قوت دیتا ہے۔ گرم کھانسی، صفراوی تپ کو مفید خون و دل کی سوزش کو مفید ہے۔ دانتوں کو جلا دیتا ہے مسوڑھوں کو قوی کرتا ہے۔ دہی کے ساتھ دستوں کو بند کرتا ہے۔ منہ سے خون آنے کو مفید ہے اور مجرب ہے۔
سنگ مقناطیس	سنگ آہن ربا	حجر المقناطیس	سیاہ مائل بہ زردی و سرخی	ایک پتھر ہے۔ سب سے بہتر لاجوردی رنگ ہے سیاہ خراب ہوتا ہے۔ خوب چپک کرتا ہے۔						پینا اس کا واسطے فالج اور درد مفاصل و عرق النسا و نقرس و تقویت جگر و طحال اور دور کرنے پتھری و عسر ولادت کے مفید ہے۔ ماء العسل کیساتھ واسطے اخلاط غلیظہ کے اور قوابضات کیساتھ واسطے قطع اسہال کے مفید ہے۔ اور بخور اس کا نرم پیس کر تھوڑا تھوڑا اجنگاڑی پر چھڑکیں اور لیا واسطے نے کے رحم میں پہنچا دیں یہ رافع سیلان الرحم ہے۔ ہر چند کہ پرانا ہو۔ کہتے ہیں۔ کہ جب زحل برج سنبلہ میں ہو۔ اس کو گلاب سے دھو کر سرمہ بنا کر جو کوئی شخص آنکھ میں لگاوے۔ دوسرا شخص لوہے کو دیکھتا رہے۔ پہلے شخص کو ایسی محبت دوسرے کیساتھ ہوگی۔ کہ بیان نہیں ہو سکتی۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سنگ جراحت	سنگ جراحت	حجر الاعرابی	سفید	مشہور ہے پھیکا و نرم	سرد خشک ۲	مثانہ	مسکہ شکر		۲ ماشہ	خون بہنے کو جمیع اعضا سے بند کرتا ہے۔ اور زخموں سے خون بہنے کو بند کرتا ہے۔ اور درد سینہ اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے۔ دانتوں کو جلا کرتا ہے مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ دہی کے ہمراہ خونی دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور منہ سے خون آنے کو مفید ہے۔ اور مجرب ہے۔
سنگ چقماق	سنگ چقماق و آتش	حجر النار	بھورا سیاہ	ایک قسم کا سخت پتھر ہے۔ رگڑ سے آگ پیدا ہو	سرد ۱ خشک ۲					اس کی چٹکی پیسی ہوئی کنٹھ مالے کو نافع ہے۔ زخموں کے منہ پر لگانا زخموں کو بھر لاتا ہے اور ان زخموں کو مفید ہے۔ جو کسی طرح خشک نہیں ہوتے۔
سنگ سرماہی	سنگ سرماہی	حجر السمک و حجر الحوت	سفید و بھورا	ایک قسم کا تکونہ پتھر ہے جو مچھلی کے سر سے نکلتا ہے۔	گرم خشک					گردہ و مثانہ کی پتھری توڑنے میں قوی الاثر ہے۔ اور بچوں کے پسلی کے عارضہ کو نافع ہے۔ بچوں کی پیاس کی شدت کو مفید ہے۔
سنگ مرمر		حجر السریطا	سفید	مشہور پتھر ہے۔						منجن اس کے سوختہ کا مقوی لثہ ہے۔ ضماد اسکا راتینج اور زفت کیساتھ محلل اورام صلب ہے۔ اور موم روغن کے ساتھ درد فم معدہ کو نافع ہے۔ اور ذرور اس کے خام کا سوختگی آگ کیواسطے مفید ہے۔
سنگ یہود	سنگ یہود	حجر الیہود	سفید	پتھر ہے بیر کے برابر ذائقہ پھیکا	گرم خشک ۲ و معتدل	جگر معدہ تلی	گوند کرفس	کرفس	۲ ماشہ	پیشاب کا ادرار کرے۔ پتھری توڑے۔ اور پھر پیدا نہ ہونے دے۔ جما ہوا خون مثانہ کا دور کرے۔ چمگادڑ کے خون میں کھرل کر کے سرمہ لگانا پلکوں کے بال اگاتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سن	لادنہ		سفید بھورا	مشہور گھاس کی چھال ہے پھیکا	سرد	دیر ہضم نفاخ				اس کا ساگ ثقیل و قابض ہے۔ اس کے خون نفاس کا بند کر دیتے ہیں۔ اور اس کے ریشہ کا کپڑا بنا ہوا پہننا خشکی پیدا کرتا ہے۔
سناء مکی	سناء مکی	سناء مکی		مشہور گھاس کے پتے	گرم ۲ خشک ۱	مورث کرب و قے	روغن بادام	تسوت ہڑ	۳ تولہ	صفرا، بلغم اور سودا کو بدن سے خارج کرتی ہے۔ نقرس و مرگی و شقیقہ و جنون و درد سر کہنہ و درد پہلو و دمہ و قولنج و عرق النسا، و درد مفاصل کو نافع ہے۔ منقی دماغ ہے
سنکھ	سفید مہرہ	حلزون		مشہور ہے	سرد خشک ۲					سرد، سبک اور مقوی نظر ہے۔ بلغم صفرا اور خون کا فساد دور کرے۔ پیشانی پر لگانا آنکھ میں مواد کو بیٹھنے نہیں دیتا۔ جلا کر لگانا زخموں کو اچھا کرتا ہے۔
سورج مکھی	گل آفتاب پرست	اذریون	پتے سبز پھول خوب زرد	ایک گھاس ہے۔ جس کا پھول بڑا اور چوڑا اور سنہری ہوتا ہے رو بہ آفتاب رہتا ہے۔ قدرے تلخ	گرم خشک ۲	گرم مزاج طحال	شہد سکنجبین	تج زعفران	۳ ماشہ	ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جلا دیتا ہے۔ اور دماغ و جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ اور دماغ کو پاک کرتا ہے۔ اور معدہ، جگر، و باہ کو قوت بخشتا ہے۔ اور محرک خواہش نفسانی ہے بواسیر، یرقان اور استسقا کو مفید ہے۔ قولنج کو فائدہ بخشتا ہے۔ پتھری توڑتا ہے۔ اس کا لیپ درد نقرس کو مفید ہے۔
سورنجان میٹھا	سورنجان شیریں	سورنجان حلو	زرد سرخی مائل	ایک جڑ ہے مشابہ صحرائی لہسن کے۔ ذائقہ شیریں و بودار	گرم خشک	معدہ جگر	کتیرا زعفران	تربد سونٹھ	۳ ماشہ	اندرون بدن سے ہر قسم کے بلغم کو براہ دست نکالتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ اور لیسدار رطوبت کو بدن کے اندر سے کھینچ لاتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ عرق النسا کو مفید ہے۔ اور گٹھیا کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سونجاں کڑوا	سونجاں تلخ	سونجاں مر	زرد	مزا تلخ	گرم ۳ خشک ۳			قسط تلخ	۳ ماشہ	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے اور روغن گل کیساتھ اس کی مالش جوڑوں کے درد اور گٹھیا کو مفید ہے۔ ہمراہ روغن گاؤ اس کا لتہ تر کیا ہوا بواسیر کے مسوں کو گرا دیتا ہے۔ اس کا استعمال جائز نہیں قریب سم ہے۔ اور مصطگی کے ہمراہ پٹھوں کو مفید ہے۔
سوسن	سوسن آسمان گون	سوسن آسمان جون	پتے سبز پھول نیلا	کئی قسم کا درخت ہے۔ صحرائی و بستانی مزا قدرے تلخ	گرم خشک ۱ نزد بعضے معتدل	ریہ	شہد نیلوفر	مازریون	۶ ماشہ	ورم اور ریاح کے تحلیل کرنیوالی ہے ہر قسم کی بلغم کو چھانٹتی ہے۔ معدہ، امعا، جگر و گردوں کو طاقت بخشتی ہے۔ اور گرمی کرتی ہے۔ اگر اس کے پتے چبا کر رانگ نکالیں۔ تو وہ رتوندھی اور قروح و سرخی و سبل چشم کے لئے مفید ہے۔
سوسن کی جڑ	بیخ سوسن	اصل السوسن	بھورا	ٹیڑھی گرہ دار اور اس سے بنفشہ کی خوشبو آتی ہے بعضے اسے بیخ بنفشہ کہتے ہیں قدرے تلخ و خوشبودار	گرم خشک نزد بعضے معتدل	ریہ	شہد	اصل السوس	۹ ماشہ	مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے۔ اور جلا کرتی ہے۔ اور مواد سے پاک کرتی ہے اور لطافت بخشتی ہے۔ گرمی پیدا کرتی ہے۔ مادہ صفراوی و بلغمی و سوداوی کو براہ دست باہر نکالتی ہے۔ اور امتلائی تشنج، فالج و سکتہ اور بچوں کے نیند سے چونک پڑنے کو مفید ہے۔ اس کا لیپ درد سر کہنہ کو مفید ہے۔
سوسن آزاد	سوسن آزاد	زنبق	پھول سفید	مشہور ہے۔ مزا قدرے تلخ	گرم خشک	کافور پیدا ہو	ترب	ایرسا نرگس	۱ ماشہ	لطافت پیدا کرے۔ دماغ کو قوت بخشتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ اس کا تیل اعضا کو قوی کرتا ہے۔ صفرا کو براہ دست نکالتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سونا	طلا	ذہب	زرد	مشہور دھات ہے ذائقہ پھیکا و کسیلا	معتدل مائل بگرمی	مثانہ بول و آلات	شہد مشک	یاقوت	ایک تی تا دو رتی	لطافت و فرحت بخشتا ہے۔ دل دماغ اور حرارت غریزی کو طاقت بخشنے فکر غم اور خفقان کو دفع کرے۔ بواسیر ضعف باہ اور گردہ کو مفید ہے۔ اس کا سرمہ مقوی بصر ہے اس کا ورق مفرح مقوی حرارت غریزی، دل، جگر، دماغ و معدہ ہے۔ بواسیر کو نافع بھی ہے۔ اسکا میل دفع کرنے بوئے بغل و کنج ران کا طلا مجرب ہے۔
سونا مکھی	حجر کہ طلا	خبث الذہب اقلیمیا ذہب	زرد	ایک جسم ہے سخت سونے جیسا۔ ذائقہ کسیلا	گرم خشک	ریہ	روغن بادام	طوطیا	ایک جو	آنکھ کی ردی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ اور بینائی کو قوت دیتی ہے۔ آنکھ کے جالے اور ماڈے وناخونہ وسبل کو زائل کرتی ہے۔ اور قلب کو قوت بخشتی ہے۔ خفقان کو نافع ہے۔ ورم وسختی طحال کو مفید ہے۔
سونف	بادیان رازیانہ	رازیانج	زرد سبزی مائل	ایک گھاس کا بیج ہے۔ ذائقہ قدرے شیریں اور تیز، تیز بو	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	صندل کافور اور سکنجبین	تخم کرفس	۹ ماشہ	سینہ کی راہ جگر طحال گردہ اور مثانہ کا سدہ کھولتی ہے۔ دردوں کو نفع دیتی ہے۔ نظر اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بلغم کو خارج کرتی ہے۔ محلل ریاح تبخیر بند کرتی ہے۔ قولنج دست کھانسی اور دمہ کو مفید ہے۔ ہمراہ سکنجبین تپ کہنہ کو مفید ہے۔ اس کے پتے زیادہ قوی ہیں اسکی جڑ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بول حیض اور دودھ کا ادرار کرے۔ ہاضم ہے۔ مادہ کو نضج دیتی ہے۔ درد قولنج، پسلی کو دور کرے۔ شہد میں ملا کر لگانا باؤلے کتے کے کاٹے کو مفید ہے۔ بدل کرفس کی جڑ ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سونٹھ	زنجبیل	زنجبیل	مٹیالہ	گرہ دار مشہور جڑ ہے ذائقہ تیز و تیز بو	گرم خشک	حلق	شہد روغن بادام	دار فلفل	۷ ماشہ	قوت حافظہ، معدہ، جگر اور ہاضمہ کو طاقت بخشے جگر کا سدہ کھولتی ہے غلیظ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بلغم کو فارج کرتی ہے۔ ملین طبع ہے۔ قے بند کرتی ہے۔ فالج اور سردی کا درد دور کرتی ہے۔ پیٹ اور آنتوں کے کیڑے مارتی ہے۔ پستہ اور خولنجاں سے ملا کر کھانا مقوی باہ ہے مچھلی کھا کر اسکا کھانا پیاس نہیں لگنے دیتا۔
سویہ	شوت	شبت	سبز	ساگ ہے۔ اس کا پھول چھتر دار ہوتا ہے ذائقہ تلخ و تیز	گرم ۲ خشک ۱	دماغ کمزور ہو غشی ہو	ترشی سکنجبین	تخم سویہ	۷ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے۔ سدہ توڑتا ہے۔ ہاضم ہے۔ ہچکی کو تسکین دیتا ہے۔ سردی کے دردوں اور خشک کھانسی کو مفید ہے۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑتا ہے۔ قولنج کو نافع ہے۔ معدہ سے لیسدار اور گاڑھے خلط کو چھانٹ کر نکالتا ہے۔ اس کے بیج ریاح کو تحلیل کرتے ہیں۔ پیشاب حیض دودھ خوب جاری کرتے ہیں۔ اور اکثر امراض رحم میں مفید ہیں۔ مثانہ اور انثیین کی اکثر بیماریوں میں نافع ہیں۔ منی کو اور بصر کو مضر ہیں۔ بدل سونف ہے۔
سہاگہ	تنکا		سفید	ایک معدنی چیز ہے۔ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ذائقہ تیز و شور	گرم خشک ۳	اعضاء رئیسہ	صمغ عربی سرکہ	بورہ ارمنی	۱ ماشہ	لطیف ہے۔ ریاح و ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جلا کرتا ہے۔ بواسیر کا مسہ کاٹ کے گرا دیتا ہے۔ اور بد گوشت کو کاٹ کے بہاتا ہے۔ بریاں کیا ہوا درد معدہ و قبض کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سہدی			سبز	ایک گھاس ہے۔ جسکے پتے مشابہ تلسی کے پتوں کے ہوتے ہیں۔ ذائقہ تلخ	سرد تر					عسر البول کو مفید ہے۔ اور کالی مرچ کے ساتھ پرانے داخلی بخار کو نافع ہے۔ اور ہاتھ پاؤں میں ملنے سے سرخ وسفید ہو جاتے ہیں۔ اسکی جڑ کو پیس کے اگر طلا کریں۔ تو ملذذ ہے۔ اس سے پارہ کا کشتہ عمدہ بنتا ہے۔
سہوڑا			سبز	درخت ہے۔ اسکے پتے چھوٹے پھل چنے کے برابر ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک					فساد خون کو دفع کرے۔ ریاح توڑے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔ اسہال دموی کو مفید ہے اسکی لکڑی کی مسواک دانتوں اور مسوڑھوں کو مفید ہے۔ اسکی پتی پسی ہوئی کالی مرچ کے ہمراہ کتے کے کاٹے کو مفید ہے۔
سہجنہ			سبز	ایک بڑا درخت ہے جسکے پتے ریزہ ریزہ اور پھلیاں لمبی ہوتی ہیں۔ مزا تلخ	گرم خشک	گرم مزاج			۶ ماشہ	زود اثر ہے۔ بلغم کو دفع کرتی ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ باہ کو قوی کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ ریاح وفساد کو دفع کرتی ہے۔ پیشاب جاری کرتی ہے۔ مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔ درد شکم کو مفید ہے۔ گٹھیا دور ہو۔ اسکا پھول ثقیل قابض وبلغم دور کرتا ہے۔
سیب	سیب	نفاح	زرد وسرخ	ولایتی میوہ ہے۔ ذائقہ ترش وشیریں	شیریں گرم ترش سرد خشک	سینہ ریاح پیدا کرے	دارچینی شہد گلقند	بہی	۲ تولہ	دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ وفم معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ اور روح حیوانی کو لطیف کرتا ہے۔ گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے۔ خفقان اور ہانپنے کو مفید ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ رنگ رخسارہ نکھارتا ہے۔ اسکا مربہ بہت لطیف اور لذیذ اور مقوی ہے۔ مفرح ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سیپ	گوش ماہی	صدف	سفید براق	مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک	جگر سینہ	عناب شہد	شاخ گاؤ کوہی و کہربا	۳ ماشہ	دست و خون بہنے اور نکسیر کو بند کر دیتی ہے۔ جلی ہوئی جلا کرتی ہے۔ روح کو لطیف کرتی ہے۔ درد قلب کو دفع کرتی ہے۔ بالخاصہ مسوڑھوں کو قوی کرتی ہے۔ دانتوں کو جلا دیتی ہے۔ سرمہ کی ہوئی اکثر امراض کو نافع ہے۔
سینٹھا	جنس نے	قصب	زرد و سنہری	نرکل کی قسم سے ہے مزا پھیکا	سرد خشک	ریہ	کتیرا			اس کی جڑ جلا کرنیوالی ہے۔ اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ سعفہ اور درد سر کو مفید ہے اور اس کے جلے ہوئے کا منجن دانتوں کو جلا دیتا ہے۔ اور مضبوط کرتا ہے مسوڑھوں سے خون بہنے کو مفید ہے۔ جلے ہوئے کا لیپ خشک و تر کھجلی اور پیپ دار زخموں کو مفید ہے اور ہمراہ نمک کے جلے ہوئے کی چٹکی کھانسی کو مفید ہے۔
سیسہ	سرب	رصاص الاسود	سیاہ	فلزات معدنی کی قسم سے ہے۔ کیسیلا و خشک	سرد تر					مواد کو پکاتا ہے۔ قابض ہے۔ اس کو روغن گل میں حل کر کے ملنا سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ اس کے کشتہ کا سرمہ جالے اور ماڈے اور آشوب چشم کو مثل کشتہ جست کے مفید ہے۔
سیندور		اسرنج	سرخ	پسی ہوئی چیز جو قلعی و سفیدہ و شنجرف سے بنائی جاتی ہے۔ بدمزہ و بدبو	سرد ۲ خشک ۳	قاتل	شوربا خوب چرب	مردار سنگ		ورم کو پھوڑے کو تحلیل کرتا ہے۔ زخموں کو جلا دیتا ہے۔ اور زخموں کو مواد سے پاک کر کے گوشت بھرلاتا ہے۔ زخم کی بدبو کو دفع کرتا ہے۔ داد و کھجلی تر کیلئے مجرب ہے ہمراہ دھوئے ہوئے گھی کے۔ سم قاتل ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سیہنڈھ		زقوم شام	سبز و سفید	ایک بڑا خاردار شیردار درخت خوب تلخ ہے۔	گرم خشک	اکال	تازہ دودھ	تھوہر		وست آور ہے۔ اور فساد باد و بلغم کو دفع کرتا ہے۔ بھوک لاتا ہے۔ اور جلندر، جذام و زردی بدن کو دفع کرتا ہے۔ سنگِ مثانہ کو توڑتا ہے۔
سینگ	سرون شاخ	قرن نعاج	سیاہ زرد و سفید	مشہور ہے۔ مزا تلخ	گرم خشک		سداب	کھر	۱ ماشہ	اس کی راکھ خون روکے خشک کرے۔ بعض سمی ہیں۔
سینبل کا موصلہ			سفید بھورا	ایک بڑا درخت ہے۔ جسکے تنہ کا مغز مشہور ہے۔ تلخ لیس دار	گرم تر معہ رطوبت زائدہ	ریاح پیدا ہو		ستاور	تولہ	باہ پیدا کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ جذام اور خون کا فساد دفع کرتا ہے۔ باہ اور معدہ کو طاقت بخشتا ہے۔ طبع کو نرم حرارت غریزی کو دفع کرتا ہے۔
سیم		غول	سبز سفید	مشہور ترکاری ہے۔ پھلی ہوتی ہے۔ ذائقہ قدرے کسیلا	سرد خشک	نفاخ دیر ہضم	گوشت گرم مصالحہ			فساد بلغم وباہ کو دفع کرتی ہے صفرا کے فساد کو بھی دفع کرتی ہے۔ اس کو گوشت کیساتھ کھانا اس کو لذیذ کرتا ہے۔ اکثر امراض جلدی اور وبائی کو نافع ہے۔ اس کے پتے کا رانگ داد پر لگانا مفید و مجرب ہے۔ اس کے بیج فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتے ہیں۔ اور معدہ و باہ کو قوی کرتا ہے۔ اور اس کے میدہ کا حلوہ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ اور اسکی خشک چھنکی خون بہنے کو اور نکسیر کو بند کر دیتے ہیں۔
سیوتی	گل مشکیں	نسرین	سفید	مشہور پھول ہے۔ پھیکا و خوشبودار	گرم ۲ خشک ۱	دماغ	کافور	چنبیلی	۳ ماشہ تا ۵ ماشہ	لطافت بخشتے ہیں۔ ریاح و ورم تحلیل کرتے ہیں۔ اور سینہ کو پاک کرتے ہیں۔ ورم سینہ و حلق کو مفید ہیں۔ دل۔ دماغ۔ جگر کو قوت دیتے ہیں۔ سر کو گرم کرتے ہیں۔ مدر حیض ہیں۔ ان کا سونگھنا اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب الشین المعجمہ										
شاہدانہ	شادنہ شاہدانہ	شادنج حجر الدم	رنگ برنگ	پتھر ہے مانند مسور کے پھیکا مزا	دہلا ہوا سرد خشک بے دہلا گرم خشک	مثانہ معدہ	کتیرا زرشک	رسوت دم الاخوین مقناطیس	۱ ماشہ	خشکی کرتا ہے۔ اور قابض ہے۔ زخم بھرلاتا ہے۔ مواد کو نضج دیتا ہے۔ لطیف کرتا ہے مقوی لصبر ہے۔ عقل کو تیز کرتا ہے۔ پیشاب بند ہو جانیکو نافع ہے۔ خون روکتا ہے شقاق مقعد کو مفید ہے۔
شال یا شالون			سبز	ایک ہندوستانی بڑا درخت ہے۔ مزا تلخ	گرم					تپ تنگیٔ تنفس اور تینوں خلطوں صفرا۔ سودا و بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور متلی کو روکتا ہے۔ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ اور خشکی کو نافع ہے۔ اعضا کو قوت دیتا ہے۔ پرانے پرانے بخاروں اور ورموں کو مفید ہے۔
شاہ پسند	شاہ پسند		زرد بھورا	مشہور دانہ ہے۔ قدرے ترش	گرم خشک	درد سر کرب پیدا ہو	آلو بخارا	جلاپا	۱ ماشہ	قوی دست آور ہے۔ تینوں خلطوں صفرا وسودا اور بلغم کا اخراج کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کا قاتل ہے۔
شبوی	شبوی	خیری	زرد اودہ سفید	ایک خوشبودار پھول ہے۔ ذائقہ تلخ وپھیکا	گرم خشک ۲	قابض درد سر ہو	بادام روغن سرکہ روغن گل	نرگس	۲ ماشہ	تحلیل، لطیف، جلا اور جذب کرتا ہے۔ مدر بول وحیض ہے۔ ہچکی کو بند کرتا ہے مردہ بچہ و مشیمہ کو نکالتا ہے۔ طلا کرنا سبل کو مفید ہے۔ سونگھنے سے دماغ کی بلغم کا اخراج ہوتا ہے محلل ریاح ہے۔ اس کا تیل سرد دماغ کو قوی اور پاک کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شبرم			سبز سرخ	ایک گرہ دار گھاس مثل نے اسمیں سے دودھ نکلتا ہے۔ دانہ برابر مسور۔ قدرے تلخ	گرم ۳ خشک ۲	معدہ جگر	مسکہ مکھن گاؤ	ماذریون	۲ ماشہ	بلغم اور سودا کو دستوں کی راہ خارج کرتا ہے۔ ہر خلط کو بدن کے اندر سے جذب کرکے پیشاب کی راہ خارج کرتا ہے۔ استعمال میں احتیاط برتنی چاہیئے۔
شریفہ			باہر سبز وسفید اندر سفید	پہاڑی میوہ ہے۔	گرم تر بارطوبت فضلیہ	نفاخ دیر ہضم	ترشی			طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ گرمی پیدا کرتا ہے۔ معدہ کو فاسد اور گرم کر دیتا ہے۔ مولد منی ہے۔ مقوی باہ و دل ہے۔ خفقان کو مفید ہے۔ اس کے بیج پیٹ کے کیڑے مارتے ہیں۔ ہمراہ مٹھے کے اسکالیپ داد کو مفید ہے۔
شکاعی		شکاعی	زرد	ایک بوٹی کی شاخ ہے مثلث لمبے پھول تخم بھی مثلث ذائقہ تلخ	گرم ۱ خشک ۲	ریہ	گوند شہد	بادآورد		بلغم کو لطیف کرتی ہے۔ جریان خون کو بند کرتی ہے۔ سینہ اور جگر اور معدہ کی سرد امراض کو مفید ہے۔ پرانے مرکب بخاروں کو نفع دے۔ رحم کی رطوبت خشک ہو۔ فالج لقوہ جذام اور رعشہ کو مفید
شکر تیغال	شکر تیغال	شکر تیغال	سفید	گھاس پر ایک قسم کے کیڑے نکلا جو اپنے پر لپیٹ لیتے ہیں اور سوراخ کرکے خود نکل جاتے ہیں۔	گرم تر معتدل	غشی پیدا ہو	شکر ترنجبین	معری	۵ ماشہ	سینہ کو نرم کرتی ہے۔ اور سینہ کی کھرکھراہٹ کو مفید ہے۔ اور اخلاط کی حدت وسوزش کو تسکین دیتی ہے۔ نرخرہ کی سوزش اور خشک کھانسی اور آواز کے بھر بھرانے کو نافع ہے۔ گلے کی خشکی درد معدہ کو مفید ہے۔
شکر سفید	شکر	شکر ابیض	سفید	مشہور ہے۔ ذائقہ شیریں	گرم ۲ خشک ۱	گرم مزاج سل والا	آب انار طباشیر	گڑ	۳ تولہ	طبع کو حلق کو اور سینہ کو نرم کرے۔ رطوبات سے پاک کرے۔ سریع النفوذ۔ خون پیدا کرے۔ مقوی باہ ہے۔ اس کا بخور زکام اور سدہ دماغی کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شکرقند			سرخ سفید	مثل آلو زمین کے نیچے ہوتی ہے تازی ہوتی ہے جوش دیکر کھاتے ہیں۔ ذائقہ شیریں	گرم تر بارطوبت فضلیہ	مولد سدہ قابض نفاخ	قند			فربہی لاتی ہے۔ رگوں کے منہ پر چپک کر سدہ پیدا کرتی ہے خصوصاً سینہ وقصبتہ الریہ میں۔ مولد منی ہے۔ اور اس کو گاڑھا کرتی ہے۔ دماغ کو قوت بخشتی ہے۔ نزد بعضے باہ کو حرکت بھی دیتی ہے۔
شقاقل	گزردشتی	شقاقل	سفید	ایک گرہ دار جڑ ہے۔ ذائقہ کسیلا	گرم ۱ تر ۲	مضر اشتہا مولد دردسر	شہد	بوزیدان	۶ ماشہ تا ۱ تولہ	مبہی ومغلظ منی ہے۔ پشت کو قوی کرتی ہے۔ قاطع بلغم ہے۔ معدہ۔ جگر اور گردہ کو گرم کرتی ہے۔ مقوی دل اور مفرح ہے! اسکا مربہ ہمراہ شہد مقوی ہے۔
شلغم	شلجم	شلجم	سفید سرخ	ایک جڑ ہے ترکاری کی قدرے شیریں	گرم تر	نفاخ دیر ہضم	ترشی گوشت	چقندر گاجر		کثیر الغذا ہے۔ مقوی بصر، بھوک لگاتی ہے۔ پیشاب کا ادرار کرتی ہے۔ پتھری توڑتی ہے۔ باہ پیدا کرتی ہے۔ پیٹ اور سینہ کو نرم کرتی ہے۔ کھانسی کو مفید ہے۔ اس کے بیج جملہ خواص میں اس سے قوی ہیں۔ مصلح سکنجبین ہے۔
شمشاد	شمشاد	بقس	پھول سفید پتے سبز بیج سیاہ	بہت بلند درخت۔ پتے انار جیسے ذائقہ قدرے تلخ	گرم ۲ خشک ۳				۳ ماشہ تا ۵ ماشہ	اس کے پتے مہندی میں ملاکر سر پر لگانے سے درد سر کو آرام ہوتا ہے۔ بال مضبوط ہو جاتے ہیں۔ اس کے پتوں کا پانی ڈالنے سے خروج مقعد کو آرام ہو۔ اس کے بیج قابض معدہ اور امعا کی رطوبت کو خشک کرتے ہیں۔ لعاب دہن کو مفید ہیں۔ اس کے شگوفہ کا عرق دل اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔
شمع	موم	قیروس		مشہور ہے۔ شہد کی مکھی	گرم تر	معدہ	روئی	آٹا باقلا	۱۰ ماشہ	زخم کے موافق ہے۔ مرہموں کی اصلاح کرنیوالا ہے۔ انکی قوت کی حفاظت کرتا ہے۔ درد

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
	״			کے گھر کا جرم ہے۔ کہ شہد کو اسمیں جمع کرتی ہے اسکی قوت تیس برس تک رہتی ہے	״	اشتہا کو مضر	شہد	״	״	سینہ، کھانسی، سل اور منجمد دودھ کی اصلاح کرنے اور درد گلو اور لہات اور آواز کے صاف کرنے میں بے مثل چیز ہے۔ اسکی دھونی بخار میں پسینہ لاتی ہے۔ ہوائے وبائی کی عفونت کو دور کرتی ہے۔ تلوں کے تیل میں حل کر کے کھانا قروح باطنی اور پرانے دستوں کو مفید ہے
شوکراں			بھورا	ایک حب ہے۔ پھول چھتر دار مثل سوئے ذائقہ تلخ و تیز بو	سرد ۴ خشک ۳	مہلک	قے	اجوائن خراسانی	نہ کھاؤ	اعضا کو سست کر دیتی ہے۔ نیند آور ہے۔ اسکا لیپ نملہ جمرہ حمرہ کو مفید ہے۔ اسکے بیج اور پتے چھاتی پر لگانے سے پستان کو بڑا نہیں ہونے دیتے۔
شورہ	شورہ	بقر	سفید	مشہور ہے۔ ذائقہ شور اور خنک	گرم ۱ خشک ۲	گردہ مری	کتیرا شہد	نمک اندرانی	۱ ماشہ	بدن کی رطوبات کو دور کرتا ہے۔ دست آور ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ بلغم کو صاف کرتا ہے۔ تیزی میں نمک سے زیادہ ہے۔ شکر کیساتھ مدر بول و حیض ہے۔ تلی درد کمر قولنج ریحی کو مفید ہے کیلہ کیساتھ تین روز کھانا طحال کو مفید ہے۔
شہد	شہد	عسل	زرد سفید سرخ	ایک قسم کی نیشدار مکھی کا کف ہے۔ نہایت شیریں۔	گرم ۲ خشک ۱	دماغ گرم مزاج مولد دردسر	انار سرکہ دھنیا	دوشاب انگوری خرمائے جید	۳ تولہ	جلا کرتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ لیسدار بلغم کو چھانٹتا ہے۔ رطوبت ردی کو دفع کرتا ہے۔ جالندھر، استسقا کو مفید ہے۔ محلل ریاح ہے۔ پیشاب حیض اور دودھ کو خوب جاری کرتا ہے۔ سنگ مثانہ، گردہ کو توڑتا ہے۔ مقوی معدہ و جگر۔ جالینوس کے نزدیک سرد بیماریوں کیلئے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ اور اگر شہد میں چند قطرے پانی اور رتی بھر قلمی شورہ ملا کے کان میں ڈالیں۔ طنین و دوی کو بہت مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شیر	شیر	اسد		مشہور درندہ ہے	گرم ۳ خشک	دیر ہضم	سرکہ		حرام	اسکا گوشت کھانے سے شجاعت پیدا ہوتی ہے۔ اسکی چربی کا لیپ ورم اور خنازیر کو تحلیل کرتا ہے۔ فوطوں ذکر مقعد پر لگانے سے جماع میں طاقت ہو۔ مونچھ کا بال مہلک دودھ گوشت قریب سم
شیر خشت	شیر خشت	شیر خشت	سفید	ایک لاتینی درخت کا گوند جس پر شبنم پڑنے سے سفید و شیریں ہو جاتا ہے۔	گرم ۱ و معتدل ۲	مولد ریاح قراقر نفاخ	سونف روغن بادام	ترنجبین	۵ تولہ	تینوں خلطوں خاص کر صفرا کو براہ دست خارج کرتی ہے۔ جلا کرتی ہے طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ مقوی معدہ وجگر۔ دل معدہ وجگر کی گرمی کو تسکین دیتی ہے۔ کھانسی حلق اور سینے کی کھرکھراہٹ کو مفید ہے۔ اکثر بخاروں میں بھی مفید ہے۔ منی کو رقیق کرتی ہے۔
شیشم		ساسم	قدرے سرخ	بہت بڑا مشہور درخت ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ	گرم خشک				۹ ماشہ	مصفی خون ہے۔ اور کوڑھ اور سفید داغ کو دفع کرتی ہے۔ اکثر امراض جلدی کو دانتوں اور پھوڑوں کو مفید ہے۔ اعضائی سوزش اور آتشک کو مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔
شتر گاو	شتر گاؤ	زرافہ		مشہور چوپایہ	گرم ۳ خشک				حرام	خربزہ کا چھلکا ڈالکر اس کا مہرہ پکانا اس کے نقصان کو دور کرتا ہے۔ مقوی معدہ اس کا زہر سونگھنا موتیا بند اترنے کو روکتا ہے۔
شتر مرغ	شتر مرغ	نعامہ		مشہور ہے	گرم ۳ خشک	گرم مزاج دیر ہضم	روغن سرکہ	طاؤس	حرام	ریاح تحلیل کرے۔ بلغم کا اخراج کرے۔ فالج، لقوہ، استرخاء، استسقاء، نقرس اور گٹھیا کو دور کرتا ہے۔ خون کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ بیٹھ کا لگانا سیاہ داغ اور جدری کا نشان دور کرے۔ سنگدانہ مقوی معدہ ہے۔ چربی بچھو کے زہر کو مفید ہے۔

باب الصاد المہملہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
صابون	صابون	صابون	سفید زرد	میل کاٹنے کے لئے سجی چونہ تیل اور چربی سے بناتے ہیں۔	گرم ۳ خشک ۳	قاتل	ترشوربہ روغن بادام	چونہ اشنان	۶ ماشہ لیپ کیا جاتا ہے۔	ورموں کو نرم کرتا ہے۔ اور پکاتا ہے۔ اکال و جالی ہے۔ حمل کو مانع۔ بچہ کو باہر نکالتا ہے۔ اور اس میں لتہ ترکر کے رکھنا حیض کو جاری کرتا ہے۔ اس کا شافہ قولنج اور کدو دانہ کو مفید ہے۔ اسکا لیپ ہمراہ مہندی کے زانو کے درد اور عرق النساء چہرہ کی سیاہی اور چھائیں۔ داد، وجع المفاصل کو مفید ہے۔ جلد و چہرہ کے داغ دور کرتا ہے۔
صنوبر		صنوبر	سبز	بہت خوشنما درخت مثل سرو کے۔ اس کے پھل چھوٹے بڑے ہوتے ہیں مزا تلخ	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج حیض امعا	کتیرا روغن کنجد گرم پانی		۲-۳ ماشہ	اس کے پتے و چھال پینا درد گلو، قروح ریہ کو نافع ہیں۔ نکسیر اور زخم کے خون کو بند کرتا ہے۔ ہمراہ شہد امراض جگر کو مفید ہے۔ خشک سرد پانی کے ہمراہ دستوں کو بند کرتا ہے پیٹ کو گنگ کرتا ہے۔ اس کی خشک چٹکی چھڑکنا ضرب کے زخم کو بھر لاتا ہے۔ اس کی دھونی مدر حیض ہے اور بچہ کو گرا دیتی ہے۔
صندل	چندن	صندل	سرخ سفید	ایک بہت بڑا درخت مثل اخروٹ کے۔ خوشبودار	سرد ۲ خشک ۳	امراض حار	شہد مصری	سفید کا سرخ سرخ کا سفید	۴ ماشہ	پیاس بجھاتا ہے۔ مقوی قلب و معدہ ہے۔ مصفی خون ہے۔ سینہ کی سوزش دور کرتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ بخار نزلہ حار و خفقان کو دفع کرتا ہے۔ سرخ سب افعال میں سفید سے طلاءً قوی ہے۔ مگر شرباً سفید سے کمزور ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اسہال دموی کو مفید ہے۔ اس کے جوشاندہ سے کلی کرنا منہ آنے اور درد دانت کو مفید ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب الطاء المہملہ										
طالیسپتر		طالیسفر	زرد سرخی مائل کہنہ سیاہ	چھلکا ہے ایک درخت کا بو مثل زعفران ذائقہ کسیلا و تیز	گرم خشک ۲	ریہ	شہد	زیرہ	۳ ماشہ	ادھرنگ، لقوہ اور منہ آنیکو اور خون بہنے کو مفید ہے۔ دست آنے کو اور بواسیر کو مفید ہے۔ آنتوں کے زخم کیلئے نافع ہے۔ اس کے جوشاندہ کی کلی ہمراہ سرکہ کے دانت درد کو مفید ہے۔ رحم سے مواد جانیکو بند کرتا ہے۔
طوطا	طوطی	ببغا		مشہور پرندہ ہے۔	گرم خشک	دیر ہضم	سرکہ گرم مصالحہ		حلال	دل کو فرحت دیتا ہے۔ ضربہ، سقطہ اور کلف کو مفید۔ اس کی بیٹ لیپ کرنے سے سیاہ داغ دور ہوں۔ اس کی زبان کھانے سے بچوں کی زبان کی لکنت دور ہو۔ صاف بولنے لگے۔
باب العین المہملہ										
عباسی کا پھول	گل عباسی		سرخ زرد سفید	ایک مشہور پودا کا پھول ہے۔ پتے چوڑے مزا پھیکا قدرے تلخ	پھول گرم خشک تخم بہتر تر جڑ گرم تر					اس کے پتے پھوڑے و پھنسی کو پکاتے ہیں۔ نمک کے ہمراہ داد کو مفید ہے۔ اس کے بیج قابض اور اس کا پھول باہ لاتا ہے۔ اور اس کی جڑ منی کو غلیظ کرتی ہے اور محرک ہوتی ہے۔ مصفی خون ہے۔ درد کمر کو نفع دے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	فارسی	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
عشبہ مغربی	عشبہ مغربی	عشبہ مغربیہ	ظاہر سرخ اندر سفید	ایک مغربی گھاس ہے خوشبودار	گرم ۳ خشک ۳	گرم مزاج	روغن بادام	چوب چینی	۶ ماشہ	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مادہ منی کو پتلا کرتا ہے۔ طبیعت کو لطیف کرتا ہے۔ اور پسینہ و پیشاب جاری کرتا ہے۔ اکثر سرد تر امراض دماغی، سینہ، معدہ، جگر، گردہ، مثانہ و رحم کو مفید ہے۔ کوڑھ اور گنٹھیا کیلئے مجرب ہے۔
عشق پیچہ	عاشق الشجر	لبلاب	پتی سبز پھول سرخ	ایک گھاس کی بیل ہے جو درختوں پر چڑھتی ہے۔ تلخ پتی و پھول باریک	گرم ۲ خشک ۲	معدہ مثانہ	قند املی	شاہترہ خطمی خبازی	۳ ماشہ	سدہ کھولتا ہے۔ طبیعت اور ورم کو نرم کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ صفرا کو براہ دست نکالتا ہے۔ اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ اور شہد کے ہمراہ اس کا سرڑکنا درد سر کو نافع ہے۔
عصارہ ریوند		عصارہ ریوند	زرد	ریوند کی جڑ کا رانگ خشک کیا ہوا۔ مزا تلخ	گرم ۲ خشک ۲	امعا مقعد	روغن بادام روغن گل		۱ ماشہ تا ۲ ماشہ	خلطوں کو دست میں نکالتا ہے۔ کرم نکالتا ہے۔ جلدی امراض کو دفع کرتا ہے۔ استرخا، ادھرنگ، تشنج امتلائی، دمہ، کھانسی بلغمی اور خون کو مفید ہے۔
عصارہ افسنتین	عصارہ افسنتین			مشہور گھاس ہے	سرد خشک	انیسون	مصطگی	غافث سماق	۴ ماشہ	جگر کے سدہ کو کھولتا ہے۔ تپ کہنہ مرکبہ کو مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ اور اخلاط ردیہ کو مفید ہے۔ رخساروں کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ قابض ہے۔
عصارہ مہک	عصارہ مہک	رب السوس	سیاہ	ملٹھی کا عصارہ مزا تلخ	گرم خشک	گردہ	کتیرا	سوسن	۲ ماشہ	دمہ۔ حلق کی اور سینہ کی کھرکھراہٹ اور خشکی، معدہ کی سوزش اور پیاس کو مفید ہے۔ منہ سے خون آنے کو مفید ہے۔ بہت دست آور ہے۔ خراش کرنے والی دوائیوں کے ضرر کو دفع کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
عقیق		عقیق	سفید سرخ براق نیلا زرد	رنگین چمکدار پتھر ہے ذائقہ پھیکا	سرد خشک	گردہ حلق	کتیرا تخم کدو	جڑ مونگا کہربا	۱ ماشہ	دل کو قوت بخشتا ہے۔ خفقان کو مفید ہے۔ منہ سے خون آنے اور خون بہنے اور خاص کر خون حیض کو مفید ہے۔ مقوی بصر۔ اس کو اپنے پاس رکھنا غضب و غصہ و حدت و تیزی کو تسکین دیتا ہے۔ اور خفقان اور غم کو دفع کرتا ہے۔
عقاب		عقاب		مشہور پرندہ ہے	گرم خشک				حرام	گوشت اس کا سخت اور ردی الکیموس ہے۔ سرد مزاج کو نافع ہے منفعت میں قریب گائے کے گوشت کے ہے۔ پتے کے پانی کا سرمہ مقوی بصر ہے۔
عنبر اشہب	عنبر اشہب		سیاہ	دریائی جانور کے منہ کا اگال ہے۔ چکنا مزا قدرے تلخ	گرم ۲ خشک ۱	امعا سولہ تپی	کافور گوندنہ	مشک زعفران	۳ رتی	تینوں خلطوں اور قوی کی حفاظت کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ حواس ظاہرہ و باطنہ اور حرارت غریزی کو طاقت بخشتا ہے۔ بوڑھوں کے موافق ہے۔ دماغی و دلی امراض کو مفید۔ خفقان دور ہو۔ وبا اور جگر کے امراض کو مفید۔ سدہ کھولتا ہے۔ باہ کو حرکت دے قضیب پر لگانے سے ملذذ ہو۔
عنبر بید	عنبر بید	جعدہ	پھول سفید پتے سبز سیاہ	گھاس ہے۔ تلخ	گرم ۳ خشک ۳	معدہ دردِ سر ہو	دھنیا	پودینہ پہاڑی	۴ ماشہ	قوت تریاق رکھتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کا قاتل ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ دست آور ہے۔ خلطوں کو لطیف ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔
عناب	عناب		سرخ	مشہور ہے	معتدل	معدہ سر	شکر مویز منقی	سپستان	۹ عدد	منضج اخلاط غلیظہ ہے۔ ملین صدر و احشا ہے۔ اخلاط رقیقہ کا مسہل ہے۔ سینہ و حلق اور آواز کی خشونت دور کرتا ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ سوزش حدت خون

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	"	"	"	"	"	"	"	"	اور گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ درد جگر و گردہ و سینہ و امراض مقعد و سوزش مثانہ و معدہ و کھانسی کو نافع ہے۔
عود صلیب			اندر اودہ باہر سرخ	ایک غلاف ہے مثل بادام کے پوست کے دانے سرخ انار جیسے۔ تلخ و کسیلا	گرم خشک ۲	معدہ	کتیرا	غاریقون افسنتین	۲ ماشہ	نقرس، درد معدہ کو مفید، درد گردہ، مثانہ، رحم کو مفید۔ یرقان، مرگی اور کابوس کو دور کرے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ قابض ہے۔ مدر بول و حیض ہے۔ دل کو طاقت بخشتا ہے۔ جریان خون کو مفید ہے۔
عورت کا دودھ	شیر زناں	لبن النساء		مشہور ہے۔	سرد تر ۲	جلد بگڑ جاتا ہے	شکر شہد	دودھ گدھی	آدھ پاؤ	دماغ کے لئے نہایت مفید ہے۔ دق کو مفید ہے۔ خشک کھانسی، خشونت سینہ نفس الدم نزف الدم کو ادویہ مناسبہ کے ساتھ مفید ہے۔ آنکھ میں ٹپکانا رمد گرم کو مفید ہے۔ درد کان کو سرسام کو نفع دیتا ہے۔

باب الغین المعجمہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
غار	غار		سرخ بھورا	ایک درخت ہے۔ اس کی لکڑی کی بہت عزت کرتے ہیں ہزار برس کی عمر ہوتی ہے۔ شام میں ہوتا ہے ذائقہ تلخ	گرم خشک	جگر	کتیرا زرشک طباشیر	کلونجی	۲ ماشہ	تحلیل کرے۔ لطیف کرتا ہے۔ اسکا دانہ درد گردہ، رحم و بچھو کے زہر کو مفید ہے۔ مدر بول و حیض ہے۔ زہر مشروبہ کا تریاق ہے۔ رحم میں بچہ مار ڈالتی ہے۔ کھانسی اور دمہ کو مفید ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ توڑتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
غاریقون	ماہشمان	غاریقون	سفید	ایک بوسیدہ چیز جو انجیر کے درخت سے نکلتی ہے مزا تلخ	گرم ۱ خشک ۲	مولد کرب خناق	دودھ جندبیدستر	تربد شحم حنظل	۳ ماشہ	تینوں خلطوں کو خارج کرتا ہے۔ غلیظ خلطوں کو نرم کرتا ہے۔ جلے ہوئے مواد کو خارج کرتا ہے۔ پیشاب اور حیض کا ادرار کرتا ہے۔ قولنج ریح اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ دماغ۔ دل اور اعصاب کو قوت بخشتا ہے۔ تریاق ہے۔ بلغمی بخار اور دمہ کو مفید ہے۔ بغیر دھونے کے جائز نہیں ہے۔ اسمیں ایک چیز مثل ناخن کے ہوتی ہے۔ اور وہ زہر ہے۔
غافث			زرد پھول نیلا	خاردار گھاس ہے نہایت تلخ	گرم ۱ خشک ۲	طحال	انیسون گلاب	اسارون افسنتین	۵ ماشہ سے ۷ ماشہ	اخلاط اور طبع کو نرم کرتی ہے۔ مادہ کو چھانٹتی ہے۔ اور جلا کرتی ہے۔ رطوبت کو جذب کرتی ہے۔ جگر اور طحال کا سدہ کھولتی ہے۔ اور بدن کو مرکب بخاروں سے پاک کرتی ہے۔ لیسدار خلطوں کو چھانٹتی ہے۔ جلے ہوئے کو مفید ہے۔ جلندر اور وروموں کو تحلیل کرتی ہے۔ پیشاب اور حیض کا ادرار کرتی ہے۔ دودھ بھی جاری کرتی ہے۔ اس کا عصارہ ہر طرح سے قوی ہے۔

باب الفاء المعجمہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
فاختہ	فاختہ	فاختہ		مشہور پرندہ ہے۔	گرم خشک	دماغ ہو بیخوابی	دودھ گاؤ دھنیا		حلال	ادھرنگ اور بادی سے فساد کو مفید باہ پیدا کرتا ہے۔ اگر اس کی بیٹ برص پر طلا کریں۔ یا خون لگادیں۔ تو بدن کے رنگ کے موافق ہو جائے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
فربیون	فربیون و فرفیون	قلبہ بنفشہ گل بنفشہ ادبیون بربیون حافظ الاطفال	خاکی زردی مائل	ایک بوٹی کا دودھ ہے تلخ ذائقہ و تیز بو	گرم خشک	گرم مزاج	ست ملٹھی گوند تیل	ماذریون جندبیدستر	۳ رتی	بلغم کو دستوں کی راہ خارج کرتا ہے۔ پٹھوں سے بلغمی فضول کو دفع کرتا ہے۔ لطافت بخشتا ہے۔ جلا کرتا ہے اور پاک کرتا ہے۔ لقوہ، فالج، استرخا، رعشہ، خدر، مرگی، سکتہ کابوس، جلندر اور قولنج کو نافع ہے۔ حیض جاری کرتا ہے۔ لڑکی کے دودھ میں گھس کر ناک میں سڑکنا بالخاصہ لقوہ کو مفید ہے۔
فندق	فندق	بندق	باہر بھورا اندر سفید و زرد	ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے جسکی گری مثل بادام کے کھاتے ہیں۔ شیریں چکنا	گرم خشک	معدہ نفاخ	شکر سکنجبین	اخروٹ حب الصنوبر	۱۰ ماشہ	باہ پیدا کرتا ہے۔ آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہے۔ شہد کے ہمراہ کھانسی کو نافع ہے۔ ہزال الکلیہ کو مفید ہے۔ سرد نزلہ کو نضج دیتا ہے۔ سوزاک کو مفید ہے اور اس کا تیل سردی کی کھانسی کو مفید ہے۔
فیروزہ	فیروزہ	فیروزج	سبز آبی براق	ایک پتھر ہے جس کے نگینے بنتے ہیں مزا پھیکا	سرد خشک	گردہ	کتیرا	زمرد	۳ ماشہ	مفرح، دماغ معدہ روح اور نظر کو طاقت بخشتا ہے۔ رحم و خفقان کو نفع دے۔ سنگ گردہ کو توڑتا ہے۔ امراض چشم کو بالخاصہ مفید ہے۔ اس کا لٹکانا دل کو طاقت دیتا ہے۔ خوف دور کرتا ہے۔ دشمن پر باعث فتحمندی کا ہے۔
فیل گوش	فیلگوش	فیلجوش اذن الفیل	سبز	بوٹی ہے جسکا عصارہ رسوت ہے۔ ذائقہ تلخ و کسیلا	گرم خشک معہ جوہر ارضی	مولد خلط غلیظ جگر	صمغ عربی	افسنتین	۳ ماشہ	لطافت بخشتا ہے۔ اخراج کرتا ہے۔ لسیدار خلطوں کو خارج کرتا ہے۔ اعضا اور آنکھ کو صاف کرتا ہے۔ اس کا عصارہ اس پھوڑے کو جو زخم سے ہو گیا ہو مفید ہے۔ اس کے خوشہ کا قطور مدر حیض ہے۔ سنگ گردہ توڑتا ہے۔ شہد میں ملا کر لیپ کرنا محرک باہ ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب القاف المعجمہ										
قدم		قدم	زرد سفید	خاردار پھل ہے۔ ذائقہ ترش و پھیکا	سرد	نفاخ مولد بلغم	گوشت گرم مصالحہ			فساد بلغم اور صفرا کو دفع کرتا ہے۔ خون کو غلیظ کرتا ہے۔ بالخاصہ عورتوں اور خواجہ سراؤں کے پستان بلند کرتا ہے۔ گوشت کے ہمراہ لذیذ ہوتا ہے۔
قردمانا		قردمانا	پھول اودے سفید تخم بھورا	ایک گھاس ہے مثل بابونہ بیج مثل زیرہ مزا تلخ وتیز	گرم ۲ خشک ۲	طحال	انیسون صندل	رائی مشک طرامشیع	۲ ماشہ	سدہ ومسام کھولتی ہے۔ لطافت بخشتی ہے۔ مدر بول۔ سرد امراض کو مفید قاتل دیدان۔ سینہ کو پاک کرتی ہے۔ قولنج اور ریاح کو دفع کرتی ہے۔ ہچکی کھانسی کو مفید، عرق النسا اور فالج کو مفید ہے۔
قنطوریون صغیر		قنطوریون صغیر	سبز پھول سرخ	پانی کے کنارے پر کی ایک بوٹی پتے مثل سداب مزا تیز	گرم خشک	آنت	صمغ	پرسیاوشان	۳ ماشہ	لطیف کرتی ہے۔ مواد کو قطع کرتی ہے۔ بلغم کو براہ دست خارج کرتی ہے۔ قاطع صفرا ہے۔ مدر بول وحیض۔ جگر کی سختی کو مفید ہے۔
قنطوریون کبیر	.	قنطوریون کبیر	سبز	گھاس ہے۔ شاخ مثل چچکری پتے دندانے دار۔ ترش	گرم ۲ خشک ۳	دماغ	صمغ عربی کتیرا	سورنجان رسوت	۳ ماشہ	مواد کو تحلیل کرتی ہے۔ قابض ہے۔ جلا کرتی ہے۔ جگر اور طحال کا سدہ کھولتی ہے۔ قولنج بلغمی کو دور کرتی ہے۔ مدر ہے۔
قمری	قمری	قمری		مشہور پرندہ ہے۔	گرم ۲ خشک ۲		روغن بادام	بٹیر	حلال	سرد اور رطب مزاج کے موافق ہے۔ اس کے انڈے اگر بچہ کو کھلائے تو جلد گفتگو کرنے لگتا ہے۔

باب الکاف التازی

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کاجل	دوده	.	خوب سیاه	چراغ کی بتی کا دھواں جما ہوا جاتا ہے۔ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	حلق و پھیپھڑے کو	.	سرمہ	.	آنکھ کا نزلہ اور میل کو صاف کرتا ہے۔ نظر کو قوت دیتا ہے۔ ہمراہ گوند کے آگ کے جلے کو آرام دے۔
کاسنی سبز	کاسنی	ہندباء	سبز	مشہور گھانس کا نام ذائقہ قدرے تلخ	سرد تر	کھانسی والے کو	شربت بنفشہ	شاہترہ	۵ تولہ	سدہ کھولے، صفرا اور خون کی پیاس کو بجھاوے، اس کا پانی مفید ہے، یرقان کو جگر اور طحال کے سدہ کو گرم، جلندھر کو گرمی، صفرا اور خون کے بخار کو مفید ہے۔ اس کے پتے بغیر دھوئے پینا طبیعت کو نرم کرتے ہیں۔ دھوئے قابض اور مضر ہو جاتے ہیں۔
کاسنی کے بیج	تخم کاسنی	بزر الہندبا	مٹیاری سفید	ایک مشہور بیج کا نام ذائقہ پھیکا۔	سرد خشک	طحال کو	سکنجبین و انیسون	تخم شاہترہ تخم کشوث	۳ ماشہ تا ۹ ماشہ	سدہ کھولے۔ پیشاب لاوے، خفقان، دردسر، جلندھر، یرقان، پیاس، جگر کی گرمی و گردہ کی ناطاقتی دور کرے۔ کھانا جلد ہضم کرے، خون منہ سے آنے کو بند کرتا ہے۔
کاسنی کی جڑ	بیخ کاسنی	اصل الہندبا	غباری	مشہور ہے پھیکا و قدرے تلخ	گرم خشک	غشی لاتی ہے	سکنجبین	سونف کی جڑ	۷ ماشہ	سدہ کھولتی ہے۔ خلطوں کو لطیف کرے، غذا کو خوب ہضم کرے، مدر بول۔ خون کو صاف کرتی ہے استسقا کے ورموں کو دور کرتی ہے۔ جلندھر اور مواد کو تحلیل کرے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
//	//	//	//	//	//	//	//	//	//	پرانے مرکب بخار کو گٹھیا کو اور ہاتھ پاؤں کی سوجن کو دفع کرے۔ اندرونی شکمی اعضا کے ورم کو آرام دے۔
کاسنی جنگلی	کاسنی دشتی	طرخشقوق	سبز	مثل کاسنی کے۔ اس کے پتے کسی قدر چھوٹے ہیں ذائقہ تلخ	گرم خشک	۔	سکنجبین	زراوند مدحرج	۳ ماشہ	سُدہ کھولتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ قابض خون کا نکلنا بند کرے۔ حیض جاری کرے اس کی جڑ اور بیج زیادہ مقوی ہوتے ہیں۔ اور یرقان کے لئے نہایت فائدہ بخش ہے۔
۔	۔	کاشم	زرد سبز	گھاس ہے۔ شبیہ ساتھ انجدان کے تلخ۔ تیز۔ خوشبودار	گرم خشک	گرم مزاج والیکو شانہ کو	سونف و سرکہ	سفید زیرہ کرفس	۳ ماشہ	جگر کے سُدہ کھولے۔ ریاح کو دفع کرے۔ غلیظ خلط کو پکائے۔ معدہ کی طاقت کو قوت دے۔ ہاضم ہے۔ ریاح کو صادر کرے۔ جلندھر اور دوسر کیلئے مفید، معدہ کے کیڑوں کو مارے۔
کاغذ	کاغذ	قرطاس	سفید	مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا۔ بوجہ رنگ کے تلخ	سرد خشک جلا ہوا گرم خشک	گردہ کو	کہربائی شمعی	دم الاخوین	۲ ماشہ	پھیپھڑے کے زخموں، معدہ، آنتوں کی سوزش کے لئے مفید ہے۔ خون آنے اور دستوں کو بند کرے۔
کاک جنگلی	تخم خالدرب	اطریلال رجل الغراب حرز الشیاطین	بھورا	بیج ہے۔ مثل سوئے کے بیج کے اور سفید زیرہ کے ذائقہ پھیکا	گرم خشک	جگر اور گردہ کو	کتیرا و سکنجبین	کندش	۲ ماشہ	جگر کے سُدہ کھولتی ہے۔ ریاح کو دفع کرے۔ جلا کرتی ہے۔ عضلات کو نکالے۔ پیشاب میں پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔ معدہ کا امتلا اور ایلاوس کو مفید۔ لیپ برص کو نافع۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کاکڑا سینگی	ـ	ـ	سُرخ سیاہی مائل	ایک درخت کا پھل ہے ذائقہ تلخ کسیلا اس کا درخت کیلہ کے درخت کے مشابہ	گرم خشک	جگر گردہ کو	کتیرا و سکنجبین	ـ	ـ	کھانسی اور دمہ سردی ورطوبت کا دور ہو۔ خاص کر بچوں کی ہچکی، قے اور خونی دست بند کرے۔ پیاس اور بلغم کا فساد دُور کرے۔ ہضم کرے۔ لیپ اس کا بہق کو نہایت مُفید ہے۔ (قریب سم ہے)
کاکن	قسم خرد ارزن	دخن	زردی مائل بھوسی	ایک مشہور غلہ کا دانہ ہے جو بہت چھوٹا ہوتا ہے ذائقہ پھیکا	سرد خشک	پھیپھڑے کو پتھری پیدا کرے	شہد و مصطگے	برنج یعنی چاول	ـ	قلیل الغذا، قابض وخشک کرنیوالا۔ ادرار کرے صفراوی دست بند ہوں تازہ گھی سے ملا ہوا سینہ کو نرم کرے۔ منی کو پیدا کرتا ہے۔ چوٹ پر گرم کر کے ٹکور کرنا نافع ہے۔
کاکنج	کاکنہ و عروسک پس پردہ	کاکنج	سُرخ و سیاہ زرد	مشابہ مکو کے ہوتا ہے اور مستعمل ومراد پھل و دانہ ہیں۔ ذائقہ قدرے شیریں	سرد و خشک	عضو کو سست کرے نیند لاتا ہے	گل سُرخ و گلقند	مکو	۵ عدد تا ۷ عدد	قلیل الغذا ہے قبض کرتی ہے اور خشک کرے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ اور دمہ مشکل سے دم کا آنا گردہ، مثانہ کی بیماری، یرقان، کھانسی، پیاس کو مفید ہے پیٹ کے کرموں کو مارے (غیر سمی)
کالادانہ	ـ	حب النیل	سیاہ تکونا	مشہور ہے ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	کرب لاتا ہے مروڑ اور انتوں میں خراش پیدا کرے	ہلیلہ یا بادام روغن	شحم حنظل	۲ ماشہ	سودا اور غلیظ بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ جسم کو صاف کرے۔ جگر و تلی کا سُدہ کھولے۔ کیڑوں کو مارے۔ نقرس وگٹھیا، خارش وقرحہ خبیثہ کو آرام بخشے۔ بہق اور برص کو پاک کرے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کالی زیری	کرویا و شاہ زیرہ	کمون و رومی	زرد سفید و سبز	گھانس کا دانہ مثل زیرہ کے ہے۔ سونف سے چھوٹا۔ ذائقہ قدرے تلخ و تیز و تیز بو	گرم خشک	گردہ و پھیپھڑے و گرم مزاج والے کو	پودینہ کوہی	زیرہ انیسون سونف	۵ ماشہ	بلغمی مواد کو باہر نکالے۔ آنتوں اور معدوں کے کیڑوں کو خارج کرے۔ کدو دانہ کو آرام بخشے۔ اُس کا لیپ سردی کے ورموں کو تحلیل کرے۔ کھانا خوب ہضم کرے ریاح کو خوب صادر کرے۔ اس کا سرمہ آنکھ کی بینائی کو بڑھاوے۔ سہاگہ بریاں ایک ماشہ سے لیکر چار ماشہ کوٹ کر دودھ کیساتھ کھائیں بواسیر کو مفید تجربہ شدہ۔
کالیسر و کالیسر	-	-	زرد	درخت کا پھل بقدر بیر و عناب کے۔ درخت چھوٹا ہے اور پتی باریک ہوتی ہے ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	.	.	.	-	قابض۔ جلندھر کیلئے مفید۔ منی کو بڑھاوے۔ اور تینوں خلطوں کو تحلیل کرے تپ کو نافع ہے۔ اور عورتوں کی اندام نہانی کی بیماریوں کو اور اس کے زخم کو کہ بوجہ کثرت خون آنے کے ہو جاتا ہے۔ دفع کرے۔
کانچ	آبگینہ	زجاج	ہر رنگ کا و شفاف	معدنی جسم ہے اور بنایا بھی جاتا ہے۔ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	آنتوں کو نلونکو	کتیرا	زبرجد	۲ ماشہ	طبع کو لطیف کرے، جلا کرے۔ پھوڑوں کو آرام بخشے چشم کو قوت دے۔ گردہ اور مثانہ کو مفید۔ (قریب بسم ہے)
کاندا	پیاز دشتی	بصل الفار و بصل الفصلی واسقیل	سفید	پیاز سے بڑی ایک جنگلی جڑ ہے۔ مشہور ہے تلخ و تیز ذائقہ	گرم خشک	کرب اور دوار سر لاتی ہے	قند و سکنجبین	لہسن	۴ ماشہ	مرگی، مالیخولیا و سر کا چکرانا۔ ادھرنگ لقوہ، دمہ، کھانسی۔ پرانے طحال کی سختی جلندھر یرقان دور کرے۔ خون کو ظاہر کی جلد کی طرف کھینچتا ہے۔ قے لاتا ہے اور جلبجلا کے اس کا استعمال بے خوف ہے۔ (غیر سمی و زیادہ از ایک تولہ قاتل ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کاندر	اوشہ	اشق و لذاق الذہب	سیاہ زرد	ایک درخت کا گوند ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم ۲ خشک ۱	معدہ و گردہ کو	انیسون وزوفا و بادام	سفید رائی جاوشیر	۱/۲ ماشہ	تحلیل کرے، قوی کو خشک کرے، نرم کرے، اجلا کرے، رطوبت کو بدن کے عمیق سے نکالے جگر کا سدہ کھولتی ہے۔ شہد ملا کر پینے سے مرگی دور کرے فالج اور رسن بہری کو مفید اس کا لیپ تلی اور جوڑوں کی سختی کے لئے مفید
کانڈل کا ساگ	ترہ شرف	بقلۃ الحرف	سبز	سرسوں کا ساگ ہے جو بہت مشہور ہے ذائقہ قدرے تلخ و تیز۔	گرم و خشک	معدہ کو پیشاب بند کر دیتا ہے	کاسنی و شہد	۔	۔	طبیعت کو خوب کرتا ہے۔ ریاح کو خوب صادر کرتا ہے۔ قلیل الغذا ہے اور خون کو گاڑھا کرتا ہے۔ اور بلغم کو خارج کرتا ہے۔ کھانا خوب ہضم کرتا ہے۔ اس کے لگانے سے خارش وغیرہ مرضوں کو دور کرتا ہے۔ اس کا پانی ترکھجلی کو مفید ہے۔
کانس	۔	۔	سیاہ و زرد	گھانس ہے جس کی رسی اہل ہند بناتے ہیں۔ ذائقہ کسیلا۔	سرد خشک	۔	۔	۔	۔	پیشاب کی تنگی کیلئے مفید ہے۔ مثانہ کی پتھری کو مفید ہے۔ سنگ مثانہ خون کا فساد صفرا و اعضا کی جلن کو نافع ہے۔ خاص کر خون بواسیر کے بند کرنے کے لئے اکسیر ہے۔
کانسہ	رومین	طالیقون	زرد و براق	ایک جسم ہے ساتہ فلزات معدنی کے مل کر بنا ہوا مشہور۔ ذائقہ کسیلا	گرم و خشک	۔	۔	۔	۔	قے کو بند کر دیتا ہے۔ اعضا کی جلن نافع ہے۔ ذہن کو طاقت بخشتے اور بطلان حس شامہ کی قوت کو باطل ہو جانے کو آرام دے۔ سمیت رکھتا ہے۔ (زیادہ استعمال سم ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کاہو	کاہو	خس	پتے سبز بیج سفید	گھانس ہے مشہور دو قسم لبنانی و بری - ذائقہ پھیکا و شیریں	سرد تر	باہ کو سل کو خشک دھانس والیکو	پودینہ و کرفس	خرفہ	-	خلط عمدہ اور رقیق پیدا ہو۔ صفرا کی تیزی کو مٹائے - خون کو پاک کرے اور وبا کے ضرر کو دور کرے - اس کا تیل صلابات کو تحلیل کرے - دماغ کو طراوت دے - نیند لائے - مالیخولیا، مرگی، شراب کی مستی دور کرے
کاہو کے بیج	تخم کاہو	بزر الخس	سفید	مشہور ہے ذائقہ پھیکا -	سرد تر	باہ کو اور نسیان پیدا کرتا ہے	مصطگی	خشخاش	۷ ماشہ تا ۹ ماشہ	صفراوی اخونی تیزی کو تسکین دیتا ہے - ابخرہ کو دماغ پر چڑھنے نہیں دیتا - پیاس اور سوزش کو دور کرتے - پیٹ کو لطیف کرے - پیشاب کھولے اور ورموں کو دبائے - خشکی پیدا کرے - سستی لائے - خون پاک کرے - دو درم پینا کثرت احتلام کو مفید
کائی	.	طحلب	خوب سبز	قسم سبزی - پانی میں ہوتی ہے - قدرے تلخ	سرد تر ۲	سرد مزاج والیکو	شاہسفرم	کلفہ		اس کا لیپ خون کو بند کرے - سخت ورموں کو تحلیل کرے، باد سرخ دفع ہو - اس کا خشک پینا اسہال کو دور کرتا ہے -
کاپھل	دار شیشعان	عود البراق	سرخ	ایک درخت کی چھال مثل تج کے - ذائقہ کسیلا خوشبودار -	گرم خشک	جگر طحال کو	مصطگی	اسارون و زراوند	۷ ماشہ	گلائے - قابض - نزلہ کو روکے، وسواس سوداوی دور کرتا ہے - رطوبت کو خشک کرے، پٹھوں کو مضبوط کرے، جنین کو خارج کرے - کھانسی اتپ کو مفید - بواسیر جریان منی و درد معدہ کو آرام دے - اس کا مضمضمہ مونہہ سے رال جانیکو مفید ہے
کبابچینی سیتل چینی	.	.	باہر سیاہ	کالی مرچ سے کسی قدر چھوٹا گول دانہ مثل حب بلسان کے	گرم خشک	مثانہ	مصطگی و	دارچینی	۴ ماشہ	طبع کو نرم کرے - سدہ کھولے، معدہ اور سوڑھوں کو مضبوط کرے - ریاح کو تحلیل کرے - مدر بول، امراض گردہ و تلی کو آرام دے - اس کا چبانا مونہہ میں

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	اندر سفید	ذائقہ تیز و خشک	″	″	″	″	″	خوشبو پیدا کرتا ہے۔ منہ میں چبا کر قضیب پر ملنا ملذذ ہے۔ اور اس کا چبانا منہ آنے کے لئے نافع ہے۔
کبر جڑ	بیخ کبر	اصل الکبر	سفید	جڑ ہے۔ زمین پر پھیلی ہوئی پھل برابر کھیرے کے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	گردہ مثانہ معدہ کو	سکنجبین و انیسون	ہینگ زراوند طویل	۲ ماشہ	سدہ کھولے۔ جلا کرے۔ تحلیل کرے۔ طبع کو نرم کرے۔ بلغم سودا اور لعابدار خلطوں کو دُور کرے۔ مدر احشا کو قوت دے۔ بواسیر و عرق النساء و بعض دماغ کے مرضوں کو مفید۔
کپور	کاپور	کافور	سفید	چار قسم کا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا گوند ہے۔ ذائقہ تلخ و خشک	سرد خشک	گردہ مثانہ اور باہ کو قوت آتشی کو	ملو او مشک و زعفران	سفید صندل بنسلوچن	۳ سرخ	فرحت بخش۔ دل اور دماغ کو مضبوط کرتا ہے۔ دق ذات الجنب، قرحہ ریہ وسل و پیاس جگر کی جلن کو دفع کرے۔ سونگھنے سے نیند دُور رہے۔ چار قسم کا ہوتا ہے۔ ایک برتاسہرا دوم بھیم سینی، سوم بھیم ساس، چہارم ادوم بھاسکر (زیادہ سم ہے خاص کر عورت کو)
کپور کچری	۰	زرنباد و عرق الکافور	باہر بھوری اندر سفید	ذائقہ تلخ و تیز خوشبو دار۔ ایک جڑ مثل سونٹھ کے ہے۔	گرم خشک	دل کو درد سر لاتی ہے	بنفشہ صندل و پودینہ	بوزیدان و درونج	۴ ماشہ	سدہ کھولے۔ فرحت دے۔ معدہ دل و دماغ کو مضبوط کرے۔ دست اور قے بند کرے۔ حیض اور بول کا ادرار کرے۔ سودا کو دست کی راہ نکالے۔ بلغمی کھانسی اور بچوں کی ہچکیاں دُور کرے۔ ہاضم، خشک ملنے سے دردوں اور ورموں کو آرام دے۔ ریاح نکالے۔
کنگی سفید	۰	خربق	سفید	ذائقہ تلخ۔	گرم	گردہ کو	کتیرا و	بھکر	۳ ماشہ	سفید کنگی، بلغم اور صفرا کو اور ملے ہوئے لیسدار خلطوں کو دست کی راہ نکالے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
،،	،،	ابیض	زردی مائل	جڑ۔ اسکے پتے باریک تنگ سے ہوتے ہیں اس کی جڑ اندر سے مکڑی کے جالے کی کچھ ہوتی ہے	خناق پیدا کرتا ہے	مصطگی	مول	،،	،،	سدہ کھولے۔ معدہ کو صاف کرے۔ بول اور حیض کا ادرار کرے۔ ادھرنگ مرگی اور سرسام کو مفید۔ لیثرغس اور دماغ کے بلغمی مرض اور گٹھیا کو مفید۔ پیشاب و حیض جاری کرے
کٹکی	۔	خربق اسود	سیاہ	ذائقہ تلخ۔ جڑ ہے خولدار جیسے پتے مشابہ کڑے کے ہوتے ہیں۔	گرم خشک	گرم مزاج والیکو خناق کرے	کتیرا اور گاؤگھی	غاریقون کندش	۱ تا ۲ ماشہ	سودا اور بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ مواد کو بدن کے عمق سے کھینچے۔ تحلیل کرے۔ روح کو لطافت بخشے۔ سردی کے مرض اور نزلہ کو دفع کرے۔ داغوں، اکوتہ، امراض جلدی کو مفید ہے۔
۔	کبابہ خندان دفاغرہ	فاغرہ	بھورا اندر سفید	مثل کالی مرچ کے دانہ منہ پھٹا ہوا	گرم خشک	گرم مزاج والیکو دردسر	نیلوفر و گلاب	الائچی و دارچینی	5 ماشہ	معدہ ہاضمہ اور سرد جگر کو قوت دے۔ سدہ کھولے۔ بلغمی اور سوداوی امراض کو اور خلطوں کو پاک کرے۔ خون کو صاف کرے۔ بادی کے دست اور غلیظ ریاح و دماغ کے امراض بادی کو مفید۔
کتھ سفید	۔	کاث	بھورا سرخی مائل	ایک درخت کی چھال کے جوشاندہ کو جماتے ہیں کسیلا۔	سرد خشک	باہ کو مثانہ میں پتھری پیدا کرے	مشک عنبر	گیرو	۳ ماشہ	قابض ہے اور خشکی پیدا کرے۔ دست بند کرے۔ دانت، مسوڑھوں کو مضبوط کرے۔ منہ سے رال کا بہنا اور جریان منی و کثرت احتلام کو مفید۔ آنت کے زخم کو مفید۔
کٹائی	۔	۔	پھول سرخ	ذائقہ تلخ	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	کیڑوں اور وبائی ہوا کی مضرت کو دفع کرے۔ تپ، درد پہلو، دشواری سے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	″	″	″	″	″	″	پیشاب آنیکو مفید ہے۔ سونگھنے کی قوت کے باطل ہوجانے کو نافع ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارے۔ دل کی بیماریوں کو مفید ہے۔ ورم کو تحلیل کرے۔
کٹھل	چکی	-	باہر سفید اندر زرد	پھل ہے بڑا بقدر تربوز کے جس کے اوپر خار ہوتے ہیں اور اندر دانہ شیریں	گرم خشک ساتھ رطوبت فضلیہ کے	نفاخ ہے سودا پیدا کرے	نمک اور السی کے بیج بھون کے کھانا	-	-	باہ کی قوت کو خوب بڑھاوے۔ امساک کرے۔ ہوشیاری ہو۔ خون کو خراب کرے بھوک کم کرے۔ خون غلیظ پیدا ہو۔ اس کا بیج مبہی اور منی پیدا کرتا ہے۔ اس کے بیج باہ کو زیادہ کرتے ہیں۔
کٹھومر	انجیر دشتی	تین بری	اودا	پھل ہے۔ مشابہ انجیر کے ذائقہ کسیلا و ترش	گرم خشک	-	-	-	-	برص، داد اکوتھہ، بہق پر لگانا مفید ہے۔ اس کی جڑ کا لیپ ذکر کو مضبوط کرتا ہے داغوں کو مٹاوے۔
کتیرا	گون	کتیرا	سفید و زرد	خاردار درخت کا گوند مشہور ہے۔ ذائقہ قدرے ترش و پھیکا	معتدل	اسفل کو	انیسون	صمغ عربی و تخم کدو کے شیریں	۴ ماشہ	خون گاڑھا کرے۔ رگوں کے منہ میں چپک کر سدہ لاتا ہے۔ سختیوں کو نرم کرے۔ خلطوں کی تیزی اور جلن کو دفع کرے۔ امعا کو مضبوط کرتا ہے۔ خون کا جانا بند ہو۔ اعضاء باطنی سے کھانسی وریہ کے زخم کو وسینہ کی کھرکھراہٹ کے لئے مفید ہے۔
کٹیلہ	-	-	پتے سبز اور	مشہور ہے ذائقہ تلخ	گرم خشک	گرم مزاج والیکو	کشنیز	انجیر	۲ ماشہ	گرم و باہ کو باہر نکالے۔ تپ، پسلی کے درد اور پیشاب کی دشواری کو آرام دے حس شامہ کے باطل ہوجانیکو مفید۔ دلی مرضوں۔ کھانسی، دمہ کو نافع۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
״	״	״	پھول اودا	״	״	״	״	״	״	کھانا ہضم کرے۔ طبیعت کو نرم کرے۔
کچ پلپل	۰	۰	سُرخ	ایک بوٹی کا پھل ہے لال مرچ کے برابر اور اس کے مشابہ ذائقہ تلخ	گرم خشک	۰	۰	۰	۰	کھانے کو خوب ہضم کرتی ہے۔ جگر، معدہ کو طاقت دے۔ امساک لاوے۔ پُرانی پُرانی بیماریوں کو دفع کرے۔ پیٹ کی بیماری اور بواسیر کو نافع ہے۔ دست بند کرے۔ پیٹ کے کرم مارے۔ باہ کی بیماریوں میں لگاتے اور ملنے کے ذریعے سے مُفید ہے۔
کچری	دستنبویہ	شمام	بھوری	مشہور ہے ذائقہ تلخ و تیز و خوشبودار	گرم خشک	گرم مزاج والکو سر درد لاوے	کشنیز	انجیر	۳ ماشہ	پٹھوں کی سختیوں کو تحلیل کرے۔ احشا کو قوت دے، قابض۔ باہ پیدا کرے۔ فالج، لقوہ۔ بواسیر۔ ریاح رطوبت غریبہ اور بلغمی امراض کے لئے مُفید۔ دھواں بواسیر کو مُفید۔
کچور	۰	۰	بھورا	تین قسم کا۔ نر و مادہ اور بڑا اور بڑے کو کپور کچری کہتے ہیں جڑ ایک گھانس کی شل ادرک و سونٹھ تیز تلخ خوشبودار	گرم خشک	دماغ کو دردِ سر لاوے اور پھیپھڑے کو	کشنیز	انجیر و ادرک	۳ ماشہ	بھوک بڑھاوے۔ کھانا ہضم کرے۔ خون کا فساد جذام بواسیر۔ بادگولہ۔ بلغم تنگی نفس دُور کرے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارے۔ خون کو پاک کرتا ہے۔ اور پھوڑے پھنسیوں۔ زخموں، سانس چڑھنے۔ غلیظ ریاح کو مفید ہے۔ اور دست لاتا ہے۔
کچلہ	کچلہ	اذراقی	سیاہی	ایک درخت کے پھل کا بیج ہے۔	گرم	نشہ کرتا ہے	قے کرنا	بلاور	۲ رتی	فالج اور استرخا اور گٹھیا، کمر کی درد، عرق النساء قولنج ریحی اور تمام پٹھوں

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	قاتل الکلب	مائل و زرد	ذائقہ تلخ	خشک	قاتل ہے	گھی و شکر	"	"	کی بیماریوں کو مفید۔ حیض لاوے اور پیشاب کا ادرار کرے۔ پتھری توڑے۔ اس کا لیپ داد کو مفید (سم ہے)
کچنال	•	•	سبز و سرخ	ایک درخت ہے جسکی کلی ترکاری وغیرہ میں مستعمل ہیں مطلق سے مراد کلیان ہیں۔ ذائقہ کسیلا	سرد ۲ خشک ۲	نفاخ ہے	گوشت و نمک و گرم مصالح	•	•	دیر ہضم، ردی الغذا۔ قابض۔ خشک، معدہ اور آنت کو مضبوط کرے، پیٹ کو گنگ کرے۔ دستوں کو بند کرے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارے۔ خون کا فساد دفع کرے۔ اس کا پھول منہ سے خون تھوکنے اور کثرت حیض کو بند کرے اس کی چھال کا سفوف جریان کو مفید۔ اس کا غرغرہ کرنا منہ کی بیماریوں کو آرام دے
کدو گول	کدوے شیریں	یقطین حلو	سبز و زرد	ایک پھل قسم ترکاری سے مشہور ہے۔ ذائقہ شیریں	گرم تر	نفاخ ہے	ترشی گوشت	لوکی	•	بھوک کم کرتا ہے۔ جلدی ہضم نہ ہووے۔ پیٹ کو خوب نرم کرے، غلیظ خلط پیدا کرتا ہے۔
کدو لمبا، لوکی [illegible]	کدوے دراز	قرع و یقطین	باہر سبز اندر سفید	بیل دار درخت کا پھل لمبا بقدر آدھ گز و گز بھر کے قسم ترکاری سے مشہور ذائقہ پھیکا۔	سرد تر	سرد مزاج والوں کو اور معدہ کو	گوشت و گرم مصالح	پالک و خرفہ		قلیل الغذا ہے۔ عمدہ خلط پیدا کرے۔ پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ پیشاب لاوے اعضا کو تری بخشے۔ سدے کھولتا ہے۔ گرم بخاروں کو نافع ہے۔ صفراوی مزاج، گرم مزاج، دق والوں کیلئے عمدہ خوراک ہے۔ بھونے ہوئے کدو کا پانی معدہ، دل کی حرارت کو تسکین دے۔ جسم فربہ کرتا ہے۔ دماغ کیلئے مفید ہے۔ تشنج کانوں کے درد، دق و کھانسی کو مفید۔ لطیف کرے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
کدو لمبے کے بیج	تخم کدوے دراز	بزر القرع	سفید و چکنا	مشہور ہے شیرین و خوش ذائقہ	سرد تر	سرد مزاج والوں کو اور مثانہ کو	بادیاں یعنی سونف	تخم تربوز کتیرا	۹ ماشہ	بدن کو موٹا کرے۔ پیشاب لاتا ہے۔ سینے کے کھرکھرانے اور منہ سے خون آنیکو اور کھانسی کو مفید۔ پیاس بجھاوے۔ پیشاب کی جلن، مثانہ کی سوزش کے لئے مفید ہے۔ بے خوابی کو مفید۔ دل دماغ کو قوت دیتا ہے۔ بلغم شورہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے۔
کڑ	خسکدانہ	قرطم حب العصفر	سفید	کسم کے بیج مشہور ہیں۔ قدرے تلخ	گرم خشک باقوت مسہلہ	معدہ کو	انیسوں و شہد	حبۃ الخضرا	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ ریاح کو تحلیل کرے۔ سینہ کو صاف کرے۔ آواز کو صاف کرے۔ نزلہ پکاوے۔ باہ اور آنکھ کی بینائی کو قوت بخشے منی بڑھاوے۔ قولنج و جلندھر، مالیخولیا، کھجلی، خارش، وسواس کو مفید۔
کرفس پہاڑی	کرفس کوہی	فطرا سالیون	سیاہ	ایک لمبے سیاہ بیج ہیں۔ نانخواہ کے مشابہ ذائقہ قدرے تلخ و تیز خوشبودار	گرم خشک ۳	گرم مزاج والیکو	دھنیا	تخم کرفس و شاہ بلوط	۳ ماشہ	سدے اور مسام کھولے حیض و پیشاب لاوے۔ لیسدار رطوبت کو چھیل دیتا ہے۔ اپھارہ یعنی نفخ کو تحلیل کرے اور پہلو کے درد اور ریاحی مروڑ کو مفید اس کے شیرہ میں لتہ تر کیا ہوا رکھنا بچہ کو مع مشیمہ کے گرا دیتا ہے۔ اور باہ کو لاتا ہے۔
کرم دانہ	کرم دانہ	حب الدود	سیاہ	دانہ ہے۔ دو تو نوکیں اس کی نوکدار ہوتی ہیں۔ قدرے تلخ	گرم خشک	۰	۰	۰	۰	صفرا کو دست کی راہ نکالے۔ کیڑوں کو مارتا ہے۔ فرج میں گرمی پیدا کرے اور فضلات سے پاک کرے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کرم کلہ	کرنب کلم گرد	بقلۃ الانصار	سبز سفید	ایک ترکاری ہے مثل گوبھی کے۔ پھیکا وکسیلا مزا	معتدل بعض سرد بعض گرم بعض سرد	دماغ	روغن نمک	گوبھی		قبض کرتا ہے۔ ریاح پیدا کرتا ہے۔ پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ ردی مادوں کو نضج دیتا ہے۔ معتدل کرتا ہے۔ باہ کو قوت بخشتا ہے۔ ردی الغذا ہے گاڑھا سوداوی خون پیدا کرتا ہے۔
کرن پات		اظفار الجن	بھورا سیاہی مائل	گھاس بے برگ وبے ثمر۔ مزا تلخ	گرم خشک	دماغ	عناب	اندر جو گوگل سپاری	۲ ماشہ	یرقان اسود کو مفید ہے۔ بیخوابی کو بالخاصہ دفع کرتا ہے۔ خشک کھانسی کو مفید ہے۔ اس کا تیل تر کھجلی اور انثیین کے ورم کو مفید ہے۔ سر میں پکا کر اس کا لیپ کرنا ورم کو تحلیل کرتا ہے۔
کرنڈ	سنبادہ	سنباذج	سرخ سفید سیاہ	ایک قسم کا پتھر ہے کسی قدر نرم گویا کہ ریت جمی ہوئی ہے۔ مزا پھیکا	سرد خشک ۲	پٹھے	زعفران			مسوڑھوں کو قوت دیتا ہے۔ اور ان کی اینٹھن کو دفع کرتا ہے! اسکا منجن دانتوں کو جلا دیتا ہے! ور چمکدار کرتا ہے! اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ سوزش کو تسکین دیتا ہے اور انڈے کی سفیدی کیساتھ آگ کے جلے ہوئے کو نافع ہے موم کے ہمراہ بواسیر کو مفید ہے۔ اور یہ جلا ہوا جریان خون کو بند کرتا ہے۔ قرحہ کو مفید ہے۔
کرنجوا	خایۂ ابلیس	اکثمت	آسمانی	ایک خاردار درخت کا پھل ہے۔ مزا تلخ وکسیلا	گرم خشک ۳	سینہ حلق	نمک روغن			جریان خون کو بند کرتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ وبائی ہوا کو دفع کرتا ہے۔ پرانے بخاروں کو نافع ہے۔ بچہ کو مشیمہ میں قائم رکھتا اور حفاظت کرتا ہے۔ مواد کو پکاتا ہے اور قولنج کو کھوتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کروندہ			سفید سبز سیاہ سرخ	ایک خاردار درخت کا پھل برابر جھڑبیری کے۔ ذائقہ ترش چاشنی دار	سرد خشک	ریہ	نمک شیرینی			صفرا کو خارج کرتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ خاص کر صفراوی دستوں کیلئے بہت مفید ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ کچا کروندا ثقیل اور نفاخ ہے۔ اس کا اچار ہاضم ہے۔
کھرنی			سیاہ	جمالگوٹہ کے برابر پھل ہے۔ اس کا مغز کھاتے ہیں	سرد	قابض	نمک			منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ باہ لاتی ہے۔ اور اسے حرکت دیتی ہے۔ اور قابض ہے۔ اور متلی و قے دفع کرتی ہے۔
کریل ٹینٹ			سیاہ	کروندہ کے برابر پھل ہے بے برگ۔ ذائقہ ترش وترش	معتدل					فرحت بخش ہے۔ دل کو قوت بخشتا ہے۔ بالخاصہ وحشت اور جنون کو دفع کرتا ہے۔ حواس اور ذہن کو قوی کرتا ہے۔ خوشی لاتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اس کی راکھ میٹھے تیل کے ہمراہ ناسور کو مفید ہے۔
کریلا		قثاء الحمار	سبز و سرخ	پھل ہے۔ ایک بیلدار گھاس کا۔ کھیرے کے برابر مشہور ہے۔ ترکاری ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	پیچش لاوے گرم مزاج	تیل پیاز گل ترہندی	ماہودانہ		دماغ کو فضول اور ردی اخلاط سے پاک کرتا ہے۔ صفرا اور بلغم کو دستوں کی راہ نکالتا ہے۔ پیشاب جاری کرتا ہے۔ اور لطافت بخشتا ہے۔ اور جلا کرتا ہے۔ باہ کو قوت بخشتا ہے۔ اور جریان منی کو نافع ہے۔ پٹھوں کو قوت دیتا ہے۔ سرد مزاج کے معدہ کو قوت دیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے کو مارتا ہے۔ فالج، لقوہ، استرخاء گٹھیا کو مفید ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کستوری	مشک	مشک	سیاہ خوشبودار	ناف آہو ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	دردسر ہو گرم مزاج	بنسلوچن گلاب کافور	سانیج ہندی جدبید ستر	ا رتی	مفرح ہے۔ اور لطافت بخشتی ہے۔ غلیظ خلطوں کو تحلیل کرتی ہے۔ دل اور دماغ اور تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔ حرارت غریزی کو قوت بخشتی ہے۔ اور حواس ظاہرہ و باطنہ کو صاف و پاک کرتی ہے۔ سرعت انزال کو دفع کرتی ہے۔ فالج لقوہ، رعشہ اور نسیان کو مفید ہے۔
کھرونی	کسر گاؤزونی	خرنوب	پھول زرد پھل بھورا	درخت ہے مثل اخروٹ ذائقہ شیریں	گرم خشک		شہد	شاہ بلوط	۶ ماشہ	خشکی کرتا ہے قبض کرتا ہے۔ اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ پھوڑوں اور مسوڑھوں کو مفید ہے۔
کسم	گل معصفر گل کافشہ	احریض	سرخ	ایک پھول ہے مشہور جسکا درخت ایک گز خاردار ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	معدہ طحال کو فاسد کرے	شہد		۴ ماشہ	مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہے۔ اور مواد ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے اور جگر کو قوت دیتا ہے۔ جمے ہوئے خون کو پگھلا کے رقیق کرتا ہے۔ ہمراہ شہد اسکا لیپ بواسیر وار اور کھجلی اور سفید داغ کو مفید ہے۔ اسمیں رنگے ہوئے کپڑے کی خوشبو باہ زیادہ کرتی ہے۔ اور حرکت میں لاتی ہے۔ بدن کا رنگ نکھارتی ہے۔
کسونجی			سبز	ایک گھاس ہے جس کے پتے مشابہ سنا کی ہوتے ہیں مزا تلخ وتیز	گرم خشک					کھائی ہوئی سمیت کو دور کرتی ہے۔ فاسد خلطوں کے مزاج کو معتدل کر دیتی ہے۔ اور ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ کھانسی، جلندہر کو دفع کرتی ہے۔ اس کی جڑ کا لیپ داد کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کسیرو			باہر سیاہ اندر سفید	ایک گھاس کی گول و سفیدی جڑ ہے جو پانی میں ہوتی ہے مزا پھیکا قدرے شیریں	سرد تر	ثقیل مولد بلغم	شکر و کسیرو کا چھلکا	کنول گٹہ		دل کو قوت بخشتا ہے۔ خفقان کو دفع کرتا ہے۔ صفراوی اور سوداوی اور خونی دستوں کو نفع دیتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ پیٹ کی گرمی اور سوزش کو مفید ہے۔ گرم زہروں کا تریاق ہے۔ اور سوزاک کو نافع ہے۔
کسیس	زاک زرد	زاج اصفر	زرد سیاہ	مشہور ہے مزا تلخ و کسیلا	گرم خشک	قاتل	تازہ دودھ و قے کرنا		۲ رتی	معدہ کے کرم مارتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ طحال کی سختی دور کرتا ہے۔ اس کا سرمہ مقوی بصر ہے۔
کشمش	کشمش	قشمش	سنہری بھورا مائل	مشہور میوہ ہے منقی سے چھوٹا۔ ذائقہ شیریں	گرم تر تخم خشک تخم سرد	تپ ہو	سکنجبین کاہو چینا	مویز منقی		خون کے جوش کو فرو کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ مادہ کو پکاتا ہے۔ سختی کو دور کرتا ہے۔ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ قوت اسہال رکھتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔
ککروندا		کمافیطوس	سبز	ایک گھاس ہے جسکے پتے کاسنی کے پتے سے مشابہ ہیں۔ تلخ و تیز	گرم خشک ۲	ریہ	انیسوں	سیسالوس		ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ درد گردہ، بواسیر اور جلندر کو اس کا پینا مفید ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ اسکا لیپ مواد کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جلا کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے اور اس کے پتوں کا رانگ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔
ککڑی	خیار زہ خیار دراز	قثاء	سبز و سفید	مشہور پھل لمبا بقدر ایک گز۔ مزا پھیکا	سرد تر	سرد مزاج نفاخ دیر ہضم	نمک و اجوائن	کھیرا		جلا کرتی ہے۔ حرارت و پیاس بجھاتی ہے۔ صفرا کی حدت۔ خون اور جگر کی گرمی کو نفع دیتی ہے۔ مولد ریاح ہے۔ مدر بول ہے۔ قولنج اور پسلی کا درد دور کرتی ہے۔ اس کے بیج رگوں سے لیسدار مواد کو خارج کرتے ہیں۔ مفرح اور مدر ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گلوڑا			سبز	بیل ہے۔ پھل مثل کریلہ لیکن اس سے چھوٹا۔ مزا تلخ	سرد تر بقول بعض گرم					پھوڑے پھنسیوں کیلئے مفید ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ بلغم اور زہر کو مفید ہے۔ ایک قطرہ اس کے پانی کا سونگھنا یرقان کو مفید ہے۔
کلتھی	ماش ہندی	فلتھی	سیاہ و بھورا	دانہ ہے بقدر مسور کے ذائقہ تلخ وتیز	گرم ۳ خشک ۲	ریہ نور چشم	شہد	السی	۳ ماشہ	سنگ گردہ کو توڑتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ ہچکی دور کرتی ہے۔ بول کا ادرار کرتی ہے طبع کو نرم کرتی ہے۔ قولنج اور طحال کا سدہ کھولتی ہے۔ مولد صفرا ہے۔ زہر اور بلغم کو مفید ہے۔ منی کو خشک کرتی ہے۔
کلغہ	تاج خروس بستان افروز	حماحم حی العالم	سرخ	ایک گھاس ہے۔ بہت خوبصورت پھول سرخ قدرے شیریں وشور	سرد خشک	مثانہ	گیرو	مکو	۵ ماشہ	زکام، معدہ اور سوء مزاج گرم جگر کو مفید ہے۔ مواد کو پکاتا ہے اور تحلیل کرتا ہے۔ دماغ کا سدہ کھولتا ہے۔ اس کے بیج دل کو قوت دیتے ہیں۔ روغن گل کے ہمراہ اس کا لیپ پرانے دستوں کو مفید ہے۔
کلونجی	شونیز سیاہ دانہ	حب السود	سیاہ	ایک تکونہ سیاہ دانہ بقدر سونف کے۔ مزا پھیکا وقدرے تلخ	گرم خشک	خناق درد سر پیدا ہو	کتیرا سرکہ	انیسون	۵ ماشہ	گرمی وخشکی پیدا کرتی ہے۔ مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتی ہے۔ مدر حیض وبول ہے۔ سرد کھانسی اور درد سینہ، ریاحی قولنج کو مفید ہے۔ اس کا بخور شانہ مردہ بچہ کو باہر نکالتا ہے۔
کلیجن	خرد ارو	خولنجان	سرخی مائل	پان کی جڑ ہے۔ ذائقہ تیز اور تیز بو	گرم خشک	دل حجاب سینہ	کتیرا ریشم طباشیر	دارچینی کبابچینی	۳ ماشہ	معدہ، ہاضمہ، باہ، احشاء اندرونی اعضا کو قوت دے۔ آواز صاف کرتی ہے۔ پیشاب بند کرتی ہے۔ ملذذ ہے۔ درد کمر وگردہ وقولنج کو مفید ہے۔ بلغمی کھانسی کو مفید ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کلنگ	کلنگ	کرکی		مشہور جانور ہے۔	گرم خشک	دیر ہضم غلیظ خلط پیدا ہو	سرکہ نمک پانی		حلال	سدہ کھولتا ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے۔ قولنج کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کے سر کا مغز لگانے سے رتوندہ دور ہو۔ لیپ کرنیسے برص وبہق دور ہو۔ اسکا پتہ روغن زنبق میں ایک جو کھانا نسیان کو مفید ہے۔ اور سر کے بال کی سفیدی چربی پیاز کے سرکہ سے ملاکر پینے سے تلی دور ہو۔ اس کا گوشت باہ پیدا کرتا ہے۔
کمازریوس		کمازریوس	سبز زرد سیاہ	بوٹی برابر بیج انیسوں کے۔ ذائقہ تلخ تیز بو تلخ	گرم خشک ۲	گردہ آنت	کتیرا	سس سیسالیوس	۴ ماشہ تا ۶ ماشہ	غلیظ خلطوں کو مفید ہے۔ لطافت بخشتا ہے۔ بدن کو گرم کرتا ہے۔ پیشاب وحیض کا ادرار کرے۔
کمرک			زرد سبز	درخت کا پھل ہے چھ پھانکو والا۔ ذائقہ ترش	سرد خشک ۲	سرد مزاج	چونہ نمک گرم ادویہ			پیاس کی شدت اور صفراوی قے اور دستوں کو مفید ہے۔ منہ کا ذائقہ عمدہ کرتا ہے۔ قابض ہے۔ سب افعال میں مانند ریباس کے ہے۔
کمیلا	کمیلا	قنبیل	سرخ	مشہور ہے۔ تلخ ذائقہ	گرم خشک ۲	نورچشم معدہ	آنت کتیرا مصطگی	بابرنگ کابلی	۲ ماشہ	آنت کے معدہ کے کرم خارج کرتا ہے خراب اور لیسدار خلطوں کو نکالتا ہے۔ اس کی چٹکی پیپ دار زخم کو خشک کرتی ہے۔ داد اور کھجلی کو مفید ہے۔ ہمراہ روغن گل سنگ مثانہ کو مفید ہے۔
کندر	کندر	کندر ذکر	زرد سفید سرخ	ایک قسم کا گوند ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک ۲	گرم مزاج	عناب	بہمن مصطگی	۲ ماشہ	روح حیوانی ونفسانی کو طاقت بخشے۔ مقوی باہ۔ مثانہ ومعدہ کو قوت دے۔ خون بند کرتی ہے مندمل ہے۔ اس کا چھلکا زیادہ قابض اور مجفف ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کندرو			کچا سبز پختہ سرخ	پھل ہے ایک بوٹی کا کچا پھیکا پختہ ترش	سرد تر		گرم مصالحہ	لمبا کدو		خون اور صفرا کا فساد دور کرتا ہے۔ موٹاپے کو کم کرتا ہے۔ اس کی جڑ ممسک ہے معدہ کو کمزور کرتی ہے۔
کندری			سبز	ایک گھاس ہے جسکے پتے سونف کے پتوں سے چھوٹے ہیں	گرم خشک ۳	گرم مزاج	عناب	کندر	۳ ماشہ	پیشاب و حیض کا ادرار کرتی ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتی ہے۔ اکثر امور و افعال میں کندر کے قائم مقام ہے۔
کنڈل	سکبینہ	سکبینج	باہر سرخ اندر سفید	گوند ہے۔ بو مثل ہینگ کے۔ مزا تلخ و بدبودار	گرم خشک ۳	مثانہ گردہ	کتیرا مصطگی	جاؤشیر قند	۲ ماشہ	گرمی پیدا کرتا ہے۔ لطافت پیدا کرتا ہے محلل ریاح ہے۔ قولنج اور طحال کے سخت ورم کو دور کرتا ہے۔ مسہل صفرا و بلغم ہے مسہلہ ادویہ کی مصلح بھی ہے۔ قاتل دیدان شکم ہے وجع المفاصل کو مفید ہے۔ سینہ کے فضلات دور کرتا ہے۔
کنکر زرد	کنکرزرد	تراب القی	زرد سفید	کیکر کے درخت کا گوند ہے مزا تلخ	گرم ۲ خشک	دماغ	روغن زرد	جوز القی	۳ ماشہ	ہمراہ سکنجبین و شہد آسانی سے مادہ بلغمی و صفراوی کو خارج کرتی ہے۔ اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ باہ و قوت ہاضمہ کو قوی کرتی ہے۔
کنکول			بھورا	دانہ ہے۔ تلخ	گرم	لاغری	سبز			امراض دل کو مفید ہے۔ قابض ہے۔ محلل ریح و بلغم۔ بھوک بڑھاوے۔
کنگھی	درخت شانہ	مشط الغول	پھول زرد پتے سبز	گھاس ہے بقدر دو گز ذائقہ قدرے تلخ	گرم خشک ۲	نفاخ	شکر	اونٹ کٹارا	۵ ماشہ	سینہ کی بیماریوں اور بواسیر، ورمول اور پت کو مفید ہے۔ مدر بول ہے۔ مثانہ کی نالی کو صاف کرتی ہے۔ اس کے بیج مسہی اور قابض ہیں۔ اس کے پتے درد کمر و اکثر درد اعضا کو مفید ہیں۔ اس کی کلی دانت کے درد کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کنوچہ	مرد شنک	مرو	سیاہ	مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	دردِ سر پیدا ہو	گلنار گلاب	اسپغول بزر کتان	۶ ماشہ	لطیف کرتا ہے۔ بلغم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سدّہ کھولتا ہے۔ معدہ و امعا کو قوت بخشتا ہے۔ پیشاب و پسینہ جاری کرتا ہے۔ اس کے بیج بریاں قابض ہیں۔ ہمراہ بادام روغن مروڑ و خراش امعا کو مفید ہیں۔
کنول گٹہ و کلہار			پھول باہر سیاہ اندر سفید پھول سرخ	ایک پانی کے درخت کا بیج ہے جبکا پھول خوشنما ہوتا ہے خوش مزا و پھیکا	سرد تر	دیر ہضم	شہد	تخم آملہ	۳ ماشہ	اسکا پھول صفراوی بخاروں کا نور اور پیاس کی شدت کو مفید ہے اس کی جڑ مبہی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے۔ جوش خون و صفرا کو تسکین دیتی ہے۔ اسکا خیساندہ لڑکوں کی پیاس کے لئے مجرب ہے۔ اسکی سبزی مقوی معدہ ہے۔ دستوں کو بند کرے۔
کنیر	خر زہرہ	دفلی و سم الحمار	پھول سرخ سفید	مشہور درخت۔ گدھا اسے ہرگز نہیں کھاتا۔ تلخ و تیز	گرم خشک ۳	ریہ	شہد روغن	بابونہ مویزج	۳ ماشہ	سخت سخت ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ خشکی کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ پرانے پشت کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ عرق النساء کو مفید ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ کھجلی اور چھائیں کو اس کا لیپ مفید ہے۔ اس کے خشک پتوں کی ٹکی زخموں کو بھر لاتی ہے۔ کھانا جائز نہیں سم ہے۔ پھول نزلہ کو مفید ہے۔
کوانچ			سبز	گھاس ہے گز بھر لمبی اس کے بیج پھلی میں ہوتے ہیں۔ مزا تلخ و تیز	گرم خشک ۲	بواسیر	روغن گل	تخم اوٹنگن	۹ ماشہ	منی پیدا کرتی ہے۔ اور گاڑھا کرتی ہے۔ امساک لاتی ہے۔ باہ کو قوت دیتی ہے۔ اس کے بیج باہ لاتے ہیں۔ منی پتلا ہو جانے کو فائدہ مند ہیں۔ اس کے پتے ہمراہ کالی مرچ قاتل دیدان شکم ہیں۔ اس کے پتوں کا رانگ آتشک کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کوٹھ کڑوا	کوشنہ تلخ	قسط المر	سفید زردی مائل	جڑ ہے مشابہ جڑ سیب تلخ وخوشبودار	گرم خشک			وج	مت کھاؤ	سردی کے دردوں اور نقرس کو مفید ہے۔ ریاح اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ یہ قاتل ہے۔
کوٹھ میٹھا	کوشنہ شیریں	قسط الحلو	باہر سیاہی مائل و اندر زردی مائل	یہ بھی جڑ ہے۔ قدرے شیریں	گرم خشک	مثانہ ریہ	انیسوں گلقند	عقرقرحا	۳ ماشہ	دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ پٹھوں کو بھی قوی کرتا ہے۔ ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ دماغی امراض فالج لقوہ ورعشہ کو مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے۔ مدر بول وحیض ہے۔
کودون	کودرم		زردی مائل	مشہور غلہ ہے۔ پھیکا	خشک سرد بقولے گرم خشک	قوی سادہ ہو				معدہ کو غلیظ کرتا ہے۔ قوت دیتا ہے۔ منی کو کم کرتا ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ فاسد خلط پیدا کرتا ہے۔ سخت قابض ہے
کوڑی	خرمہرہ	ودع	سخت سفید	دریائی کیڑے کی ہڈی ہے بدمزہ وپھیکا	سرد خشک	ریہ	شہد	سیپی	۲ ماشہ	خشکی کرتی ہے۔ جلد کو صاف کرتی ہے۔ جلی کوڑی طحال کے لئے مفید ہے۔ پیشاب کے راستے کے زخم کو نافع ہے۔ جریان خون کو مفید ہے۔
کولا			زرد سرخی مائل	ایک قسم کا رنگترہ ہے ترش وشیریں	سرد تر ۲	سرد تر مزاج	نمک شکر			دل کو فرحت بخشتا ہے۔ خفقان کو دفع کرتا ہے۔ خون وصفرا کی تیزی اور معدہ وجگر کی سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ اس کا چھلکا مقوی معدہ اور پیشاب آور ہے اور اسکا ابٹن چہرہ کی سیاہی اور چھائیں کو مفید ہے۔ اس کے بیج اکثر زہروں کے تریاق اور ہیضہ کے لئے مفید ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کویل				مشہور پرندہ	گرم خشک				حرام	اس کا گوشت قبض کرتا ہے۔ باد اور بلغم کا فساد دور کرتا ہے؛ رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ جسم کو قوت بخشتا ہے۔
کوا	زاغ	غراب	سیاہ	مشہور پرندہ	گرم خشک				حرام	اس کا گوشت قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ صفرا، بلغم، سودا کا فساد دور کرتا ہے جذبہ وسقطہ کو نافع ہے۔ اگر کالے کوے کا زہرہ سونگھیں۔ تو بال سفید نہ ہو۔ جہاں کے بال گر گئے ہوں وہاں تین دفعہ اس کا خون لگانیسے بال اگ آتے ہیں۔
کھجور	خرمائے ہندی	رطب ہندی	سیاہ سرخی مائل سرخ مائل بہ سیاہی	مشہور ہے۔ ذائقہ شیریں	گرم تر	خون کو جلا دیتی ہے۔	بادام شیریں	کشمش		باہ پیدا کرتی ہے۔ معدہ، جگر کو قوت بخشتی ہے۔ ریاح اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ ہاضم ہے۔ تیز مزاج کے موافق ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہے۔ خون کو پیدا کرتی ہے۔ اس کا بیج دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور سوختہ جریان خون کو بند کرے۔ زخموں کو صاف کرے۔ اسکا منجن دانتوں کو جلا دیتا ہے۔
کھریا	سنگ بصری	توتیائے کرمانی	سفید	نمک کی ایسی ایک معدنی اور مصنوعی چیز ہے۔ قدرے شور	مغسول خشک سرد غیر مغسول گرم خشک	مسدد	شہد	توبال النحاس	۲ ماشہ	روح باصرہ کو قوت بخشتی ہے۔ اور آنکھ کی صحت کو قائم رکھتی ہے۔ آنکھ کی طرف مواد ردی گرنے نہیں دیتی ہے۔ آنکھ، ناک، ذکر، پیڑو اور مقعد کے زخموں کو نافع ہے۔ سرطان اور تمام اعضا کے پھوڑوں کو بھرلاتی ہے۔ کل پھوڑوں، زخموں اور شگافوں کو مفید ہے بغل کی بو دفع کرتی ہے۔ اسکی چٹکی سرمہ اور لیپ مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کھر	کفشک	ظلف	سیاہ سفید	چوپاؤں کا ناخن ہے ذائقہ پھیکا	سرد خشک			سینگ		تمام جلے کھر حیوانات کے دست آور ہیں۔ شراب کے ہمراہ اسکا لیپ کیڑے مکوڑے کے کاٹنے کو دفع کرتا ہے۔ نفع بخشتا ہے۔ شہد کے ہمراہ نقرس کو مفید ہے۔ بکری کے کھر جلے ہوئے سرکہ کے ہمراہ بال خورہ کو مفید ہے۔
کہربا	کہربا	قرن البحر مصباح الروم	زرد و سرخ	ایک درخت کا گوند ہے۔ اور بعض کے نزدیک دریائی جسم ہے۔ پھیکا و خوشبودار	معتدل نزد بعضے سرد خشک	سر	بنفشہ	بنسلوچن سندروس	۱ ماشہ	مقوی دل ہے اور فرحت بخش ہے۔ خون کو ہر طرف سے بند کرتا ہے۔ یعنی خونی دست وپیشاب و جریان خون کل اعضا ظاہری و باطنی کو بند کرتا ہے۔ معدہ، جگر اور پیشاب کی راہ کو قوت دیتا ہے۔ ضعف گردہ، مثانہ کو مفید ہے۔ مروڑ کو بالخاصہ مفید ہے۔ معدہ پر لٹکانے سے تخمہ کو مفید ہے۔
کھرنی			پھل زرد	ایک درخت کا پھل ہے۔ شیریں	گرم ۱ تر ۲	قولنج پیدا کرتی ہے	گلقند			اعضا کو قوت دیتی ہے۔ فرحت بخش ہے۔ گرانی سر کو دور کرتی ہے۔ تینوں خلطوں کے جوش کے فرو کرتی ہے۔ قے کو بھی تسکین دیتی ہے۔ بھوک خوب لاتی ہے۔ باہ پیدا کرتی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ دیر ہضم ہے۔ سوزاک کو مفید ہے۔ اسکے بیجوں کا سرمہ امراض چشم کو مفید ہے۔ اسکی جڑ کی چھال منی کو گاڑھا کرتی ہے۔
کھیرا	خیار بادرنگ	قند	سبز زرد سفید	ایک بیل کا پھل ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد تر ۲	نفاخ سرد مزاج	منقی شہد	ککڑی	تخم ۹ ماشہ	خون اور صفرا کی حرارت کو کم کرتا ہے۔ احشا کی جلن دور کرتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ دماغ کے گرم مرض کو مفید ہے۔ اسکا بھون کر پانی نکالا ہوا صفراوی اور دموی اور بلغمی

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
							اجوائن			بخار کو دور کرتا ہے۔ اس کے تخم مدر بول ہیں۔ صفرا کو دور کریں۔ پیشاب کی جلن، جگر، طحال کا ورم اور گرم بخار دور کریں۔
کھیلا کھیلی	کسیلا کسیلی		سیاہ سرخی مائل	ایک درخت کی لکڑی مثل آبنوس کے۔ قدرے تلخ لیسدار	گرم ۲ خشک ۱	گرم مزاج	کتیرا	دارچینی اسارون بادام تلخ	۲ ماشہ	لطیف کرتی ہے خشکی پیدا کرتی ہے۔ مدر بول ہے۔ مقوی دل و معدہ فرحت بخش فرج کی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔
کھیونی	پیوندیم	حب المحلب	سرخ سیاہی مائل کبھی سفید	ایک خوشبودار درخت کا بیج مانند بید کے پوست ذائقہ تلخ	گرم ۲ خشک ۲	دماغ احشا گرم	گلاب روغن بنفشہ	اخروٹ کڑوا بادام	۷ ماشہ	اس میں تین قوتیں مختلفہ ہیں۔ تحلیل کرنیوالی، قبض کرنیوالی اور چکنے والی، فرحت بخشتی ہے حواس کو طاقت بخشتی ہے۔ ریہ اور سینہ کی غلظت و لیس کو نکالتی ہے خفقان، دمہ، غشی، جگر کا درد، کمر و گردہ کے درد کو مفید۔ ہمراہ ماء العسل جگر کو قوت دیتی ہے۔
کنکھجورا	ہزار پا	سبعین سبعہ	سرخ سیاہ	ایک گزندہ کیڑا ہے بالشت بھر کا۔	گرم ۳ خشک ۳	ریہ	جدہ کیوڑہ		حرام	سکھا کر سونگھنا مرگی کو مفید ہے۔ اس کا سفوف اسی کی سوزش کو مفید ہے۔ اگر کان میں چلا جاوے تو گرم تیل یا سرکہ معہ نمک ڈالو۔ سم ہے۔
کھٹمل	عسک سرخک	کنان فساس		مشہور ہے۔	گرم ۳ خشک ۳	مدر حیض	روغن بادام	جونک	۵ ماشہ	ایک کپڑا پر مل کر اس کو جلا کر مرگی والے کو دھونی دینا مفید ہے۔ اگر حلق میں جونک لٹک گئی ہو تو اس کو مل کر سونگھانا مفید ہے، سوراخ ذکر میں دینا مدر بول ہے۔ طلا عمدہ نبتا ہے۔
کیتکی	ایک قسم کی کادی		سفید سبز	کیوڑہ کی قسم کا پھول ہے	گرم ۳ خشک ۳	گرم مزاج	صندل سرخ	صندل سرخ	۶ ماشہ	فرحت بخش ہے، دل کو طاقت دیتی ہے۔ دماغ، جگر کو قوت دے۔ حدت صفرا و خون کو فرو کرتی ہے۔ امراض دل کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کیتھ یا کوتیٹ			باہر سفید اندر زرد	ایک ہندوستانی بلند درخت کا گول اور سخت پھل ہے مزا ترش وچاشنی دار	سرد خشک ۲	سینہ	قند			اس کا مغز فرحت بخش ہے قابض ہے۔ گرم مزاج دل معدہ وجگر کو قوت بخشتا ہے سنگرہنی کو مفید ہے۔ اس کے پتوں کا غرغرہ گلے کے درد کو مفید ہے۔ اسکی پتی کا رانگ ہمراہ افیون وزعفران کے آشوب چشم کو مجرب ہے۔
کیچوہ	زغازہ	خراطین وامعاء الارض	سرخ سفید	مٹی کا ایک کیڑا ایک بالشت لمبا مشہور ہے۔ مزا پھیکا وشور	گرم تر بارطوبت خارجی		روغن بادام	جونک	۵ ماشہ	تین درم کا خیساندہ پینا مدر بول ہے۔ گوشت کے ہمراہ باہ کو قوت دیتا ہے۔ تل کے تیل میں جوش دیا ہوا اختناق وپرانی کھانسی کو مفید ہے۔ روغن بادام میں حل کیا ہوا بالخاصہ آنت اترنے کو مفید ہے۔ اسکا طلا نہایت عمدہ بنتا ہے۔
کیسر	کرکیاس	زعفران و کرکم	زرد سرخی مائل	کشمیر کا ایک درخت ہے جسکا درخت وپھول مثل چنبیلی کے ہوتا ہے۔ مزا قدرے تلخ وخوشبودار	گرم ۲ خشک ۱	پھٹے کھجلی ہو حواس کند ہوں	انیسون زرشک افیون سکنجبین	تج جاوتری	سہ ماشہ	مفرح اور معتدل القوام ہے۔ بدبو کی اصلاح کرتی ہے۔ مقوی بصر ہے۔ اس کا سونگھنا برسام اور چھینک لانے کو مفید ہے۔ رنگ رخسارہ صاف کرتی ہے۔ اگر ایک تار احلیل میں رکھیں۔ پیشاب جاری کرے۔ آلات تنفس او قوت دیتی ہے۔ ہنسی وخوشی پیدا کرتی ہے۔
کیل دارو	سرخس		سیاہ سرخی مائل	جڑ ہے۔ گرہ اور ریشہ دار۔ ذائقہ تلخ وکسیلا	گرم ۲ خشک ۱	ریہ	شیخ ارمنی	کمیلا	۶ ماشہ	جلا کرتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ اپھارہ اور ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ بغیر سوزش کے فرحت بخشتی ہے۔ سوداوی بخار اور جوؤں کو دور کرتی ہے۔ شکم اور امعا کے کیڑوں کو دست کی راہ نکالے۔ فرحت بخش ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
کیکڑا	خرچنگ	سرطان نہری	سفید سرخ	پانی کا مشہور کیڑا ہے ذائقہ پھیکا قدرے شور	سرد تر ۲	مثانہ	گل مختوم	سیپی کا کیڑا	۵ ماشہ جلا ہوا ۳ ماشہ	کثیر الغذا اور دیر ہضم ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ پیشاب اور حیض کا ادرار کرتا ہے۔ اسکی یخنی سل ودق اور نفخ کو دور کرتی ہے۔ منہ سے خون آنیکو مفید ہے۔ اس کی راکھ سل ودق اور بعید لاغری کو مفید ہے۔ پتھری توڑے۔
کیلا		موز و طلع	باہر زرد و سرخ اندر سفید	مشہور لمبا مثل ہے۔ ذائقہ شیریں	معتدل گرمی و تری میں کچا سرد	ریاح بلغم نفخ پیدا ہو	نمک سونٹھ شہد	قند شکر		کثیر الغذا ہے۔ دیر ہضم اور بعد ہضم کے خون گاڑھا پیدا کرتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے فرحت لاتا ہے۔ سینہ کو نرم کرتا ہے۔ گرم مزاج والوں کی باہ کو حرکت دیتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ لاغری گردہ کو مفید ہے خشک کھانسی اور حلق کی کھرکھراہٹ کو مفید ہے اسکی جڑ پیٹ کے کیڑے مارے اور داء الکلب کو مفید ہے۔ پتوں کی راکھ حیض کھولے۔
کیوڑہ	عرق کیوڑہ	ماء الکاذی	پانی کے مثل	ایک درخت ہے مثل پونڈے کے اس کے پھول کا عرق کھینچتے ہیں خوشبودار ہوا مثل پانی کے	گرم خشک نزد بعضے سرد خشک	طحال	عناب	صندل سرخ	۲ تولہ	فرحت بخشتا ہے۔ دل و دماغ اور جملہ حواس و اعضا کے قوت بخشتا ہے۔ خفقان اور دل و معدہ کی گرمی اور غشی کو نافع ہے۔ مصفی خون ہے۔ سرور بخشتا ہے۔ کسل اور انگڑائی کو دفع کرتی ہے۔ اس کا شربت چیچک و خسرہ نکلنے کے قبل پینا مفید و مجرب ہے نزلہ پیدا کرتا ہے۔ پسینہ کو خوشبودار کرتا ہے۔ اس کی جڑ ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ خون کو صاف کرتی ہے۔ حواس کو قوت بخشتی ہے۔ درد کو تسکین دیتی ہے۔ فساد خون کو مفید ہے۔ جذام کو نافع ہے۔

باب الکاف فارسی

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گاجر	زردک گزر	جزر	سیاہ و زردی مائل	ایک گھاس کی جڑ ہے دو گرہ لمبی ذائقہ شیریں وپھیکا	گرم تر بارطوبت فضلیہ	نفاخ دیرہضم	گرم دوا شہد گڑ	شلغم	بیج ۳ تولہ	لطیف کرتی ہے. جگر کا سدہ کھولتی ہے۔ معدہ کو طاقت بخشتی ہے۔ نرم کرتی ہے۔ باہ کو بڑھاتی ہے. بلغم کھانسی اور سینہ کا درد دور کرتی ہے۔ مدربول ہے۔ سنگ مثانہ توڑتی ہے۔ استسقاء کو مفید ہے۔ اسکا نچوڑا ہوا پانی خفقان کو مفید ہے۔ اس کے بیج مقوی باہ اور مدر ہیں. عسرالبول کو مفید ہیں۔ رحم کو پاک کرتے ہیں مضر حلق وعصب ہیں. جس کا بدل ومصلح انیسوں ہے۔ پیٹ پھولنے اور زخموں کو مفید ہیں۔ سنگ گردہ ومثانہ توڑتے ہیں۔
گاجر جنگلی	گزر دشتی	جزر البری	سفید و زرد	ایک گرہ دار جڑ مثل گاجر ذائقہ قدرے شیریں ولیسدار	گرم تر	ریہ اور اشتہا	شہد آملہ	تخم گاجر بوزیدان حب الصنوبر	۷ ماشہ	باہ لاتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ معدہ کو گرم کرتی ہے۔ ارواح، قوا اور باہ کو قوت بخشتی ہے منی کو زیادہ اور گاڑھا کرتی ہے۔ اس کے بیج مدربول ہیں۔ سدہ کھولتے ہیں۔ معدہ اور رہ قوت ہاضمہ کو قوی کرتے ہیں۔ مولد منی ہیں۔ ریاح ونفخ کو تحلیل کرتے ہیں۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑتے ہیں۔ اور پرانی کھانسی اور سینہ کے فضول مواد کو دفع کرتے ہیں۔ اور بچوں کے سج کو مفید۔ حیض کا ادرار کرتے ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گانجہ	بنگ دشتی	قنب بری	سبز	گھاس ہے چلم میں رکھ کر پیتے ہیں۔ تیز و تیز بو	گرم خشک ۳	غشی لاتے دماغ	دودھ گائے ترشی			نشہ آور ہے۔ تمام اعضا کو خصوصاً دماغی اعضا کو سست اور بےحس کرتا۔ اور اس فعل میں افیون سے زیادہ قوی ہے۔ بہید خشک ہوتا ہے۔ سم ہے۔
گاؤ زہرہ	سنگ گاؤ	حجر البقر	زردی مائل	گائے کے پتہ میں ایک پتھری ہوتی ہے مزا تلخ	سرد خشک	گرم مزاج در دسر ہو	کتیرا		دو جو	درم اور ریح کو تحلیل کرتی ہے۔ مدر حیض و بول۔ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑے۔ اسکا لیپ چہرہ کی چھائیں و سفید داغ کو مفید ہے۔ اسکی چٹکی خون بند کرتی اور زخم کو بھرلاتی ہے۔
گاؤزبان	گاؤزبان	لسان الثور	سبزی مائل سفید و نقطہ دار	ایک گھاس کے مشہور پتے ہیں۔ پھیکا و قدرے تلخ و کسیلا ذائقہ	گرم تر ۱	طحال	صندل	ابریشم خام و گلسرخ	۶ ماشہ	فرحت بخشتی ہے۔ ارواح اور اصلی حرارت کو قوت دیتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو بھی قوی کرتی ہے۔ طبع نرم کرتی ہے۔ جلے ہوئے خلط اور صفرا کو بھی براہ دست نکالتی ہے۔ سینہ کی سختی دمہ اور امراض سوداوی کو نافع ہے۔ اس کے پھول اعضائے رئیسہ ارواح اور حرارت غریزی اور حواس قوت بخشتے ہیں۔ یرقان کو مفید ہیں۔ خفقان اور پیاس کو تسکین دیتے ہیں۔ صفرا خالص اور جلے ہوئے اخلاط کو بذریعہ دست نکالتے ہیں۔ اس کے بیج مفرح ہیں۔ کل افعال میں مثل برگ و گل کے ہیں۔ بلکہ قوی الاثر ہیں۔ مقدار خوراک ۱ ماشہ
گاؤ شیر	گاؤشیر	جاوشیر	باہر سرخ اندر سفید	ایک درخت کا گوند ہے۔ جسکے پتے انجیر کے پتوں سے مشابہ ہیں۔ تلخ بدبودار	گرم خشک ۳	انثیین	کنوچہ	اشق	۴ ماشہ	مثانہ کی خارش کو دور کرتا ہے۔ پٹھوں کو قوت بخشتا ہے۔ سختیوں کو نرم کرتا ہے۔ سدے کھولتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سرد امراض اور استسقاء اور یرقان اور تقطیر البول کو فائدہ بخش ہے۔ ریحی اور بلغمی قولنج کو مفید ہے۔ اس کے بیج شراب

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
										کے ہمراہ اختناق الرحم کو نافع ہیں۔ اعصاب کی رطوبت کی اصلاح کرتے ہیں۔ خدر و قولنج بلغمی و رطوبی کو مفید ہیں۔
گائے	گاؤ	بقر		مشہور چوپایہ ہے	گرم خشک	نفاخ سودا پیدا ہو	کالی مرچ دارچینی	جنگلی گاؤ	حلال	اس کا گوشت دیر ہضم، ردی الکیموس اور فاسد خون پیدا کرتا ہے۔ سوداوی امراض کو پیدا کرتا ہے۔ گٹھیا اور عرق النساء والے کو مضر۔ اس کے پتہ کا سرمہ مجلی بصر ہے اس کا دودھ کثیر الغذا اور سریع الہضم ہے۔ مولد منی ہے۔ دل اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ ملین طبع ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ غم وسواس خفقان سحج وسل وقرحہ ریہ دور کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ مبہی ہے۔ بدل بکری کا دودھ ہے
گبرورہ	جعل خردک	خنفار	سیاہ	گوبر کا کیڑا ہے۔ کہ برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ بدبودار تلخ و کریہ	گرم خشک ۲					اسکا خیساندہ معدہ، جگر، اور امعا کی خلطوں کو دستوں کی راہ نکال بہاتا ہے۔ اور جلندر کے لئے مجرب ہے۔ اسکا نچوڑا ہوا پانی مقوی بصر ہے۔ بچھو کے کاٹے پر اس کا مل دینا مفید ہے اور زہر کا تریاق ہے۔
گدھ	کرگس	نسر		جانور مانند چیل کے	گرم خشک ۳	ردی الغذا	دارچینی سرکہ		حرام	اس کا گوشت غلیظ ریاح کا محلل، امعا و قائق کا قولنج دور کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ پتھری توڑتا ہے۔ اس کے بیضہ کا طلا کرنا ذکر کو قوت دیتا ہے۔ بیٹ کلف کو دور کرے بال کی راکھ داد خارش کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گدھا	خر	حمار، جعفر		مشہور ہے۔	گرم ۲ خشک ۳	معدہ	دارچینی		حرام	غلیظ اور دیر ہضم ہے۔ اس کے جگر کے کباب مرگی اور تپ چوتھیا کو مفید۔ چربی کا لگانا احشا کے زخم کو فائدہ مند ہے۔ اسکی لید یرقان کو مفید ہے۔ پتھری توڑتا ہے۔ بچہ باہر نکالتا ہے۔ اس کے سم کا دھواں عسر ولادت کو دفع کرے۔ جلا کر روغن زیتون ملا کر لگانا خنازیر کو دور کرتا ہے۔ اس کا دودھ سرد ہے۔ سرد مزاج کو مضر ہے۔ مصلح گلقند۔ مقدار خوراک پاؤ بھر، فرحت بخش ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ گرم مزاج کے دل کو طاقت بخشتا ہے سل، دق اور قرحہ ریہ وگرم بخار وگرم کھانسی وخون کا نکلنا کمزوری وجلندہر وتنگی دم سب کو مفید ہے۔
گرچ یا گلو	گلوتے		سبز	ایک بیل جو درختوں پر چڑھتی ہے مزا تلخ	گرم خشک		ست گلو		۳ ماشہ تا ۹ ماشہ	کھانسی یرقان غشی قے صفراوی بخاروں کو دور کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ باہ زیادہ کرتی ہے منی پیدا اور گاڑھا کرتی ہے گلو کا ست صفراوی دموی اور پرانے بخار کو دور کرتا ہے دل اور معدہ کی جلن، جگر کی حرارت، سوزاک اور پرانے دستوں کو مفید ہے۔
گرد آسیا	گرد آسیا	غبار الرحی	غباری	چکی کی اڑن ہے۔ بدمزہ	سرد خشک					خشکی پیدا کرتا ہے۔ اور اس کا ناک میں سڑکنا نکسیر کو بند کرتا ہے۔ اور پیشانی پر اس کا لیپ آنکھوں پر مواد گرنے کو روکتا ہے۔ اور پٹھوں کو قوی کرتا ہے۔
گڑ	قندسیاہ	فانیذ	سرخ	مشہور ہے۔ مزا شیریں	گرم تر ۱	گرم مزاج	ترشی	شہد		پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ بلغم کو چھانٹتا ہے۔ ہاضم ہے۔ کھانسی، دمہ اور دھانس کو مفید

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	″	″	″	نبسلوجن			ہے۔ آنتوں و زخم کی سردی کو مفید ہے۔ درد سینہ کو دور کرتا ہے۔ اور اس کا کھار جلایا ہوا ہمراہ نمک کے کھانسی کو مفید ہے۔
گڑھل			پھول سرخ و گلابی	ایک درخت ہے۔ پتے توت کے پتوں کے مشابہ مزا پھیکا و لعابدار	معتدل	نزلہ	مصری	گل چاندنی	تولہ	نفس کو پاک کرتا ہے۔ قلب کو فرحت بخشتا ہے۔ گرم و سرد خفقان کو نافع ہے۔ بالخصوص بخارات دماغ پر چڑھنے کو مانع ہے۔ امراق کی بیماریوں کو مفید ہے۔ پتے و پھول و جڑ تینوں وحشت اور جنون کو مفید ہیں۔ ذہن و حواس و باہ کو قوت دیتا ہے۔
گلاب	گلاب	جلاب	سفید	مشہور ہے۔ ذائقہ مثل پانی خوشبودار	مرکب القوی مائل بطرف سردی	نزلہ دمہ	مصری	عرق سونف	عرق ۵ تولہ	دل و دماغ و فم معدہ کو طاقت بخشتا ہے۔ گرم خفقان کو مفید۔ ہاضم ہے۔ دست آور ہے اس کے عرق میں سرمہ حل کیا ہوا سوزش چشم کو مفید ہے۔
گلاب کا پھول	گل سرخ	ورد	گلابی	مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا قدرے کسیلا	مرکب القوی سرد خشک	باہ پیاس لگاتے	انیسوں دونلفرا	بنفشہ	۲ تولہ	دل اور ارواح کو طاقت بخشتا ہے۔ فرحت بخش، لطیف کرتا ہے۔ دست لاتا ہے۔ تحلیل کرتا ہے صفرا اور رقیق بلغم کو تسکین دیتا ہے۔ درد سر درد گردہ، خفقان اور غشی کو مفید۔ سونگھنے سے نزلہ پیدا ہو۔ معدہ پر لیپ کرنیسے اسکی رطوبت خشک کرتا ہے۔
گلاب کا زیرہ	زیرۂ گلسرخ	زرورد	سرخی مائل	مشہور ہے۔ ذائقہ کسیلا و پھیکا	گرم خشک بزعم بعضے سرد	ریہ	کتیرا	کنزمانج	۷ ماشہ	جریان خون کے بند کرنیکو مفید ہے۔ دستوں کو جو کسی طرح بند نہ ہوتے ہوں۔ بند کرتا ہے۔ مقوی بصر اور معدہ، باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ رحم کو طاقت دیتا ہے۔ اسکا حمول فرج تنگ کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گلاب سدا	سدا گلاب	ورد بری	گلابی	مشہور ہے۔ مزا پھیکا قدرسے شیریں	مرکب القویٰ	نزلہ زکام	انیسوں قند	بنفشہ	۶ ماشہ	گرم خفقان کو مفید ہے۔ جگر، معدہ اور مقعد و رحم کو قوت دیتا ہے۔ اس کی جڑ مثل عقرقرحا بلغم کو جلا دیتی ہے۔
گلاب جامن			زرد	پھل ہے برابر امرود کے خوش مزا	معتدل	نفاخ	سیب	سیب		فرحت بخش ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ خون گاڑھا پیدا کرتا ہے۔ اکثر افعال میں سیب کے قریب قریب ہے۔
گل چین			سفید	بڑے درخت کا پھول ہے خوشبودار پھیکا	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	چھاچھ			اس کے درخت کی جڑ کی چھال بہت قوی دست آور ہے۔ آتشک اور خراب زخموں کو نافع ہے۔ سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔
گل داؤدی	گل داؤدی	باسوم	زرد سفید	پھول ہے خوشبودار جسکا درخت آدھ گز ہوتا ہے۔ تیز و تیز بو	گرم ۲ خشک ۱	دردسر ہو	شکر مصطگی		۶ ماشہ	اس کا پھول معدہ میں جمے ہوئے خون کو تحلیل کرتا ہے۔ حیض کا ادرار کرتا ہے سنگ گردہ و مثانہ کو دور کرتا ہے۔ رحم اور مثانہ کی ریح اور قولنج کو دور کرتا ہے۔ سوزاک کو مفید ہے۔ اسکا لیپ بلغمی ورم کو تحلیل کرتا ہے۔
گل دوپہری			سرخ سفید	چھوٹا سا پھول جو دوپہر کو کھلتا ہے پھیکا و تلخ		مولد بلغم	شہد			لطیف، قابض، بلغم، ریح و صفرا کا فساد دور کرے۔ اگر اس کے پھول کا پانی ناک میں ڈالیں۔ تو آدھا سیسی کے درد کو جلد آرام ہو۔
گل چاندنی			سفید	مشہور پھول ہے	سرد تر					مفرح اور مقوی دل ہے خفقان اور وسواس کو فایدہ بخش ہے۔
گل جعفری				مشہور ہے۔	گرم خشک					ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ توڑتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گل روغن	گل روغن	دہن الورد	سرخی مائل	مشہور ہے۔ بدمزا و چکنا	مرکب القوی				۱۰ تولہ	مواد کو پختہ کرتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ سرد و گرم دونوں قسم کے مادوں کے موافق ہے۔ سوزش معدہ و مقعد کو تسکین دیتا ہے۔
گلقند	گلقند	جلنجبین	سرخ	شہد یا شکر کے قوام میں گلاب کے پھول آفتاب میں پکاتے ہیں۔ مزا شیریں	شکری مرکب القوی عسلی گرم خشک	جگر	خشخاش		۳ تولہ	دماغ اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ دماغ پر ابخرات چڑھنے نہیں دیتا خاص کر اگر بعد کھانے کے استعمال کیا جاوے۔ بالائی رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ شہد کے قوام والا سرد مزاج بوڑھوں اور تر دماغوں کے لئے موافق اور نافع ہے۔ فالج گٹھیا اور نقرس کو مفید پتھری توڑے۔ سل کو نافع ہے۔
گل مختوم	گل مختوم	طین مختوم	سرخ	سرخ مٹی کی ٹکیاں بنی اور گھٹی ہوئی ہیں۔ مزا پھیکا	سرد خشک معہ قوت تریاقیہ	ریہ طحال	کتیرا شہد	گیرو	۳ ماشہ	فرحت بخش ہے۔ دل کو قوت دیتی ہے۔ قابض ہے۔ زخم بھرلاتی ہے اور گرم ورموں کو نافع ہے۔ مواد کو عضو پر گرنے نہیں دیتی ہے۔ کل زہروں کی تریاق ہے۔ جریان خون کو ظاہری و باطنی کو بند کرتی ہے۔ رگوں کے منہ اور استہ کو بند کرتی ہے۔
گل عباسی				پھول ہے مشہور	گرم خشک ۳					مبہی ہے۔ بواسیر کو دور کرتا ہے۔ پتے اس کے ضماداً ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔ نمک کے ساتھ داد کو مفید ہیں۔ جڑ قابض اور مغلظ منی ہے۔ شرباً اور ضماداً مصفی خون ہے۔ اور نیز گوشت میں مصالحہ کے پکا کر کھانا مقوی باہ ہے۔
گل خطمی				مشہور						اس کا طلا عرق النساء، درد مفاصل، ورم مقعد و رعشہ کو مفید ہے۔ ضماد اس کا درد سر گرم کو مفید ہے۔ جوشاندہ سنگ مثانہ کو مفید ہے۔ مدر بول و حیض ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	خاصیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گل مہندی			سب رنگ	ایک بہاری پھول ہے مزا قدرے تلخ	گرم تر					اس کے بیج مقوی باہ ہیں۔ اس کے پتوں شاخ پھل اور پھول کا نچوڑا ہوا پانی سوزش اعضا کو نافع ہے۔ اگر سوزش جلنے کی وجہ سے ہو۔
گلنار		جلنار	خوب سرخ	ایک قسم کا انار ہے۔ بے ثمر۔ ذائقہ قدرے تلخ	سرد خشک	درد سر و سدہ پیدا ہو	کتیرا	زرِ انار جفت بلوط	۷ ماشہ	جریان خون کو بند کرتا ہے قابض ہے مواد کو پختہ کرتا ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ اعضا کو قوت دیتا ہے۔ صفراوی و خونی دستوں کو مفید ہے۔ اسکی چسکی منہ سے خون آنے کو مفید ہے۔ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔
گندنا	گندنا	کراث	سبز	بوٹی ہے۔ پیاز کے پتے جیسے پتے۔ تیز و تیز بو	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج	کشنیز کاسنی	پیاز بابونہ افسنتین	۷ ماشہ	سدہ کھولتا ہے۔ ورم اور ریاح تحلیل کرتا ہے۔ باہ لاتا ہے۔ بخارات ردی پیدا کرتا ہے۔ اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتا ہے۔ کمر کو قوت دیتا ہے ملین طبع ہے۔ قولنج دفع کرتا ہے۔ پیشاب و حیض کا ادرار کرتا ہے۔ قاتل دیدان شکم ہے۔ اسکا لیپ مقوی باہ ہے۔
گندنا کے بیج	تخم گندنا	بزر الکراث	سرخی مائل	پیاز کے سے بیج ہیں۔ تیز و تلخ	گرم ۲ خشک ۲	گردہ ریہ	شہد	تخم جرجیر	۷ ماشہ	سدہ اور مسام کھولتے ہیں۔ ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں جلا کرتے ہیں۔ پتھری توڑتے ہیں۔ اور باہ پیدا کرتے ہیں۔ سرد امراض کو مفید۔ جریان خون کو بند کرتے ہیں بھوک کو حرکت دیتے ہیں۔ گردہ و مثانہ کو قوت دیتے ہیں۔
گندنا پہاڑی	گندنا کوہی	فراسیون و علقما	سبز	لہسن ایسی گھاس ہے تیز و تیز بو	گرم ۲ خشک ۳	گردہ	کتیرا سونف بالچھڑ	انیسون اسارون	۲ ماشہ	پیشاب، حیض، دودھ اور پسینہ کا ادرار کرتا ہے۔ بلغم کو چھانٹتا ہے۔ روح و اخلاط کو لطیف کرتا ہے۔ جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہے۔ سینہ و پھیپھڑے کو پاک کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
										ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ بچہ کو مشیمہ سے باہر نکالتا ہے۔ قریب سم ہے۔
گندہ بیروزہ	بارزد	قنہ	سفید	ایک درخت کا جما ہوا دودھ ہے۔ بدبودار	گرم خشک ۲	دماغ	روغن بنفشہ کافور	جاوشیر اشق	۲ ماشہ	پرانی کھانسی اور دمہ کو مفید ہے۔ بواسیر و اختناق الرحم کو نفع دے۔ پتھری توڑتا ہے گردہ کا سدہ کھولتا ہے۔ نرم کرتا ہے۔ اسکا بہت سوزاک اور پیشاب و گردہ کے زخم کو مفید ہے۔ اسکا شافہ بچہ کو تسکین دے۔ قریب سم ہے۔
گندھک	گوگرد	کبریت	زرد	ایک معدنی چیز ہے۔ جو آگ بہت جلد پکڑتی ہے۔ بدبودار وچپکی	گرم خشک	معدہ دماغ	کتیرا دودھ	ہڑتال	۳ ماشہ	روح اور اخلاط کو لطیف کرتی ہے۔ ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ خشکی کرتی ہے۔ جلا دیتی ہے۔ گرمی پیدا کرتی ہے۔ کھجلی اور اکثر امراض جلدی کو کھانے اور لگانے سے نفع دیتی ہے۔ مرگی و سکتہ کو مفید ہے۔ قریب سم ہے۔
گوبھی	کلیم رومی	قنبیط	سفید زرد	ایک مشہور ترکاری قسم پھول سے ہے۔ مزا پھیکا	سرد خشک	نفاخ قابض	گرم مصالحہ	کرم کلہ		بلغم خون صفرا و جریان کے فساد کو دور کرتی ہے۔ قوت دیتی ہے۔ کھانسی پھوڑہ پھنسی کو مفید ہے۔ مدر بول۔ خمار کو تسکین دیتی ہے اس کے پتے پانی میں پسے ہوئے خون آنے کو مفید ہے۔ اس کا ساگ بواسیر خونی کو مفید ہے۔
گوکھرو	خارخسک	خسک	سبز زرد	ایک گھاس کے کانٹے ہیں۔ ذائقہ قدرے تلخ	سرد خشک ۲	طحال	بادام	تخم ککڑی	۴ ماشہ	طبع نرم کرتا ہے۔ پتھری توڑتا ہے۔ درد کمر استسقاء اور قولنج ریحی کو مفید ہے۔ اور حیض اور پیشاب کا ادرار کرے۔ اس کے پتوں کا ساگ رقیق خون پیدا کرے نیز ردی الکیموس ہے۔ پتوں کا پانی سوزاک کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گوگل	بوئی جہوداں	مقل ازرق	سیاہ سرخ	ایک درخت کا گوند جما ہوا مزا تلخ	گرم ۳ خشک ۲	ریہ جگر	کتیرا زعفران	ایلوا مرمکی	۳ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ بلیسدار خلطوں کو نکالتا ہے۔ کزاز اور درد گلو، درد سر اور تر کھانسی کو مفید ہے۔ اس کی دھونی کیڑے مکوڑوں کو بھگاتی ہے۔
گولر	ثمر لستہ انجیر آدم	جمیز	خام سبز پختہ سرخ	انجیر کے برابر پھل ہے۔ مشہور ہے خام پھیکا پختہ شیریں	گرم تر نزد بعضے سرد	معدہ بخار پیدا ہو	انیسوں سکنجبین			اس کا پھل ردی الکیموس اور نفاخ ہے۔ خشک کھانسی درد سینہ و درد گردہ طحال کو مفید ہے۔ منہ سے خون آنے کو مفید ہے۔ امراض چشم کے فائدہ مند ہے۔ اسکا لعوق دمہ اور پرانی کھانسی کو مفید ہے۔ اس کے پتے پیسے دستوں کو بند کرتے ہیں اور اس کی لکڑی کی راکھ آتشک کو مفید ہے۔
گومہ			سبز	ایک چھتہ دار گھاس پتے گول۔ سفید و خوشنما پھول مزا پھیکا	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	انار			طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتا ہے۔ یرقان کو مفید ہے۔ اعضاء کی سوجن کو نافع ہے۔ پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتا ہے۔ بواسیر کے لئے فائدہ مند ہے۔ اس کا ساگ پکا کے کھانا بھوک کو خوب کھولتا ہے۔ اس کے بیج پیس کے ناف پر لیپ کرنا قوی ممسک ہے۔
گوند بطم	صمغ بطم	علک البطم	سیاہی مائل	درخت بطم کا گوند ہے مزا تلخ	گرم ۲ خشک ۲	منہ آنا		مصطگی		مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے۔ ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ بلغمی کھانسی کو مضر ہے۔ ملین طبع ہے۔ کھجلی و خارش کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گوندل	بزرد	بردی	سبز زرد	ایک درخت ہے جسکے پتے کھجور کے پتوں سے بناتے ہیں ذائقہ تلخ	سرد ۲ خشک	شکم	شہد			اسکا پانی دانتوں کو جلا دیتا ہے۔ جریان خون کو بند کرتا ہے۔ چبانا اس کا منہ سے پیاز لہسن اور شراب کی بدبو زائل کرتا ہے۔ اس کے پتے جلا کر ہمراہ سرکہ ورم طحال کیلئے پینا مفید ہے۔ لیپ بھی مفید ہے۔
گوندنی			پھل خام سبز پختہ سرخ	مشہور درخت۔ خام پھیکا پختہ شیریں۔	سرد تر	غشی متلی اپھارہ	قند	سپستان		مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتی ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ کھانسی کو دفع کرتی ہے۔ آواز کو صاف کرتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے۔ اس کے پتے اور اس کی جڑ اور ٹہنی کی چھال منہ آنے اور منہ کے دانوں کو مفید ہیں۔ پتوں کی راکھ زخم کو نافع۔
گورخر	گورخر	حمار الوحش		مشہور جانور	گرم خشک	سودا	نمک سنگھ دار چینی		حرام	اس کے پتے کا طلا داء الثعلب اور دوالی کو مفید، چربی اور داد کو دور کرے۔ نیز آنکھ میں لگانا نزول الماء کو مفید، سب خواص مانند گدھے کے ہیں۔
گوہ	سوسمار	ضب مختلف		جانور ہے گرگٹ کے ہمشکل	گرم خشک ۳	مکیب	سرکہ گھی	سانڈہ	حرام	اس کی بیٹھ کا سرمہ پھولی اور نزول الماء کو مفید ہے۔ اس کی چربی کلف اور بہق پر ہمراہ سرکہ ملنا مفید ہے۔ مبہی اور لذیذ ہے۔
گونگچھی	چشم خروس	عین الدیک	پتے سبز بیج سرخ	بیلدار گھاس ہے ذائقہ تلخ و پھیکا	گرم ۲ خشک ۳	گرم مزاج و درد سر	دھنیہ دودھ تازہ		۱ ماشہ	محافظ قوت ہے۔ پٹھوں کا فساد دور کرے۔ منی کو زیادہ کرتی ہے۔ تین قسم سے ہے۔ سرخ، سفید اور سیاہ۔ سرخ سے سفید قوی۔ سب سے زیادہ قوی سیاہ

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گھوڑا	اسپ	فرس		مشہور	گرم خشک	گرم مزاج	انار چھاچھ		حلال	اس کا گوشت کھانے سے بہادری پیدا ہوتی ہے۔ دل کی بیماریوں کا فساد دور کرتا ہے اس کا کباب سرد مزاج کی باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ گٹھیا لقوہ اور رعشہ کو مفید ہے۔ اسکی لید حاملہ کے نیچے رکھنے سے بچہ جلد پیدا ہو۔ اس کی مادہ کا دودھ محرک اشتہاء باہ ہے۔ ملین طبع، مدر حیض وبول ہے۔ حمول حمل کو قائم رکھنے کے لئے مفید ہے۔ کمزوروں کے موافق ہے۔ سم مسقط جنین۔
گھڑیال	نہنگ	تمساح		مشہور	گرم ۲ خشک ۲	ردی الکیموس			حرام	اس کا گوشت محرک باہ ہے۔ شوربا بدن کو موٹا کرے۔ دودھ قولنج کو دور کرتا ہے۔ چربی گل روغن کے ساتھ دردسر کو مفید۔ اس کا قطرہ کان میں ڈالنے سے درد کو تسکین دے بہرہ پن کو مفید ہے۔ داہنا دانت بازو پر لٹکانا محرک باہ ہے۔
گھی	روغن زرد	سمن و زبد	سفید زردو چکنا	مشہور مزا پھیکا	گرم تر	معدہ میں سستی پیدا ہو بھوک کم ہو	نمک شہد	تازہ دودھ	۵ تولہ	بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اعضا کو قوت دیتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ مادہ کو معتدل کرتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ سینہ کی کھرکھراہٹ کو دور کرتا ہے۔ حلق کی خشکی دور کرتا ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ طبیعت کو فرحت بخشتا ہے۔ خشک کھانسی کو نفع دے۔ بچوں کے مسوڑھوں پر ملنے سے دانت جلدی نکلیں گرم خشک زہروں کا مارگ ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گھیکوار	فیقرا	جبارا	باہر سبز گودہ سفید	ایک درخت بے شاخ فقط پتے اندر لیسدار گودہ ہوتا ہے مزا تلخ و بدبودار	گرم خشک ۲	گرم مزاج			۶ ماشہ	صفرا کا مسہل ہے۔ بلغمی امراض کو نافع، پیٹ درد و طحال کو مفید ہے۔ ہاضم ہے۔ اس کا لعاب ہمراہ آنبہ ہلدی کے ورم کی سختی کو تحلیل کرتا ہے۔ آنکھ کی چوٹ اور سرخی کو ہمراہ زاک کے مفید ہے۔
گیرو	گلِ سرخ	طین مغربی	سرخ	ایک ڈلی ہے مٹی کی مشہور ذائقہ پھیکا	سرد خشک	امعا طحال	مصطگی	کتیرا گوگل قبرسی	۵ ماشہ تا ۷ ماشہ	قبض کرتا ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ خون و مواد کو بند کرتا ہے۔ اعضا کی حرارت کو تسکین دیتا ہے آنت کے زخم اور سحج کو دور کرتا ہے۔ مثانہ کا زخم اور جریان کے فساد کو دور کرتا ہے حیض بند کرتا ہے۔ اس کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔
گیندے کا پھول	گلِ صدبرگ		سرخ زرد پتے سبز	ایک گھاس کا بڑا پھول ہے۔ خوشنما۔ مزا پھیکا و تیز و تیز بو	گرم خشک			دونا مروا		اس کے پتوں کا رانگ کان میں ڈالنا درد کو مفید ہے۔ پستان کے ورم کو تحلیل کرتا ہے مدر بول ہے۔ اس کا رانگ ہمراہ نمک کالی مرچ پینا بواسیر کو مفید ہے۔ اور جوشاندہ کی کلی دانت کے درد کو دور کرتا ہے۔
گیہوں	گندم	حنطہ	زرد سفید سرخ	مشہور غلہ ہے قدرے شیریں	گرم و معتدل	امراض احشا	سرکہ کلونجی	جو		یہ سب سے بہترین غذا ہے۔ کثیر الغذا خون زیادہ اور صالح پیدا کرتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ خمیری روٹی نفاخ ہوتی ہے طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ گیہوں چبا کر گلٹیوں پر لیپ کرنے سے مواد کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا تیل داد چھائیں اور سفید داغ کو نافع ہے۔ کچے گیہوں کھانا معدے میں کیڑے پیدا کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گیہوں جنگلی	گندم دشتی	دوسر	سبز دانہ سیاہ	ایک گھاس مشابہ گیہوں کے اس سے لمبی و کرخت مزا قدرے تلخ و پھیکا	گرم ۱ تر ۲	انثیین	گوگل کتیرا	کالا دانہ	۳ ماشہ	مادہ کو نخپتہ و معتدل القوام کرتا ہے۔ دست آور ہے۔ ریاح و ورم کو تحلیل کرتا ہے اور سخت ورم کو نرم کرتا ہے۔ معدہ کے کیڑے مارتا ہے۔ اسے ہمراہ مصری وچاکسو آنکھ میں لگانا مفید ہے۔ اسکا لیپ سخت ورموں پر مفید ہے۔
گینڈا	کرگدن	مرشی		مشہور جانور	گرم خشک				حرام	اس کا گوشت حواس کو کند کرتا ہے۔ اس کے سینگ کی دھونی بواسیر اور عسر ولادت کو مفید ہے۔ اس کی کھال کا تیل روغن کنجد میں ملا کر لگانا زخم اور قرحہ کو مفید ہے۔ اس کی چربی کے ملنے سے آدمی کی شکل باوقار ہو جاتی ہے۔
گیدڑ	شغال	ابن آوی		مشہور درندہ	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	سرکہ دھنیا		حرام	اس کے دل کا لٹکانا بدگوئیوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کی دائیں آنکھ کا گلے میں لٹکانا نظر بد سے محفوظ رکھتا ہے۔ ہڈی سے برص گوشت سے دق دور ہو

باب لام

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
لاجورد	لاجورد	لاجورد	زنگاری و سنہری نقطہ دار	ایک پتھر ہے فیروزی مزا پھیکا	مغسول سرد خشک غیر مغسول گرم خشک	معدہ غشی کرب پیدا ہو		حجر ارمنی	۳ ماشہ	اخلاط کو صاف کرتا ہے۔ مادہ سوداوی کو دستوں کی راہ خارج کرتا ہے۔ درد گردہ، مالیخولیا اور وحشت غم و امراض سوداویہ کو مفید ہے۔ قابض ہے مفرح ہے۔ دل کو قوت بخشتا ہے آنکھوں کی امراض رمد ڈھلکہ وغیرہ کو مفید ہے۔ اس کی سلائی بھی اچھی بنتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
لاذن		لاذن	سیاہ سرخی مائل	ایک پہاڑی درخت کی لسدار رطوبت ہے۔ خوشبودار وقدرے تلخ	گرم ۱ خشک ۲	گرم مزاج مکرب	گلاب صندل		۲ ماشہ	پیشاب وحیض کا ادرار کرتا ہے۔ سردرد کو نفع دیتا ہے۔ مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے۔ لطافت بخشتا ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ معدہ وجگر کو قوت دیتا ہے۔ بچہ کو جلد پیدا کرتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے۔ اسکا حمول خناق رحم اور سختی رحم کو نافع ہے۔
لاغیہ		لاغیہ	سیاہی مائل	ایک قسم کی بوٹی ہے زہریلی دودھیاری۔ ذائقہ تلخ	گرم ۳ خشک ۳	امعا	کتیرا	فراسیون محمودہ	۲ ماشہ	قوی دست آور ہے۔ استسقا زقی کو مفید ہے۔ زرد پانی اور جلے ہوئے خلطوں کو نکالتی ہے۔ اس تالاب میں کہ جسمیں مچھلیاں ہوں۔ اس میں اگر ڈال دی جائے۔ تو مچھلیاں مر کے اوپر تیر آئیں۔ غیر سمی و نزد بعضی قریب بسم ہے۔
لاکھ	لاک	لاک	زرد سرخی مائل	پرانے درختوں کو گوند ہے ذائقہ پھیکا	گرم خشک ۳ مغسول لطیف ہے	طحال سینہ	مصطگے	ریوند طباشیر	۴ ماشہ	اخلاط کو پاک کرتی ہے۔ ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔ جگر اور طحال کا سدہ کھولتی ہے۔ فالج، یرقان و استسقا کو مفید ہے۔ باہ کو قوت دیتی ہے۔ امساک لاتی ہے بدن کو دبلا کرتی ہے۔ ضعف گردہ کو مفید ہے۔
لال	لعل	لعل بدخشاں	سرخ روشن	لال رنگ کا پتھر ہے۔ مزا پھیکا	معتدل مائل بحرارت				۱ جو تا ۲ جو	قوائے طبعی ونفسانی کو قوت دیتا ہے۔ پٹھوں اور بصر و دل و دماغ کو طاقت بخشتا ہے فرحت بخش ہے۔ کل سوداوی امراض کو مفید ہے۔ اکثر سمیات کا تریاق ہے۔ اور یاقوت احمر سے قوی الاثر ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
لال ساگ	کشنہ و ہزارہ بندک	عصی الراعی	اودہ و سرخ	مشہور ساگ ہے کئی طرح کا ہوتا ہے۔ ذائقہ قدرے شیریں	سرد ۳ خشک	ریہ	صندل انجیر شربت بنفشہ	چولائی		جریان خون کو بند کرتا ہے۔ منہ سے خون آنے کو بند کرتا ہے۔ صفراوی قے اور دستوں کو روکتا ہے۔ حیض کو بند کرتا ہے۔ ظاہری و باطنی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ قابض ہے۔ مواد کو پختہ کرتا ہے۔ قولنج کو دور کرتا ہے اسکا لیپ سوزش معدہ کو تسکین دیتا ہے اور سرد کرتا ہے۔ اس کے پتوں کا رانگ کان کے درد مفید ہے۔
لالہ	لالہ	شقائق	سرخ زرد اندر سیاہ	ہزارے کا پھول مزا تلخ	گرم ۲ خشک ۱	گردہ مثانہ			۳ ماشہ	لطافت بخشتا ہے۔ سدے و مسام کھولتا ہے۔ خشک پھول درد شکم کو مفید ہے۔ اس کا سفوف ہمراہ دودھ کے پینا پیشاب و حیض و دودھ کو جاری کرتا ہے۔ باہ لاتا ہے امساک پیدا کرتا ہے کسی قدر اعضا کو سست کرتا ہے۔
لائی	کنجدہ	انزروت و کحل فارسی	سرخ اور سفید زردی مائل	ایک خاردار درخت کا گوند ہے۔ جسے عربی میں سائلہ کہتے ہیں۔	گرم ۲ خشک	امعا	صمغ عربی روغن بادام	نشاستہ اور ایلوا	۴ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ سدے کھولتا ہے خشکی لاتا ہے۔ بلغم کو دست کی راہ نکالتا ہے اور زخموں کو بھرلاتا ہے بسبب لیس کے آنتوں و رگوں منہ میں چیچک کے سدہ لاتا ہے۔ بچہ کو قبل از وقت گرا دیتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ معدہ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ جریان خون کو مفید ہے۔
لیلی			زرد	ایک ہندی درخت ہے۔ پتے سنوار جیسے جب طخو شبودار	سرد خشک					اس کا پھل بالخاصہ خونی بواسیر کو مفید ہے۔ بلغم اور صفرا کا فساد دور کرتا ہے۔ اس کا مغز بھی یہی فائدہ دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
لوکاٹ			زرد	مشہور	سرد تر					صفرا اور خون کی حدت کو دفع کرتی ہے۔ اور اکثر صفراوی اور خونی بیماریوں کو مفید ہے۔
لجالو یا لجونتی			سبز	ایک مشہور گھاس جسے ہاتھ لگانے سے مرجھا جاتی ہے۔ پتے مثل کیکر کے مزا کسیلا قدرے تلخ	سرد تر	طحال	شہد			ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ اور جلا کرتی ہے۔ بلغم اور سودا سے خالص کو دستوں کی راہ نکالتی ہے۔ حیض کا ادرار کرتی ہے۔ بشرطیکہ اسکا سبب گرمی ہو۔ اور بچہ کو پیدا کرتی ہے۔ گرمی کا سدہ کھولتی ہے۔ آتشک اور جذام اور فیل پاکو کھلانے اور پلانے سے مفید ہے۔ اس کے رانگ کے قطرے ٹپکانا پرانے زخموں اور ناسور کو مفید ہے۔ اور اس کے رانگ سے پارہ کا کشتہ عمدہ تیار ہوتا ہے۔
لچھمنا لچھمنی	سنگ شکن ومہرہ گیاہ	بیروج الصنم اللفاح البری	سفید و بھوری	جڑ ہے ہمشکل انسان دو قسم کی ہوتی ہے نر و مادہ۔ مزا تلخ وتیز بو	سرد خشک ۲	روح نفسانی	دارچینی اور شہد	دھتورا	۳ ماشہ	اس کی جڑ کی چھال خشکی پیدا کرتی ہے اعضا کو سست اور بحس کر دیتی ہے۔ ہمراہ زعفران اس کو پینا درد مفاصل کو مفید ہے۔ شہد کے ہمراہ صفرا کو بذریعہ قے نکالتی ہے۔ گلے میں لٹکانا مرگی کو دافع ہے۔ اس کے آنسو کا استعمال درد دل کو تسکین دیتا ہے۔ اور جب کوئی عضو کاٹنا مقصود ہو تو اسے پلاتے ہیں۔ تاکہ مریض بحس ہو جائے۔
لوبان	درخشنگ	ضرو	زرد	ایک درخت کا گوند خشک	گرم ۲	گرم مزاج	شیرہ کاہو	حب الطحم	۶ ماشہ	معدہ اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
و لبان	"	"	بھورا	مشابہ مصطگی کے ہے۔ مزا خوشبودار تلخ	خشک ۲	"	"	مصطگی	"	اورام نوم و بلغم کو چھانٹتا ہے۔ پیٹ کو گنگ کر دیتا ہے۔ اس کی کلی اور منجن دانتوں کے درد کو مفید ہے۔ اس کا تیل اعصاب کو قوت دیتا ہے۔ داد کو مفید ہے۔ اور اس کی دھونی کمر اور جوڑوں کے درد کو مفید ہے کیڑے مکوڑوں کو بھگا دیتی ہے۔ اس کی لکڑی کی چھلکی جریان خون کے بند کرنے کو نافع ہے۔ سرد کھانسی کو مفید ہے۔
لوبیا	لوبیا و لوبہ	فریقیا	زردی مائل	ایک قسم غلہ سے ہے۔ اسکی پھلی باقلا کی پھلی سے لمبی ہے۔ مزا پھیکا	گرم ۱ تر ۲	نفاخ دیر ہضم	سونٹھ زیرہ نمک	باقلا		مدر بول ہے۔ سینہ اور پھیپھڑہ کو نرم کرتی ہے۔ ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ مولد منی ہے اور باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہے خون نفاس کو صاف کرتی ہے۔ درد گردہ کو مفید ہے۔ بچہ جلد پیدا کرتی ہے۔
لودھ پٹھانی			سفید	چھلکا ہے ایک درخت کا مزا قدرے تلخ	گرم خشک	قابض			۳ ماشہ	مقوی بصر و باہ ہے۔ خون حیض بند کرتی ہے منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ بلغم کا فساد دور کرتی ہے۔ اکثر قوت باہ کی معجونوں میں استعمال کی جاتی ہے۔
لونگ	میخک	قرنفل	سیاہ	ایک جنگلی درخت کا پھول ہے۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک ۲	گردہ امعا	صمغ عربی	دارچینی اور جاوتری	۱ ماشہ تا ۴ ماشہ	مفرح ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے مبہی ہے۔ فالج، لقوہ، سکتہ اور نزلہ کو مفید ہے۔ کل امراض دماغی کو نافع ہے۔ اسکا سرمہ مقوی بصر اور بینائی تیز کرتا ہے۔ سبل اور ناسور کو مفید ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ سردی کے درد سر کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
لونیے کا ساگ	لونکے کا ساگ	بقلۃ الحمقا	سبز سرخی مائل	شور زمین کا خودرو ساگ قسم خرفہ سے ہے۔ ذائقہ شور و ترش	تازہ سرد خشک خشک گرم خشک	طحال نفاخ	پودینہ مصطگی	خرفہ		صفرا اور خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے معدہ کی گرمی اور پیاس کو دفع کرتا ہے ملین طبع ہے۔ مولد بلغم ہے۔ اس کے پتے پیس کر کالی مرچ کے ہمراہ پینا نکسیر اور خون کے پیشاب کو مفید ہے۔
لوہا	آہن	حدید	سیاہ و براق	مشہور دھات ذائقہ کسیلا	سرد خشک ۲	درد سر پیدا ہو	مسکہ	رانگہ و جستہ		خشکی پیدا کرتا ہے۔ بواسیر ریحی کو مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے امساک لاتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ اسکا خضاب بالوں کو خوب سیاہ کرتا ہے۔ فولادی لوہے کا پانی بجھایا ہوا اور اسکا عرق اعضا کو کر خشگی بخشتا ہے۔ صفرا و خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے۔
لوہچون	ثقال آہن	توبال الحدید	سیاہ	لوہے کا برادہ ذائقہ کسیلا	گرم خشک ۳					ذرب کو مفید ہے۔ ضعف باہ کو نافع ہے۔ بواسیر کو مناسب دواؤں کے ہمراہ مفید ہے۔ اس کا خضاب عمدہ ہوتا ہے۔
لوہے کا میل	چرک آہن و ریم آہن	خبث الحدید	سیاہ	مشہور ہے۔ ذائقہ نہایت کسیلا	گرم ۲ خشک ۳	ریہ	کتیرا شہد	انڈے کا چھلکا	۳ ماشہ	معدہ اور دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ منہ سے خون بہنے کو مفید ہے۔ حیض کو جاری کرتا ہے۔ بواسیر اور طحال کو نفع دیتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے سلس البول کو مفید ہے۔ امعا اور مثانہ کے زخم کو مفید ہے۔ خضاب بھی عمدہ بنتا ہے۔ اس کا کھانا بغیر برشتہ کئے جائز نہیں ہے۔ نہایت خشک ہوتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
لوے	۔	السلوی	گلابی	مشہور ایک جانور ہے برابر بھیڑ کے اور شبیہ بھی اسی کے ذائقہ نمکین و خشک	گرم و خشک	دیر ہضم اور قابض	سرکہ اور گھی	۔	حلال	دماغ اور جگر کو طاقت ور کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ کمزوروں کیلئے اچھی غذا ہے۔ سدہ کھولے جلندھر اور غلیظ ریاح کو دور کرتا ہے۔ فالج کو مفید احشا اور اعصاب کی سردی کو کھوئے باہ اور کھجلی کو حرکت دیتا ہے۔
لومڑی	روباہ	الثعلب	سرخ سیاہی مائل	ایک چوپایہ جنگلی جانور ہے برابر بلی کے۔ بساندہ و بدبودار	گرم خشک	کھایا نہیں جاتا زہر ہے	سکنجبین انار چاشنی دار و دوغ		حرام	زندہ پکڑ کر ہاتھ پاؤں باندھ کر گرم پانی میں ڈالکر اس قدر جوش دو کہ گل کر مہرا ہو جائے اس پانی کا نطول درد نقرس۔ گٹھیا اور جوڑوں کی سختی کو مفید۔ اس کا پتا سونگھنا مرگی کو مفید۔ اس کی چربی ملنی پیشانی پر باعث قلب خواب ہے۔
لک لک	لک لک	لق	سرخ سیاہی مائل	ذائقہ بساندہ۔ بدبودار مشہور ہے۔	گرم خشک	گرم مزاجوں کو	گھی اور دھنیا	مور	حلال	فالج، لقوہ، بہل بہری، غلیظ ریاح اور اعضاء سے لگی ہوئی برودت وضعف باہ کو مفید اس کا انڈہ گوشت سے زیادہ قوی ہے۔ اس کا خون بہق اور بیٹ کلف کو نافع
لٹوری	کاسکینہ	الشقراق	گلابی	جانور ہے گویا سے بڑا ذائقہ نمکین	گرم خشک	درد سر گرم مزاجوں کو	سکنجبین	۔	حلال	غلیظ ریاح اور مواد بلغمی کو تحلیل کرتا ہے۔ دیر ہضم۔ اس کی بیٹ کا لیپ چہرہ کی سیاہی اور جھائیں کو دفع کرتا ہے
لہسوڑہ	سپستان	دبق	سبز پختہ	ایک درخت کا پھل ہے لیسدار گول بڑا جھڑ بیری کے خام	معتدل	معدہ جگر	عناب گل سرخ	خطمی	۱۰-۲۰ شمر	سینہ، پیٹ، حلق کو نرم کرے۔ صفراوی، خونی اور دموی مواد کو پاخانہ کی راہ نکالے صفرا اور خون کی تیزی اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اس کی کونپل گھونٹ کر پلانی بار بار پیشاب آنے کو مفید۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک	خاصیت
لہسن		ثوم	سفید	ایک گھاس کی جڑ ہے ذائقہ تلخ اور تیز بو ہوتی ہے۔	گرم خشک	گرم مزاج بینائی دردسر	کتیرا دھنیا روغن بادام	پیاز	۳ ماشہ	تحلیل کرتا ہے، اجلا کرتا ہے، سدہ کھولے، معدہ کی رطوبت خشک کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے فرحت بخشے۔ آواز صاف کرتا ہے۔ دمہ کھانسی دور ہو۔ پٹھوں کے مرض لقوہ، فالج رعشہ کو مفید اعتدال سے کھانا صحت کو محفوظ رکھتا ہے۔
لہسن جنگلی	سیر دشتی	اسقوردیون	سبز	جنگلی گھاس ہے لہسن کی ایسی اس سے چھوٹی تلخ	گرم خشک	گرم مزاج کو	دھنیا انار ترش	پیاز دشتی	۲ ماشہ	ریاح اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ طحال کی بیماریوں کو نافع ہے اور جلندر کو مفید۔ پیشاب و حیض جاری کرتا ہے اور جلد میں زخم ڈالتا ہے۔
لیموں کاغذی	لیموں کاغذی	لیموں حامض	زرد و خام سبز	ایک پھل ہے جس کا رس ترش ہوتا ہے قسم اور مقدار کلانی مختلف ہے ذائقہ ترش	سرد تر نزد بعضے خشک	پٹھوں سینہ باہ کو	عناب و شکر	نارنج	-	جگر کو طاقت دیتا ہے، جلن، پیاس اور یرقان متلی و قے صفراوی کو مفید۔ صفراوی امراض و بخار کو نافع زہریلے جانوروں کے کاٹنے کو مفید، اس کا سونگھنا زکام دور کرتا ہے۔ اس کے بیج قائم مقام بادرنگ کے ہیں۔ بھون کر دینے دست اور قے بند کرتے ہیں۔
لیموں میٹھا	لیموں شیرین	لیموں حلو	زرد	مثل اور برابر لیموں کے پھل کے ہیں لا شیرین	گرم تر	پٹھوں کو ابھارتا ہے	ترش لیموں	ترنج	-	گرمی اور پیاس کو تسکین دیتا ہے معدہ دل کو قوت دیتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے حدت و تیزی خون کو دفع کرتا ہے۔ خفقان اور اختلاج قلب کو مفید ہے۔
لیموں کے بیج	تخم لیموں	بذر لیموں	سفید	مشہور ذائقہ تلخ	سرد خشک	صدر کو	سونف	بادرنگ	۲ ماشہ	قابض۔ دستوں کو بند کرتے ہیں۔ قے کو روکتے ہیں۔ خاص کر بریان کئے ہوئے اور ہمراہ کالی مرچ نمک کے پینا پیاس اور بچوں کی ڈانکی کو مفید ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب المیم										
مائیں چھوٹی	بارگزو گزبار	غدبہ ثمرالاثل	بھورا سرخی مائل	درخت جھاؤ کا پھل ہے برابر چنے کے اس سے کچھ بڑا ذائقہ تلخ	سرد خشک	سر اور سینہ کو	دوقو تخم کدو	مازو و تخم انار	۷ ماشہ	قابض ہے اور رطوبت کو چھانٹتی ہے۔ ہمراہ شکر کے ہانپنے کو اور کھانسی کو مفید ضعف جگر، ضعف اعضا شکمی کو اور دستوں کو نافع ہے۔ منہ سے خون آنیکو اور خون بہنے کو مفید۔ اس کا لیپ ہمراہ سرکہ کے طحال کو نافع ہے اس کا منجن دانت اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔
مائیں بڑی	گزمازج	ثمرۃ الطرفا	بھورا سرخی مائل	درخت چھوٹی قسم جھاؤ کا پھل ہے بڑا چھوٹی مائیں سے تکونہ ذائقہ تلخ۔	سرد خشک	سر	دوقو	مازو	۳ تا ۷ ماشہ	مواد کو اندر لوٹائے، ورم طحال کا تحلیل کرتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ دست کو بند کرتا ہے، رحم کی رطوبت اور آنت کے زخم کو مفید، اس کا غرغرہ حلق اور سینہ کی بیماریوں کیلئے مفید۔ یہ جلی ہوئی ہمراہ ترار سنگ اور دھوئے ہوئے گھی کے گنج اور سر کے دانوں کو مفید ہے۔
ماجو	مازو	عفص	بھورا سیاہی مائل	ایک درخت کا پھل ہے گول اور چپٹا برابر بیر کے	سرد خشک	سینہ اور حلق کو	کتیرا اور صمغ عربی	زردہڑ اور انار کا چھلکا	۴ ماشہ	پرانے دستوں کو بند کرتا ہے۔ رحم کی رطوبت خشک کرتا ہے، ناک میں پانی ڈالنے سے نکسیر بند ہو آنکھ کے مرض کو مفید۔ اس کا منجن دانت مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ منہ سے رال جانی بند ہو۔ اس کا لیپ مواد کو تحلیل کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مالکنگنی	۔		بھورا سرخی مائل	ایک گھانس کے بیج برابر چنیا کے کسی قدر اس سے لمبے قدرے تلخ	گرم خشک	جوان آدمی اور گرم مزاج کو	۔	کاہے تل اور شہد	۔	دماغ و قوت حافظہ و ذہن و باہ و معدہ کو قوت دیتا ہے۔ گٹھیا اور عرق النساء، درد پہلو و پٹھوں کا مرض و لقوہ و فالج کو مفید۔ باد و بلغم کو دور کرتا ہے۔ اس کا تیل ہاتھ کی ہتھیلی میں ملنا بینائی زیادہ کرتا ہے و قریباً سم ہے۔
ممیرا	ماہیران چینی	۔	زرد	ایک جڑ ہے ہلدی کی قسم سے باریک اور گرہ دار ہے اور چھوٹی	گرم خشک	گردہ کو	شہد	زردچوبہ	۲ ماشہ	جلا کرتا ہے۔ ورم تحلیل کرتا ہے۔ سدے کھولتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ دماغ کو پاک کرتا ہے اور جلد میں زخم ڈال دیتا ہے۔ کانوں کو مفید ہے امراض چشم کو نافع اور اس کا سرمہ تاریکی اور دھند کو مفید۔ سرکہ کے ہمراہ سفید داغ اور چھائیں۔ چہرہ کی سیاہی کو نافع ہے۔ آنکھ کا جالا کاٹتا ہے۔ اس کی جڑ پینا ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔
مانگ مولی				ایک گھانس ہے	گرم					اس کے پتے کڑوے تیل میں جلائے ہوئے گٹھیا اور جوڑوں کے درد کو مفید ہیں۔ (غیرسی)
ماہودانہ	ماہودانہ	قاتم بالذات	پھول زرد پتے سبز	ایک گھاس ہے دودھ والی۔ ذائقہ تلخ	گرم خشک	پھیپھڑے کو معدہ کو	کتیرا اور انیسون	۔	۔	بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ قولنج کو تحلیل کرتا ہے۔ گٹھیا کو مفید۔ غلیظ بلغم اور سودا کو خارج کرتا ہے۔
ماہیانہ	صحناۃ	۔	۔	۔	گرم خشک	گرم اور سوداوی مزاج کو	سونٹھ تخم کاہو اور ترشی	۔	۔	معدہ کی رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ بلغم کو قطع کرتا ہے۔ منہ کی بدبو دفع کرتا ہے۔ فالج درد پہلو و امراض باردہ کو مفید۔ بھوک لگاتا ہے۔ ہاضمہ کو قوت دیتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ماہی زہرہ	ماہی زہرہ	سمک السمک و ماہی زہرج	زردی مائل	ایک دو دھاری گھاس کی چھال ہے ذائقہ تیز	گرم خشک	آنتوں کو	کتیرا و نشاستہ	بوزیدان و ایرسا	۳ ماشہ	غلیظ بلغم اور خراب خلطوں کو دست کی راہ نکالتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ گٹھیا عرق النساء اور نقرس کو مفید
مٹر کابلی	جلبان	۔	سفید	ایک دانہ غلہ کا ہے پھیکا	گرم خشک	خونی دست لائے	شہد و گلاب گمیرو	۔	۹ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ خون کو بڑھاتا ہے۔ ورم دور کرتا ہے، سدہ کھولے۔ جلا کرتا ہے۔ سینہ اور ریہ کو صاف کرتا ہے۔ پیشاب کو خوب لاتا ہے۔ ریاح پیدا ہو سختی نرم ہو
مٹی داغستانی	گل داغستانی	طین داغستانی	غباری	خوشبودار مٹی کی ٹکیاں ہیں۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک	رنگ خراب کرتا ہے مولد قولنج	پانی سے دھوڈالنا	۔	۔	فرحت لاتا ہے۔ خون کے گرنے کو روکتا ہے اس کو دھو کر استعمال کرنا چاہیئے
مٹی ملتانی	گل ملتانی	طین ملتانی	زردی مائل	سخت اور چکنی ولایتی مٹی ہے	سرد خشک	سدہ لاتی ہے	کرنس	۔	۔	قے اور مہلک ہیضہ کو دفع کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور نزلہ گرنے کو بند کرتا ہے۔ بالوں کو خوشبودار کرتا ہے۔ مسام کو بند کرتی ہے۔ گرمی دانوں کو اس کا لیپ مفید ہے۔
مٹی کھریا	گل سفید	طین الابیض	سفید	خوشبودار مٹی ہے خشک۔ پھیکی۔	سرد خشک	۔	۔	گل ملتانی	۔	میل کو دور کرتا ہے۔ ریم کو صاف کرتا ہے۔ زخموں کو صاف کرتا ہے۔ لگانے سے ورم گرم کو تحلیل کرتا ہے۔
مٹی ہرمزی	گل ہرمزو	طین فارسی	زرد	مٹی ہے چکنی۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک	ریہ	آب مرزنجوش	۔	۵ ماشہ	درد ریہ کو مفید۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مچھیچھی	٠	٠	پتے سبز پھول سرخ	ایک چھتہ دار گھاس ہے دریا کے کنارے ہوتی ہے قدرے تلخ	سرد	٠	٠	٠	٠	پیٹ کو قبض کرتی ہے۔ اور کوڑھ کو مفید ہے۔ امراض آتشک اور کھجلی دور کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے اور مرض سوزاک کو نافع ہے۔
مچکند			پھول سبز پتے سفید	ایک درخت پانچ گز تک کا ہے۔ ہندی۔	گرم خشک	٠	٠	٠	٠	سر کا درد دور ہو۔ بلغم ریہ اور کھانسی کو مفید۔ اس کا سوا خون بواسیر کو بند کرتا ہے۔ پھول اس کا مستعمل ہے۔
مچوقان	٠	٠	سفید	گھاس کی جڑ۔ پتے گول درخت چھتہ دار۔ قدرے تلخ	گرم خشک	٠	٠	٠	٠	اس میں دونوں قوتیں ہیں قبض بھی کرتی ہے اور دست بھی لاتی ہے۔ گٹھیا اور درد گردہ اور درد قولنج کے لئے مفید ہے۔ اکثر معدنیات کے کشتہ بنانے میں شامل کرتے ہیں۔
مچھلی بام	مار ماہی	مار ماہیرج	سیاہی مائل	مچھلی ہے مشابہ سانپ کے بودار۔	گرم خشک	٠	٠	٠		ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ ہاتھ میں پکڑنے سے خون گرنا بند ہوتا ہے۔
مچھلی جھینگا	ماہی روبیان	روبیان	سفید بے سفتہ	مچھلی ہے اس کی مونچھیں لمبی اور ایک سینگھ آرہ سا ہوتا ہے۔ قدرے شیریں	تازہ گرم وترا خشک	سودا پیدا کرتی ہے	روغن بادام شکر	ریگ ماہی		باہ پیدا کرتا ہے۔ عمدہ خون پیدا ہو۔ گردہ کو گرم کرتا ہے۔ انڈے مرغ کی زردی ملا کر کھانا غایت محرک باہ ہے۔ مرچ سیاہ ملا کر سرمہ بنا کر لگانا شب کوری کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مچھلی رہو		شبوط	سفید سفیدی دار	ایک قسم کی مشہور مچھلی ہے قدرے بسائندہ و خشک	سرد خشک	معدہ کو	شہد		۔	باہ اور دماغ کو مضبوط کرتا ہے۔ غلیظ خون پیدا کرتا ہے۔ رومی الکیموس اس کے دانت کا برادہ مقوی باہ ہے۔
مچھلی ریت کی و ریگ ماہی	ریگ ماہی	سمک الرمل سمک الصید	زرد	مچھلی ہے ریت میں رہتی ہے۔ مشابہ چھپکلی کے ذائقہ بودار پھیکا نمکین۔	گرم خشک اور اس کا کف	گرم مزاجوں کو	نمک لگانا	ثعلب مصری	۔	اس کا گوشت انڈا ملا کر مقوی باہ ہے۔ اس کا تیل طلا کرنا قضیب کے پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اور باثمر ہونے میں نر کو خاص کیا ہے۔ عمدہ طریقہ استعمال کا یہ ہے۔ کہ ایک درم پیس کے شراب پانی ملی ہوئی پر چھڑک کر پئیں۔ لیکن بیشتر ہمراہ معجونوں کے استعمال کرتے ہیں۔ اطبا نے اس کے آثار کی تخصیص ملک شام میں قریب تبوک کے چشمۂ ثول کی کی ہے کہ وہاں کی ہو۔
مچھلی کا انڈا	تخم ماہی	بیض السمک	سفید بعد زرد	مشہور ہے بودار	سرد تر	بلغم زیادہ پیدا کرتا ہے	۔	۔	۔	باہ لاتا ہے۔ اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ گرم کرتا ہے۔ جریان کو دور کرتا ہے۔ بسبب خاصیت کے اندر پر میو کو دفع کرتے ہیں۔
مجیٹھ	رودناس	فوہ عروق الصباغین	سرخ سیاہی مائل	ایک جڑ ہے جس کو جوش دے کر رنگ میں ڈالتے ہیں۔ تلخ	گرم خشک	سر اور مثانہ کو	کتیرا اور انیسون	کبابہ اور سلیخہ	سوماشہ	سدہ کھولے۔ پیشاب لاتا ہے۔ معدہ کو طاقت دے۔ پٹھوں کی سرد بیماریوں کو فالج ولقوہ و یرقان کو مفید۔ جگر اور طحال کو پاک کرے۔ خون کے دست بند کرتا ہے۔ عورت کی فرج کے درد کو آرام ہو۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مرچ کالی	پپل سیاہ و پپل گرد	فلفل اسود	سیاہ	مشہور جنگلی اور پہاڑی پھل ہے۔ تیز	گرم خشک	گرم مزاج کو سینہ اور حلق کو	روغن و شہد	دار فلفل و شہد	۳ تا ۴ ماشہ	تحلیل کرتا ہے۔ جذب کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ گرمی دیتا ہے۔ بلغم کو صاف کرتا ہے۔ حافظہ، اعصاب، جگر، ہاضمہ کو طاقت ور کرتا ہے۔ غلیظ غذا کو لطیف کرتا ہے۔ جذام کو دفع کرتا ہے۔ ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ زہر کو قے کی راہ نکالتا ہے۔
مرچ لال	۔	فلفل احمر	سرخ زرد ہرا	تیز نہایت۔ ایک چھوٹے درخت کا لمبا اور گول پھل ہے۔	گرم خشک	مثانہ پھیپھڑے کو	گھی اور شہد	کالی مرچ	۱ تا ۲ ماشہ	تیز خون کو جلائے۔ صفرا پیدا کرتا ہے۔ سدے کھولتا ہے۔ بلغم اور دماغ کو پاک کرتا ہے۔ تحلیل کرتا ہے۔ استرخا کو مفید۔ پٹھوں کے مرض کو درد بلغمی کو مفید۔ باہ کو قطع کرتا ہے۔ جلد کو گرم اور سرخ اور گرم کر دیتی ہے
مردار سنگ	مردار سنگ	مردار سنج	زرد و سنہرا و براق	ایک سنگین چیز ہے بنی ہوئی رانگے اور قلعی اور چاندی و سونے سے ذائقہ پھیکا	گرم خشک و نزدیک بعضے سرد	۷ ماشہ قاتل ہے کھانے سے	قے اور روغن بادام اور گھی	اقلیمیا	ایک ماشہ	جلا کرتا ہے اور ناقص گوشت کو کھا جاتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے خشکی پیدا کرتا ہے۔ قبض پیدا کرتا ہے۔ اور دست جو سبب زخم یا سحج کے آئیں اُن کو بند کرتا ہے۔ اس کا لیپ اکثر دواؤں کی تیزی کو تسکین دیتا ہے۔ خارش اور اکثر امراض جلدیہ کی دواؤں میں مستعمل ہے۔ اور ہمراہ خشک مہندی اور کمیلہ اور دھوئے گھی کے سر کے دانوں اور گنج کو نافع ہے۔ (سم قاتل ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مرغابی	ذذ	اذر		مشہور	گرم تر ۱	دیر ہضم نفاخ	انار کا پانی کانجی	بطخ	حلال	بدن کو فربہ کرتی ہے باہ کو حرکت دیتی ہے۔ اس کی چربی گرم کر کے لگانی مفید ہے تشنج وکزاز و امتلاو ورم کو مفید ہے۔ مقعد کی سختی و پھٹ جانے کو مفید ہے۔ بدن کی کہنگی دور کرتی ہے۔ غلیظ غذا ہے۔
مرغا مرغی	خروس ماکیاں	دجاج دیک		مشہور	گرم تر ۲ بہت معتدل زائدہ	کثرت استعمال بواسیر و انقرس پیدا کرے	گھی	کبوتر خانگی	حلال	کثیر الغذا ہے عقل کو تیز کرتا ہے۔ اور بڑھاتا ہے۔ دماغ فہم اور ادراک اور ذہن کو قوت بخشتا ہے۔ منی زائد پیدا کرتا ہے۔ باہ زیادہ لاتا ہے۔ قولنج کو نافع ہے۔ اور رنگ اور آواز کو صاف کرتا ہے۔ اگر اس کے پیٹ کو چاک کر کے اور الائش سے پاک کر کے گرما گرم سانپ کے کاٹے کی جگہ پر چپکا دیں۔ تو اس کی سمیت کو دفع کرے۔ اور اسی طرح لیثر عنس اور بہر سام کو مفید ہے۔
مروڑ پھلی	التوا التوا	گشتت برگشت		گھاس مثل رسی کے پھلی ساتھ لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔	گرم خشک ۱	امعا	حب الصنوبر	ایلوا بوزیدان	۳ ماشہ	اخلاط غلیظ کو تحلیل کر کے لطیف کرتی ہے۔ پینا تین ماشہ کا مسہل بلغم غلیظ ہے۔ درد شکم وگرانی شکم کو دور کرتی ہے۔ ضماد اسکا اورام باردہ وجرب کو نافع ہے۔
مسور	مرجوبک	عدس	باہر سیاہ اندر سرخ	مشہور غلہ ذائقہ پھیکا	گرم ا خشک ۲	باہ بصر جذام بواسیر	گھی سرکہ	آرد باقلا		خون سوداوی پیدا کرتی ہے۔ جوش خون کو مفید ہے۔ لقوہ فالج اور رعشہ کو نافع ہے۔ نزلات کو دفع کرتی ہے۔ گرم ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ اس کے جوشاندہ کا غرغرہ قلاع وخناق کو نافع اور ملین ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مصری	قند، نقند	نبات، الجلاب	سفید زردی مائل	مشہور ہے۔ ذائقہ شیریں	معتدل		ربوب ترش	شکر طبرزد		طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔ ہمراہ گرم پانی آواز پھٹ جانیکو مفید ہے۔ کھانسی کو مفید ہے۔ اسکی سلائی سبل و ناخونہ کو مفید ہے۔
مصطگی	کندر رومی	مصطگی، علک رومی	زرد و سفید	ملک شام کے ایک درخت کا گوند ہے۔ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ و پھیکا اور بد بودار	گرم خشک ۲	مثانہ	کتیرا	کندر، علک البطم	۳ ماشہ	لطافت بخشتی ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ قابض ہے۔ ہاضمہ کو قوت دیتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتی ہے۔ رطوبات اور بلغم کو دماغ سے جذب کرتی ہے۔ باہ کو حرکت دیتی ہے۔ عصبی بیماریوں کو نافع ہے۔ منہ سے خون آنے کو مفید ہے۔ ہیضہ اور متلی کو دور کرتی ہے۔ اس کا منجن دانتوں اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔
مکڑی کا جالا	ابرکاکیا	نسج العنکبوت	سفید	مکڑی اپنے لعاب سے بناتی ہے۔	گرم خشک ۱	اعضا رئیسہ	روغن بادام	اسفنج		جریان خون کو بند کرتا ہے۔ اس کا گلے میں تعویذ بنا کر ڈالنا بخار کو بالخاصہ مفید ہے۔ نکسیر کو بند کرتا ہے۔
مکو	روباہ تریک	عنب الثعلب	سرخ سبز	ایک جنگلی گھاس کا پھول ہے۔ گول برابر مٹر کے ذائقہ قدرے تلخ تازہ شیریں	سرد خشک ۲ نزد بعضے گرم	مثانہ	شہد قند	کاکنج	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتی ہے۔ مواد کو نکلنے پر آمادہ کرتی ہے۔ لطیف ہے۔ قبض کرتی ہے۔ تحلیل کرنیوالی ہے۔ حرارت اور پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ گرم ورم کو مفید ہے۔ آنتوں کو پاک کرتی ہے۔ مدر بول ہے۔ اور دست آور ہے اور سبز مکو کا پانی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ معدہ کی گرمی اور جگر کے ورم اور درد

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	"	"	"	"	"	"	"	"	کو نافع ہے۔ مواد کو خارج کرتی ہے۔ سوزشِ مقعد کو نافع ہے۔ صفراوی و تلخ خلطوں کو براہ دست خارج کرتی ہے۔ جلندر اور یرقان کو مفید ہے۔ اس کے پتوں کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا غرغرہ خناق، ورم حلق کو مفید ہے۔
مکھانہ			سیاہ	تخم ہیں۔ مزا پھیکا	گرم تر ۱	ثقیل	شکر		تولہ	بدن کو قوت دیتا ہے۔ منی کو زیادہ کرتا ہے۔ جوشِ خون کو تسکین دیتا ہے۔ دستوں جریان و رقت منی کو مفید ہے۔
مکھن	مسکہ	زبد	سفید زردی مائل	دودھ کے اوپر کی چکنائی گرم کر کے اتارتے ہیں۔ خوش مزا	گرم ۱ تر ۲	فم معدہ کو کمزور کرے بھوک مارے	شکر نمک شہد	تازہ دودھ	۵ تولہ تا ۸ تولہ	مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ سدے کھولتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ ظاہرہ و باطنہ ورم کو مفید ہے۔ خشک کھانسی کو مفید ہے۔ فضلات کو براہ دست نکالتا ہے۔ شہد کے ہمراہ ذات الجنب و ذات الریہ کو مفید ہے۔ اسکا بدن پر ملنا جلد کو نرم کرتا ہے۔ شکر و خشخاش کے ہمراہ اس کو کھانا افراط سے فربہی لاتا ہے۔ بدن پر ملنا بالخاصہ غذا ہو جاتا ہے۔
مکیا				پھل ہے خار دار بکو کے برابر۔ پختہ کھٹا	سرد خشک	کھانسی	شربت خشخاش		۲ عدد تا ۵ عدد	خون کی تیزی اور صفرا کو دور کرے۔ قبض کرے۔ اپھارہ ہو۔
مکھارہ				مشہور	سرد خشک	ثقیل				بلغم، خون اور ریح کو دور کرے، منی اور باہ کو زیادہ کرے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	خاصیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ملائی	بالائی سرشیر	مشیمہ دوآبہ	سفید	مشہور خوش ذائقہ	سرد تر	دیر ہضم	قند و شکر	مسکہ		ثقیل ہے۔ بدن کو قوت دیتی ہے۔ اور فربہ کرتی ہے شکر کے ہمراہ باہ کو قوت بخشتی ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ مادہ سوداوی کو نرم کرتی ہے۔ اور معتدل القوام کرتی ہے اعصاب کو خشک کرتی ہے۔
ملٹھی	بیخ مہک	اصل السوس	زرد و بھوری	ایک درخت کی جڑ ہے ذائقہ قدرے شیریں	گرم ۲ خشک ۱	گردہ طحال	عناب کتیرا گلسرخ		۵ ماشہ تا ۹ ماشہ	غلیظ خلط کو پکاتی ہے۔ پیاس وسوزش معدہ کو تسکین دیتی ہے۔ رطوبتوں کو براہ دست خارج کرتی ہے۔ اعصاب کو قوت دیتی ہے۔ سینہ وحلق کو نرم کرتی ہے اور امراض سینہ وضیق النفس کو مفید ہے۔ بلا مقشر اس کو استعمال نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ سانپ اس پہ عاشق ہے۔ وہ اس پر لپٹا رہتا ہے۔ اور چاٹتا رہتا ہے۔
ملیہم			بھوری	جڑ ہے۔ ذائقہ تلخ وتیز	گرم خشک ۲	ریہ	مسکہ			تیز اور قریب سم ہے۔ قاتل کرم ہے۔ اس کے پتوں کا رانگ بھی قاتل کرم ہے۔ جو درد سر ناک کے بانسے میں پیدا ہو اسپر اسکا ڈالنا مفید ہے۔
ممولا	سرچہ سگانہ	صفراغون صعوہ		مشہور پرندہ	گرم خشک ۲	گرم مزاج		لٹورہ	حرام	اس کو بریاں کر کے ہمراہ شہد کے استعمال کرنا سنگ گردہ ومثانہ کو توڑ بہاتا ہے۔ مدر بول ہے۔ عسر البول کو مفید ہے۔
منڈوا			باہر سرخ اندر سفید	مشہور غلہ ہے۔ مزا پھیکا	گرم ۲ خشک ۲	نفاخ				سدہ پیدا کرتا ہے۔ قلیل الغذا، دیر ہضم، کمزوروں کیواسطے عمدہ غذا ہے۔ اس کے ملنے سے ورم اور مکڑی کا زہر دور ہو۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
منڈی			پتے سبز پھول سرخ و زرد	ایک چھتہ دار گھاس ہے پھل و پھول گول برابر مٹر کے، مزا قدرے تلخ	گرم تر ۲	مثانہ	بہی	سرپھوکہ	۱ تولہ	اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ لطیف ہے سدے کھولتی ہے۔ خفقان، ورموں اور گلٹیوں وتر و خشک کھجلی اور جذام اور بیشتر امراض سوداوی کو مفید ہے۔ اسکی پھنکی باہ اور بصر کو قوت دیتی ہے۔ پیشاب کا خوب ادرار کرتی ہے۔ رسائن میں شمار ہوتی ہے۔
منقا	مویز	زبیب	سیاہ	مشہور ہے ذائقہ شیریں	گرم تر ۱	گرم مزاج گردہ خون کو جلاتے	عناب سکنجبین	کشمش آبجوش	۱۰ دانہ	صفرا کی حدت و حرارت کو بجھاتا ہے۔ بلغم کو چھانٹتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ سرد مزاجوں کی باہ کو قوت دیتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اخلاط کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہے۔ معدہ و امعا کی جلا کرتا ہے۔ اس کا لیپ حیوانات کی چربی کے ہمراہ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ بریاں شدہ گرم گرم کھانسی کو نفع دیتا ہے۔ اس کے بیج قابض ہیں۔ معدہ و امعا کو قوت دیتے ہیں۔
منمنہ	گندم دیوانہ	شلیم	بھورا	ایک دانہ ہے۔ مزا تلخ	گرم خشک	آواز	گھی اور تازہ دودھ	خندقوقی	۲ ماشہ	اعضا کو سست کرتا ہے۔ اور بےحس کرتا ہے۔ آواز کو فاسد کرتا ہے۔ اور سدے پیدا کرتا ہے۔ انڈے کی سفیدی کے ہمراہ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا لیپ کانٹے کو بدن کے اندر سے کھینچ لاتا ہے۔ اسکا تیل داد اور جلدی امراض کو و آتشک کے چھٹوں کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
موابادل	ابرمردہ	اسفنج	زردی مائل و سیاہ	ایک چیز ہے نرم جالی دار جو سمندر میں ہوتی ہے ذائقہ پھیکا	گرم ۱ خشک ۲	احشا	انگور کا پانی	جلا ہوا کاغذ	۱/۲ ماشہ	زخم اور خارش کو مفید ہے۔ جریان خون کو مفید ہے۔ زخم خواہ کتنے گہرے اور پرانے ہوں کو مفید ہے۔ اس کی راکھ خشک رمد اور بینائی کے جلا دینے کو مفید ہے۔ حلق میں سے کانٹا اور جونک نکالتا ہے۔ اس کو ریزہ ریزہ کر کے پانی سے پلاتے ہیں۔ کوٹا نہیں جاتا۔
موٹھ			-	مشہور غلہ	گرم خشک ۱	نفاخ	دودھ گاؤ			مصفی خون، قابض، زود ہضم، قلیل الغذا، عرق مدنی کو مفید۔ اس کی جڑ نشہ آور ہے۔
مکھی	مگس	ذباب	سیاہ	مشہور۔ خراب مزا	گرم خشک	مقئ	الائچی خوردہ	مچھر		گیارہ روز متواتر قند سیاہ میں ایک عدد لپیٹ کر خفیف یرقان والے کو کھلا دیں۔ تو مفید ہے۔ اسکی بیٹ پانی میں حل کر کے کان میں ڈالنا درد کو نافع ہے۔
موتی	مروارید دُر	لؤلؤ	سفید و براق	بعض سمندروں کی سیپی یا گھونگوں سے نکلتا ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۲	مثانہ	مونگا	سفید و براق صدف	۲ ماشہ	اعضائے رئیسہ و ارواح کو قوت بخشتا ہے۔ لطیف اور مفرح ہے۔ جریان خون کو مفید ہے اسہال صفراوی وخونی کو بند کرتا ہے حیض کو بند کرتا ہے۔ بواسیر کو دفع کرتا ہے۔ امراض دل وجگر، ومعدہ وگردہ کو مفید ہے۔ اس کا سرمہ آشوب چشم، تاریکی، جالہ اور ناخونہ کو مفید ہے۔ بغیر دھوئے اور حل کئے اسکا استعمال جائز نہیں
موچرس			سرخ	سنبھل کے درخت کا گوند ہے۔ لیسدار و پھیکا	سرد ۲ خشک ۳	خشکی پیدا ہو	شکر روغن بادام	کمرکس	۵ ماشہ	ممسک اور مولد منی ہے دستوں اور حیض کو بند کرتی ہے۔ فساد خون صفرا و سوزش اعضا کو دور کرتی ہے منہ کا آنا جسکا سبب پارہ کا استعمال ہو کو مفید ہے۔ اسکا لتہ تر کیا ہوا رطوبت رحم کو خشک کرتا ہے۔ منجن میں شریک کرنا دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
موصلی			سیاہ و سفید	ایک درخت کی جڑ ہے دو قسم کی ہوتی ہے۔ سیاہ و سفید ذائقہ پھیکا	گرم ۲ خشک ۲		سفید کی بجائے سیاہ سیاہ کی سفید	۶ ماشہ		سفید موصلی صفرا اور حرارت کو دور کرتی ہے۔ بدن کو طاقت دیتی ہے۔ منی زیادہ اور غلیظ کرتی ہے۔ بدن فربہ کرتی ہے۔ یرقان اور بلغمی ہیضہ کو مفید۔ موصلی سیاہ گٹھیا، دمہ سلس البول، جریان منی کو مفید ہے۔ منی زیادہ اور گاڑھا کرتی ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہے
مولسری			پھول سفید پھل سرخ	بڑا درخت۔ ہر پھول چھوٹا مزا کسیلا و قدرے شیریں و خوشبودار	پھل سرد خشک پھول گرم خشک	نفاخ جگر	گھی	ببول کی پھلی	۱۰ ماشہ تا ۱ تولہ	اسکا پھل اور بیج سیلان و رقت منی کو مفید ہے۔ ممسک ہے۔ اس کے پھول کا عرق درد سر کو مفید، اسکا سونگھنا دماغ کو قوت دے۔ کھانا و پینا معدہ و دل کو قوت دے۔ منجن دانت درد کو مفید ہے۔ ہمراہ سہاگہ و گلاب پسے ہوئے داد کو مفید ہیں۔
مول و پھکر مول			سیاہ	ایک جڑ ہے ریشہ دار۔ مزا تلخ و تیز	گرم					بھوک لاتی ہے۔ فساد ریح اور بلغم کو دور کرتی ہے۔ تنگی سانس اور درد پہلو کو مفید ہے بدن کی سردی دور کرتی ہے۔ سرد مزاج قلب کو مفید ہے۔
مولی	ترب	فجل	سپید سبز	مشہور ہے مزا تیز و قدرے شیریں	گرم ۲ تر ۱	نفاخ	نمک زیرہ	شلجم		خود دیر ہضم لیکن غذا کو جلد ہضم کرتی ہے۔ بواسیر کو مفید، ترکاری پکی ہوئی مدر بول و حیض ہے، سنگ گردہ و مثانہ کو توڑتی ہے۔ پرانی کھانسی اور غلیظ کیموس کو دفع کرتی ہے۔ یرقان کو نافع ہے۔ بلغم چھانٹتی ہے۔ اس کے کھانے سے جوویں بہت پیدا ہوتی ہیں معدہ کو فاسد کرے
مولی کے بیج	تخم ترب	بزر الفجل	سرخ	مشہور تیز و تلخ	گرم ۲ خشک ۲	گردہ جگر	سپستان کتیرا شکر	حب الرشاد	۳ ماشہ	مولد ریاح ہیں۔ مقئی۔ جگر کے سرد درد سر کو مفید، طحال کے ورم کو مفید ہے۔ چہرہ کو صاف کرے۔ جسم کے داغ دور کرے۔ سر کے بال گرائیں۔ لطیف ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
موم	موم	شمع	زرد سفید	شہد کی مکھی کی بیٹ ہے جو کہ شہد کے چھتے سے نکالتے ہیں۔ ذائقہ پھیکا چکنا و بدمزہ	گرم تر	معدہ و بھوک	روٹی و شہد	باقلے کا آٹا	۱۱ ماشہ	مادہ کو نضج دیتا ہے۔ اور معتدل القوام کرتا ہے۔ ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور پٹھوں کو نرم کرتا ہے۔ دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ چوٹ کے صدمہ کو دفع کرتا ہے۔ اس کا مالش کرنا باطنی زخم اور پرانے دستوں کو مفید ہے۔ درد سینہ پہلو اور سل کو نافع ہے اسکی دھونی درد اعضا کو مفید ہے۔ چنے برابر اسکی گولی کا چند روز استعمال محرک باہ ہے۔
مومیائی	مومیائی	عرق الجبال	سیاہ	پہاڑی رطوبت پکائی و جمائی ہوئی۔ ذائقہ پھیکا	گرم ۳ خشک	گرم مزاج طحال	سکنجبین و ماءالعسل	حجر الیہود	۱ جو تا دو جو	ارواح، دل، قوی اور اعضائے باطنہ کو قوت بخشتی ہے۔ فرحت بخش ہے۔ اعضائے ظاہرہ کو بھی قوت بخشتی ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ باہ کو زیادہ کرتی ہے سرد سواد کو تحلیل کرتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔ بلغمی ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ دودھ اور گھی میں حل کی ہوئی عضو کے ٹوٹ جانے اور چوٹ اور زخم کے لگنے پر ملنے سے نفع ہو۔
موتج		مدد	زرد	ایک درخت ریشہ دار کا پوست ہے۔ مزا پھیکا	سرد خشک					اس کے جوشاندہ کا غرغرہ منہ کے جوش، مسوڑھوں و کوتے کے ورم و درد کو مفید۔ اسکا پینا بھوک لگاتا ہے۔ بواسیر خونی و بادی، درد گردہ و مثانہ و درد ذکر کو مفید ہے۔ اسکی دھونی بواسیر کو نافع ہے۔ حقہ میں مثل تمباکو کے پینا ہچکی کو دفع کرتا ہے۔ اس کے سفوف کا لیپ ہمراہ سونٹھ چھائیں کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مونگ	نخود ماش	ماش و مج	سبز	ایک دانہ غلہ کا مشہور ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد و خشک معتدل مقشر	سرد مزاج والوں کو	ترش	باقلا		بیماریوں کے لئے عمدہ غذا، صالح الکیموس دیر ہضم، مولد ریاح، مقوی اعصاب خون و صفرا کی تیزی دور کرے، سرکہ میں ملا کر لگانے سے داغ خارش و درد سینہ کو مفید ہے ضماداً
مونگا	مرجان	مرجان و مرگان	سرخ	سمندری درخت اس کی سرخ لکڑی کے دانے تراش کے لاتے ہیں۔ پھیکا	سرد خشک	سرد مثانہ کو	کتیرا و انیسون	کسیر دم الاخوین	۴ ماشہ	سدے کھولتا ہے۔ شہد کے ہمراہ فالج اللقوہ اور رعشہ کو مفید، معدہ کو قوی کرتا ہے جگر اور طحال کو صاف کرتا ہے پیشاب لاتا ہے۔ خونی دستوں کو بند کر دیتا ہے، بچوں کے گلے میں لٹکانے یا پلانے سے خواب کے ڈرنے اور رونے کو مفید۔
مونگے کی جڑ	بیخ مرجان	بسد	سفید سرخ سیاہ	ایک جسم خانہ دار سخت ہے۔ دریائی پھیکا	سرد خشک	گردہ اور ابکائی لاتے	کتیرا	کہربا	۳ ماشہ	قبض کرتا ہے خشک کرتا ہے۔ فرحت دیتا ہے۔ خون کو بند کرتا ہے جنون و مالیخولیا اور خفقان کو مفید۔ آنکھ کے مرض کو اور جگر کے دست اور خون تھوکنے کو مفید ہے اور ہمراہ شہد کے جذام کو مفید ہے۔
سنا	سنائے مکی	سناء	سبز خشک زردی مائل	گھاس کے پتے مہندی سے بڑی بیشتر اطراف مکہ میں ہوتی ہے۔ تلخ و کسیل	گرم خشک	کرب ہتھی مروڑ لاتی ہے	بنفشہ گل سرخ بادام روغن	تربد زرد ہڑ	۹ ماشہ	بلغم سودا اور صفرا کو جلے ہوئے خلط کو دست کی راہ نکالتا ہے۔ دماغی خلطوں کو پاک کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ گٹھیا۔ درد پہلو۔ دمہ۔ کھانسی۔ قولنج۔ النقرس اور خارش کو دور کرتا ہے۔
مور	طاؤس	طاؤس		مشہور	گرم خشک	دیر ہضم	گرم مصالحہ	۰	حلال	معدہ کو طاقت دے۔ چربی کا طلا محرک باہ اس کی راکھ کا منجن دانت کو مضبوط کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مہندی	حنا	حنا	سبز	ایک درخت چار پانچ گز لمبا ہوتا ہے اس کے پتوں سے ہاتھ بال رنگتے ہیں ذائقہ کسیلا و تلخ	مرکب القویٰ سردی مائل ساتھ قوت قبض کے	حلق اور پھیپھڑے کو	کتیرا لعاب اسپغول	سنڈی	۴ ماشہ	خون صاف کرتی ہے۔ جلد کے مرضوں کو مفید جیسے جذام۔ آتشک۔ طاعون۔ معدہ جگر تلی و رحم و مجاری بول کی بیماریوں کو مفید۔ یرقان، سنگ گردہ، عسر البول دور ہو۔ اس کا غرارہ منہ سے رال جانے کو مفید۔ اس کا لیپ آبلہ کی جلن کو مفید۔ اس کا پھول کپڑوں میں رکھنے سے کرم مریں۔
مہوہ	گل چکان	-	پھول سفید پھل سبز	ایک بڑا درخت ہے پھول شیریں پھل تلخ	گرم خشک	سردرد لاتا ہے	دھنیا			رنج و بلغم کو مفید۔ اس کا پھول دودھ منی پیدا کرتا ہے۔ پانی میں پیس کر پھول کرنا بچہ کو گراتا ہے یعنی مسقط جنین ہے۔ مہوا اور کچلہ ملا کر لگانا سانپ کے کاٹے کو مفید۔
میتھی کے بیج	تخم شملیت	بزر الحلبہ	سرخی مائل زرد	مشہور تلخ	گرم خشک	گرم مزاج والوں کو	گھی	لسی	5 ماشہ	ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔ پیشاب و حیض جاری کرتے ہیں۔ طبع کو نرم کریں سرد بیماریوں کو مثل مرگی اور لقوہ و فالج اور گنٹھیا کو مفید ہیں۔ اس کا لیپ ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔ کان کے درد کو نافع ہے۔
میتھی کا ساگ	تره شملیت	بقلۃ الحلبہ	سبز	قدرے تلخ خوشبودار ایک ساگ مشہور ہے کثیر الاستعمال ہے	گرم خشک	گرم مزاج والوں کو	ترشی اور گھی	شلغم کا ساگ	-	اس کے پتے مادہ کو پختہ کرتے اور معتدل القوام کرتے ہیں۔ طبع نرم کرتے ہیں۔ ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔ پیشاب لاتا ہے۔ سردی کی بیماریوں اور کمر کے درد اور ورم طحال کو نافع ہیں۔ درد رحم اور سردی مثانہ کو مفید ہیں۔ اس کا لیپ سرکہ کے ہمراہ ورموں ظاہری و باطنی کو تحلیل کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
مینڈھا	میش نر	کبش	۔	ـ	گرم	۔	۔	۔	۔	اس کا پتہ شہد میں ملا کر آنکھ میں لگانا نزول الماء کو مفید ہے۔
مینڈک	غوک	ضفدع		مشہور دریائی جانور ہے	سرد خشک	سم قاتل	نمک اور پانی سے	۔	۔	نہری دافع زہر ہے۔ مضمضہ نہری کے جوشاندہ کا دانتوں کے درد کو مفید ہے۔ ضماد کرنا اس کو چیر کر کالسنی اور کانٹے کو جذب کرتا ہے۔ سیلان خون کو قطع کرتا ہے از خم کو بھرتا ہے اور دماغ سوختہ اس کا قاطع نزف الدم اعضاء ہے۔ اور جو درختوں کے نیچے ہوتا ہے
میدہ لکڑی	۔	مغاث و کلز	ظاہر سیاہ اندر سفید زرد	ایک درخت کی جڑ مشہور ذائقہ پھیکا	گرم خشک	مثانہ کو	شہد	سورنجان اور عاقرقرحا	5 ماشہ	ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ قبض کرتا ہے۔ پٹھوں اور ڈھیلے اعضا کو قوت دیتا ہے۔ سر کے مرض کو مفید۔ کسر و جبر و ضربہ و سقطہ کو مفید ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہے۔
مین پھل		جوز القی	سرخ زردی مائل	ایک درخت کا پھل ہے برابر انجیر صحرائی کے اور ذائقہ تلخ۔	گرم خشک	۔	گوند اور رب السوس	بورہ و رائی	۲ ماشہ	بلغم کو صاف کرتا ہے۔ دست اور دماغ، پٹھوں کے مرض کو مفید۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ زیادہ موٹاپے کو کم کرتا ہے۔ لیپ اس کا خارش و کھجلی کو دور کرتا ہے ریاح اور پیٹ کے نفخ کو تحلیل کرتا ہے۔ (سم ہے)
مین سل	۔	زرنیخ احمر	سرخ	پھیکا۔ بودار ایک معدنی چیز ہے مثل گندھک کے	گرم خشک	اخلاط کو سڑا دیتا ہے	پوست ہلیلہ زرد	ہڑتال و گندھک	۱ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ زہر و بلغم و کھانسی سرد و خون کے مرض کو مفید۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ زیادہ موٹاپے کو کم کرے، لیپ اس کا خارش و کھجلی دور کرتا ہے۔ (سم ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب النون										
ناخونہ	گیاہ قیصر	اکلیل الملک	بھورا	گھاس کا پھل ہے ہلالی مشابہ ناخن کے قدرے تلخ	گرم خشک	انثیین کو	شہد منقے انجیر	بابونہ اور میتھی	۳ ماشہ	سردی کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ سخت ورم کو نرم کرتا ہے۔ قبض کرتا ہے خشکی کرتا ہے اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا جوشاندہ درد معدہ و جگر و طحال و امراض مقعد کو مفید ہے۔
ناریل کھوپرہ	نارگیل	نارجیل	سرخ سیاہ سفید	خوش مزہ و شیریں۔ ایک درخت کا پھل ہے مشہور	گرم خشک	سدہ لاتا ہے اور دیر ہضم	شکر و مصری و میوہ ترش	پستہ بادام چلغوزہ	تولہ	باہ پیدا کرتا ہے۔ منی کو غلیظ کرتا ہے۔ نیک خون پیدا کرتا ہے اسینہ کو نرم کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ کثیر الغذا، گردہ اور حرارت عزیزی کو طاقت دیتا ہے۔ فالج، جنون استرخاء، مالیخولیا، ضعف جگر کو مفید۔
ناریل دریائی	نارگیل دریائی	نارجیل بحری	سفید و پرانا زرد	ایک دریائی پھل کی گری ہے جو برابر کدو کی ہوتی ہے ذائقہ پھیکا و سخت	مرکب القویٰ گرم خشک	۔	۔	۔	۵ جو تا یکماشہ	قے، ہیضہ اور تلی کو گلاب میں رگڑ کر پینا مفید۔ حرارت عزیزی کو بڑھاتا ہے۔ طاقت دیتا ہے۔ فاسد خلطوں اور سموم کو دور کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ بچھو کے ڈنگ اور سانپ کے کاٹے پر کمال اثر رکھتا ہے۔ ہوائی اور وبائی ضرر دور کرتا ہے۔
نارنگی	قسمے از نارنج	سبز زرد	باہر سرخ گودہ زرد	مشہور شیریں چاشنی دار ترش	سرد تر	پھیپھڑوں سینہ کو	نمک اور قند	۔	۔	صفرا اور خون کی تیزی دور کرتا ہے۔ پیاس بجھاتے، فرحت بخش، گرم معدہ کو طاقت بخشنے، قے متلی کو مفید۔ اسکا چھلکا سکھا کر لگانا کلف و بہق کو مفید

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ناڑی کا ساگ	.	.	سبز	گھاس جو ٹھہرے پانی میں اگتی ہے پتے لمبے نہیں خولدار	گرم خشک	نفاخ ہے	نمک و ماش	کانڈل کاساگ	.	قلیل الغذا ہے۔ ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ خلط فاسد سوداوی پیدا کرتا ہے۔ معدہ کو ضعیف کرتا ہے۔
نار دین	ناردین	سنبل رومی	بھورا خشک	گھاس۔ مع جڑ، شاخ و پھول کے رومی۔ قدرے تلخ و خوشبودار	گرم خشک	پھیپھڑے کو	کتیرا شہد	سنبل ہندی	۳ ماشہ	اس کا پینا فالج اور لقوہ، یرقان کو مفید اور مواد معدے سے گرنے نہیں دیتا۔ اور پیشاب و حیض لاتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا سرمہ پلکوں کے بال جماتا ہے جو گر گئے ہوں اور ان کے جوشاندے میں بیٹھنا یعنی آبزن درد جگر، درد گردہ کو مفید ہے۔
ناشپاتی	ناشپاتی	.	زرد بھوسی	ایک مشہور پھل ہے ذائقہ شیریں چاشنی دار	شیریں معتدل	قولنج پیدا کرتی	شہد کا پانی	بہی		دیر ہضم۔ اچھا نہ ہو غلیظ خون پیدا ہو قوت بخشتا ہے، بدن کو موٹا کرتا ہے۔ فرحت دیتا ہے قبض کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔
ناگدمن			سیاہ	لکڑی ہے مشابہ سانپ کے فقیر رکھتے ہیں۔ تلخ۔	سرد	قابض	.	.	.	بدن کو موٹا کرتی ہے، قوت دیتی ہے۔ فساد بلغم کو دفع کرتی ہے۔ سوزاک کو مفید صفرا کو دفع کرتی ہے۔ بعض اس کو سانپ کے زہر کا مارک بھی جانتے ہیں۔
ناگدون	مارچوبہ	ہلیون عود الحیہ	سبز زردی مائل	گھاس جنگلی اور بستانی شبیہ کبر کے ڈنڈی اور پتی سفید چتی دار بعض اطبا کا اسکی ماہیت میں اختلاف ہے	گرم	جوڑوں کو سر کو کثرت اسکی	شہد	سرشف و سرسوں	6 ماشہ	خاص کر کھانے کو خراب کرتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔ سدہ کھولے پھوڑا پھنسی دفع ہو۔ نزول چشم کی ابتدا میں اس کا پینا مفید ہے۔ درد پہلو، پھیپھڑے کے درد کو مفید ہے۔ پتھری کو توڑتی ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ باہ کو حرکت دیتی ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تخم ناگدون	تخم مارچوبہ	بزر الہلیون	سیاہ	ناگدون کے بیج مشابہ ہیں کے بیج کے۔ تلخ	گرم خشک	معدہ دماغ کو	شہد	شقاقل تودری	۲ ماشہ	باہ کو قوت اور زیادہ کرتے ہیں۔ لطافت بخشتے ہیں۔ سدے جگر و طحال کے کھولتے ہیں پیشاب لاتے ہیں۔ ورم و ریاح کو تحلیل کرتے ہیں۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑ
ناگرموتھ	مشک زمین	سعد کوفی	سیاہ	ایک جڑ گول اور لمبی مشہور۔ تلخ۔ تیز خوشبودار	گرم خشک	حلق و پھیپھڑے آواز کو	شکر و انیسون	دارچینی بالچھڑ مرمکی	۶ ماشہ	خشک کرتا ہے۔ ادرار کرتا ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ عفونت نکالے فہم اور عقل کو زیادہ کرتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ معدہ اعصاب کو مضبوط کرتا ہے بھوک لگاتا ہے۔ ریاح کو توڑے۔ یرقان اختفان دور ہو۔ اس کا منجن دانت کو مضبوط کرے
ناگیسر			زرد	درخت کا پھول اس کی خوشبو سب خوشبوؤں سے تیز۔ پھیکا	گرم خشک	جگر گرم اور مثانہ کو	تخم کاسنی طباشیر	بالچھڑ و نارجیل	۲ ماشہ	خون کو پاک کرتا ہے۔ صفرا کو دست کی راہ نکالے۔ لطیف کرتا ہے۔ سرد دل کو طاقت بخشے۔ ابخرہ کو دماغ کی طرف جانے نہ دے۔ خون کا گرنا بند ہو۔ معدہ و امعاء جگر کو طاقت دے۔ اس کا عطر مقوی باہ درد گردہ کو مفید۔
نان کلاغ	نان کلاغ	خبازی	سفید سیاہی مائل	گھاس کے بیج جس کو خیرو کہتے ہیں اس کا درخت مشابہ خطمی کے ہے۔ بیمزہ	سرد تر	ضعیف معدہ کو	فواکہ کے رب	خطمی	۹ ماشہ	طبع نرم کرتا ہے۔ مواد کو پکاتا ہے۔ جگر کا سدہ کھولے۔ پیشاب کا ادرار کرتا ہے۔ چکنے والی اور کھرچنے والی۔ دودھ زیادہ کرتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ کھانسی اور سینہ کی سختی کو مفید۔
نربسی	زردوار	جدوار	سیاہ	ایک جڑ ہے صنوبری شکل کی مشہور	گرم خشک	آنتوں میں زخم	دھنیا دودھ	زرنباد	۲ ماشہ	فرحت بخش۔ اعضا اور احشا کو طاقت کرتا ہے۔ بینائی عمدہ ہو۔ سدہ کھولے لطیف کرتا ہے تحلیل کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	ذائقہ تلخ	″	پیدا کرتی ہے	کتیرا	″	″	بھوک لگائے، باہ پیدا کرتا ہے۔ ہوشیاری لاتا ہے۔ نزول الماء اور مرگی کو مفید شقیقہ کو مفید۔ بحکم تریاق کام کرتا ہے درد کو مفید۔ (قریب سم ہے)
نرگس	نرگس	نرجس و عبہر	رنگ برنگ	پھول ایک گھاس کا ہے جسکے پتے، شاخ، جڑ اور بیخ بالکل پیاز سے مشابہت رکھتے ہیں پھیکا	گرم خشک ۲	گرم مزاج والوں کو	نیلوفر و کافور	گل سیوتی و گل خیری	۲ ماشہ	جلا کرتا ہے۔ مواد کو عمق بدن سے جذب کرتا ہے۔ اس کا پھول سونگھنا نزلہ و زکام کو مفید۔ اس کی جڑ معدہ اور رحم کو پاک کرتی ہے۔ معدہ کے کرموں کو مارے۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ باہ لاتا ہے۔ بعض اطبا کا یہ قول ہے کہ اگر اس کو ہمیشہ سونگھا کرے اس کو جاڑے میں بھی زکام نزلہ نہ ہو۔
نسوت	تربد	•	سفید و زرد	ایک درخت کی جڑ ہے جس کے پتے مشابہ لوبیا کے بنگالہ میں اس کو پتوہری کہتے ہیں۔	گرم خشک	آنتوں کو اعضائے خشک کے	روغن بادام میں چرب کرنا	غاریقون اور کالا دانہ	5 ماشہ	بلغم و رطوبت رقیق اور جلے ہوئے خلطوں کو دست کی راہ نکالے۔ دماغ اور معدہ و رحم کو بلغم سے پاک کرتا ہے۔ فالج اور پٹھوں کے مرض کو اور درد سینہ کو مفید ہے۔ کالے رنگ کی تربد قاتل ہے۔ کابلی ہڑ کے ہمراہ مرگی اور جنون اور مالیخولیا کو نافع ہے۔ (اس کا سیاہ چھلکہ سم ہے) •
نشاستہ	نشاستہ	نشاء	سفید	ذائقہ پھیکا۔ گیہوں کا ست ہے نفیس مشہور	سرد خشک	سدہ لاتا یعنی کو کم کرتا	شیرینی و لونگ	دھوئے بھگوئے چاول	تولہ	قبض کرتا ہے۔ چیپ جائے مواد کو اندر بٹھائے۔ خشک کرتا ہے۔ زخم کو اچھا کرتا ہے۔ خون کا جانا بند کرتا ہے۔ حلق کی سختی، ریہ کی کرختگی، درد سینہ، سل و گرم کھانسی کو دفع کرتا ہے اس کا طلا زعفران ملا کر کلف کو مفید۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
نفط	۔	نفط	سفید و سیاہ	بعض زمینوں سے مثل نفت اور قیر کے رطوبت لطیف نکلتی ہے۔ لطیف اگر حفاظت نہ ہو ہوا ہو جائے۔ تلخ، تیز	گرم خشک	جگر کے پھیپھڑے گردہ کو	لعاب اسپغول کتیرا	جاوشیر	۲ ماشہ	سریع النفوذ۔ سُدّے کھولتا ہے۔ باہ کو پیدا کرتا ہے، اس کا لیپ ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ حمول کرنے سے حیض جاری کرتا ہے۔ سرد امراض کو مفید۔ (سم ہے)
نکچھکنی	بیخ گاؤزبان	کندش	سبز	گھاس ہے مشابہ برنجاسف کے سونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں۔ تیز بو۔ تیز و تلخ	گرم خشک	پھیپھڑے کو اور غشی لاوے	کتیرا اور دودھ	میں پھل اور کالی مرچ	۳ رتی	پیاس بہت لگاتی ہے، ہچکی، دماغ، جوڑوں کے درد کو مفید۔ ایک ماشہ قدرے گڑ میں ملا کر کھانے سے اپنی اصلی جگہ پر آجاتی ہے۔ اس کا تیل ریح کو تحلیل کرتا ہے بلغم کو دماغ سے نکالے، بہق و برص و خارش، داد تر کو مفید ہے۔
نکھ	ناخن بریاں	اظفار الطیب	سفید مائل بسرخی	ایک جسم سخت و گول۔ برابر اندر مشابہ ناخن کے ہے۔ کنارے دریائے سندھ کے ہوتا ہے۔ پھیکا خوشبودار	گرم خشک	درد سر خارش کرتا ہے	سکنجبین گل ارمنی	چرائتہ	۲ ماشہ	فضلات کو پیشاب کی راہ دفع کرتا ہے۔ غلیظ خلطوں کو رقیق کرتا ہے۔ مرگی، سکتہ خفقان۔ مرطوبی و معدی و جگر و رحم کے سرد درد کو مفید۔ جگر کو طاقت بخشتا ہے بواسیر کو مفید۔ دھونی مرگی اور سکتہ کو نافع ہے۔ اختناق رحم اور خون حیض بند ہو جانے کے لئے خاص کر مفید ہے۔
نل و نرکل	نے	قصب	سبز و زرد	ایک نے ہے خولدار اور ہلکا جس کے پتے مشابہ گنے کے ہیں۔	بعضے سرد و تر و گرم ہے	پھیپھڑے کو	کتیرا	۔	۔	آنکھ کو قوت دیتا ہے۔ جوش خون و صفرا کو دفع کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ اس کی جڑ جلا کرتی ہے۔ ورم تحلیل کرتی ہے۔ ہر قسم کی گٹھیا اور جوڑوں کے درد کو مفید۔ اس کی کونپل زرد پیشاب لاتی ہے۔ منہ سے خون آنے کو مفید۔ کھانسی آتشک کو نافع ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
نمک سانبھر	نمک سانبھر	ملح الابقر	قدرے غباری	بنایا ہوا نمک طعام ہے کم شور	گرم خشک				تولہ	جلا کرتا ہے۔ مواد بلغمی کو براہ دست خارج کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ پیاس لگاتا ہے۔
نمک لاہوری	نمک لاہوری	ملح اندرانی	سفید	مشہور	گرم خشک ۳				۹ ماشہ	فہم وذہن کو قوی کرتا ہے۔ لیسدار بلغم کو براہ دست خارج کرتا ہے۔ تخمہ و کھٹے ڈکاروں کو دفع کرتا ہے۔ اس کا دھوڑا پیٹ کے نفخ کو دفع کرتا ہے۔ آنکھوں کی امراض کی دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔
نمک شیشہ	نمک شیشہ	ملح الزجاج	سفید سرخی مائل	مشہور	گرم خشک ۳				۷ ماشہ	جلا کرتا ہے۔ ہاضم ہے اور تیز ہے۔ اس کا سرمہ سبل، بیاض، ناخونہ، پلکوں کے غلیظ ہونے کو مفید ہے۔
نمک سینده	نمک سینده	ملح ہندی	سفید شفاف سیاہی مائل	مشہور۔ بودار	گرم خشک				۷ ماشہ	بلغم چھانٹتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ تخمہ کو دور کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ اور سوداوی مواد کو دستوں کی راہ خارج کرتا ہے۔ کھٹی ڈکار اور نفخ کو نافع ہے۔ اس کا دھوڑہ ہمراہ سونف اور نرکچور کے پیٹ کے درد کو نافع ہے۔
نمک کھاری	نمک شور	ملح العجین	غباری	مشہور	گرم خشک ۳				۹ ماشہ	خون کو بڑھاتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ کھانا خوب ہضم کرتا ہے۔ اور بھوک لگاتا ہے۔ مسامات کو کھولتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
نمام	نمام	نمام الملک	سبز	ریحان کی قسم سے بوٹی ہے۔ ذائقہ تیز وخوشبو دار	گرم خشک	گردہ	پودینہ تلسی		۴ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ کرم کی قاتل ہے۔ ادرار کرتی ہے۔ دل کو طاقت بخشتی ہے لطیف ہے۔ مردہ بچہ کو خارج کرتی ہے۔ قے کی پیاس بجھاتی ہے۔ ورم جگر اور درد سینہ کو مفید۔ بھڑ اور بچھو کے کاٹے کو مفید ہے۔
نواڑی				مشہور	سرد					فرحت بخش۔ خون کی قے کو بند کرے تینوں خلطوں کا فساد دور ہو۔ گرم دماغ کو مفید
نوشادر	نوشادر	نوشادر	سفید	ایک چیز مشابہ شورہ ذائقہ شور خنک	گرم خشک ۳	ا تولہ قاتل ہے	دودھ گھی قے کرنا	بورۂ ارمنی	۶ رتی	لطیف ہے سبکی لاتا ہے۔ رطوبت کو بدن کے اندر سے جذب کرتا ہے۔ جریان خون کو بند کرتا ہے۔ اسکا پینا ورم طحال کو مفید ہے۔ بلغم چھانٹتا ہے۔ محلل ریاح ہے۔
نیل	نیل	نیلج	نیلا	مشہور	گرم خشک	نسیان طحال	ست ملٹھی	صندل سرخ	۳ ماشہ	تلی کے درد کو مفید۔ سرخ بادہ، جلندر کو مفید بال سیاہ وقوی کرے۔ زخم کو خشک کرتا او بھرتا ہے۔ اسکا لیپ برص کو مفید ہے۔ قابض ہے۔
نیلم	یاقوت کبود		نیلا براق	مشہور جوہر	سرد ا خشک ۳			یاقوت احمر	۳ رتی	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ بالخاصہ آنکھ کو قوت دیتا ہے۔ فساد زہر اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہے۔ اعضا کو قوت دیتا ہے۔
نیلوفر	نیلوفر	کرنب الماء	باہر سفید اندر زرد	ایک پانی کی گھاس کا پھول ہے۔ مزا پھیکا	سرد تر ۲	مثانہ باہ	مصری شہد	خطمی	۱۰ ماشہ	دل ودماغ کو قوت بخشتا ہے مسکن حرارت ہے۔ گرم وتیز نزلہ کھانسی سینہ کی کھرکھراہٹ کو نافع ہے پھول سونگھنا گرم مزاج والے دل ودماغ کو قوت دیتا ہے نیند لاتا ہے۔ درد سر گرم کو مفید، اسکی جڑ گرم خشک ہے۔ دست وزخم امعا کو نافع منی کو منجمد کرتا ہے۔ بیخ منعظ ہیں۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
نیلا تھوتھا	توتیائے سبز	توتیائے اخضر	سبز	معدنی و مصنوعی	گرم خشک ۳	قاتل اکال	قے کرنا روغن گاؤ	سہاگہ	۱ ماشہ	ورم کو نرم کرتا ہے۔ اکثر زخموں کا مارگ ہے کھجلی نافع ہے۔ بلغم کو چھانٹتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ آنکھ کے جالے کو کاٹتا ہے۔
نیل کنٹھی			پھول نیلگوں	ایک گھاس۔ ذائقہ قدرے تلخ	گرم تر			برہم ڈنڈی	۲ ماشہ	مصفی خون ہے۔ پیشاب کا ادرار کرتی ہے۔ امراض جلد کو مفید ہے۔ آتشک فساد خون کو مفید ہے برص اور مرض باہ کو بالخاصہ نفع دے۔
نیل گائے	نیل گاؤ	بقر الوحش		مشہور ہے	گرم خشک	نفاخ	گرم مصالحہ		حلال	اس کا گوشت زود ہضم ہے۔ مولد سودا، سرد مزاج کی باہ کو طاقت دے۔ مدربول اس کے سینگ کی راکھ ہمراہ کتیرا جریان خون کو مفید ہے۔ رحم سے خون جانا بند ہو
نیولا	راسو	ابن العرس		مشہور	گرم خشک ۳	گرم مزاج	سرکہ	گوہ	حرام	اسکا گوشت اسے ذبح کرکے اور پیٹ چاک کرکے تیل میں پکا کر کھانا گٹھیا، بواسیر ریحی کو مفید۔ باقی ماندہ تیل کا طلا مقوی باہ ہے۔ قریب سم ہے۔
نیم	نیم	نیب	سبز پھول سفید	مشہور ہندی درخت کہ جس کے پتے لمبے نوکدار ہوتے ہیں۔ خوب تلخ پھل قدرے شیریں و تلخ	گرم تر ۱ نزد بعضے سرد تر ۱				تولہ	مواد کو پکاتی ہے۔ اور معتدل القوام کرتی ہے۔ اس کے کل اجزا کا پینا خون کو صاف کرنے میں بے مثل ہے۔ کوڑھ اور سفید داغ کو نافع ہے۔ صفرا و بلغم و باہ کو دفع کرتی ہے۔ اسکا رس یعنی موسم گرما میں جو اس کے تنہ سے پانی ٹپکتا ہے وہ بعینہ مصفی خون ہے۔ آتشک و جلدی امراض کو نافع ہے۔ اس کی لکڑی کی مسواک دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ بصر کو نافع ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	خوراک مقدار	خاصیت
باب الواوٗ										
واق		-	سیاہ سفیدی مائل	دریائی مرغ۔ اس کی چوٹی پہ چار بال ہوتے ہیں	گرم ۲ خشک ۱	گرم مزاج	ترش میوے سادہ سکنجبین			اس کا گوشت ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ تو قولنج رفع ہو۔ اس کے پروں کی دھونی دبز زانو و کمر کو مفید ہے۔ اسکا روغن عصبی مرضوں کو نافع ہے۔ اور بواسیر کو نافع ہے۔ اس کا پتہ آنکھ کی سفیدی اور بہق کو نافع ہے۔
ورس			زرد سرخی مائل	ایک درخت جسکے بیج مثل تل کے ہوتے ہیں۔ مزا قدرے تلخ	گرم ۲ خشک ۲	ریہ	شہد کتیرا مصطگی	زعفران	۳ ماشہ	اکثر زہروں کا تریاق ہے۔ نہایت فرحت دیتا ہے خفقان اور سیاہ داغ کو نافع ہے۔ غلیظ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جلا کرتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ جسم کو قوت بخشتا ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑتا ہے۔ اسکا لیپ چہرہ کی سیاہی اور جھائیں اور سیاہ داغ کو مفید ہے۔
باب الہاء (ہوز)										
ہارسنگھار			پتے سبز پھول سفید	ایک درخت ہے جسکے پھول خوشنما اور خوشبودار	سرد خشک۔ نزدہ	کھانسی	کتیرا	کٹکی	۳ ماشہ	باہ کو قوت دیتا ہے۔ اس کے پتے مرکب بخار کے لئے مفید ہیں۔ داد و جھائیں اور چھیپ کو نفع دیتے ہیں۔ اس کے پھول سرد مزاج والے کے دل کو قوت دیتے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
״			ڈنڈی زرد سرخ	پھول گول اور چپٹے مزا پھیکا	بعضے گرم خشک					ہیں۔ حرارت کو تسکین دیتے ہیں۔ محرک باہ ہیں۔ اسکا گوند و چھ بھی مقوی باہ ہے۔ اس کے پھول کی ڈنڈیاں رنگنے میں بہت مستعمل ہیں۔
ہاؤبیر	تخم دہل	ابہل ثمرۃ العرعر	بھورا	بیر کے برابر ایک پھل مزا تلخ	گرم خشک ۲	جگر معدہ	شہد روغن	تج دارچینی	ا ماشہ	نہایت لطیف اس میں چار قوتیں ہیں۔ تحلیل کرنے والی، قبض کرنیوالی، خشک کرنیوالی، اور جلن پیدا کرنے والی حیض جاری کرے۔ مردہ بچہ کو نکالے، دمہ و جلندھر و بواسیر کو مفید ہے۔
ہاتھی	پیل	فیل		مشہور	سرد خشک ۲				حرام	اس کا پتہ آنکھ میں لگانا مقوی بصر ہے۔ داغ کو دور کرتا ہے۔ اس کا ناخن آنکھ کی سفیدی دور کرتا ہے۔ اسکا پیشاب پینا معین حمل ہے۔ لید کا دھواں تپ کہنہ کو مفید اس کا چمڑا لٹکانا چوتھیا بخار کو مفید ہے۔ اس کے کان کی میل سات روز تک کھانے سے نیند کا غلبہ رہے۔ ہاتھی دانت کا برادہ بقدر سات ماشہ شہد میں ملا کر کھانے ہے۔ قوی الحافظہ ہے
ہتھ جوڑی	کف مریم معروف عائشہ	اصابع الصفر	پیلا و غباری	برگ ہے مانند ہاتھ کے پتے سبزی مائل بدبو ذائقہ قدرے تلخ	گرم خشک	دل و قوے بول	بلغط صمغ عربی	ناگرموتھ	۴ ماشہ	مثانہ کی جلن کو دور کرتی ہے زائد فضلہ کو تحلیل کرتی ہے۔ اکثر اعضا کو فضول اور ردی مواد سے پاک کرتی ہے گردے فضلات اور امراض سوداوی کو مفید ہے۔ کیڑے مکوڑوں کے زہر کا تریاق ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ہڈی	استخوان	عظم		مشہور	سرد ۱ خشک ۳					انسان کی ہڈی سب سے بہترین ہے۔ اس کو پیس کر پینا مرگی کیلئے مفید ہے۔ راکھ کا ضماد ہمراہ سرکہ سوختگی کو مفید ہے۔ بہترین کھاد ہے۔
ہڑتال		زرنیخ اصفر	زرد	ایک معدنی چیز ہے مثل زرد مٹی کے۔ مزا پھیکا	گرم خشک ۳	اخلاط جلاوے	گھی زرد ہڑ زرد	نیسل	۲ ماشہ	زائد گوشت کو کاٹ ڈالتی ہے۔ کھجلی کے داغ کو مفید ہے۔ پیاس لگاتی ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارتی ہے۔ داء الثعلب اور جوں کو دور کرے۔
ہڑجوڑ			بھورا	بوٹی مثل گلو کے ذائقہ تلخ و کسیلا	گرم خشک				۲ ماشہ	بالخاصہ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑتی ہے۔ کھانے و لگانے ہر دو طرح سے محلل ریاح ہے۔ خواص بالکل گلو کے سے ہیں۔
ہڑ زرد	ہلیلہ زرد	ہلیلج اصفر	زرد	مشہور مزا کسیلا	سرد ۱ خشک ۲	قولنج مروڑ	عناب لسوڑیاں روغن بادام	ہڑ کابلی	۹ ماشہ	دماغ، معدہ، حواس اور ذہن کو طاقت بخشے۔ دست لائے۔ سدہ کھولتی ہے۔ مالیخولیا وسواس و جنون کو نافع ہے۔ خفقان، کوڑھ، مرکب بخار، جاڑا، بواسیر، ریحی کو مفید ہے۔ بلغم و رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔
ہڑ کالی	ہلیلہ سیاہ	ہلیلج اسود	سیاہ	مشہور کسیلا	"	جگر	گھی شہد	ہڑ کابلی	۹ ماشہ	حواس اور احشا کو طاقت دیتی ہے مصفی خون ہے۔ سودا کو براہ دست خارج کرتی ہے۔ جذام، بواسیر، تلی کا درد دور کرے۔ زور دیکر دست لائے۔ قابض ہے۔
ہڑ کابلی	ہلیلہ کابلی	ہلیلج کابل		مشہور	معتدل	داغ	شہد	ہڑ سیاہ و زرد	۹ ماشہ	تینوں خلطوں کا اخراج کرتی ہے۔ مدر بول ہے۔ حواس کو طاقت دیتی ہے مرگی، لقوہ، خفقان، مالیخولیا کو مفید، زور دیکر دست لائے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ہرفا ریوڑی			زرد	پھل گول وہشت پہلو ذائقہ ترش	سرد تر ۲	مولد بلغم سودا	شہد	آملہ خام		جوش خون کو تسکین دیتی ہے صفرا کو چھانٹتی ہے۔ گرمی وسوزش کو تسکین دیتی ہے۔ جریان خون کو مفید ہے۔ مقوی معدہ، نافع جذام۔ پتوں کا شیرہ مصفی خون ہے۔
ہرن کھری رانگا			سفید شفاف	رانگا ہے صاف زیادہ مشابہ سم ہرن مزا پھیکا وکسیلا	گرم تر					کھجلی وکوڑہ کو نافع ہے۔ ہر روز ایک دانگ ہمراہ سات ماشہ کالی مرچ کے پیس کر پینا باہ کو قوت دیتا ہے منی زیادہ کرتا ہے۔ امراض چشم کو مفید ہے۔
ہرن	آہو	ظبی غزال		مشہور	گرم خشک ۲	دیر ہضم قولنج	ترش میوہ سکنجبین	گوشت	حلال	تمام افعال میں مزاج انسانی کے موافق اور کثیر الغذا ہے۔ خشکی لاتا ہے۔ سرد امراض فالج اور استرخا کو مفید ہے۔ اس کی کھال پر بیٹھنا باہ کو کم کرتا ہے۔ کیڑے مکوڑوں کو بھگاتا ہے۔
ہڑگیلہ	مردار خوار	رخمہ	سرخ	جانور ہے کرگس سے بڑا۔ بدبودار	گرم ۲ خشک ۱	اخلاط جلاتے پیاس لگاتے			حرام	اس کی کھال سوکھی ہوئی کا چھڑکنا خون بہنے کو مفید ہے۔ زخموں کو بھر لاتا ہے۔ ہمراہ سرکہ داد کو نافع ہے۔ اس کی بیٹ کا حمول بچہ کو ساقط کرتا ہے۔ مدر حیض ہے۔ اور اس کا سنگ دانہ ہمراہ سرکہ کے سفید داغ کو مفید ہے۔ اسکا پتہ ہمراہ روغن بنفشہ مخالف طرف کے کان میں ڈالنا درد شقیقہ کو مفید ہے۔
ہرہر			سبز پھول سفید	ایک گھاس بدبودار	گرم تر	عصب				مدر بول ہے۔ سنگ گردہ ومثانہ توڑتی ہے۔ عسر البول کو مفید ہے۔ زکام پیدا کرتی ہے پیٹ کے کیڑے مارتی ہے۔
ہدہد	مرغ سلیمان	پوپک		مشہور جانور	گرم خشک ۲					اسکا تازہ گھی میں تلا ہوا دل ہمراہ شہد ذہن وحافظہ کو قوی کرتا ہے۔ خشک مقوی باہ۔ عوذہ گلے میں لٹکانا دافع سحر ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ہفت برگ	ہفت برگ	ماذریون		درخت ہے دودھ والا پتے مانند برگ سماق کے مشہور ہے۔	گرم خشک	مکرب جگر	مدبر کمہ لینا	ایرسا گوگل	۱۰ ماشہ	مواد کو پاک کرتا ہے مسہل صفرا ہے۔ پیٹ کے کرم مارتا ہے۔ استسقاء لحمی زقی یرقان و ضعف گردہ میں نہ دو ورم طحال کو مفید ہے۔ اس کے درخت کا دودھ زہر قاتل بحید مقئی ہے
ہلدی	زرد چوبہ	عروق الصفر	زرد	ذائقہ تلخ و تیز بو	گرم خشک	دل	لیموں آب سنگترہ	ماميراں		جگر کا سدہ بابہی ہے یرقان و استسقاء کو مفید ہے۔ اسکا چبانا دانت کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ اور تسکین دیتی ہے۔ بینائی کو قوت دیتی ہے۔
ہلدیہ				جڑ ہے مانند ہلدی تلخ مزا	گرم خشک ۴	ریسلینہ	قے دہی گھی	سنکھیا		اکال ہے۔ زخم ڈالتا ہے۔ اس کا استعمال کسی طرح جائز نہیں سم قاتل ہے۔
ہلہل			بیج سیاہ پتے سبز	گھاس ہے گز بھر بیج تقدر خشخاش ذائقہ قدرے تلخ	گرم تر					قولنج اور جلندھر کو مفید۔ اس کے پتوں کا پانی کان کے درد کو مفید۔ بیج بواسیر کو نافع ممسک و دافع جریان، پتوں کے جوشاندہ سے استنجا کرنے سے بواسیر خونی کو مفید۔
ہمیشہ بہار	ہمیشہ بہار	ابرون و حی العالم	پتے سبز پھول سفید زرد	ایک قسم کا گلاب ہے درخت اسکا ڈیڑھ گز لمبا ذائقہ قدرے	سرد ۲ خشک	طحال	گل ارمنی	کاہو مکو	۶ ماشہ	جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہے بعضو ماؤف پر مواد گرنے نہیں دیتا۔ درد سر آشوب چشم اور درد گوش کو مفید ہے۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ خراش امعاء و جریان خون کو مفید۔ گرم ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔
ہنس		راہمان	گلابی	مشہور	گرم تر	نفاخ دیر ہضم	گرم مصالحہ		حلال	اسکا گوشت باہ لاتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ اعضا کو قوت دیتا ہے۔ صفرا کی تیزی دور کرتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ رنگ رخسارہ صاف اور پر رونق کرتا ہے۔ اور سر عاده کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ہنسراج	پرسیاؤشان	شعرالجبال، الارض	سبز بھورا	اس کے پتے وشاخیں نہایت باریک ذائقہ قدرے تلخ	معتدل	تلی	بنفشہ مصطگی کتیرا	گل بنفشہ ملٹھی	ا تولہ	سدہ کھولتا ہے۔ اور مواد کو پکاتا اور حل کرتا ہے۔ سینہ کو مواد سے پاک کرتا ہے۔ دمہ کو مفید ہے مسہل بلغم وصفرا وسودا ہے۔ یرقان کو دور کرتا ہے۔ مدر بول وحیض ہے۔ کھانسی کو نفع بخشتا ہے۔
ہیرا		الماس	سفید	سب پتھروں میں سخت اور نفیس	سرد خشک ۴	قاتل	دودھ پی کر قے کرنا	سانپ کا زہر	سم	اس کا پاس رکھنا محافظ بدن اور قوی کو ہے۔ غیر کے دل میں توقیر پیدا کرتا ہے۔ اس کا لٹکانا دل کو قوت دیتا ہے۔ اس کا کشتہ جملہ رسائن سے بہتر ہے۔
ہیرادوکھی	خون سیاؤشان	دم الاخوین	مختلف	گوند ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ	سرد ۲ خشک ۳	گردہ	گوند کتیرا	شادنج	۴ ماشہ	جریان خون کو بند کرتا ہے۔ مقوی بصر ہے۔ اس کا منجن دانت اور مسوڑھوں کو طاقت بخشتا ہے۔ دست ومغص کو نافع۔
ہیراکسیس	زاک، سبز	زاج اخضر	زرد سبزی مائل	ذائقہ کسیلا وبدبودار	گرم ۳ خشک ۲	ریہ				جلا دیتا ہے۔ اکال ہے۔ بقدر ۳ ماشہ زہر کو دور کرتا ہے۔ شہد ملاکر استعمال کرنا کرم امعا ومعدہ کو خارج کرتا ہے۔ قریب سم ہے۔
ہینگ	انگوزہ	حلتیت	غباری	درخت بیلہ کا ایک گز لمبا ہوتا ہے پھول چھوٹا۔ بیج مثل خبازی کے دو قسم کا۔ خوشبودار و بدبودار۔ ذائقہ تلخ	گرم ۴ خشک ۳	دماغ جگر گرم مزاج	کتیرا بنفشہ انار	جاؤشیر سکنجبین	۲ ماشہ	امراض سرد دماغی مانند فالج ورعشہ مرگی کو مفید ہے۔ امراض عصبی کو مفید ہے۔ ہاضم طعام ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ شہد کیساتھ آنکھ میں لگانا قوت باصرہ، نزول الماء اور بیاض کو نافع ہے۔ روغن زیتون میں جوش دیکر کان میں ڈالنا درد کان کو دفع کرتی ہے۔ طلا اسکا درد دانت کو مسکن ہے۔ ضماد اسکا ملذذ ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	رنگ	ماہیت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
										باب الیاء التحتانیہ
یاقوت	یاقوت		سرخ براق	معدنی پتھر ہے۔ ذائقہ پھیکا	معتدل و سرد خشک		عنبر	یشب سونا	۳رتی	مفرح اور مقوی دل و دماغ ہے۔ محافظ حرارت غریزی ہے۔ قوی حیوانی کو قوت بخشتا ہے۔ صرع، وسواس اور خفقان کو دفع کرتا ہے۔ طاعون کو نافع ہے سرمہ اس کا مقوی بصر محافظ چشم ہے۔ اس کی انگوٹھی پہننا طاعون کو مفید ہے۔
یبروح الصنم			پھل سرخ پھول سفید	لفاح بری کی جڑ ہے۔ شکل مثل آدمی کے پھول رات کو چمکتا ہے۔ اس کے اکھیڑنے والا ہلاک ہو جاتا ہے۔	سرد خشک ۲ بارطوبت و حرارت فضلیہ	مفسد	روغن بادام روغن بنفشہ		۲ماشہ	اس کی جڑ کی چھال مقوی مجفف، مخدر ہے۔ نیند لاتا ہے۔ شراب میں ڈالنا نشہ کو بڑھاتا ہے۔ اس کے پتے و ڈالی کو سونگھنا نیند لاتا ہے۔ اس کی جڑ کو زعفران کیساتھ پلانا جوڑوں کے درد اور عرق النسا کو مفید ہے۔ لٹکانا صرع کو مفید، اس کے پتوں کا ضماد درد چشم و ڈھلکہ کو مفید ہے۔ اس کی جڑ کو سکنجبین کے ساتھ پلانا خفقان کو زائل کرتا ہے۔ رحم کو پاک کرتا ہے۔ گوگل کے ساتھ کھانا بواسیر کو نافع۔ ہمراہ کاسنی سوزش بول کو نافع۔ لیپ داء الفیل و جوڑوں کے درد کو نافع ہے۔
یشب	سنگ یشم	حجر الیشم	مختلف	ایک قسم کا چمکدار پتھر ہے۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک	مثانہ	شہد	یاقوت زرد	۱رتی	مقوی دل و دماغ و معدہ ہے۔ خفقان اور وسواس کو مفید ہے۔ اس کا لٹکانا خفقان اور خون گرنے کو مفید ہے۔ دل پر لٹکانا خفقان کو مفید ہے۔

مشہور طبی اوزان

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
ایریق	دو من طبی نزد بعضے پانچ من		ذہبی کے برابر ہوتا ہے۔
استار	ساڑھے چار مثقال	دام	ایک تولہ آٹھ ماشہ، دام پختہ ایک تولہ چھ ماشہ، دام خام ایک تولہ دو ماشہ
اوقیہ	ساڑھے سات مثقال یا چالیس درم یا دو تولہ تین ماشہ چھ رتی۔	دانق و دانگ	مثقال طبی کا ایک دانگ پونے چار رتی۔ شرعی چار رتی اور پون چاول اور درہم طبی ایک دانگ اڑھائی رتی اور درہم شرعی سے تخمیناً دو رتی ہوتا ہے۔ ایران میں سوا اکیس جو کے برابر
باقلہ	یونانی آدھا درم۔ اسکندریہ نو قیراط مصری اڑتالیس جو کے برابر جس کا وزن ڈیڑھ ماشہ ہوا۔		
برمہ	دو قیراط		
بندقہ	تین ماشہ یعنی ایک درم	درہمی	ایک درم یعنی ۳ ماشہ اور شیخ کے نزدیک ایک مثقال
بہلولی	ایک درم اور نزد بعضے ۱۴ ماشہ		
پیسہ عالمگیری	ایک تولہ یا بارہ ماشہ	درم	طبی تین ماشہ لیکن بعضوں نے ساڑھے تین ماشہ اور بعضوں نے دو ماشہ دو رتی لکھا ہے۔
تولہ	بارہ ماشہ		
ٹانک	۴ ماشہ		
چھٹانک	سیر کا سولھواں حصہ یعنی ایک چھٹانک عالمگیری سیر کا چار تولہ	درہم	۸ جو بھر اور شرعی ۴۸ جو بھر
		دینار	ایک مثقال شرعی
حبہ	چار چاول کو حبہ ذہبی کہتے ہیں۔ حبہ فضی اڑھائی چاول	رتی	۴ جو متوسط
حرمہ	چار یا چھ مثقال	رطل	اطبا کے نزدیک رطل عراقی اور رطل بغدادی سے مراد رطل مطلق ہے۔ اور اس کا وزن بارہ اوقیہ ہے۔ ہندی ۲۸ تولہ ۴، ماشہ مدنی عراقی کا ڈیوڑھا مکی عراقی کا دوگنا
حمصہ	ایک قیراط یا ایک رتی۔ یا سوا چار جو		
خرنوب	مطلق ایک رتی اور خرنوب شامی ۳ حبہ		

نام وزن	کیفیت
روپیہ	کہیں ساڑھے دس ماشہ اور کہیں گیارہ ماشہ کہیں ساڑھے گیارہ ماشہ
سرخ	گھونگچی کو کہتے ہیں۔ جو تین جو بھر ہوتی ہے یا ایک رتی بھر۔
سکرجہ	مطلق سکرجہ سوا چھ استار۔ سکرجہ کبیر نو اوقیہ اور صغیر تین اوقیہ
سیر	ہندی سیر پانچ تولہ کا ہوتا ہے۔ عالمگیری سیر چونسٹھ تولہ کا۔ سیر انگریزی اسی تولہ چار ماشہ کا۔
شعیرہ	دو چاول
صاع	طبی دو پچیس تولہ کے برابر۔ اور شرعی نو رطل۔
طسوج	درہم کا ایک طسوج (تسو) دو حبہ بھر۔ مثقال
تسو	کا ایک تسو اڑھائی حبہ اور دو چاول بھر
قسط	رومی نو رطل اور رطل کا ½۔ شیخ کے نزدیک ڈھائی رطل۔
قفیز	ایک پیمانہ ہے۔ جو کہ پچیس کیلہ اور چوبیس کیلجہ کے برابر ہوتا ہے۔
قنطار	چھ من
قیراط	طبی سوا چار جو۔ قیراط شرعی پونے چار جو
کف	چھ مثقال یا ایک مٹھی بھر
کیلجہ	ایک پیمانہ ہے۔ جو دو من سے کچھ کم کا ہوتا ہے

نام وزن	کیفیت
کیلہ	تین سو درم سے کچھ زائد۔
ماشہ	آٹھ رتی۔
مثقال	طبی ایک سو چوبیس جو بھر کہ ۳ ماشہ اور ۶ رتی کے برابر ہے۔ اور نزد بعضے ۳ ماشہ پونے دو رتی ہے۔ شیخ کے نزدیک ۷۲ جو بھر۔ اور بموجب شرع ساڑھے اڑسٹھ جو یا بیس قیراط۔
مد	صاع کا ¼
ملعقہ	ایک چمچہ بھر۔ تر اشیا کا چار مثقال بھر خشک اشیا کا دو مثقال تک۔
من	مطلق من سے مراد اطبّا دو رطل عراقی مراد لیتے ہیں۔ کہ وہ ۵۶ تولہ ۹ ماشہ کا ہوتا ہے۔ من مکی ایک سو ساٹھ مثقال من رومی ۱۵ مثقال من مصری وطالیقی ۱۲ مثقال۔ من تبریزی ۶۰۰ مثقال من شاہی ۱۲۰۰ مثقال اور من ہندی ۴۰ سیر۔
مکوک	۳ کیلجہ
وسق	ساٹھ صاع شرعی
وثق	آدھا صاع شرعی

ڈاکٹری پیمانے (اوزان)

خشک ادویات

۲۰ گرین	ایک سکروپل
۲۷ ۱/۲ گرین	ایک ڈرام
۱۶ ڈرام	ایک اونس
۱۶ اونس	ایک پونڈ
۱۴ پونڈ	ایک سٹون
۱۱۲ پونڈ	ایک ہنڈرڈویٹ

سیّال ادویات

۶۰ بوند	ایک فلوئڈ ڈرام
۸ ڈرام	ایک اونس
۲۰ اونس	ایک پائینٹ
۸ پائینٹ	ایک گیلن
۴۰ اونس	ایک کوارٹ
۱۶ اونس	ایک پونڈ
۵ اونس	ایک گل

ڈاکٹری وطبی پیمانے

ایک گرین	۱/۲ رتی
ایک سکروپل	۱۰ رتی
ایک ڈرام	۴ ماشہ

ایک اونس	۲ ۱/۲ تولہ
ایک پونڈ	۱/۲ سیر

فل ٹی سپون	= ایک ڈرام	= ۳ ۳/۴ ماشہ
ڈیزرٹ "	= دو ڈرام	= ۷ ۱/۲ ماشہ
ٹیبل "	= ۴ ڈرام	= ۱ ۱/۴ تولہ
وائن گلاس	= ۲ اونس	= ا چھٹانک
فل ٹی کپ	= ۵ اونس	= ۲ ۱/۲ "
فل بریک فاسٹ کپ	= ۸ اونس	= ۴ "
ٹمبلر فل	= ۱۰ تا ۱۲ "	= ۵ تا ۶ "

ایک ملی گرام	۱/۶۴ گرین
ایک گرام	۱۵ ۱/۲ گرین
ایک کلوگرام	۲ پونڈ اور ۳ ۱/۲ اونس
ایک ملی میٹر	۱۷ منم
ایک لیٹر	۳۵۔۲ فلوئڈ اونس
ایک اونس	۲۸۔۳۵ گرام
ایک فلوئڈ اونس	۲۸۔۴۲ ملی میٹر
ایک میٹر	۳۹۔۴"
" سنٹی میٹر	۔۳۹۴"
" ملی میٹر	۔۰۳۹"

نقشہ مدت ہضم

مختلف اغذیہ

نام غذا	گھنٹہ	منٹ	نام غذا	گھنٹہ	منٹ	نام غذا	گھنٹہ	منٹ
بیضہ خام پھینٹا ہوا	۱	۳۰	ہرن کے گوشت کا کباب	۲	۳۰	خشکہ برنج	۱	۰
〃 نیمبرشت	۲	۳۰	گائے کا نمکین گوشت	۴	۱۵	پلاؤ	۳	۴۵
〃 بھنا ہوا	۲	۱۵	گائے کا گوشت	۴	۰	ٹی پی اوکا	۲	۰
〃 سخت ابلا ہوا	۳	۳۰	بھیڑ کا گوشت	۳	۰	ساگودانہ	۱	۴۵
دودھ	۲	۰	بکری کا گوشت	۳	۰	ارارروٹ	۱	۳۰
گھی و مکھن	۳	۳۰	چوزہ مرغ کا گوشت بھنا ہوا	۲	۴۵	دال ماش	۲	۴۰
پنیر	۳	۳۰	حلوان کا گوشت بھنا ہوا	۲	۳۰	دال مونگ	۲	۳۰
مچھلی کے گوشت کا کباب	۲	۰	ہرن 〃 〃 〃	۱	۳۰	دیگر ہر قسم کی دال	۲	۳۰
مرغابی 〃 〃 〃	۴	۳۰	گیہوں کی روٹی	۳	۳۰	آلو	۳	۰
مرغ 〃 〃 〃	۳	۳۰	گیہوں کی خمیری روٹی	۳	۱۵	گوبھی۔گاجر۔شلغم	۳	۳۰
گاتے 〃 〃 〃	۳	۳۰	جو کی روٹی	۳	۳۰	سیم کی پھلیاں	۳	۰
بکری و بھیڑ 〃 〃	۳	۱۵	باجرہ یا مکّی کی روٹی	۳	۴۰	اکثر ترکاریاں پختہ	۳	۳۰
نام پھل	**گھنٹہ**	**منٹ**	**نام پھل**	**گھنٹہ**	**منٹ**	**نام پھل**	**گھنٹہ**	**منٹ**
آڑو	۲	۳۰	آلو بخارا	۲	۰	سیب	۲	۳۰
انگور تازہ	۲-۳		بیر	۳	۴۰	شہتوت	۲-۳	
〃 خشک (کشمش)	۲-۲½		چکوترہ	۳	۲۰	کیلا	۳	۱۵
انار		۴۵	خربوزہ	۳-۴		لیموں	۲	۴۵
انجیر۔مالٹا	۳	۰	خوبانی۔زرد آلو شفتالو	۳	۰	نارنگی	۰	۴۵
اناناس	۲	۵۰	سنگترہ	۳	۲۰	ناشپاتی	۲	۰
الوچہ	۲	۰	〃 کا رس	۱½-۲		لیچی	۲	۳۰

تندرستی ہزار نعمت ہے

اپنی صحت و تندرستی کو برقرار رکھنے ہر ایک بیماری کا خود علاج کرنے اور اپنی طاقت و قوت کو قائم رکھنے کیلئے مندرجہ ذیل طبی کتابیں منگا کر علم طب معہ ادویات وغیرہ کا مطالعہ فرمایئے

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
طب اکبر اردو	۳ ر	گنجینہ طبیب مکمل لدھیانہ	للعہ ۸ر	مخزن حکمت کامل باتصویر	۸ر
طب انسانی مجربات نورانی	عہ ۸ر	طب یوسفی	۶ر	مجربات طبی	عا
انسانی زندگی یا مجربات فقیر	۸ر	گلدستہ مجربات بو علی سینا	۶ر	حکمت کے موتی	۱۲ر
قرابادین اعظم اردو	عا	مخزن المفردات معہ مرکبات		بیاض کریمی	عہ ۸ر
قرابادین قادری	عہ	معہ خواص الادویہ حصہ اوّل	عہ ۸ر	کلید مطب	عہ ۸ر
گنجینہ طب حصہ اوّل و دوم	۱۲ر	گلدستہ مجربات (اللہ بخش)	۸ر	مفردات عرشی	عہ ۸ر
مجربات اکبری	۶ر	مفرح القلوب شرح قانونچہ	عہ	ہدایات دایان ہند باتصویر	عہ ۸ر
علاج الغربا	۵ر	کفایہ منصوری رسالہ چوب چینی فارسی	۱۰ر	میزان طب اردو	۶ر
بیاض کبیر قادری	۵ر	شفاء الامراض اردو	عہ	کامل سنیاسی	۱۲ر
کامل مخزن الادویہ	للعہ ۸ر	مفید الاجسام	۸ر	مجربات لقمان	۸ر
مخزن المفردات جامع الادویہ (لکھنو)		قانونچہ معہ رسالہ کبریا	۵ر	تحفہ لقمان	۸ر
	عہ	اکسیر الامراض	۹ر	مجربات کشتہ جات	عہ
مخزن المفردات لاہور	۱۰ر	مجربات بشیر رسالہ قوت باہ	۸ر	کلید عطاری	عہ ۸ر
طب احسانی	۸ر	دستور العلاج	عا	عجائبات مسمریزم	عہ
طب نبوی	۳ر	کفایہ منصوری اردو	عہ ۸ر	تریاق الاستمنا	۵ر
بستان المفردات کلاں	عہ ۸ر	قرابادین احسانی	۶ر	مجربات سیوطی	۱۲ر
مجربات امیر علی کامل	عہ ۸ر	طریق الحکمت	عہ ۸ر	شفاء العلیل قول الجمیل	۶ر
گنجینہ طبیب	عہ	تشریح الاجسام	۸ر	قدیمی کوک شاستر	عہ
				مجربات ویدی اردو	۸ر

علم طب کی بعض نایاب کتابیں مطبوعہ دار المسیح دہلی

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
کلیات قانون کا شرح ترجمہ		قارورہ بطرز جدید	۸ر	مقیاس الحرات	۴ر
حصہ اول ۔	صہ	رسالہ نبض	۱۰ر	مدار بوٹی	۵ر
" " " "	ے	میزان الطب	عہ ۸ر	ذیابیطس	۶ر
تعلیم المقابلہ حصہ اول	عا ۸ر	تشریح صغیر	عہ ۸ر	سل ودق	۶ر
" " " چہارم	صہ	بیاض کبیر حصہ اول ... دسی	عہ	سماع الصدر	۶ر
تشریح کبیر حصہ دوم	ے	ہدیہ ذکور	عہ	امراض صبیان	۱۲ر
طب قدیم و جدید کی علمی جنگ	۶ر	آسان نسخے	عا	اسمائے امراض حصہ اول	۴ر
آتشک	۶ر	علم الادویہ نفیسی	عا ۸ر	" " " دوم	۴ر
طبی فرہنگ	عہ ۴ر	کتاب الادویہ مخزن مفردات	ے	طبی لغانچہ	۸ر
طاعون	۶ر	کتاب التشخیص حصہ اول	ے ۸ر	مخازن التعلیم	ے
سوزاک	۸ر	" " " دوم	عہ ۸ر	قانون نسل	عہ ۴ر
دلوان	۴ر	علاج الامراض حصہ اول	ے ۸ر	علم الجراحت حصہ اول دوم	عا
جدری	۶ر	" " " دوم	ے ۸ر	القرابادین	معہ
بواسیر	۶ر	لغات کبیر حصہ اول	ے	کتاب التکلیس	عہ ۸ر
ہیضہ	۶ر	" " " دوم	ے	بیاض کبیر حصہ اول	عا
دوران خون	۸ر	قانونچہ	۸ر	بیاض کبیر حصہ دوم	عا
عمل احشفان	عہ ۲ر	منافع کبیر	للعہ ۸ر	" " " سوم	ر
کلیات کے مباحث ضروری	۸ر	افادہ کبیر	عا ۸ر	موجز قانون	عہ ۸ر
علم الادویہ حصہ دوم	عہ ۴ر	سوالات امتحان طبی	۳ر	القابلہ	عا
قارورہ بطرز قدیم	۸ر	تشریحی تصاویر	۱۲ر	شرح اسباب حصہ اول و دوم مجلد	معہ

مالک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجران کتب بل روڈ کشمیری بازار لاہور

نام کتاب	مضمون کتاب	قیمت
جادو کی دوسری کتاب	شعبدات و آتش کے دیگر عملیات طلسمی دوسری کتاب	۰—۴—۰
جادو کی تیسری کتاب	” ” تیسری ”	۰—۶—۰
جواہر القرآن	قرآن مجید کے احکام و تعلیمات	۰—۱۱—۰
جواہر [illegible]مسہ	عملیات کی معتبر کتاب	۱—۸—۰
جواہر التعویذات	تع[illegible]ذات کی کتاب	۰—۹—۰
چشمہٴ طلسم	[illegible]م کی کتاب	۰—۴—۰
خواب نامہ فالنامہ	خواب کی تعبیر حضرت یحییٰ کا فالنامہ	۰—۷—۰
خواب نامہ یوسف کلاں	فالنامہ و خوابوں کی تعبیرات کا مفصل بیان	۱—۱۲—۰
رمل اہل یورپ	رمل کی ایک بہترین کتاب	۰—۳—۰
سحر بنگالہ	نقش وغیرہ کی بہترین کتاب	۰—۵—۰
سحر سامری	جادو کے عملیات کی کتاب	۰—۵—۰
سحرالہنور	نقوش وطلسمات وخواص ہائے	۰—۳—۰
طلس[illegible]گالہ اول	نقوش کے عملیات کے طریقے	۰—۷—۰
[illegible]وم	” ” ”	۰—۱۱—۰
[illegible]	عملیات و تعویذات کی کتاب	۰—۸—۰
[illegible]	قیافہ شناسی کی کتاب	۰—۴—۰
[illegible]ے [illegible]ب	عملیات و تعویذات کی با دلائل مکمل کتاب	۵—۰—۰
[illegible]یات لاثانی	عملیات کی ایک بہترین کتاب	۰—۵—۰
عملیات غوثیہ	غوث الاعظم کے مجرب عملیات	۰—۵—۰

نام کتاب	مضمون کتاب	قیمت
عملیات ہجویری	حضرت علی ہجویری کے مجرب عملیات	۰—۵—۰
” چشتیہ	خواجہ معین‌الدین کے مجربات	۰—۵—۰
” صابریا	علاؤالدین احمد صابر کے مجرب عملیات	۰—۵[illegible]
” محبت	عملیات [illegible] کتاب	۰—۵[illegible]
فیض سلیمانی	تمام ا[illegible] علاج	۰—۴—۰
فالنامہ قرآن مجید	قرآن کر[illegible]ے [illegible]ریعہ فال معلوم کرنیکا طریقہ	۰—۲—۰
فالنامہ یوسفی	فالناموں کا مجموعہ	۰—۶—۰
کنزل الحسین اردو	علم افلاک و بروج کی نہایت معتبر کتاب	۲—۴—۰
کاشف الاسرار	تصوف کی کتاب	۰—۵—۰
کرامات محبوب سبحانی رد	پیران پیردستگیر کی کرامات	۰—۴—۰
کتاب التعویزات	ہر مرض کا علاج یا عملیات	۱[illegible]
گنجینہ فالنامہ	[illegible]مل فالنامہ	[illegible]
گلدستہ اوراد	قرآن مجید [illegible]ورتوں او[illegible]	[illegible]
مجربات سلیمانی	خواص [illegible] ال[illegible] خواص بروج و [illegible]	[illegible]
مجربات سیوطی خورد	عملیات و تعویذات کی کتاب	[illegible]۱—۰
” ” کلاں	” ” ”	[illegible]